اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَمَرَنَا بِالدُّعَاءِ وَوَعَدَنَا الْاِجَابَۃَ

کتاب لاجواب مولفہ جامع کمالات عالیجناب مولوی سید محمد تقی صاحب قبلہ نقوی دام فیضہ

موسوم بہ

زاد الصالحین

حصہ اول

بحسن اہتمام بابو منوہر لال صاحب بھارگو، بی، اے، سپرنٹنڈنٹ باراول

مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں مطبوع ہوا

موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر شایق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین بعض کتب فقہ و حدیث اردو و فارسی وغیرہ مذہب امامیہ کی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اوس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ ہذا سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

نام کتاب	قیمت
کتب فقہ و مصائب وغیرہ اردو	
نہر المصائب۔ ہر سہ جلد یکجائی یہ کتاب پہلے بھی چھپ چکی ہی مگر بسبب کثرت خریداری اب پھر بعد نظر ثانی مولف باضافہ بعض مجالس کے طبع ہوئی ہی اس مرتبہ قلم بہت واضح کر دیا گیا ہی اور تقطیع بڑی کی گئی ہی تاکہ شب کے وقت ذاکرین کو پڑھنے مین آسانی ہو کاغذ سفید گندہ۔	ے/
شرعۃ المصائب۔ خلاصہ دُر المصائب و نہر المصائب وغیرہ مصنفہ جناب اخوند مرزا قاسم علیصاحب لکھنوی۔	عہ ۱۲/
چہاردہ مجلس مسمی بتاریخ الائمہ بنا بر مذہب امامیہ از سید وزیر حسین صاحب رضوی	۱۲/

نام کتاب	قیمت
زبدۃ المصائب۔ جلد اول مؤلفہ جناب مولوی مرزا محمد عسکری صاحب حایری نبیرہ جناب علامہ مولوی مرزا ہادی صاحب صالح مؤلف خلاصۃ المصائب۔	عا
خلاصۃ المصائب منقول از نسخہ مطبوعہ شاہی نہایت مقبول کتاب ہی۔	عہ
چہل مجلس شبیر مسمی بذایقۂ ماتم از سید وزیر حسین صاحب رضوی۔	عہ
اسرار کربلا۔ حال معرکۂ کربلائے معلی مؤلفہ منشی ظہیر الدین صاحب بلگرامی	
انتخاب المصائب۔ در بیان حالات کربلا و مجالس عزا از سید یوسف علی۔	
نزہت المصائب۔ بیان حالات کربلا و مصائب سید الشہدا کے حصۂ اول	۸/عہ

مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات

بدعائے نظام الملک آصف جاہ ظل اللہ قدرت اعلیحضرت

میر عثمان علیخان بہادر بادشاہ

حیدرآباد دکن خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ

ثنا مین تیری قاصر ہے زبانِ انبیاؑ یا رب
دعا سے پیشتر ملتا ہے دل کا مدعا یا رب
نہین تیرا بدل کوئی نہین ثانی ترا کوئی
مشیّت مین تری مضمر زمانہ کی بھلائی ہے
نظام الملک عثمانِ علیخان آصفِ سابع
مقاصد انکے برلا کل مطالب اِنکے پورے کر
سرِ پُر نور پر رکھ اِنکے سایہ ابرِ رحمت کا
رہے مبذول تیرا افضل آصف جاہ سابع پر
ترقی انکے مُلک و جاہ و دولت مین ہو روز افزون
الٰہی اِنکی عمر و ثروت و حشمت زیادہ کر
رہین شہزادے اور شہزادیان خوش انکے سایہ مین
رہے شمس و قمر کا دَور جب تک بزمِ عالم مین
تری مخلوق کی راحت رسانی سے ہے کام انکو
ہر اک عالم کی اور صالح کی یہ امداد کرتے ہین
رہے فیض انکا جاری تا قیامت دارِ دنیا مین
فدا جو دل سے انپر ہو اُسے رکھ خرم و شادان
دعائین متّقی دیتا ہے ظل اللہ کو اپنے

جب ہی تو ما عرفنا ہے حدیثِ مصطفیٰ یا رب
ترا لطفِ ربوبیت ہے خود حاجت روا یا رب
وہ ہے تو ایک - ناممکن ہے جسکا دوسرا یا رب
ہمارے حق مین بہتر ہے جو ہے تیری رضا یا
جہان مین جنکی ہے گونجی ہوئی صیتِ سخا یا رب
بحقِ مصطفےٰ بہرِ علیِّ مرتضیٰ یا رب
پئے آلِ نبی و بہرِ اصحابِ کسا یا رب
نصیب انکو خوشی پر ہو خوشی صبح و مسا یا رب
خوشی کی ہر گھڑی ہر شام عشرت کی دکھا یا رب
کہ تیری راہ مین کرتے ہین یہ جود و سخا یا رب
رہے گلزار آصف جاہ کا پھولا پھلا یا رب
سلامت انکو رکھ تو بہرِ آلِ مصطفیٰ یا رب
عنایت تو بھی کر انکو خوشی صبح و مسا یا رب
کرم سے انکو کر کونین کی دولت عطا یا رب
کہ جان و دل سے ہین یہ عاشقِ خیر الوریٰ یا رب
رہین حسّاد انکے موردِ رنج و بلا یا رب
ہر اک دیوار و در سے آئے آمین کی صدا یا رب

حمد و شکر باری تعالیٰ

الحمد لمجزل العطایا   والشکر لواہب الہدایا

علی ہذہ النعمۃ عبدہ السیّد محمد تقی المتوطن فی حیدرآباد دکن وطنہ الثانی

سے کتاب ہذا کو میرے اسلامی بادشاہ شریعت دستگاہ مظہر رحمت پروردگار مورد عنایات آفریدگار

مبداء شرفانوازی منشاء کرم سازی - قدردان علم و ہنر - قدرشناس اہل جوہر - سحاب جود و عطا - ابر

فیض نیسان سخا - مرکز دائرہ امن و امان - رافع رایات العدل والاحسان سپہ سالار فتح جنگ

مظفر الممالک نظام الملک نظام الدولہ خاقان بن الخاقان بن الخاقان سلطان ابن السلطان بن السلطان

آصف جاہ ظل اللہ اعلیٰ حضرت قدر قدرت

میر عثمان علیخان بہادر بادشاہ حیدرآباد دکن

خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ وافاض اللہ علی العالمین برہ واحسانہ

کے مبارک عہد حکومت میں تالیف کرا کر زیور طبع سے آراستہ فرمایا

الٰہی نیر جاہ و اجلال شاہی مع شاہزادگان بلند اقبال تا قیام لیل و نہار روز افزوں تابان و درخشان باد

بحق النون والصّاد

صورت دستخط سرکار شریعت مدار حافظ ملت و دین سید المرسلین مروّج طریقۂ ائمہ معصومین مجتہد العصر و الزمن جناب مولانا سید ابو الحسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی بدوام الایام واللیالی

باسمہ سبحانہ تعالی شانہ

اس کتاب لاجواب بلکہ دُرِ نایاب کو اکثر مقامات سے مین نے بنظر اجمالی دیکھا اس مین قریب قریب کل امور جنکی ضرورت مومنین کو وقتاً فوقتاً رہتی ہی بیان کر دیے ہین ایسی کتاب جامع و مفید و عام فہم نظر حقیر سے نہین گذری الحق کہ جناب مؤلف دام مجدہ نے اسکی جمع و تالیف مین بڑی محنت و مشقت کی ہی اور بڑے وسیع النظر و جلیل الرتبہ و عالی قدر ہین خداوند عالم انکو جزاء خیر عطا فرمائے اور مومنین موقنین کو توفیق دے کہ وہ اس کتاب مستطاب سے سعادت دنیا و آخرت حاصل کرکے فیضیاب ہون

حررہ بیمناہ خادم شریعۃ رسول اللہ
السید ابو الحسن جعل آخرتہ خیرا من دنیاہ

صورت دستخط جناب مستطاب [illegible] نائب [illegible]

اعلم العلماء الماہرین افضل الفضلاء المتبحرین فخر العلماء الاعظم
آیۃ اللہ فی العالم نائب امام غائب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ
جناب سید آقا حسن صاحب مجتہد العصر و الزمان لکھنوی مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی اشرف الاولین والآخرین افضل الانبیاء والمرسلین وعلی اہلبیتہ الطیبین الطاہرین المعصومین۔ امابعد یہ کتاب مستطاب لاجواب در نایاب ہے حاوی اعمال ایام وسال و جامع احکامات و مہمات طہارت و صوم و صلوۃ و دیگر ضروریات از یوم ولادت تا وفات ہے اور دیگر اعمال حسنہ خصال مستحسنہ ادعیہ و تعقیبات و احراز و تعویذات پر شامل ہے باوجود اختصار بہمہ وجوہ کامل ہے اسم بامسمی زاد الصالحین برائے مومنین موقنین متقین ہے مصنف خبیر مولف بے نظیر کی جلالت منزلت و رفعت مرتبت اور نظر کی وسعت اس کتاب لاجواب سے بخوبی ظاہر ہے حقیر کی نظر قاصر سے اکثر مقامات اسکے گذرے اکثر مقامات اسکے موافق اپنے فتوے اور رائے کے اور اکثر موافق احتیاط پائے واقعی یہ کتاب بہت مفید ہے اور مجھکو اسکا عنوان بہت مرغوب و محبوب ہے امید ہے حق تعالیٰ مصنف دامت تائیداتہ ولازالت توفیقاتہ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور مومنین کو اس کتاب سے فیضیاب کرے اور توفیق عطا کرے کہ اسکے اعمال و اقوال و ہدایات کے پابند ہوں فقط السید آقا حسن عفی عنہ بقلمہ

صورت دستخط جناب مستطاب تورع مآب مستغنی عن الالقاب

افضل المجتہدین خاتم المتفقہین شمس الضحی بدر الدجی مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید نجم الحسن صاحب مجتہد العصر و الزمان

لکھنوی مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ المعبود فی السھل والجبل والصلوۃ علی محمد والہ بالاشراق والطفل

ما بعد یہ کتاب مستطاب حاوی اعمال سال جامع ادعیہ و اوراد نہر و لیال مشتمل بر مہمات متضمن احکام عبادات و معاملات جو جامعیت میں بے نظیر ہی اور مومنین کے لیے اسکے مطالعہ میں نفع کثیر ہی اسکو جناب فضائل مآب سلیل الاطاہر الاطیاب تقدس و تورع نصاب جناب مولوی سید محمد تقی صاحب دام مکارمہم نے نہایت زحمت و مشقت سے تالیف فرمایا ہی جس سے انکی وسعت نظر اور حدت بصر اور جلالت شان اور علو مکان واضح و آشکار ہی کتاب کی حالت شاہد ہی کہ اسمین فائدۂ عام اور نفع تام ہی خداوند عالم مومنین کو اس سے فیضیاب کرے اور توفیق مداومت و مواظبت اوراد مرقومہ و بجا آوری اعمال و ادعیہ ماثورہ عطا فرمائے اور جناب مؤلف کو اجر جمیل و ثواب جزیل عنایت کرے واللہ ولی التوفیق

کتبہ السید نجم الحسن عفی عنہ

لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین ... نجم الحسن ...

دین مبین ناشر احکام شرع متین افضل الفضلاء الاعلام اکمل العلماء

الفخام سند المتفقہین افضل المجتہدین علامۂ زمان فہامۂ دوران مولانا

ومقتدانا قبلہ وکعبہ جناب سید محمد باقر صاحب مجتہد العصر والزمان

لکھنوی مدظلہ العالی

باسمہ سبحانہ والحمد

یہ کتاب مستطاب جامع ادعیہ واعمال سال حاوی وظائف واوراد واذکار تالیف منیف
مؤلفۂ فضائل وفواضل مآب عوارف ومعارف اکتساب سلالۃ السادۃ الاطیاب
جناب سید محمد تقی صاحب دام مجدہ بدوام الاحقاب ہے بعض مقامات اس کتاب
شریف وتالیف منیف کے نظر قاصر احقر سے گذرے نہایت جامع وحاوی ادعیہ
اعمال واوراد واذکار پایا اور اسکے مطالعہ سے نہایت مسرور ومحظوظ ہوا
بسبب قلت فرصت کے ممکن نہوا کہ نظر تفصیلی کرتا اور مسائل فقہیہ کو بھی دیکھتا
لیکن عنوان کتاب سے ظاہر ہے کہ یہ کتاب نہایت جامع ومفید ہے خداوند عالم
جناب مؤلف کو اجر جزیل وذخر جمیل کرامت فرمائے اور مومنین کو توفیق مواظبت ادعیہ
ماثورہ واعمال منقولہ عطا کرے وہو الموفق والمعین۔ محمد باقر الرضوی
عفی عن جرائمہ

لا الہ الا اللہ
عبدہ محمد باقر
محمد بن علی

نقل دستخط جناب مستطاب تورع مآب حافظ دین مبین ناشر احکام شرع متین شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ حجۃ الاسلام آیۃ اللہ الملک العلام مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید ابو القاسم صاحب معروف بہ سید علامہ طباطبائی مجتہد العصر و الزمان مدظلہ العالی تبریزی کربلائی

هو الله

مخفی نماند — بر عموم مومنین و اخوان دین وفقهم الله تعالیٰ از کسانیکه در اخذ مسائل شرعیه تقلید رجوع باینجانب دارند که عمل کردن باداب و اعمال مستحبات مندرجه در این کتاب مستطاب زاد الصالحین تالیف منیف جناب مستطاب حقائق انتساب مولانا ابو الفضائل و المناقب سید محمد تقی صاحب سلمه الله عن المصائب والنوائب میباشد جائز و عاملش مثاب و ماجور است انشاء الله تعالیٰ سیزده شوال ۱۳۳۱ھ حررہ الداعی بالعفو و الرحمۃ ابو القاسم العلامہ

فہرست مضامین متن زادالصالحین حصہ اول

مضمون متن	صفحہ

فہرست مضامین حاشی زادالصالحین حصہ اول

مضمون حاشیہ	صفحہ

بعون صناع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

این کتاب فیض انتساب حاوی اذکار و احکام جناب رسول خدا و ائمہ ہدیٰ
علیہم التحیۃ والثنا موثق بتوثیق علماء مجتہدین ادام اللہ بقاءہم موسوم بہ

زاد الصالحین

حصہ اول

از تالیفات جناب مستطاب مبادی آداب شریعت مآب الاعلم الاکرم الافخم جامع کمالات
منبع حسنات جناب آقا مولوی سید محمد تقی صاحب سلمہ اللہ الواہب

مطبع منشی نولکشور لکھنؤ مین بطبع مزین مقبول جہان ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

امابعد عاصی سید محمد تقی بن السیّد صادق علی بن السیّد حیدر علی بن السیّد جمال علی بن سیّد امام علی سرسوی[علہ] حشرہم اللہ مع الائمۃ المعصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین عرض کرتا ہو کہ اس کتاب کو موسوم بزاد الصالحین کیا گیا ہیں ضروری ادعیہ واعمال اور نیز ادعیۂ تعقیبات نماز واجبہ ونوافل روزانہ وادعیہ نماز شب وصبح وشام واعمال ہفتہ وادعیۂ حاجات واسماء اعظم واسماء حسنیٰ وادعیۂ امراض وغیرہ وغیرہ کتاب مفتاح کبیر ومصباح صغیر جناب شیخ ابراہیم کفعمی علیہ الرحمۃ ومفتاح الفلاح جناب شیخ بہائی علیہ الرحمہ سے تحریر کیے گئے اور چونکہ جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے ادعیۂ تعقیبات وغیرہ سے کیسکی فضیلت اور ثواب نہین تحریر فرمائی لہذا اُن دعاؤن کی فضیلت او ثواب کتاب کافی ومقیاس المصابیح ومہج الدعوات وغیرہ سے تحریر کیے اور علاوہ ہرسہ کتابہاے مذکورہ کے بہت سی دعائین واعمال کتاب کافی جناب محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ وکتاب امالی ومتہجد وتہذیب جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ وبلد الامین جناب کفعمی علیہ الرحمہ ومکارم اخلاق جناب شیخ رضی الدین بن شیخ ابی علی طبرسی علیہ الرحمہ

علہ سرسوی یعنے سرسی ضلع مراد آباد ۱۲

وکتاب مہذب البارع وعدۃ الداعی جناب ابی العباس احمد ابن فہد علیہ الرحمہ و طب الائمہ
جناب ابن بسطام علیہ الرحمہ و فرج الہموم و جمال الاسبوع و مہج الدعوات و اقبال
و فلاح السائل صاحب کرامات جناب السید علی ابن طاؤس علیہ الرحمہ و حیوۃ الحیوان
جناب شیخ کمال الدین امین علیہ الرحمہ و بحار الانوار جناب علامہ محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ
اور نیز دیگر کتابہائے معتبرہ مثل سفینۃ النجاۃ وغیرہ وغیرہ سے تحریر کین اور احادیث
دربارۂ فضائل علم و تعلیم علم و فضائل نماز پنجگانہ و نوافل شبانہ روز و صدقات وغیرہ وغیرہ
کتابہائے مستندہ و معتبرہ علمائے مشاہیر امامیہ مثل من لایحضرہ الفقیہ و معانی الاخبار
و توحید و خصال و امالی و علل الشرائع و صفات الشیعہ و کتاب الاخوان و ثواب الاعمال
جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ و عدۃ الداعی جناب ابن فہد علیہ الرحمہ و جمال الصالحین
جناب مرزا حسن بن عبد الرزاق لاہجی علیہ الرحمہ و بحار الانوار جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ
و مقنعہ و اختصاص و ارشاد و مجالس جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ و حدائق الناظرہ جناب
شیخ یوسف بحرینی علیہ الرحمہ و مجمع البیان جناب شیخ طبرسی علیہ الرحمہ و نور الانوار شرح
صحیفۂ کاملہ و انوار النعمانیہ و ریاض الانوار جناب سید نعمت اللہ جزائری علیہ الرحمہ
و لمعہ و مسالک و دروس و ذکری جناب محمد ابن مکی شہید اول علیہ الرحمہ و شرح لمعہ و رسالہ جمعہ
و اسرار الصلوۃ جناب شیخ زین الدین شہید ثانی علیہ الرحمہ و تمحیص جناب بو علی محمد ابن ہمام
علیہ الرحمہ و شرح الارشاد و الاذہان جناب مقدس احمد اردبیلی علیہ الرحمہ و وسائل الشیعہ
جناب شیخ حر عاملی علیہ الرحمہ و تفسیر منہج جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ و جواہر الکلام
جناب شیخ محمد حسن و کتاب مکاسب جناب شیخ مرتضی النجفی علیہ الرحمہ و کلمۂ طیبہ و دار السلام
و مستدرک الوسائل و نجم ثاقب جناب مرزا حسین بن محمد تقی نوری طبرسی علیہ الرحمہ
و تفسیر علی بن ابراہیم قمی علیہ الرحمہ و مشکوۃ الانوار و احتجاج جناب علامۂ طبرسی علیہ الرحمہ
و کتاب الغایات جناب جعفر ابن محمد القمی علیہ الرحمہ و نزہہ جناب ابو یعلی علیہ الرحمہ

وتہذیب الاحکام جناب ابراہیم عبدالحمید علیہ الرحمہ و اقاقی ابن ... علیہ الرحمہ و شیخ ...
جناب فاضل طبرسی علیہ الرحمہ و نہج البلاغہ جناب سید رضی علیہ الرحمہ و درر غرر جناب
سید مرتضیٰ علیہ الرحمہ و معدن الجواہر جناب شیخ ابوالفتح کراجکی علیہ الرحمہ و کتاب زہد و کتاب المومن
جناب حسین بن سعید علیہ الرحمہ و رسالۂ سعدیہ جناب علامہ علیہ الرحمہ و کتاب اربعین جناب
سید محی الدین علیہ الرحمہ و کشکول جناب شیخ بہائی علیہ الرحمہ و مناقب و بیان التنزیل
جناب محمد بن علی ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ و کتاب محاسن جناب احمد ابن محمد برقی علیہ الرحمہ
و کتاب مجالس جناب ابن الشیخ علیہ الرحمہ و کتاب قصص الانبیا و دعوات و لب لباب
جناب قطب راوندی علیہ الرحمہ و تفسیر جناب محمد ابن مسعود عیاشی علیہ الرحمہ و درر اللیالی
جناب ابن ابی جمہور علیہ الرحمہ و قرب الاسناد جناب حمیری علیہ الرحمہ و بشارت المصطفیٰ
جناب عماد الدین طبری علیہ الرحمہ و کتاب زہد النبی و کتاب عروس جناب جعفر ابن احمد القمی
علیہ الرحمہ و کتاب مشیخت جناب حسن ابن محبوب علیہ الرحمہ و کتاب غارات جناب ابراہیم
ابن ثقفی علیہ الرحمہ و کتاب مقتضب الاثر جناب شیخ ابو عبداللہ ابن محمد ابن عباس
علیہ الرحمہ و کتاب فضائل جناب شیخ شاذان ابن جبرئیل قمی علیہ الرحمہ و کتاب اصل جناب
زید الرسی علیہ الرحمہ و تنبیہ الخواطر جناب شیخ ورّام علیہ الرحمہ و نوادر جناب سید فضل اللہ
راوندی علیہ الرحمہ و ارشاد القلوب جناب حسن بن ابی الحسن دیلمی علیہ الرحمہ و کنوز النجاح
جناب شیخ ابو علی فضل ابن حسن طبری علیہ الرحمہ و عیون اخبار الرضا و فقہ الرضا و جامع الاخبار
و مسامات النبی و فردوس الاخبار و جعفریات و غیرہ و غیرہ سے اور اعمال سال کتاب
اقبال صاحب کرامات جناب سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ و بحار جناب ملا محمد باقر مجلسی
علیہ الرحمہ و نیز دیگر کتبہائے معتبرہ و مستندہ سے محض برائے انتفاع مومنین و مومنات تحریر
کیں اس امید پر کہ جسقدر مومنین و مومنات کو اس سے نفع پہونچے شاید باری تعالیٰ
اپنے کرم و رحمت سے وہی سبب میرے لئے وسیلہ نجات کا قرار دیدے اور یہ اور ...

مابین میرے اور آتش جہنم کے حسب حدیث (ملاحظہ ہو حدیث نمبر ۴۵ باب اول)
حائل اور پردہ ہو جائین ای باری تعالیٰ تو اس دعا کو میری قبول فرما اور جس طرح
تو نے اپنی رحمت و کرم سے دنیا مین گناہان کبیرہ و صغیرہ پر عقوبت کرنے سے کہ
انصافاً جس عقوبت کے لائق مین تھا چشم پوشی فرمائی ہی اُسیطرح وقت نزع سے
(کہ جو اوّل سخت ترمرحلہ ہی) تا آخر حسب وعدہ قُلْ یَا عِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی
اَنْفُسِہِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا اِنَّہٗ ہُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝
(یعنے) (کہہ تو ای محمدؐ کہ خداے تعالیٰ فرماتا ہی) کہ ای بندو میرے زیادتی کرتے ہو اپنی
جانون پر یعنی اپنے نفسون پر بسبب ارتکاب گناہان کبیرہ کے اسراف کیا ہی اور
حد سے معاصی کو گذران دیا ہی پس نا امید نہ ہو اللہ کی رحمت سے تحقیق خدا تعالیٰ
بخشتا ہی جمیع گناہان کبیرہ اور صغیرہ کو تحقیق وہی ہی بخشنے والا مہربان فقط
مجھ پر نظر عفو فرما کر مجھکو اپنے اُن بندگان عاصی مین کہ جنکی تمام عمر گناہان کبیرہ مین گذری ہی
اور بالآخر اُنپر رحم فرما کر ایک ذرا سے کار خیر مین تو نے بخشدیا ہی داخل فرما اور جمیع سختی
وعذابہاے آخرت سے محفوظ رکھ اور ای باریتعالیٰ تو میرے اعمال کا عالم ہی کہ مجھسے
اسوقت تک کوئی عمل نیک ایسا نہ ہوگا کہ جسپر مجھکو امید اپنی بخشش کی ہو تو نکتہ نواز ہی
اور اسپر قادر ہی کہ ایک عابد کی تمام عمر کی عبادت کو ایک ذرا سے عجب اور خود بینی اور
تکبر مین حبط فرما دے اور ایک سخت ترین گنہگار کے تمام عمر کے گناہان کبیرہ اور
جمیع خطاؤن کو ایک ذرا سے کار خیر مین بخشدے مگر مین ایسا گنہگار ہون کہ مجھ سے ابتک
ایک کار خیر بھی تیری خوشنودی کے لائق نہ ہو سکا اگر تو گناہون کی سزا کے لیے اور نیز
اس قصور مین کہ مجھ سے تمام عمر مین ایک عمل خیر بھی تیری خوشنودی کے لائق نہ ہو سکا
جہنم مین بھیجدے تو یہ تیرا عین انصاف ہی اور اگر تو مجھکو اپنے رحم و کرم سے قطعاً بخشدے
تو یہ تیرا ایفاے وعدہ ہی یَا عِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِہِمْ تا آخر آیہ۔ کہ جو تو نے

اپنے خاص گنہگار بندون ہم ہی سے وعدہ فرمایا ہی پس توحسب وعدہ اپنے مجھ پر نظر عفو فرما بحق محمدؐ و اہلبیت محمدؐ وصلی اللہ علی محمدؐ و آل محمدؐ اور ای باری تعالی تیری اس نعمت کا (یعنی کہ جو تو نے مجھکو خدمت مومنین کی توفیق عطا فرمائی ہی) لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہون اور تجھ ہی سے یہ دعا کرتا ہون کہ بحق محمد و آل محمد حسب وعدہ ادعونی استجب تو میرے اس شکر کو قبول فرماکر مجھکو شاکرین مین تحریر فرما اور جو نعمات باعث حصول عقبیٰ ہین مجھ پر مزید نازل فرما

مناجات

ہزارون نعمتین کین بے طلب تو نے عطا یارب	زبان دعوی کرے کس منھ سے تیرے شکر کا یارب
زبان بن جائے گر ہر بال میرے جسم کا یارب	سر مو ہو نہ اُسپر بھی تری حمد و ثنا یارب
بشر کیا خاک لکھے گر لکھے حمد و ثنا یارب	ملائک سرنگون عاجز تمامی انبیا یارب
کہین جب صاحب لولاک تجھکو ماعرفناک	تو پھر تعریف مجھسے ہو سکے کیونکر بھلا یارب
مین آیا ہون در رحمت پہ تیرے التجا لیکر	قبول اپنے کرم سے جلد کر میری دعا یارب
بحق احمدؐ و حیدرؑ بحق حضرت زہراؑ	بحق مجتبیٰؑ و سرور گلگون قبا یارب
بحق عابدؑ و باقرؑ بحق جعفرؑ و کاظمؑ	بحق ضامن ثامن امام دوسرا یارب (امام حسینؑ)
بحق حضرت ہادیؑ بحق حضرت قانع (لقب تقی)	بحق عسکریؑ و مہدیؑ حاجت روا یارب
مرے رنج و الم سب دور کر دے اپنی رحمت سے	عنایت کر بزودی میرے دل کا مدعا یارب
ادا پہلے کرون حج اور عمرہ مین شرائط سے	وہانسے جاکے دیکھون روضۂ خیر الوریٰ یارب
اسی کے بعد ہی پھر یہ تمنا ہے دلی میری	نجف مین یا نسے جاؤن اور وہانسے کربلا یارب
پھر اسکے بعد ہی یہ قصد اگر تقدیر یاور ہو	کرون جاکر طواف قبر موسیٰ رضا یارب
نہو جز پنجتن اک شش جہت مین اور مطلب	قیامت تک رہے دلمین مرے انکی ولا یارب

قطعہ

بوقت نزع رکھ میری زبان کو کام مین اپنے
جو دم توڑ دن بھرون بھر دم مین تیرے عشق کا یارب

لحد مین پرسش اعمال کا جسوقت وقت آئے
اکرم کو اپنے ہمدم کیجیو اسدم مرا یارب

تجھہی پر ہی بھروسہ مشکلین آسان ہون سب میری
کوئی سختی نہ پیش آئے مجھے روز جزا یارب

الٰہی تو مدد کر تا بخیر انجام ہو میرا
مرے دلکو ہی دھڑکا حشر کا بے انتہا یارب

قطعہ

ترے سجدہ کے لائق تک نہین جب میری پیشانی
نمازین واجبہ کیا اور نوافل میری کیا یارب

قبول انکو کرے گر تو تو تیری عین رحمت ہے
یہی ہے آرزو میری یہی ہے التجا یارب

عطا کر اسطرح توفیق احسن اپنی طاعت کی
اک دلکو جس سے حاصل ہو عبادت کا مزا یارب

در رحمت کو وا کر اور نگاہ لطف کر مجھ پر
اٹھائے ہون مین تیرے روبرو دست دعا یارب

الٰہی دامن رحمت مین اپنے ڈھانپنا مجھکو
نہو پرسش مرے اعمال کی روز جزا یارب

وہ عاصی ہون اگر عصیان مرے میزان مین تولین
تو ہم پلہ نہ اس سے ہوسکین ارض و سما یارب

کیا ہی وعدہ لاتقنطوا جو اہل عصیان سے
کر اس عاصی سے بھی اس اپنے وعدہ کی وفا یارب

گنہ ہر ایک میرا بخشدے تو اپنی رحمت سے
نہو کچھ خوف عصیان کا مجھے روز جزا یارب

گنہگاران امت کو رہائی جسطرح دی ہے
یونہین دوزخ سے مجھ عاصی کو بھی کردے رہا یارب

گنہ بے حد و بے پایان ہین گرچہ مجھ معاصی کے
نہین ہے تیری رحمت کی بھی حد و انتہا یارب

اگر تو بخشدے مجھکو یہ تیری عین رحمت ہے
یہ تیرا عدل ہے گر دے گناہون کی سزا یارب

تو ہی مختار بخشے یا نہ بخشے مجھ سے عاصی کو
برا ہون یا بھلا جیسا ہون بندہ ہون ترا یارب

رضا سے تیری سرتابی کرون کیا تاب ہے میری
اسی مین مین خوشی ہون جسمین ہو تیری رضا یارب

مین ہون اک بندہ عاجز نظر کر رحم کی مجھ پر
بجز تیرے جہان مین کون حامی ہے مرا یارب

بہار باغ جنت کی فضا کو متقی دیکھے
نگاہ مہر ہو جائے اگر تیری ذرا یارب

مومنین کی خدمت مین یہ عرض ہے کہ اگر اس کتاب کے ملاحظہ سے کچھ نفع حاصل ہو یا اس کتاب مین سے کچھ تعقیبات وغیرہ کو مداومت مین رکھا جائے تو ہر روز بعد نماز پنجگانہ و نماز شب

مخصوص میرا نام لیکر میرے اور میرے والدین کے لیے دعاے مغفرت فرمائین اور یہ عرض میری
بواسطۂ محمد و آل محمد قبول فرمائی جاے تاکہ انشاء اللہ آپ کار خیر مین داخل ہون اور کیا عجب
ہی کہ آپ ہی کی یہ دُعا میرے لیے وسیلہ نجات کا ہو جاے احادیث مین آیا ہی کہ مومن کی دُعا
مومن غائب کے حق مین بہت جلد قبول ہوتی ہی اور فرشتہ اُس مومن کے حق مین کہ جسنے دعا
کی ہی دعا کرتا ہی کہ اے باریتعالی تو اس مومن کو مثل اُس دعا کے کہ جو اسنے مومن غائب کے
لیے کی ہی تلو ہزار عطا فرما دعاے مغفرت سے کوئی دعا عمدہ نہین ہی چنانچہ باری تعالی دعاے
مغفرت کرنے کے لیے سورہ محمد مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہی وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ یعنے اور بخشش مانگ (یعنے طلب مغفرت کر) اپنے گناہون کی اور واسطے
مومنین اور مومنات کے اور سورہ نسار مین مابین رکوع ۱۰ و ۱۱ کے فرماتا ہی وَمَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً
حَسَنَةً يَكُنْ لَهُ نَصِيبٌ مِنْهَا یعنے جو کوئی سفارش کرے سفارش اچھی (یعنے کسی برادر مومن
کے لیے دُعاے خیر کرے یا اور کوئی عمل خیر اُسکے لیے کرے) ہوگا واسطے اُسکے حصہ اُسمین سے
(یعنے ایک حصہ ثواب کا اُسکے لیے لکھا جائیگا جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے
ہین کہ اس آیہ سے یہ ثابت ہوتا ہی کہ جو شخص کسی مومن کے لیے بعد مرنے کے اُسکے لیے دعاے
مغفرت کرے اور عمل خیر کرے تو یہ بھی اُسکے ثواب مین شریک ہوتا ہی دعاے مغفرت کا کرنا
مومن زندہ کے لیے بھی یہی ثواب رکھتا ہی اور احادیث اسکی فضیلت مین بیشمار ہین انشاءاللہ
آیندہ تحریر کیے جائین گے —

باب پہلا فضیلتِ علم و طالبِ علم و تعلیم علم مین

(۱) غور کرنے سے ظاہر ہوتا ہی کہ تمام خصال و صفات سوائے علم کے انسان و حیوانات مین مشترک ہین
مثل شجاعت و قوت و شفقت و غیرہ کے مگر علم محض انسان ہی کے لیے ہی اور اسی سبب سے خدا تعالی
نے جناب آدمؑ کو ملائکہ پر فضیلت دی اور ملائکہ کو جناب آدمؑ کے سجدہ کرنے کا حکم فرمایا علم وسیلہ
سعادت ابدی کا ہی بشرطیکہ عمل بھی اُسپر ہو مراد علم سے علم دین ہی اور علم دین کا تحصیل کرنا ہر مسلم
و مسلمہ پر واجب ہی علم کی فضیلت مین احادیث بیشمار ہین چند احادیث اس جگہ تحریر کی جاتی ہین۔

فضیلتِ علم

(۲) کلمہ طیبہ مین جناب آقا حاجی مرزا حسین بن محمد تقی نوری طبرسی علیہ الرحمہ کہ علماے جلیل القدر نجف
اشرف سے ہین یہ حدیث تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا جناب رسالتمآبؐ نے کہ طلب کرنا علم کا ہر مسلم و مسلمہ پر واجب ہی
(۳) حدیث از کتاب امالی فرمایا جناب امام رضاؑ نے کہ طلب کرنا علم کا ہر مسلمان پر

فصل پہلی پیدائشِ عقیق و فضیلتِ عقیق مین

(۱) حدیث از حلیۃ المتقین خلاصہ اسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام حسینؑ نے کہ جناب موسیٰ علیہ السلام آنکھین نیچی کرکے مناجات کیا کرتے
تھے خدا تعالی نے اُنکے چہرے کے نور سے عقیق کو پیدا کیا اور فرمایا کہ قسم ہی مجھکو اپنی ذات اقدس کی کہ عذاب نکرونگا
مین آتش جہنم سے اُس ہاتھ کو کہ جسمین انگشتری عقیق کی ہو بشرطیکہ محبت علی بن ابی طالبؑ کی رکھتا ہو۔
(۲) حدیث خلاصہ یہ ہی کہ جناب امیرؑ نے جناب رسولخداؐ سے عرض کیا کہ عقیق کیا چیز ہی فرمایا کہ پہاڑ ہی یمن مین کہ
اقرار کیا ہی اُسنے خدا کی وحدانیت کا اور میری رسالت کا اور یا علی تیری اور تیرے بیٹون کے لیے امامت کا اور
تیرے شیعون کے لیے جنت کا اور تیرے دشمنون کے لیے جہنم کا۔
(۳) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ نماز اُس شخص کی کہ جسکے ہاتھ مین انگوٹھی عقیق کی ہو چالیس

واجب ہی پس طلب کرو علم کو اُسکے اہل سے اور ترک عمل سے بدرستیکہ طلب کرنا علم کا عبادت ہی اور تحصیل علم یعنی محض برضاے خدا تعلیم کرنا علم کا حسنہ ہی اور مذاکرہ علم کا ثواب تسبیح کا رکھتا ہی اور اُسپر عمل کرنا مثل جہاد کے ہی اور تعلیم کرنا جاہل کو صدقہ ہی اور جو شخص قابلیت علم کی رکھتا ہو اُسکو تعلیم کرنا موجب قُرب خدا کا ہی اس سبب سے کہ بسبب علم کے حلال و حرام الٰہی شناخت کیا جاتا ہی اور راہ بہشت کی واضح ہوتی ہی اور بسبب علم کے اطاعت و بندگی خدا کی ہوتی ہی اور علم پیشواے عمل ہی اور عمل اُسکا تابع ہی اور ملائکہ طالب علم سے خوش ہوتے ہین اور اُنسے محبت کرتے ہین اور اُنپر اپنے پر ملتے ہین اور اُنکے لیے استغفار کرتے ہین اور اُنپر بوقت نماز برکت نازل ہوتی ہی اور اُنکے لیے ہر چیز تر و خشک حتی کہ ماہیان دریا و حیوانات دریا و درندگان و حیوانات صحرا استغفار کرتے ہین -

(۴) حدیث از کتاب منیۃ المرید جناب شیخ شہید ثانی علیہ الرحمہ فرمایا جناب امیرؑ نے کہ ایہا الناس افضل دین مین طلب کرنا علم دین کا ہی اور اُسپر عمل کرنا ہی بدرستیکہ طلب علم دین واجب تر ہی مال کے طلب کرنے سے -

---

[۱] درجہ زیادہ ہی اُس شخص کی نماز سے کہ جسنے بلا عقیق کے پڑھی ہو -

(۴) حدیث فرمایا جناب امیرؑ نے کہ دو رکعت نماز با انگشتر عقیق بجا لائے بہتر ہی ہزار رکعت سے کہ بلا انگشتری عقیق کے پڑھی ہو من مؤلف مردونکو انگوٹھی سونے کی پہننا حرام ہی اور انگوٹھی لوہے اور پیتل کی مردوں اور عورتونکو پہننا مکروہ ہی (۵) حدیث ایک شخص نے جناب رسولخدا سے عرض کیا کہ راہ مین مال میرا چوری گیا فرمایا کہ انگشتری عقیق کی ہاتھ مین کیون نہین رکھتا تھا کہ وہ ہر بدی سے محفوظ رکھتی ہی اور حاکم ظالم اور ہر بلا سے محفوظ رہتا ہی اور خیر اور فراخ روزی ہوتی ہی اور محفوظ رہتا ہی اُس چیز سے کہ جس سے خوف کرتا ہی اور پریشانی و فقر و درد دشتی کو دفع کرتا ہی اور نفاق کو دور کرتا ہی اور خداے تعالی دوست رکھتا ہی اُسکو کہ جسکے ہاتھ مین انگشتری عقیق کی ہو اور ہاتھ واسطے دعا کے بلند کرے اور وہ ہاتھ روپیہ سے خالی نہین رہتا اور باعث روا ہونے حاجات کا ہوتا ہی اور عقیق محفوظ رکھتا ہی ہاتھ کٹنے سے اور امان بخشتا ہی خوف سے من مؤلف مین نے جہانتک امتحان کیا اور جسقدر

(۵) حدیث از کلمۂ طیبہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ علم خزانہ انبیا کا ہی۔

(۶) حدیث از کتاب منیہ جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام زین العابدین ؑ نے کہ اگر لوگ جانین کہ طلب علم مین کیا کیا منافع ہین پس طلب کرین علم کو اگرچہ وہ قتل کیے جاوین اور پانی مین غرق ہوون۔

(۷) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیر ؑ نے کمیل ابن زیاد سے کہ اے کمیل علم بہتر ہی مال سے علم تیری حفاظت کرتا ہی اور تو مال کی حفاظت کرتا ہی اور علم حاکم ہی اور مال محکوم ہی اور مال خرچ کرنے سے کم ہوتا ہی اور علم صرف کرنے سے زیادہ ہوتا ہی۔

(۸) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیر ؑ نے کہ سات وجوہ سے علم مال سے بہتر ہی۔ وجہ اول یہ ہی کہ علم میراث انبیا ہی اور مال میراث فرعون وجہ دویم یہ کہ علم صرف کرنے سے کم نہین ہوتا اور مال صرف کرنے سے کم ہوتا ہی وجہ سویم یہ کہ مال محتاج ہی حفاظت کا اور علم اپنے صاحب کی حفاظت کرتا ہی وجہ چہارم یہ کہ علم قبر مین ہمراہ داخل ہوتا ہی اور مال مرتے ہی جدا ہو جاتا ہی وجہ پنجم

---

(۱) مجھکو تجربہ حاصل ہوا ہی وہ یہ ہی کہ یہ سب خواص عقیق یمنی مین ضرور ہین نہ دوسرے عقیق مین مثل عقیق کھماچی وغیرہ کے دو مرتبہ مجھکو امتحان ہوا ہی ایک مرتبہ مین سخت علیل تھا جو انگشتری عقیق یمنی کی میرے ہاتھ مین تھی اُسکا نگینہ ٹوٹ گیا اسکے بعد ہی مجھکو افاقہ ہونا شروع ہوا یہانتک کہ مجھکو شفاے کاملہ حاصل ہوئی دوسری مرتبہ مین گھوڑے پر سوار تھا گھوڑا نزدی مین بیٹھ گیا مین اُسکے نیچے دب گیا کہ خدا تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اُسکے نیچے سے نکالا جب مین باہر آیا تو مین نے عقیق یمنی کو جو انگشتری مین تھا ٹوٹا ہوا پایا اس تحریر سے میری غرض یہ ہی کہ جمیع آفتون کو عقیق یمنی اپنے اوپر لے لیتا ہی اور اُس سختی کی وجہ سے ٹوٹ جاتا ہی پس جب ٹوٹ جاوے تو پھر اُس عقیق یمنی کو نہ پہنے عقیق یمنی قیمتی چیز ہی لکھنؤ مین تلاش سے ملجاتا ہی چھوٹے سے چھوٹا چار پانچ روپیہ سے کم نہین آتا۔ اور یہ سب خواص جو احادیث مین وارد ہین عقیق یمنی سُرخ مین ضرور ہین اور جناب رسولخدا ؐ نے بھی عقیق یمنی کی نسبت ارشاد فرمایا ہی ملاحظہ ہو حدیث نمبر (۱۳) فصل ہٰذا عقیق یمنی سرخ کے حکمانے بھی بہت خواص لکھے ہین۔

یہ کہ مال کافر و مومن دونون کے لیے ہی اور علم خاص مومن کے واسطے ہی اسجگہ مراد علم سے معرفت ہی

وجہ ششم یہ کہ امر دین مین تمام لوگ محتاج علم دین کے ہین اور صاحب مال کے سب محتاج نہین ہوتے **وجہ ہفتم** یہ کہ علم اپنے صاحب کا وقت گذرنے صراط کے معین ہوتا ہی اور مال مانع ہوتا ہی -

(۹) **حدیث** از کتاب انیس المسافرین جناب شیخ محدث جلیل شیخ یوسف بحرینی علیہ الرحمہ خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ دس شخص رؤسار خوارج سے بخدمت جناب امیر حاضر ہوے اور عرض کیا کہ ہم آپ سے سؤال کرتے ہین اگر آپ نے ایک ہی جواب سب کو دیا تو ہم سمجھین گے کہ آپکو علم نہین ہی پس ایک شخص نے اُنمین سے عرض کیا کہ علم افضل ہی یا مال آنحضرتؑ نے فرمایا کہ علم افضل ہی اُسنے عرض کی کہ کیون آنحضرتؑ نے فرمایا کہ علم میراث انبیا ہی اور مال میراث قارون وہامان و فرعون وعاد وشداد دوسرے شخص نے سوال کیا آنحضرتؑ نے فرمایا کہ مال کی تو حفاظت کرتا ہی اور علم تیری محافظت کرتا ہی تیسرے شخص کے سوال کے جواب مین فرمایا کہ صاحب مال کے دشمن بہت ہوتے ہین اور صاحب علم کے دوست

(۱۰) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ عقیق سُرخ کا پہاڑ بہشت مین ہی اور وہ پہاڑ قریب ہی جناب سوالنما کے گھر کے عقیق سُرخ یمنی پر مُحَمَّدٌ نَبِیُّ اللہِ وَعَلِیٌّ وَلِیُّ اللہِ کندہ کرا دے یا یہ کندہ کرا دے اٰمَنَ الْمُتَوَکِّلُوْنَ کندہ کرانا اس کلمہ کا واسطے حفاظت اموال و اولاد وغیرہ اور واسطے دفع دشمن و محافظت از جن وانس و جمیع مکارہ کی تاثیر عظیم رکھتا ہی اور کندہ کرانا اَللّٰہُ وَلِیُّ عِصْمَتِیْ مِنْ خَلْقِہٖ کا واسطے حفاظت کے مجربات سے ہی اور کندہ کرانا حَسْبِیَ اللّٰہُ حافظی عقیق سرخ یمنی پر واسطے کفایت مہمات و دفع اعدا کے مجرب ہی یہ نقش نگین جناب امام محمد تقیؑ کا ہی اور کندہ کرانا عقیق سُرخ یمنی پر الملک للہ الواحد القہار کا واسطے وسعت رزق و نعمت کے نہایت مؤثر ہی یہ نقش نگین بھی جناب امام محمد تقیؑ کا ہی اور امن المتوکلون جو اوپر تحریر ہو چکا یہ نقش نگین جناب امیرؑ کا ہی اور اللہ ولی عصمتی من خلقہ نقش نگین جناب امام جعفر صادقؑ کا ہی اور حسبی اللہ حافظی نقش نگین جناب امام رضاؑ کا ہی اور یہ سب آزمودہ ہین اور اگر عقیق سُرخ یمنی پر اَلْمُلْکُ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ کندہ کرا دے تو واسطے خلاصی حبس و شر ظالم کو نہایت مؤثر ہی اور یہ نقش نگین جناب

بہت ہوتے ہین چوتھے شخص کے جواب مین فرمایا کہ مال تصرف کرنے سے کم ہوتا ہی اور علم تصرف
کرنے سے زیادہ ہوتا ہی۔ پانچوین شخص کے جواب مین فرمایا کہ صاحب مال کا نام ساتھ بخل کے
لیا جاتا ہی اور صاحب علم کا نام باعزاز لیا جاتا ہی چھٹے شخص کے جواب مین فرمایا کہ مال پر خوف
دزدی کا ہی اور علم اس خوف سے امین ہی ساتوین شخص کے جواب مین فرمایا کہ مال بعد
مدت گذرنے کے پرانا ہو جاتا ہی اور علم کہنہ نہین ہوتا آٹھوین شخص کے جواب مین جو فرمایا اصل
نسخہ مین تحریر نہین تھا لہذا قلم انداز کیا نوین شخص کے جواب مین فرمایا کہ مال قلب کو سخت کرتا ہی اور علم
قلب کو منور کرتا ہی دسوین شخص کے جواب مین فرمایا کہ صاحب مال کو تکبر ہوتا ہی اور اپنے
کو بزرگ سمجھتا ہی اور اکثر دعوی ربوبیت کا کرتا ہی اور صاحب علم مسکین اور ذلیل اور خاشع
ہوتا ہی پس اُن دسون خوارج نے کہا کہ آپ بیشک باب علم کے ہین جناب امیرؑ نے فرمایا کہ بخدا
اگر سوال کیے جاتے مجھ سے تو مین علحدہ علحدہ ہر سوال کا جواب تا بہ قیامت دیے جاتا۔
یہ لوگ پوچھتے
(۱۰) خباثیث از کلمہ طیبہ فرمایا جناب صادقؑ نے کہ محافظت کر دین خدا کی بر غبت مصاحبت
علم و اہل علم کے۔

امام علی نقیؑ کا ہی۔ اور ایک میرے دوست صلحا مین سے تھے اُنھون نے مجھ سے اسی تذکرہ مین فرمایا کہ مین ایکمرتبہ
بیمار ہوا تھا پڑا رہتا تھا اور ہاتھ مین انگشتری عقیق یمنی سرخ کی تھی کہ میرے کان مین آواز آہستہ چٹاخہ کی آئی اس طرح پر
کہ کوئی چیز ٹوٹتی ہی اُسوقت مین تنہا تھا مین نے اپنے نزدیک دیکھا تو کچھ معلوم نہ ہوا پھر میری نظر عقیق پر پڑی تو
نگینہ عقیق یمنی کا ٹوٹا ہوا تھا اور اس سے قبل صبح کو مین دیکھ چکا تھا نگینہ ثابت تھا اسوقت مجھکو یقین ہوا کہ جو مشہور
ہی کہ سختی اپنے مالک کی عقیق یمنی اپنے اوپر لے لیتا ہی صحیح ہی اور مجھکو اُسیدن سے صحت ہونا شروع ہو گئی دوسرے
دن وہ عارضہ بالکل رفع ہو گیا۔
(عقیق زرد)
(۷) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ عقیق زرد کا پہاڑ بہشت مین قریب ہی جناب فاطمہؑ کے گھر سے
عقیق زرد یمنی پر یہ کندہ کرا دے مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اور نیچے نگینہ کے دوسری طرف
محمد و علی کندہ کرائے پس چور اور راہزن سے محفوظ رہیگا کلمہ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ نقش نگین جناب امام رضاؑ

کیفیتِ تعلیم

(۱۱) حالت علم کی مثل طعام کے ہی ہر شخص کو خیال کرنا چاہیے کہ کونسا طعام اسکو نفع دیتا ہی
اور کونسا مضر ہی اسیطرح علم ہی پس جس علم سے دینی و دنیوی نفع ہو اور اُسمین خوشنودی
خدا و رسول ہو پس مومنین کو لازم ہی کہ وہی علم اپنی اولاد اور نیز اُن بچون کو کہ جنکی پرورش کرتے ہو
ہین تعلیم کرین یا تعلیم کرائین اور علوم غیر شرعیہ سے کہ جنکے سیکھنے اور سکھلانے مین گناہ ہی قطعی محترز
رکھین مثلاً علم نجوم پر اعتقاد کرنا اور تحصیل اسی غرض سے کرنا حرام ہی مگر بقدر ضرورت کہ قبلہ و اوقات
صلوٰۃ وغیرہ کو شناخت کر سکے پس جس علم کی فی الحال ضرورت ہو اُسکو اور معرفت الٰہی کو بڑا لائق
تعلیم کرین یا تعلیم کرائین اور مقدم علم توحید ہی اور علم فقہ و حدیث و تفسیر و قرآن کو ترک نہ کرین
اسکی فضیلت احادیث مین بیشمار ہی چنانچہ۔

(۱۲) حدیث از جمال الصالحین جناب مرزا حسن بن عبدالرزاق لاہجی علیہ الرحمہ جناب امام
محمد باقرؑ نے فرمایا کہ جو کوئی اپنے فرزند کو قرآن سکھلاوے ایسا ہی کہ گویا اُسنے دس ہزار حج کیے

ہو کا ہی پس کندہ کرنا جمیع کلمات مذکور کا عقیق زردینی پر واسطے تونگری کے بہت مفید ہی اور فقر و درویشی
ہوتی ہی مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ سورۂ کہف مین ہی عقیق سفید

(۸) حدیث فرمایا جناب رسول خداؐ نے کہ عقیق سفید کا ایک پہاڑ بہشت مین قریب ہی جناب امیرؑ کے گھر کے
اس نگینہ پر یہ کندہ کرا دے صِرَاطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُمْسِکُہٗ اور جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے ان کلمات کو اسم اعظم تحریر
ملاحظہ ہو باب ۵ مین نمبر ۵۳ کا حاشیہ مندرجہ اسم اعظم نمبر ۲۳ - اور جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ
یہی جو اوائل قرآن مین وارد ہین اسم اعظم ہین جب اُنکو بعد حذف مکررات کے جمع کیا جاوے تو عبارت مذکور
پیدا ہوتی ہی یہ حروف نورانی ہین اور یہ کل چودہ حروف ہین انکے خواص علمائے بہت تحریر فرمائے ہین
وارد ہی کہ جسوقت طالع ثور ہو اور قمر برج ثور مین ہو نگین فقرہ پر صِرَاطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُمْسِکُہٗ کو کندہ کرا دے اور
انگشتری پہنے جمیع مرادات اُسکے بخیر و خوبی برآئین اور ہرگز وہ شخص فقیر نہ ہووے برائے ترقی رزق مثل انگشتر کا پہننا مجربات صحیحہ سے ہی

اور ہزار عمرہ بجالایا اور دس ہزار بندہ اولاد اسمعیل سے آزاد کیے ہون اور دس ہزار جہاد کیے ہون اور دس ہزار گرسنہ مسکینون کو کھانا کھلایا ہوا ور دس ہزار مسلمانان برہنہ کو کپڑا پہنایا ہوا ور لکھے جاتے ہین واسطے اُسکے دس ہزار حسنہ اور مٹائے جاتے ہین اُس سے دس ہزار گناہ اور رہوگا وہ قرآن ہمراہ اُسکے قبر مین یہانتک کہ زندہ ہوکر اُٹھے اور بھاری ہوجائیگا نامۂ اعمال اُسکا اور صراط پر گذریگا مثل برق جہندہ کے اور نہ جدا ہوگا وہ قرآن یہانتک کہ نازل ہو اُسپر وہ کرامت کہ جسکی وہ آرزو رکھتا ہی۔

(۱۳) جب علم دین لائق ضرورت کے حاصل ہوجاوے اُسکے بعد اُس علم کو تعلیم کرے یا تعلیم کراوے کہ جسکی ضرورت براے حصول مآل ہو مگر وہ علم ایسا نہ ہو کہ جو باعث معصیت کا ہو کیونکہ اگر وہ علم باعث معصیت ہی تو وہ شخص بھی کہ جسنے تعلیم کرایا یا تعلیم کیا داخل معصیت ہوگا چنانچہ

(۱۴) حدیث از جال الصالحین فرمایا ائمہؑ نے کہ جو شخص کسیکو راہ راست یا کوئی علم نیک تعلیم کرے اور اسپر جسقدر خلائق عمل کرے مثل اُنکے اُس شخص کو بھی خداےتعالیٰ عطا فرماتا ہی اور اگر کوئی راہ باطل یا کوئی علم بد تعلیم کرے کہ جو باعث معصیت ہو تو جسقدر لوگ اُسپر عمل کرینگے

فَصْلُ دُوسْرِی فَضِیلَتِ فِیرُوزَہ مِین

(۱) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو کوئی انگوٹھی فیروزہ کی ہاتھ مین رکھے ہاتھ اُسکا فقیر نہووے

(۲) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ خداےتعالیٰ فرماتا ہی کہ مین شرم کرتا ہون اُس ہاتھ سے کہ جو آسمان کی طرف دعا کیلیے بلند کرے اور اُسمین انگوٹھی فیروزے کی ہو کہ کیونکر اُس ہاتھ کو ناامید پھیرون۔

(۳) حدیث از صافی خادم جناب امام علی نقیؑ سے روایت ہی کہ فرمایا آنحضرتؑ نے کہ ایک طرف فیروزہ پر اَللّٰہُ الْمَلِکُ کندہ کرے اور دوسری طرف اَلْمُلْکُ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ کندہ کرے پس خاص اسکے یہ ہین کہ ہر حیوان درندہ سے محفوظ رکھتا ہی اور باعث ظفر وغالب ہونیکا لشکر مخالف پر کیونکہ اُمین ہوتا ہی اور نقش نگین جناب امیرؑ کا ہی کہ فیروزہ پر تھا اور جناب امام موسی کاظمؑ کی انگشتری فیروزہ کی تھی

مثل اُن لوگون کے وہ شخص بھی داخل گناہ و عذاب ہوگا۔

(۱۵) حدیث از بحار الانوار جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ جو شخص تعلیم کرے ایک کلمہ ہدایت کو پس اُسکے لیے وہ اجر ہوگا جو عمل کنندہ کے لیے ہے اور جو شخص ایک کلمہ ضلالت کو تعلیم کرے اُسکے لیے بھی گناہ ہوگا جو عمل کنندہ پر ہوگا۔

(۱۶) من مؤلف پس ایسے علم سے کہ جو باعث معصیت کا ہو قطعی احتراز رکھنا چاہیے اور علم دین کی تعلیم ہونا چاہیے۔

(۱۷) حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہؑ نے کہ علم دین ایک راہ راست ہے واسطے بہشت کے۔

طالبِ علم

(۱۸) طالب علم کو چاہیے کہ علم کی منفعت و ضرر پر بخوبی نظر رکھے کہ جیسا مین نے نمبر (۱۱) باب مین بیان کیا ہے اور نیت طالب علم کی تحصیل علم مین خالص ہو یعنی تحصیل علم محض رضائے خدا کے

اَللّٰہُ مُنْ کَانَ لِیْ کندہ تھا۔ اور دوسری حدیث مین ہے کہ انگشتری جناب امام علی نقیؑ کی فیروزے کی تھی اسکے ایک طرف اَللّٰہُ الْمَلِکُ کندہ تھا اور دوسری طرف اَلْمُلْکُ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّار کندہ تھا۔

(۴) حدیث فرمایا جناب امام علی نقیؑ نے کہ واسطے فرزند پیدا ہونے کے فیروزے پر اس آیت کو کندہ کرے رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ پہننا اس انگشتری کا اور نیز پڑھنا اس آیہ کا قنوت نماز واجب مین واسطے اولاد ہونے کے مجرب ہے۔

(۵) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ فیروزہ چشم کو قوت دیتا ہے اور سینہ کو کشادہ کرتا ہے اور دل کو زیادہ کرتا ہے اور جب واسطے کسی کام کے جائے انگشتری فیروزے کی ہاتھ مین پہنے کر جاوے وہ اُس کی بر آوے گی۔

لیے ہو کیونکہ تمام اعمال نیت پر موقوف ہین جیسی انسان کی نیت ہوتی ہی ویساہی اسکو ثمرہ ملتا ہی
پس طلب علم مین خوشنودی خدا کی ہو اور قصد ترویج دین و بقاے اسلام کا ہو طالب علم کو چاہیے
کہ نہایت مشقت تحصیل علم مین کرے اور فضائل علوم پر نظر رکھے کیونکہ علم باقی ہی اور حیات ابدی
علم کے سبب سے ہی پس طالب علم توکل خدا پر کرے اور بمقابلہ طلب علم کے تحصیل معاش مین
زیادہ وقت ضائع نہ کرے کیونکہ طلب علم امر عظیم ہی اور جو مشقت طلب علم مین ہو وہ ثواب
عظیم رکھتی ہی اور طالب علم کو چاہیے کہ طمع مال کی ہرگز نہ کرے اور اہل علم کی دل سے تعظیم کرے
اور احترام علم کا کرے احترام علم کا یہ ہی کہ کتاب بلا طہارت ہاتھ مین نہ لیوے نہ اُسکو پڑھے
بعد طہارت کے کتاب کو لیکر پڑھے اور طلب علم مین اپنی ہمت کو بلند رکھے اس سبب سے کہ
جو طالب علم عالی ہمت رکھیگا وہ تمام کتابون کو حفظ کر لیگا اگر تمام کتابین حفظ نہ ہونگی
تو بعض کتابین تو یقینی حفظ ہو جائینگی اور جو کتاب طالب علم کے فہم مین آسکے اُسکو
پڑھے اور جو سبق پڑھے اُسکو نہایت محنت کے ساتھ یاد کرے اسطرح پر کہ اُسکے معنی اور
مطلب بخوبی ذہن نشین ہو جائین ایک سطر کا بتکرار و بتامل یاد کرنا اور حفظ کرنا بہتر ہی اس سے

۱۴

فصل تیسری فضیلت درِ نجف مین

(۱) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو کوئی درِ نجف کو ہاتھ مین رکھے اور اُسپر نظر کرے تو خدا تعالی ہر نظر پر ثواب
حج و عمرہ کا عطا فرماتا ہی کہ ثواب اُسکا پیغمبرون اور صالحون کا ہی اور خدا تعالی اُسکو طاہر کرتا ہی جو کوئی کہ درِ نجف کو ہاتھ مین رکھے۔
(۲) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ اے مفضل نگینہ سیرگاہ دیدہاے مردان مومن و زنان
مومنہ کا ہی یا دور کرنیوالا دردون کا ہی آنکھون سے اور درِ نجف صحراے نجف مین ملتا ہی جو لوگ زیارت کو جاتے ہین
وہ لاتے ہین اور اُسکو کٹوا کر نگینے اُسکے بنواتے ہین۔

فصل چوتھی فضیلت حدید مین

(۱) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ اُسکو دوست نہین رکھتا ہون مین کہ جو انگشتری حدید کی

کہ دو ورق بلا غور و تامل کے یاد کرے اور طالب علم کو چاہیئے کہ ہر روز کل نے سبق کو پانچ مرتبہ
اور اس سے قبل کے سبق کو تین مرتبہ پڑھے تا کہ حفظ زیادہ ہو اور کسی کے ساتھ مخاصمت نہ کرے
اور مناظرہ ضرور کرے اس سبب سے کہ ایک ساعت کا مناظرہ کرنا بہتر ہی ایک مہینہ کے
سبق کے یاد کرنے سے مگر جس سے مناظرہ کیا جاوے وہ سلیم الطبع اور منصف مزاج ہو اور
وقت مناظرہ کے تامل کر کے کلام کرے تا کہ صحیح کہے اور اس مکتب مین جو اور طالب علم ہون
اُنکے ساتھ بشفقت و محبت پیش آوے اور اُنکو امداد دے اور ورع کو اختیار کرے اور
نماز پر ہمیشہ مداومت کرے اور خداتعالی سے دعا ہدایت توفیق کی کرے کیونکہ اللہ تعالی ہدایت کرتا ہی
اُسکو جو اُس سے طالب ہدایت ہو اور بعد نماز کے حصول علم کی خدا سے دعا کرے اور جسقدر علم اُسنے حاصل کیا
ہی اُسکے عوض مین اور نیز بالعوض توفیق کے کہ خداتعالی توفیق طلب علم کی عطا فرمائے ہر روز بعد
نماز کے شکر باریتعالی کا کرے اور استاد کہ جس سے علم حاصل کرے اعلم یعنے ماہر و کامل
اور نہایت پرہیزگار اور مُسن ہو حتی الامکان ایسے استاد کو اختیار کرے کہ پھر دوسرے کی
طرف رجوع کرنا نہ ہو اور جس علم کو حاصل کرے تا وقتیکہ اُسمین ماہر نہ ہو جاوے دوسرے

ہمیشہ ہاتھ مین رکھے مگر اُسوقت کہ جس حاکم سے خوف کرتا ہو اُسکے پاس پہنکر جاوے تا کہ اُسکے شر سے محفوظ رہے
اور حدید چینی شیاطین کو دور کرتا ہی اس سبب سے کہ اُسکو دوست رکھتا ہون مین۔

نشان حدید چینی

(۳) حدیث جناب سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے روایت کی ہی کہ ایک شخص نے بخدمت جناب امام
جعفر صادقؑ عرض کیا کہ میرے دشمنون نے حاکم جزیرہ کو مجھ پر غضبناک کر دیا ہی لہذا مجھکو نہایت خوف ہی
کہ وہ مجھکو قتل کرے حضرت نے فرمایا کہ انگشتری حدید چینی کی تیار کر اور نگینہ کے اُوپر تین سطر دن مین لکھوا
کر پہلی سطر مین اعوذ بجلال اللہ اور دوسری سطر مین اعوذ بکلمات اللہ اور تیسری سطر مین اعوذ برسول
اور نیچے دوسری طرف نگینہ کے دو سطرین کندہ کرائے پہلی سطر مین امنت باللہ وکتبہ اور دوسری سطر مین کر
واشہد باللہ و رسلہ اور گرد نگینہ کے اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا اسطرح پر

اشہد
اعوذ بجلال اللہ
اعوذ بکلمات اللہ
اعوذ برسول اللہ

علم کی جانب بدون ضرورت کے رجوع نہ کرے اور اُستاد کا احترام مثل اپنے والد کے کرے
اور شریک درس ایسے طالب علمون کو کرے کہ جو شریف اور صاحب ورع اور صاحب طبع
مستقیم ہون سُستی تحصیل علم مین نہ کرتے ہون اور کوئی دن ناغہ نہ کرتے ہون اور سوائے مذاکرہ
علم کے فضول کلام نہ کرتے ہون کیونکہ مذاکرہ علم کی بہت فضیلت ہی۔

(۱۹) حدیث از جال الصالحین فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ ایک دوسرے سے
مذاکرہ علم کا کرو کہ مذاکرہ علم کا ثواب نماز مقبول کا رکھتا ہی۔

(۲۰) حدیث ایضاً فرمایا امامؑ نے کہ ایک دوسرے سے مذاکرہ علم کا کرو اور ملاقات
کرو اور حدیثین نقل کرو کہ حدیث جلا دیتی ہی قلب کو۔

(۲۱) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہؑ نے کہ تعلیم کرنا علم کا مثل صدقہ کے ثواب رکھتا ہی
اور سیکھنا علم کا حسنہ ہی اور مذاکرہ تسبیح اور عمل اُسپر کرنا مثل جہاد اکبر کے ہی۔

(۲۲) پس لازم ہی کہ جو علم دینی سیکھے اُسپر عمل بھی کرے اس سبب سے کہ علم بے عمل کا زوال مین ہی

(۲۳) حدیث از کلمہ طیبہ کسی نے جناب امام جعفر صادقؑ سے تفسیر آیۃ ینفعہٗ التحیۃ البالغۃ

پس اس انگوٹھی کو ہاتھ مین پہنے جس وقت کوئی حاجت دشوار ہو یا جس سے خوف کرے بتحقیق کہ حاجتین تیری بر آئینگی
اور خوف تیرا ایمنی سے مبدل ہوگا اور جس عورت پر جننا دشوار ہوا اسپر باندھ کہ بمشیت خدا جلد وضع حمل ہوتا ہی۔
اور اسی طرح دور کرتا ہی اثر چشم بد کو اور پرہیز کر کہ کوئی نجاست یا چکنائی اس نگینہ کو نہ لگے اور حمام اور بیت الخلا
نہ لیجا اور بہت حفاظت سے رکھو کہ اسرار اعداء سے ہی اور اگر حدید چینی پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کندہ کرے
تو باعث تسلط بر خلق و عزت بنظر مردم ہی۔ حدید دو طرح کا ہی ایک بالکل سیاہ ہوتا ہی اسکے یہ خواص نہین ہین اور ایک حدید
چینی ہوتا ہی ذرا سفیدی مائل ہوتا ہی اسی نگینہ کے یہ خواص ہین کہ جو مذکور ہوے اگر حدید چینی کو صرف پانی مین دھوکر
اس پانی کو حاملہ کو پلائے وضع حمل با سانی ہووے آزمودہ ہی۔

کی دریافت کی فرمایا کہ روز قیامت خدا تعالیٰ بندون سے سوال کریگا کہ تم خیر کو جانتے تھے یا نہین اگر
کہین گے کہ ہم جانتے تھے تو خدا تعالیٰ فرمائیگا کہ تمنے کس لیے عمل نہین کیا اور اگر کہین گے کہ ہم نہین
جانتے تھے تو فرمائیگا کہ تمنے تحصیل علم کی کیون نہین کی کہ عمل کرتے پس خدا و ندعالم انکو ملزم قرار
دیگا یہ حدیث علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے بحار مین بھی تحریر فرمائی ہی۔

(۲۴) طالب علم کو چاہیے کہ اُستاد کی رائے پر تحصیل علم کی رکھے اور بخیال تعظیم استاد کے
قریب استاد کے بغیر سبق کے نہ بیٹھے بلکہ سبق کے وقت بھی استاد سے ذرا فاصلے پر بیٹھے

غِذائے طالبِ علم

(۲۵) غذا ایسی کھاوے کہ جس سے بلغم و رطوبت پیدا نہ ہو کیونکہ کثرت بلغم و رطوبات
باعث کسالت کا ہوتا ہی قطع نظر کسالت کے نسیان بھی کثرت بلغم سے ہوتا ہی اور کثرت
بلغم کی زیادہ پانی پینے کے سبب سے ہوتی ہی اور کثرت پانی پینے کی زیادتی غذا کے سبب سے
ہوتی ہی علاوہ اسکے زیادتی غذا سے بہت سے نقصان پیدا ہوتے ہین مثل ذہن تیز نہونے کے

فصلِ پانچوین فضیلتِ یاقوتِ سُرخ مین

(۱) حدیث فرمایا جناب علی ابن موسیٰ الرضا نے کہ انگوٹھی یاقوت کی ہاتھ مین پہنے پریشانی کو دور کرتی ہی (۲)
دوسری حدیث مین ہی کہ انگشتری یاقوت سرخ کی پہننا مستحب ہی اور جناب امیرؑ کی یاقوت سُرخ کی انگشتری پر
نقش لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ کندہ تھا یاقوت سُرخ کا پہننا باعث شجاعت و عزیز و مکرم ہونیکا نظر خلائق
مین ہوتا ہی اور واسطے قضائے حاجات کے مفید ہی۔

(۲) حدیث خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ مین دوست رکھتا ہون واسطے ہر مومن کے
کہ پانچ انگوٹھیان ہاتھ مین رکھتا ہو یاقوت کی دوسری فیروزے کی تیسری دُرنجف کی چوتھی عقیق کی پانچوین حدید چینی کی
مگر حدید چینی کی ہر وقت نہ پہنے مگر بوقت ضرورت۔

یا طبع مستقیم نہ ہونے کے و بیماری وغیرہ کے پس لازم ہے کہ غذا کم کھاوے تاکہ بلغم کی تولید زیادہ نہ ہووے اور مسواک ہمیشہ کیا کرے کہ یہ بلغم کو کم کرتی ہے اور حافظہ کو زیادہ کرتی ہے علاوہ اسکے اور چیزیں حافظہ کو زیادہ پیدا کرتی ہیں انکو اختیار کرے

اسبابِ زیادتیِ حافظہ

(۲۶) علاوہ مسواک وغیرہ کے کہ جسکا اوپر ذکر کیا گیا برائے زیادتی حافظہ نماز شب بہ خضوع و خشوع ادا کرے کہ یہ افضل اعمال میں سے ہے اور ہر روز قرآن شریف پڑھے کہ قرآن سے زیادہ تر زیادتی حافظہ کے لیے کوئی چیز نہیں ہے خصوصاً آیۃ الکرسی کا پڑھنا اور درود شریف کا بھیجنا اور شہد کھانا اور ہر نماز واجبہ کے بعد اس دعا کا پڑھنا الف جناب ابن فہدؒ نے کتاب عدۃ الداعی میں جناب رسولخداؐ سے روایت کی ہے کہ فرمایا جناب امیرؑ سے کہ یا علی جس چیز کو تم سنو اور چاہو کہ اُسکو حفظ کرو پس بعد ہر نماز واجبہ کے اس دعا کو پڑھو سُبْحَانَ مَنْ لَا یَعْتَدِیْ عَلٰی اَهْلِ مَمْلَکَتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَا یَاْخُذُ اَهْلَ الْاَرْضِ بِاَلْوَانِ الْعَذَابِ سُبْحَانَ الرَّؤُفِ

فَصْلِ چھٹی فَضِیلَتِ یَاقُوتِ زَرد یعنی پکھراج

(۱) حدیث فرمایا جناب علی بن موسی الرضاؑ نے اُس شخص کو جو انگوٹھی یاقوت زرد کی یعنی پکھراج کی پہنے فقیر و محتاج نہ ہووے۔

فَصْلِ ساتویں فَضِیلَتِ زبرجد یعنی زمرد میں

(۱) حدیث فرمایا جناب علی بن موسی الرضاؑ نے کہ انگشتری زمرد کی ہاتھ میں رکھنا فقر کو ساتھ تونگری کے مبدل کرتا ہے اور یہ آزمودہ ہے کہ زمرد خوابہائے متوحش و پریشانی سے محفوظ رکھتا ہے اور باعث نشاط و سرور کا ہوتا ہے اور حکمانے اپنے اپنے تالیفات میں احادیث سے بھی زیادہ خواص و فوائد جواہرات کے لکھے ہیں یعنے عقیق یمنی سرخ و فیروزہ و یاقوت سرخ و پکھراج و زمرد کے پس زمرد کسی طرح کا ہوتا ہے جو زمرد سبز ہوتا ہے وہ فائدہ بخشتا ہے اور جو زمرد ذرا زردی مائل ہوتا ہے وہ فائدہ نہیں دیتا اور نگینہائے مذکور کا بے عیب ہونا چاہیے اگر نگینہ میں جرم یا کوئی عیب ہو تو وہ پورا فائدہ نہیں بخشتا اور نقوش

الرحیم اللّٰھم اجعل لی فی قلبی نورًا و بصرًا و فھمًا و علمًا اِنّک علیٰ کل شیء قدیر ۵

پس جو کوئی اسکو پڑھے حافظہ اسکا زیادہ اور نسیان کم ہو ب۲ حدیث از مصباح فرمایا ائمہ علیہم السلام نے

کہ جو کوئی بعد نماز صبح کے اوّل کلام کرنے سے اس دعا کو پڑھے حافظہ اسکا بہت ہو اور نسیان کم ہو

یا حیّ یا قیّوم فلا یفوت شیئًا علمہ ولا یؤدہ اور دوسری حدیث میں ہے کہ جو کوئی دعاے

مذکور کو چالیس روز ہر روز ستائیس مرتبہ قبل از نماز صبح بہ نیت خالص پڑھے فہم اسکا زیادہ ہو اور

نسیان دور ہووے ج مروی ہے کہ جو کوئی ان آیات کو لکھکر بازو پر باندھے نسیان بہت کم ہو اور

قوت حافظہ ہوگا لا تمدّنّ عینیک الیٰ ما متّعنا بہٖ ازواجًا منھم زھرۃ الحیوۃ الدنیا

لنفتنھم فیہ ورزق ربک خیرٌ و ابقیٰ وامر اھلک بالصلوۃ واصطبر علیھا لا نسئلک

رزقًا نحن نرزقک والعاقبۃ للتقویٰ د جو کوئی اس آیت کو چالیس بار آب خالص پر پڑھے

اور اس پانی سے طعام پکا کر شاگردوں کو کھلاوے وہ سب فصیح اور فہیم ہوویں بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

الر کتاب انزلناہ الیک لتخرج الناس من الظلمات الی النور باذن ربھم الیٰ صراط

العزیز الحمید اللّٰہ الذی لہ ما فی السمٰوات وما فی الارض وویل للکافرین من

اکثر سی انبیا و ائمہ لسان المتقین میں تحریر ہو چکے ہیں لہٰذا بخوف طول ہونے حاشیہ کے اسجگہ قلم انداز کیے گئے۔

فصل اٹھویں فضیلتِ سلام میں

خدا تعالیٰ سورۂ نسا میں مابین رکوع ۱۰ و ۱۱ کے فرماتا ہے وَ اِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّۃٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْھَا یعنے

جب دعا دیے جاؤ تم ساتھ دعا کے پس کرو ساتھ بہتر کے اس سے یعنے جو تمکو سلام کرے تم اسکا جواب اس سے

اچھا دو یعنے اگر کوئی کہے سلام علیکم تو تم کہو علیکم السلام ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ یا اَوْ رُدُّوْھَا

یعنے پلٹ دو اسکو یعنے تم کہو علیکم السلام پس جواب سلام واجب ہے جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے

حلیۃ المتقین میں احادیث اسکی فضیلت میں بہت لکھی ہیں۔

(۱) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ سلام کرنا سنت ہے اور جواب سلام دینا واجب ہے۔

عَذَابٌ شَدِيدٌ الَّذِينَ يَسْتَحِبُّونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ وَ
يَبْغُونَهَا عِوَجًا اُولٰئِكَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُولٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ
فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ٥ ٤ حدیث فرمایا جناب رسولخدا
نے جناب امیرؑ سے کہ تعلیم کرتا ہوں میں وہ دعا کہ اگر مداومت کرے اُسپر تو نہ فراموش کرے قرآن کو
اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ مَعَاصِيْكَ اَبَدًا مَا اَبْقَيْتَنِيْ وَارْحَمْنِيْ مِنْ تَكَلُّفِ مَا لَا يَعْنِيْنِيْ وَارْزُقْنِيْ
حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ وَاَلْزِمْ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَى
النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاشْرَحْ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَطْلِقْ بِهٖ لِسَانِيْ
وَاسْتَعْمِلْ بِهٖ بَدَنِيْ وَقَوِّنِيْ بِهٖ عَلٰى ذٰلِكَ وَاَعِنِّيْ عَلَيْهِ اِنَّهٗ لَا يُعِيْنُ عَلَيْهِ اِلَّا اَنْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ٥
من مولف یہ دعا نمبر (۱۸۵) باب (۵۸) پر آئندہ تحریر کی گئی ہو جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے
کتاب تہجد میں تحریر کیا ہو کہ واسطے حفظ قرآن کے چار رکعت نماز شب جمعہ میں باین طریق ادا کرے
کہ رکعت اول میں بعد الحمد کے سورہ یٰسٓ اور رکعت ثانی میں بعد الحمد کے سورہ دخان اور رکعت سوم
میں بعد الحمد کے تنزیل سجدہ اور رکعت چہارم میں بعد الحمد کے سورہ تبارک الذی بعد سلام کے حمد وثنائے

(۲) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو دس مسلمانوں سے ملاقات کرے اور انکو سلام کرے ثواب ایک بندہ آزاد
کرنیکا خداوند تعالیٰ عطا فرماتا ہو۔

(۳) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو کوئی اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہے دس حسنہ واسطے اُسکے ہونگے اور اگر اَلسَّلَامُ
عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ کہے تیس حسنہ واسطے اسکے لکھے جاتے ہیں۔
(۴) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ خرد کو چاہیے بزرگ کو سلام کرے اور جو کوئی جاتا ہو
اور دوسرا بیٹھا ہو تو جانیوالا سلام کرے اور جماعت کم جماعت زیادہ پر سلام کرے اور دوسری حدیث
میں ہو کہ سوار کو چاہیے کہ پیدل پر سلام کرے اور جو قاطر پر سوار ہو سلام کرے اسکو جو خر پر سوار ہو اور جو گھوڑے
پر سوار ہو سلام کرے اسکو جو قاطر پر سوار ہو اور ایستادہ نشستہ کو سلام کرے۔
(۵) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جسوقت کوئی مجلس سے اُٹھے تو وداع کرے اہل مجلس کو سلام

الٰہی بجالاوے اور صلوات محمد وآل محمد پر بھیجے اور طلب آمرزش جمیع مومنین مومنات کے لیے استغفار

کرے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ بعد ازان یہ دعا

پڑھے اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ مَعَاصِیْ اَبَدًا مَا اَبْقَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ مِنْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ

وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ النَّظَرِ فِیْمَا تَرْضٰی عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَبِنُوْرِ وَجْھِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ

حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ وَاَسْئَلُكَ

اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِیْ وَتُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِیْ وَتُفَرِّجَ بِهٖ قَلْبِیْ وَتَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَتَسْتَعْمِلَ

بِهٖ بَدَنِیْ وَتُقَوِّیَنِیْ عَلٰی ذٰلِكَ وَتُعِیْنَنِیْ عَلَیْهِ فَاِنَّهٗ لَا یُعِیْنُ عَلَی الْخَیْرِ غَیْرُكَ وَلَا تُوَفِّقُ لَهٗ اِلَّا

اَنْتَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ ز حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص چاہے حفظ قرآن

و علوم کرے پس اس دعا کو عسل سفید و زعفران سے ظرف پاک پر لکھے اور اُس آب باران

سے دھووے کہ جو زمین پر نہ پہونچا ہو تین دن اُس پانی کو پیے جو کچھ چاہے حفظ کرے مجرب و

آزمودہ ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فَاَنْتَ مَسْئُوْلٌ لَمْ یُسْئَلْ مِثْلُكَ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ نَبِیِّكَ

کرنے سے کہ اگر بعد اُسکے کوئی حرف خیر کہین گے تو یہ سلام کرنے والا اُنکے ثواب مین شریک ہوگا اور اگر حرف بد

کہین گے تو گناہ اُنکا اُنھین پر ہوگا۔

(۶) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جب آپس مین ملاقات کرو سلام اور مصافحہ کرو اور جب ایک

دوسرے سے جدا ہو طلب آمرزش ایک دوسرے کے لیے کرو۔

(۷) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جملہ تواضع اور انکساری یہ ہے کہ جس کسی سے ملاقات ہو سلام

(۸) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ عاجز ترین مردم وہ ہے کہ دعا سے عاجز ہو اور بخیل ترین مردم وہ ہے کہ سلام کرنے مین بخل کرے

(۹) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ اگر ایک جماعت دوسری جماعت پر گذرے اور ایک انمین سے سلام کرے

کافی ہے اور اگر کوئی کسی جماعت پر سلام کرے اور ایک انمین سے جواب دے کافی ہے۔

(۱۰) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جب گھر مین داخل ہو سلام کرے سبب برکت کا ہوتا ہے اور

وَرُسُلِكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَصَفِيِّكَ وَمُوْسٰى كَلِيْمِكَ وَنَجِيِّكَ وَعِيْسٰى كَلِمَتِكَ وَ
رُوْحِكَ وَاَسْئَلُكَ بِصُحُفِ اِبْرَاهِيْمَ وَتَوْرٰاةِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاؤُدَ وَ
قُرْاٰنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ٥ وَاَسْئَلُكَ بِكُلِّ وَحْيٍ اَوْحَيْتَهٗ وَبِكُلِّ
حَرْفٍ اَنْزَلْتَهٗ وَبِكُلِّ قَضَاءٍ قَضَيْتَهٗ وَبِكُلِّ سَائِلٍ اَعْطَيْتَهٗ وَاَسْئَلُكَ بِالَّذِيْ اِذَا دَعَاكَ
بِهٖ اَنْبِيَاؤُكَ وَاَصْفِيَاؤُكَ وَاَحِبَّاؤُكَ اسْتَجَبْتَ لَهُمْ وَاَسْئَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ اَنْزَلْتَهٗ
فِيْ كِتَابٍ مِنْ كُتُبِكَ وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ اَنْبَتَّ بِهٖ اَرْزَاقَ الْعِبَادِ وَاَسْئَلُكَ
بِالْاِسْمِ الَّذِيْ اسْتَقَلَّ بِهٖ عَرْشُكَ وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى الْاَرَضِيْنَ
فَاسْتَقَرَّتْ وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ دَعَوْتَ بِهِ السَّمٰوَاتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَاَسْئَلُكَ
بِالْاِسْمِ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ
عَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَاَسْئَلُكَ
بِالْاِسْمِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ الْوِتْرِ الْعَزِيْزِ الَّذِيْ مَلَاَ الْاَرْكَانَ كُلَّهَا الطُّهْرِ
الْمُطَهَّرِ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مُهَيْمِنُ يَا قُدُّوْسُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

ملائکہ انس کرتے ہین اُس گھر سے۔

(۱۱) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ سلام باواز بلند کرے اسیطرح جواب سلام بھی باواز دے
(۱۲) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ بہشت مین چند غرفہ ہین کہ اندر اُسکا باہر سے اور باہر اسکا
اندر سے معلوم ہوتا ہی انمین وہ لوگ میری اُمت کے رہین گے کہ جو اچھی زبان کے ساتھ لوگون سے
کلام کرین اور طعام لوگون کو کھلائین اور راتون مین نماز پڑھین اُسوقت کہ سب نیند مین ہون اور افشاے
سلام کرین اور افشائے سلام یہ ہی کہ بخل نہ کرے سلام کرنے مین کسی پر مسلمانون مین سے۔
(۱۳) احادیث مین وارد ہی کہ چند آدمی ہین کہ اُنکو سلام نہ کرنا چاہیے یہود اور نصاریٰ اور آتش پرست
اور وہ شخص کہ جو بیت الخلا مین ہو اور وہ شخص کہ جو شراب پیتا ہو اور وہ شاعر کہ جو زنان محصنہ عفیفہ کو فحش
کہے اور وہ لوگ کہ خوش طبعی انکی ماں کی گالی ہو اور وہ شخص کہ جو نردبازی یا شطرنج یا قماربازی کرتا ہو اور وہ شخص

اَنْ تُصَلِّیَ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّتَرْزُقَنِیْ حِفْظَ الْقُرْاٰنِ الْعَزِیْزِ وَالْعِلْمِ وَالْحِکْمَۃِ بِرَحْمَتِکَ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ وَاکْفِنِیْ یَا کَافِیْ کُلِّ شَیْءٍ بِقُدْرَتِکَ عَلیٰ کُلِّ شَیْءٍ اِکْفِنِیْ کُلَّ شَیْءٍ وَّاصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۞ جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے مصباح مین تحریر فرمایا ہے کہ ایک شخص نے خواب مین جناب رسولخداؐ کو دیکھا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھکو ایسی چیز تعلیم فرمائیے کہ جسکے ذریعہ سے خداتعالی میرے دل کو زندہ کر دے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ کہو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وہ شخص کہتا ہے کہ بعد بیدار ہونے کے مین نے دعا سے مذکور پر مداومت کی تین دن نہ گذرے تھے کہ خداتعالی نے زندہ دلی مجھکو عطا فرمائی[9] ظ سورہ جن کو ظرف پر لکھے اور دھوکر پیئے صاحب حافظہ ہوئی[10] سورہ مدثر اکثر اوقات پڑھکر خداتعالی سے دعا حافظہ کی طلب کرے اللہ تعالی اُسکو صاحب حافظہ کرے[11] یا سورہ حشر کو جام شیشہ پر لکھکر آب باران سے دھوکر پیے صاحب حافظہ ہو جائیگا[12] حدیث فرمایا جناب امیرؑ نے کہ زعفران و سعد ایک ایک جز بیسین اور شہد ملاکر ہر روز دو مثقال کھا دین دہشت ہی مجھکو کہ

کر جو طنبورہ یا عود بجاے اور وہ مرد کہ لوگ اُس سے لواطہ کرین اور وہ شخص کہ نماز مین مشغول ہو اور وہ شخص کہ سود کھائے اور وہ فاسق کہ علانیہ فسق کرے اور پرواہ نہ کرے اور دوسری حدیث مین ہے کہ سلام کرنا اُس شخص پر کہ جو شطرنج کھیلتا ہو گناہ کبیرہ ہے اور اسی طرح ممانعت ہے اُس شخص پر کہ جو شراب پیتا ہو۔

فَصْلُ نَوِیْں فَضِیْلَتِ مُصَافَحَۃِ مِیْں

(۱) حدیث خلاصہ یہ ہے کہ فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ بہ تحقیق دو مومن آپسمین ملاقات کرین اور مصافحہ کرین ہمیشہ گناہ اُنکے گرتے ہین جسطرح پتہ درخت سے گرتے ہین اور حق تعالی نظر رحمت اُنکی طرف کرتا ہے جب تک ایک دوسرے سے جدا ہو۔

(۲) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ آپسمین مصافحہ کرو کہ کینہ کو سینے سے دور کرتا ہے اور مصافحہ کی

قوت حافظہ سے اُسکو ساحر مشہور کرین یخ[13] الشیخ نے مصباح مین روایت کی ہی کہ جو شخص شدید الحافظہ ہونا چاہے پس ہر روز ایک مثقال مُربّاے زنجبیل کھاوے یلا[14] من مؤلف کندر بسیکر شکّر کے ساتھ کھائین حافظہ بہت ہووے کندر ایک گوند ہوتا ہی مگر بعض مشہور یہ کرتے ہین کہ کندر مصطگی کو کہتے ہین مگر دراصل مصطگی نہین ہی کندر اور ہی چیز ہی یہ[15] اکیس دانہ کشمش کے ہر روز کھاوے کہ یہ حافظہ کو زیادہ کرتا ہی یو[16] الکفعمی علیہ الرحمہ نے روایت کی ہی کہ ایک درہم مویز سُرخ بیوے دانہ اُسکے نکال ڈالے اور ایک مثقال کندر کوفی اور دو درہم کندر ذکر یعنے باریک ودراز اور نصف درہم زعفران سب کو کوٹے بعد ازان آب رازیانہ سے اُسکو خمیر کرکے قوام کرے کہ معجون ہو جاوے ہر روز وقت صبح ایک درہم اُسمین سے کھاوے کفعمی تحریر فرماتے ہین کہ یہ مجربات سے ہی - من مؤلف مثقال صیرفی ۴ ماشہ کا اور مثقال شرعی تین ماشہ تین رتی کا ہوتا ہی اور درہم سوا دو ماشہ اور قریب ایک رتی کے ہوتا ہی یز[17] احادیث مین وارد ہی کہ گوشت نزدیک گردن کا کھانا اور مسور کا اور نان سرد کا کھانا اور آیۃ الکرسی کا پڑھنا موجب حافظہ کا ہی یخ[18] از بحار الانوار جلد ۱۴ ابن مسعود نے روایت کی ہی

مومن سے بہتر ہی معانقہ کرنے سے ملائکہ کے۔

(۳) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ سزاوار یہ ہی کہ اگر دو مومن ایک دوسرے سے جدا ہون اگرچہ درخت حائل ہوا ہو پھر جب ملاقات کرین چاہیے کہ معانقہ کرین۔

(۴) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ تمکو معانقہ کرنے مین ثواب اُن لوگون کے مثل ہی کہ راہ خدا مین جہاد کرتے ہون۔

(۵) حدیث فرمایا جناب پیغمبرؐ نے کہ جب برادران مومن سے ملاقات کرو اُن سے مصافحہ کرو اور خوشی ظاہر کرو یہانتک کہ جب جدا ہو جاؤ تو کوئی گناہ تم پر نہ رہا ہو اور اپنے دشمن سے بھی مصافحہ کرو ہر نماز کے بعد کہ خدا نے حکم فرمایا ہی اور باعث اُسکی دشمنی کے دور ہونیکا ہوتا ہی۔

کہ لونگ دس درہم اسپند دس درہم کندر سفید دس درہم شکر سفید خام دس درہم سوائے اسپند
کے اور سب ادویہ کو کوٹکر ملادے اور اسپند کو ہاتھ سے ملکر سب مین ملادے ہر روز بوقت
صبح ایک درہم اور بوقت خواب ایک درہم کھائے ۱۹ یط ایضا جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ
تحریر فرماتے ہین کہ مین نے کتاب فوائد مین دیکھا ہی کہ جو شخص چاہے کہ اُسکا حافظہ زیادہ ہو
اور نسیان کم ہو تو چاہیے کہ ہر روز مربائے زنجبیل کھائے ۲۰ ک ایضا جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ
تحریر فرماتے ہین کہ جو چیز کہ زیادہ تر حافظہ کے لیے تجربہ مین آئی ہی وہ یہ ہی کہ منقی سرخ حبشی درہم کے
بیج نکالکر پھینکدیوے اور سعد کوفی ایک مثقال اور لوبان ذکر دو درہم اور زعفران نصف درہم
ان سب کو کوٹ کر سونف کے پانی مین ملاکر معجون بنائے اور اُسکو یہانتک رکھے کہ قوام اسکا
ہوجائے بعد اُسکے ہر روز بوقت صبح قبل ناشتہ کے ایک درہم کھائے اور اگر مداومت کرے
منقے کھانیکی تو اُسکا فہم اور حافظہ زیادہ ہوتا ہی اور بلغم کو کم کرتا ہی ۲۱ کا مفتاح الفلاح مین جناب
شیخ بہائی علیہ الرحمہ یہ حدیث تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو کوئی بوقت صبح ناشتہ
مین اکیس منقیٰ دانہ مویز سرخ کے کھائے بیمار نہ ہووے مگر مرض الموت مین ۲۲ کب از بحار الانوار

فصل دسوین ملاقات و ترک ملاقات مومنین

(۱) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقر و جناب امام جعفر صادق نے کہ جو مومن گھر سے باہر جاوے اپنے برادر مومن کے دیکھنے کے
قصد سے اور حق اُسکا پہچانے حقتعالی ہر ایک قدم پر ایک حسنہ اُسکے نامہ عمل مین لکھے اور ایک گناہ اُسکا مٹاوے اور ایک درجہ
واسطے اُسکے بلند کرے پھر جب اُس مومن کے گھر کا دروازہ کھٹکھٹاتے ہین دروازے واسطے اُسکے کھل جاتے ہین پھر جب
آپسمین ملاقات مصافحہ کرتا ہی اور ہاتھ گردن مین ایک دوسرے کے ڈالتے ہین تو خدا تعالی روئے رحمت اپنا انکی طرف کرتا ہی اور ملائکہ سے
فرماتا ہی کہ نظر کرو ان دو بندون کی طرف کہ میری خوشنودی کے لیے دیکھنے کو ایک دوسرے کے پہنچے اور میری رضا کے لیے
ایک نے دوسرے سے دوستی کی پس مجھ پر لازم ہی کہ بعد اسکے اُنپر عذاب نہ کرون پھر جب واپس جاوے
تو اُسکی مشایعت کرتے ہین فرشتے موافق اُسکی سانسون اور قدمون اور باتون کے اور وہ فرشتے اسکی
حفاظت کرتے ہین بلاہائے دنیا و آخرت سے دوسرے روز کے اسوقت تک اور اگر اس درمیان مین مرجائے

جلد ۱۴ جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ طریق النجاۃ مین لکھا ہی کہ تین چیزین ہین جو بلغم کو
دور کرتی ہین اور حافظہ کو زیادہ کرتی ہین روزہ و مسواک و قرأت قرآن ۲۳ ایضاً ابو بصیر نے جناب
امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ مین نے کہا حضرت سے کہ یہ علم جو ہمکو آپ نے تعلیم فرمایا
ہی اسکے یاد کرنے پر کیونکر قادر ہون فرمایا حضرت نے قرنفل دس درہم کندرذکر دس درہم ان
دونون کو باریک پیسے بعد اُسکے بوقت صبح قبل ناشتہ کے تھوڑا تھوڑا کھائے ۲۴ کذا فی مولف
کندر کی دو قسمین ہین ایک کندر ذکر یہ بڑا ہوتا ہی اور دوسری قسم کا کندر کا دانہ چھوٹا ہوتا ہی
عرب و عجم مین اکثر عورتین اور مرد اور بچے کندر کا استعمال بہت کرتے ہین یعنے ہر روز اکثر اوقات
کندر کو منہ مین رکھا رہنے دیتے ہین اور اسکا عرق پیتے رہتے ہین اسی سبب سے وہان کے
لوگ ذہین زیادہ ہوتے ہین اسیطرح کندر کا ہر روز استعمال کرنا قوت حافظہ کو زیادہ کرتا ہی اور
نسیان کو دور کرتا ہی کہ ۲۵ ایضاً جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جس شخص کا ذہن
خراب ہو اور حافظہ کم ہو جاہیے کہ وہ سناء مکی اور سعد ہندی فلفل سفید کندر ذکر زعفران
باہم وزن سب کو کوٹے اور شہد مین ملاوے اور ہر روز ایک مثقال بوقت صبح سات روز

حساب قیامت سے نجات پائے اور دوسرا مومن بھی اگر حق اُسکا پہچانے اور حرمت اسکی جانے یہی ثواب اُسکو بھی ہو

۲۹

مذمت ترک ملاقات مومنین

(۲) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ ای ابوذر عرض کیے جاتے ہین اعمال اہل دنیا کے پیش
خدائے عزوجل جمعہ سے جمعہ تک بروز دوشنبہ اور پنجشنبہ پس بخشے جاتے ہین گناہ ہر مومن کے مگر گناہ
اُس شخص کے کہ مابین اُسکے اور برادر مومن کے عداوت و کینہ ہو پس حکم ہوتا ہی کہ چھوڑ دو عمل ان دونون
کے جب تک آپس مین صلح کرین اور کینہ درمیان سے اُنکے برطرف ہو ای ابوذر دوری نکر برادر مومن
سے بسبب آزردگی کے بتحقیق کہ ساتھ ہجران اور دوری کرنے برادر مومن کے عمل مقبول نہین ہوتا ای
ابوذر منع کرتا ہون تجھے کنارہ کشی کو برادر مومن سے ہرگز نا چار دوری کرے تو تین روز تک نہ کر

پے درپے کھائے پس اگر چودہ دن تک کھائے تو خوف اسکا ہوگا کہ بسبب شدت حافظہ کے

ساحر کہلائیگا ٢٦ حدیث ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ جو شخص زعفران خالص اور سعد کو ہموزن

شہد مین ملاوے اور ہر روز دو مثقال کھائے تو بسبب شدت حافظہ کے خوف سحر کا ہوگا۔

٢٧ ایضاً جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ مین نے بخط جناب شیخ احمد بن فہد

علیہ الرحمہ لکھا ہوا برائے حافظہ دیکھا اور اسکا تجربہ بھی کیا ہی کندر سعد قند ان سب کو ہموزن

لیکر سب کو باریک پیسے اور بوقت صبح قبل ناشتہ کے ہر روز پانچ درہم تین دن تک کھائے

بعد اسکے پانچ دن ترک کرے اور پھر تین دن کھائے اور پھر پانچ دن ترک کرے پھر تین دن کھائے

اسیطرح استعمال کرے ٢٨ حدیث ایضاً ابی بصیر سے روایت ہی کہ فرمایا جناب صادقؑ نے

کہ واسطے قوت و زیادتی حافظہ کے دس درہم کندر ذکر خوب باریک پیسے اور اُسمین سے

ہر روز تھوڑا سا صبحکو کھاوے ٢٩ ایضاً جس کسی کا ذہن کند اور حافظہ کم ہو پس وہ شخص

سنائے مکی کندر ہندی فلفل سفید کندر ذکر زعفران خالص سب کو ہموزن لیکر باریک پیسے

پھر شہد مین ملاکر ہر روز ایک مثقال پے درپے سات روز تک کھاوے اور اگر چودہ روز

اور جو شخص تین روز برادر مومن اپنے سے بخشم و غضب کنارہ کرے اور اُس تین روز مین اسی حال مین مرجاوے

آتش جہنم اولی ہی ساتھ اسکے۔

(٣) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو دو مسلمان ایک دوسرے سے دوری کرین اور تین روز

اُسی حال پر رہین اور صلح نکرین اسلام سے باہر ہو جاتے ہین اور درمیان انکے ولایت برطرف ہو جاتی ہے

اور جو انمین سے سبقت کرے بات کرنے مین ساتھ برادر مومن اپنے کے قیامت مین جلد تر داخل بہشت ہوگا

(٤) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ شیطان ہمیشہ خوشحال ہی جب تک دو مسلمان ایک

دوسرے سے کنارہ کرتے ہین اور جسوقت باہم آپسمین ملاقات کرتے ہین تو زانوہاے شیطان مین لرزہ درخشہ

ہوتا ہی اور فریاد کرتا ہی کہ واے ہو مجھ پر یہ کیا مصیبت ہی جو مجھکو پیش آئی۔

(٥) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ درمیان دو آدمیون کے اصلاح کرنا بہتر ہی نزدیک میرے

نمک کھاوے تو قوت حافظہ اسقدر ہووے کہ لوگ اسکو ساحر کہین اور علامہ ہووے
(۳) شیخ ابن فہد نے روایت کی ہی کہ کندر ہندی و کندر کوفی شکر طبرزد کو ہم وزن
لیکر کوٹ کر باریک پیسے اور تین دن ہر روز بوزن پانچ مثقال وقت صبح کے کھاوے بعد
ازان پانچ روز تک ترک کرے اور پھر تین روز کھاوے اور پھر پانچ روز ترک کرے
اسیطرح سے استعمال کرے (۲) از بحار ۔ مسواک کا کرنا اور روزہ رکھنا اور قرآن کا پڑھنا
بلغم کو قطع کرتا ہی اور حافظہ کو زیادہ کرتا ہی من مؤلف جو چیز کہ بلغم اور رطوبات کو کم کرے وہ
حافظہ کو زیادہ کرتی ہی اور جو چیز کہ بلغم کو زیادہ پیدا کرے وہ چیز نسیان کو زیادہ کریگی اور باعث
کثرت معاصی و ہم و غم دنیا کے ہی اور ہموم دنیا باعث تاریکی قلب ہین اور ہموم آخرت باعث
نورانی قلب ہین ۔

اَدْعِيَۂ رَفعِ سَہو وَمُوجِبِ سَہو

(۲۷) الف فقیہ ابن بابویہ رحمۃ اللہ علیہ نے جناب امام جعفر صادق سے روایت کی ہی
اسباب سے کہ دو دینار تصدق کردن مین ۔

(۶) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جبرئیل نے مجھکو وصیت کی کہ زنہار لوگون سے مخاصمہ ومنازعہ
نکر کہ عیوب کو ظاہر کرتا ہی اور عزت کو برطرف کرتا ہی ۔

(۷) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ بدترین مردم وہ شخص ہی کہ لوگون کو دشمن رکھے اور لوگ
اُسے دشمن رکھیں ۔

فصل گیارھوین آداب صحبت و مصاحبت مین

(۱) حدیث حلیۃ المتقین مین ہی کہ جناب رسولخدا نے وصیت کی جناب امیر کو کہ آٹھ آدمی ہین اگر ذلیل ہون
تو کسی اور کو برا نکہین سواے اپنے اوّل وہ شخص کہ کسی کے دسترخوان پر بے طلب کے جاوے دوسرے

کہ جو شخص کثیر السہو نماز مین ہو وقت داخل ہونے بیت الخلا کے کہے بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الرِّجْسِ

النَّجِسِ الْخَبِيْثِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ٥ ب ۲ نفلیہ مین جناب شیخ شہید علیہ الرحمہ نے تحریر کیا ہی کہ

سنت ہی مخفف کرنا نماز کا اُس شخص کو کہ جو کثیر السہو ہو اور چاہیے کہ وقت شروع نماز کے انگشت

سبابہ دست راست کو ران چپ پر مارے اور کہے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ

وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ج علما نے تحریر فرمایا ہی کہ جو چیزین

نسیان کی ہین وہ یہ ہین کشنیز سبز کا کھانا ترش سیب اور نیم خوردہ موش کا کھانا پڑھنا لوح قبور

اونٹون کی قطار کے درمیان ہین سے جانا پیشاب کرنا آب ایستادہ مین پچھنے لگانا عقب سر مین

جون کا زندہ پکڑ کر زمین پر چھوڑ دینا۔

یومِ شروعِ کتاب

(۲۸) حدیث کتاب بروز چہارشنبہ شروع کرے فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جسکی

ابتدا بروز چہارشنبہ ہو وہ اتمام کو پہونچیگی کیونکہ نور کو خدا نے بروز چہارشنبہ خلق کیا ہی۔

وہ شخص کہ حکم کرے صاحب خانہ پر تیسرے وہ شخص کہ اپنے دشمنون سے نیکی چاہے چوتھے وہ شخص کہ دو آدمیون

امور راز مین بے اجازت انکے شریک ہو پانچوین وہ شخص توقع احسان کی رکھے بخیلون سے چھٹے وہ شخص جو استخفاف

کرے بادشاہ کا ساتوین وہ شخص کہ مجلس مین ایسی جگہ بیٹھے کہ جو لائق اُسکے نہ ہو آٹھوین وہ شخص کہ جو ایسے شخص سے

بات کرے کہ جو سخن اُسکا نہ سنے۔

(۲) حدیث فرمایا ائمہؑ نے کہ جو کوئی ایسی جگہ مجلس مین بیٹھے کہ جو اُسکی لیاقت سے کم ہو خدا تعالی اور

ملائکہ اُسپر صلوات بھیجتے ہین جب تک نہ اٹھے اسجگہ سے۔

(۳) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ لائق نہین ہی بیٹھنا گرمی مین اسطرح مل کر کہ لوگ متاذی

ہون بلکہ چاہیے کہ ایک بالشت ہر طرف جگہ چھوڑ دے۔

(۴) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ انسان نہ سمجھو اُس شخص کو کہ جو جائے تنگ مین چار زانو بیٹھے۔

(۲۹) طالب علم کو چاہیے کہ اُستاد کا نہایت احترام کرے کہ جیسا نمبر (۱۸) باب ہذا مین تحریر ہو چکا ہی حدیث از کلمہ طیبہ فرمایا ائمہؑ نے کہ معلم خیر بمنزلہ والد کے یعنے وجوب اکرام و احترام مین مثل والد کے ہی۔

کیفیت متعلق اُستاد

(۳۰) معلم کو چاہیے کہ ناصح ہو اور اپنے شاگردون پر مثل اپنی اولاد کے شفقت اور مہربانی کرے اور اُنکے سوال اور حوایج سے رُوگردانی نہ کرے اور تعلیم مین مابین شاگردون کے فرق نہ کرے اور سب کو دل سے تعلیم کرے اور مقدار سبق کی اسقدر رکھے کہ جسقدر طالب علم یاد کر سکے کیونکہ جب سبق زیادہ ہوگا تو کم یاد ہوگا اور آخر مین سب بھول جائیگا اور پھر دوبارہ بہت محنت کرنا ہوگی اور سبق استاد دیوے کہ جو طالب علم اور اسکی محنت اور طاقت کے لائق ہو کیونکہ اگر وہ سبق اُسکی محنت اور طاقت سے زیادہ ہوگا تو طالب علم دل برداشتہ ہو کر پڑھنا ترک کر دیگا اور سبق اسطرح تعلیم کرے کہ جو طالب علم کے ذہن نشین ہو جاوے اس سبب سے

(۵) حدیث فرمایا جناب رسول خداؐ نے کہ عقلمند وہ شخص ہی کہ جاہلون کی صحبت سے دور رہے۔

(۶) حدیث فرمایا جناب امام موسی کاظمؑ نے کہ پرہیز کرو اُن مقامات مین بیٹھنے سے کہ جسجگہ لوگ شک کرین اور تہمت کرین۔

(۷) حدیث مصاحب بد کے عادات اثر کرتے ہین اُس شخص مین کہ جو اُسکے پاس بیٹھے اور مصاحب ہلاک کرتا ہی

(۸) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ بہتر میرے بھائیون مین وہ شخص ہی کہ عیب میرے مجھ سے کہے اور فرمایا کہ چاہیے تمکو مصاحبت پُرانے رفقا کی اور حذر کرو مصاحبت سے نئے مصاحبون کی کہ انمین عہد و امانت و وفا نہین ہی۔

(۹) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ نہ بیٹھو اُس صحبت مین کہ جہان لوگ بیٹھنے سے گمان بد کرین۔

(۱۰) حدیث فرمایا جناب امام محمد تقیؑ نے کہ متابعت کر اُس شخص کی کہ جو تجھکو رُلائے اور خیر خواہ تیرا ہو

کہ جو سبق طالب علم کے ذہن نشین ہو جائیگا وہ جلد یاد ہو گا۔

فضیلتِ طلبِ علم و تعلیمِ علم میں

(۳۱) حدیث تہذیب مین جناب امام جعفر صادقؑ سے اور جامع الاخبار مین جناب رسولخداؐ سے ہے کہ جبوقت معلم طفل سے کہتا ہے کہ کہو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ جسوقت وہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہتا ہے پس خدا تعالی برات و بیزاری آتش جہنم کی واسطے اُس طفل کے اور پدر و مادر اُس طفل کے لیے اور معلم کے لیے لکھتا ہے۔

(۳۲) حدیث از مصابیح القلوب و منہج الصادقین خلاصہ یہ ہے کہ ایک دن جناب رسولخداؐ مع اصحاب کے قبرستان مین ہو کر تشریف لے گئے وقت روانگی کے آنحضرت نے قبرستان مین فرمایا کہ جلد چلو اور وقت واپسی کے آہستہ چلے اصحاب نے سبب پوچھا فرمایا ہنگام جانیکے فلان قبر پر عذاب ہوتا تھا اور صداے نالہ اُسکی بلند تھی پس مین تحمل اُس آواز کے سننے کا نہ ہوا اور وقت واپسی کے وہ عذاب دور ہوا اصحاب نے پوچھا فرمایا کہ اُس

اور مصاحبت کر اُس شخص کی کہ جو تجھکو ہنسائے اور فریب دے۔

(۱۱) حدیث فرمایا جناب امیرؑ نے کہ بدترین مصاحب تیرے وہ لوگ ہین کہ جو معصیت خدا کو تیری نظر مین زینت دین۔

(۱۲) حدیث کہا کہ فرمایا جناب موسیٰؑ نے کہ فرشِ بوریا پر عالم سے صحبت رکھنا بہتر ہے اُس صحبت سے کہ جو فرشِ نفیس پر جاہلون کے ساتھ ہو۔

(۱۳) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ حواریون نے جناب عیسےؑ سے کہا کہ کس سے ہمنشینی کرین فرمایا اُس شخص سے جو خدا کی یاد دلوائے دیکھنا اُسکا اور علم تمہارا زیادہ کرے باتین کرنا اُسکا اور تمکو آخرت کی طرف رغبت دلائین کردار اُسکے۔

(۱۴) حدیث فرمایا جناب امام موسی کاظمؑ نے کہ سزاوار ہے کہ انسان اپنے باپ کے مصاحبون کی محافظت کرے

ختم آیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یا یہ اسم اعظم ہے صاحب لمعات الانوار اعلیٰ مقامہ تحریر فرماتے ہین کہ جو کوئی ۱۲ ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے اور ہر ہزار مرتبہ کے بعد دو رکعت ناز پڑھکر حاجت طلب کرے اسیطرح بارہ مرتبہ حاجت طلب کرے روا ہووے

دوم صاحب لمعات الانوار تحریر فرماتے ہین کہ جو کوئی بِسْمِ اللّٰهِ پر مداومت کرے روزی اُسکی فراخ

صاحب قبر کے ایک لڑکا تھا اُسکو معلم کے پاس لے گیے معلم نے اُس سے کہا کہ کہو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پس اُس طفل نے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کہا فوراً حکم خدا تعالے کا ملائکہ عذاب کو ہوا کہ وہانسے اُٹھ جاوین یہ روا نہین ہی کہ پسر اسکا نام میرا رحمانیت اور رحیمیت کے ساتھ لیوے اور باپ اسکا عذاب مین ہو۔

(۳۳) حدیث ابن مسعود سے روایت ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو کوئی بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کہے لکھتا ہی خدا تعالی واسطے اُسکے چار ہزار حسنہ اور محو کرتا ہی چار ہزار گناہ اور بلند کرتا ہی واسطے اُسکے چار ہزار درجہ۔

(۳۴) حدیث از جامع الاخبار فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو شخص بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کہے خدا تعالی واسطے اُسکے بہشت مین ستر قصر بنا کرتا ہی یاقوت سرخ سے اور ہر قصر مین ستر ہزار حجرے موتی سفید کے اور ہر حجرہ مین ستر ہزار تخت زبرجد سبز کے اور ہر تخت پر ستر ہزار فرش سندس و استبرق کے اور اُسپر حور العین بیٹھی ہونگی۔

(۳۵) حدیث از مناقب فرمایا آنحضرتؐ نے خلاصہ یہ کہ جس کاغذ پر بِسۡمِ اللّٰہِ

ہو کہ نیکی اُن سے کرنا گویا نیکی کرنا اپنے باپ سے ہی

(۱۵) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ ہم مین سے نہین ہی وہ شخص کہ جو اچھی مصاحبت نہ کرے اپنے مصاحبون سے اور اچھی رفاقت نہ کرے اپنے رفیقون سے اور نمک حلالی نہ کرے اُس شخص سے کہ جسکے ساتھ نمک کھایا ہی اور اچھی مہربانی نہ کرے اُس شخص کے ساتھ کہ جسنے اُسپر مہربانی کی ہی۔

(۱۶) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو شخص برادر مومن پر سے گھانس یا تنکا یا کوئی کثافت اُٹھائے خدا تعالی دس حسنہ واسطے اُسکے نامہ عمل مین لکھتا ہی اور جو مسکرائے اپنے برادر مومن کا مُنہ دیکھکر تو ایک حسنہ واسطے اُسکے لکھتا ہی۔

(۱۷) حدیث منع فرمایا جناب رسولخداؐ نے ایسی قسم کھانے سے کہ کوئی کہے کہ تمہاری زندگی کی قسم۔

ہووے اور جو حاجتی مطلب
حاصل ہووے سوم
اور جناب ملا
محسن کاشانی
علیہ الرحمہ تحریر
فرماتے ہین کہ
واسطے جس مطلب
کے ایک مجلس مین
سات سو چھیاسی ۷۸۶
مرتبہ کہ عدد آیہ
بسم اللہ کے
ہین پڑھے اور بعد
اتمام کے اسی تعداد
کے موافق درود شریف
پڑھے مجرب ہی
اور بعض نسخہ مین
بعد اتمام کے
ایکسو بتیس ۱۳۲ مرتبہ
صلوات بھیجے
چہارم جناب
ملا محسن کاشانی

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھی ہوئی زمین پر پڑی ہو اور اس کاغذ کو بخیال بزرگی خدا کے
اٹھا دے پس وہ نزدیک خدا کے صدیق ہووے اور اسکے والدین پر تخفیف عذاب ہووے اگرچہ مشرک ہوں

(۳۶) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جسوقت بندہ دروازہ دوزخ پر پاؤن رکھیگا اور
کہیگا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور قدم دوزخ مین رکھیگا پس اس کلمہ کی برکت سے آتش
دوزخ اُس سے ستر ہزار سال کی راہ دور ہو جاویگی۔

(۳۷) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے بروز قیامت وقت حساب کے نامۂ اعمال
دست چپ مین دیا جائیگا اور بندہ اُسوقت کہیگا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وہ نامۂ اعمال
سفید ہو جاویگا وہ بندہ کہیگا کہ اسمین کچھ لکھا ہوا نہین ہی مین کیا پڑھون فرشتے کہین گے
کہ اسمین عملہاے بد یعنی گناہ لکھے تھے بِسْمِ اللّٰهِ کی برکت سے سب دور ہوے من مؤلفہ
اگر فضائل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے تحریر کیے جاوین تو غالباً پانچ جزء کے قریب ہو جاوین
بخیال طول انھین احادیث پر اکتفا کیا گیا۔

(۳۸) حدیث از کلمہ طیبہ صفوان بن غسان سے روایت ہی کہ مین بخدمت جناب رسولخدا

---

۳۶ (۱۸) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ جو شخص غصہ کو کھا جاے اور قادر ہو غصہ کرنے پر تو خدا
دل اُسکا ایمنی سے اور ایمان سے پُر کرے روز قیامت مین۔

(۱۹) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ کینہ مومن کا اُسجگہ رہتا ہی کہ جسجگہ بیٹھا ہی جب اپنے
برادر سے جدا ہوتا ہی پھر اُسکے دل مین کینہ نہین رہتا ہی اور کینہ کافر کا تمام عمر رہتا ہی۔

فصل بارھوین مزاح و ہنسی کرنے و راز مجلس کے پوشیدہ کرنے مین

(۱) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے ایک شخص سے کہ خوش طبعی تمہاری کیسی ہی اُس شخص نے عرض کیا
کم ہی فرمایا کہ خوش طبعی کرو کہ مزاح کرنا نیکی خلق سے ہی اور موجب خوشحالی برادر مومن ہوتی ہی۔
(۲) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ خدا دوست رکھتا ہی اُس شخص کو کہ جو خوش طبعی کرے آدمیون سے جبتک کہ فحش نہ کہے

طیار رحمہ خمر وغیرہ کے
ہین کہ جسکو کوئی
حاجت از قسم دولت
و ثروت و عزت
و علم وغیرہ کے ہو
یا یہ کہ بلا مین کہ جو
از قبیل فقر و فاقہ
و استیصال و
پریشانی و گرفتاری
و ناخوشی جسمانی
و الم روحانی کے
گرفتار ہو تمین شب
جمعہ بعد گذرنے
دو ثلث شب جمع
سے بیدار ہووے
اور وضو سے کامل
کر کے دو رکعت
نماز حاجت جس
سورہ سے چاہے
پڑھے بعد ازان
سو مرتبہ درود پڑھے یعنی

حاضر ہوا عرض کیا کہ مین واسطے طلب علم کے حاضر ہوا ہون آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مرحبا بدرستیکہ طالب علم کو بسبب محبت کے ملائکہ اپنے پر زمین چھپاتے ہین۔

(۳۹) حدیث از دعوات راوندی فرمایا آنحضرتؐ نے کہ خدا تعالیٰ نے جناب موسیٰؑ سے فرمایا کہ امر خیر کو سیکھو اور سکھلاؤ پس مین نورانی کرتا ہون قبور متعلم و معلم کو تاکہ وحشت قبر نہو

(۴۰) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ متعلم و معلم خیر دونون اجر مین شریک ہین اور باقی تمام لوگ بے خیر ہین یعنے کوئی خیر انمین نہین ہی۔

(۴۱) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ فقہ حاصل کرو بدرستیکہ جو شخص تم مین سے بصیرت پیدا نکرے دین مین پس وہ اعرابی ہی یعنے جاہل و صحرانشین ہی اور فرمایا آنحضرتؐ نے کہ مین دوست رکھتا ہون اس امر کو کہ میرے اصحاب کے سرون پر تازیانے لگائے جاوین تا فقیہ ہون یعنے دین مین صاحب بصیرت ہون۔

(۴۲) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ بہترین صدقہ یہ ہی کہ تحصیل علم کرین اور اپنے برادر دینی کو تعلیم کرین۔

(۱) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ جب قہقہہ مار کے ہنسے تو بعد اسکے یہ کہے اَللّٰھُمَّ لَا تَمْقُتْنِیْ یہ کفارہ قہقہہ مار کے ہنسنے کا ہی۔

(۲) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ ہنسنا مومن کا چاہیئے کہ مسکرانا ہو اور آواز نہ رکھتا ہو۔

(۳) حدیث فرمایا امامؑ نے کہ بہت ہنسنا دلکو مار ڈالتا ہی اور دین کو گھلاتا ہی جسطرح پانی نمک کو گھلاتا ہی۔

(۴) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ ہرگز مزاح بہت نہ کرو کہ آبرو کو کھو دیتا ہی۔

(۵) حدیث فرمایا ائمہؑ نے کہ جب کسیکو دوست رکھے تو اس سے مزاح کر اور مجادلہ نکر۔

(۶) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ کوئی مومن نہین ہی مگر یہ کہ اسمین مزاح و خوش طبعی ہو

(۷) حدیث فرمایا ائمہؑ نے کہ مجلس باامانت ہی یعنے جو کچھ گذر جائے چاہیے کہ اور جگہ ذکر اسکا نہ ہو مگر اسوقت کہ جانے کہ صاحب مجلس اور جگہ ذکر کرنے پر راضی ہی تو مضائقہ نہین ہی۔

۱۲ پڑھے بعد اسکے ایک ہزار اور ایکمرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کہے تعداد مین کمی اور زیادتی واقع نہووے بعد فراغ کے پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سجدے مین جاکر دعا طلب کرے کہ انشاء اللہ مستجاب ہی اگر اول شب جمعہ مین مطلب نہ آوے تو دوسری شب جمعہ کو پھر اسی عمل کو بجا لاوے ورنہ پھر تیسری شب جمعہ مین بجا لاوے کہ

(۴۳) حدیث ایضاً کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ کسی شخص نے صدقہ نہین دیا مثل اس علم کے کہ جسکو نشر کیا ہو۔

(۴۴) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام زین العابدین علیہ السلام نے کہ جب طالب علم اپنے گھر سے نکلتا ہی پانوان اپنا نہین رکھتا کسی خشک و تر زمین پر مگر یہ کہ وہ جگہ واسطے اُسکے تسبیح کرتی ہی تا زمین ہفتم۔

(۴۵) حدیث از کتاب منیہ شہید ثانی علیہ الرحمتہ فرمایا جناب رسالتمآب نے کہ جو شخص دیکھنا چاہے ان لوگون کو کہ جو آزاد کردۂ خدا ہین آتش جہنم سے پس وہ شخص نظر کرے طالب علمون پر قسم ہی اُس شخص کی کہ جسکے قبضۂ قدرت مین میری جان ہی کوئی طالب علم کسی عالم کے گھر مین آمد و رفت نہین کرتا ہی مگر یہ کہ خدا تعالیٰ لکھتا ہی واسطے اُسکے ہر قدم پر ثواب عبادت ایک سال کا اور بنا کرتا ہی اُسکے لیے ایک شہر بہشت مین اور جس زمین پر وہ راہ چلتا ہی وہ زمین اُسکے لیے استغفار کرتی ہی اور وہ شخص آمرزیدہ ہی اور ملائکہ گواہی دیتے ہین کہ یہ آزاد کردۂ خدا ہی آتش جہنم سے۔

(۱۰) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ مجلس بامانت ہی مگر وہ مجلس کہ جسمین خون حرام بہایا جاوے یا کسی فرج حرام کو حلال کرین یا کسی مال کو ناحق لین۔

(۱۱) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو بات کرنے مین اپنے برادر مومن کے بات کرے ایسا ہی کہ خدشہ اور خراش اُسکے منھ مین لگا۔

(۱۲) حدیث فرمایا جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے کہ جب تین آدمی ایک مجلس مین ہون دو اون مین سے ایک دوسرے سے سرگوشی نہ کرین یعنی چپکے سے بات نکرین کہ ہوجاتی وہ اُس تیسرے رفیق کا ہوتا ہی۔

(۱۳) حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو کچھ مجلس مین گذرتا ہی امانت ہی۔

(۱۴) حدیث فرمایا جناب امام موسیٰ کاظم نے کہ تین آدمی سایہ عرش الٰہی مین ہونگے بروز قیامت۔ وہ شخص کہ برادر مومن اپنے کو کدخدا کرے یا اُسکو خادم دے یا کسی راز کو اُسکے پوشیدہ رکھے

مجرب ہی عمل ایکھو ہر پنجم ملا محسن اشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ واسطے رہائی پانے دست ظالم سے و نیز برائے حصول مہمات کے جائے خلوت مین تہتر مرتبہ آیہ بسم اللہ کو پڑھے بعد از ان خدا سے حاجت طلب کرے کہ مستجاب ہی جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ آیہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اسم اعظم ہی اس آیہ کے ختم مین اور نیز جمیع ختوم مین بلکہ ہمیشہ وقت

(۴۶) حدیث از کلمۂ طیبہ فرمایا جناب رسالتمآب صلعم نے کہ جو شخص واسطے طلب علم کے جاوے جب تک کہ واپس ہو راہ خدا مین ہی۔

(۴۷) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسالتمآب صلعم نے کہ جو شخص علم کو طلب کرے ایسا ہی کہ دنکو روزہ رکھا ہو اور شب کو عبادت مین مشغول رہا ہو اور علم کا ایک باب جو اُسنے حاصل کیا بہتر ہی اُسکے لیے اس سے کہ کوہ ابوقبیس طلا ہو اور وہ سب راہ خدا مین دیا جاوے مین مؤلف مراد علم سے علم دین ہی۔

(۴۸) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسالتمآب صلعم نے کہ جو شخص علم و عبادت مین نشو و نما پاوے یہانتک کہ بڑا ہو خداوند عالم قیامت مین ثواب اُسکو بہتر صدیق کا عطا فرمائیگا

(۴۹) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسالتمآب صلعم نے کہ جو شخص اُس علم کی تحصیل مین مرجاوے کہ وہ اُس علم سے تازہ کرتا اسلام کو پس بہشت مین اُسکے اور انبیا کے ایک درجہ کا فرق ہوگا

(۵۰) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسالتمآب صلعم نے کہ جو شخص ایک باب علم کی تحصیل کے لیے جاوے اسواسطے کہ بسبب اُسکے کسی امر باطل کو دور کرکے حق کی جانب کرے یا کسی گمراہ کو

(۹) من مؤلف جو مجلس راز کی ہو اسکا راز افشا کرنا نہایت برا ہی احادیث سے ثابت ہی کہ جو راز برادر مومن اس شخص کو سپرد کرے وہ ایک امانت ہی اُسکے اور ذکر کرنا اُسکا بدترین خیانت ہی اور افشاے راز کرنے سے بہت سے مفاسد پیدا ہوجاتے ہین اور باعث قتل اور تلف اموال اور عداوت عظیم کا ہوتا ہی اس سبب سے کہ جب راز ایک شخص کے سامنے کہا اُسنے دوسرے سے کہا اُسنے تیسرے سے کہا اسیطرح اُسکے دشمن تک پہونچ جائیگا

فصل تیرھوین فضیلت ذکر خدا و ذکر محمد و آل محمد

جو اسباب باعث غفلت ذکر خدا کے ہین وہ یہ ہین اوّل اشیائے حرام و نجس کا کھانا دویم مرتکب معاصی کا ہونا اس سبب سے کہ اشیاے حرام و نجس کے کھانے سے اور ارتکاب معاصی سے قلب مین سیاہی پیدا ہوتی ہی کہ جسکی وجہ سے قلب ذکر خدا و اعمال نیک کے کرنے سے مُنھ موڑتا ہی اور لغب

طلب دعا کے یہ شرط استجابت دعا کی ہی کہ سوائے خدا کے غیر کی جانب سے قطعی امید منقطع کرکے خدا سے دعا طلب کرے ضرور مستجاب ہوتی ہی اور جب انسان نے یہ سمجھا کہ فلان شخص سے میرا مطلب ہی اُسکے ذریعہ یا کوشش سے حاجت روا ہوگی وہ حاجت ہرگز روا نہین ہوتی اسپر بہ تجربہ ہی جب تمامی مخلوق کی جانب سے انسان اپنی امیدین قطع کرکے

راہ راست پر لاوے تو یہ علم اُسکا مثل عبادت چہل سالہ کے ہی۔

(۵۱) حدیث ایضًا فرمایا جناب رسول خداؐ نے خلاصہ یہ ہی کہ جو ایک طالب علم یا عالم دیہ مسلمین یا شہر مسلمین مین داخل ہووے اور طعام و شیر کھا کر چلا جاوے تو خدا تعالےٰ اُسکی برکت سے اُس دیہ یا شہر کے اہل قبور کا عذاب چالیس روز تک اُٹھا لیتا ہی۔

(۵۲) حتی الامکان بعد حصول علم دین کے محض بامید خوشنودی خدا بلا اُجرت لیے ہوے علم دینی لوگون کو ایسا تعلیم کرے یا کوئی کتاب ایسی تحریر کرے کہ جسپر عمل کرنا باعث ثواب کا آخرت مین اور سبب ترک گناہ کا دنیا مین ہوا ور باعث خوشنودی پروردگار ہو اور ایسا کوئی عمل یا علم تعلیم یا تحریر نہ کرے کہ جو باعث معصیت ہو کیونکہ جسقدر لوگ اُسپر عمل کرینگے مثل اُن لوگون کے تعلیم کرنے والا بھی داخل معصیت ہوگا کہ جیسا احادیث مندرجہ نمبر (۱۴ و ۱۵ و ۱۷) باب ہذا مین بیان ہو چکا ہی پس علم دینی تعلیم کرے یا تحریر کرے اگر کوئی شخص محض برضاے خدا کوئی ایسی کتاب تحریر کرے کہ جسپر عمل کرنا باعث حصول ثواب و ترک معصیت کا ہو تو جسقدر لوگ اُسپر عمل کرینگے اور جسقدر ثواب اُن لوگون کو خدا تعالیٰ عطا فرمائیگا اُسیقدر

طرف اعمال قبیحہ کے ہوتا ہی سوم شکم پر ہو کر کھانا اگرچہ غذاے حلال ہو اس سبب سے کہ احادیث مین آیا ہی کہ شکم پر ہو کر کھانا باعث قساوت قلب کا ہوتا ہی اور قساوت قلب کی مانع ذکر خدا کی ہوتی ہی اور علاوہ اسکے شکم پر ہو کر باعث سستی اعضا کا ہوتا ہی اور سستی اعضا مانع ذکر خدا کی ہوتی ہی۔ چہارم و پنجم حب دنیا و اولاد کہ یہ بھی مانع ذکر خدا کی ہوتی ہی چنانچہ خدا تعالیٰ سورۂ منافقون مین ابتداے رکوع اوّل کے فرماتا ہی یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْھِکُمْ اَمْوَالُکُمْ وَلَآ اَوْلَادُکُمْ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ای وہ لوگو جو ایمان لائے نہ غافل کرین تمکو مال تمھارے اور نہ اولاد تمھاری اللہ کے ذکر سے اور جو کوئی کرے یہ پس نقصان پانے والے ہین اور سورۂ انفال ختم رکوع ۳ پر فرماتا ہی وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَۃٌ اور جانو تم سوا اسکے نہین کہ مال تمھارے اور اولاد تمھاری فتنہ مین فقط پس اگر کوئی شخص مال دنیا اور اولاد کی وجہ سے ذکر خدا سے غافل ہے تو گویا اُسنے نقصان آخرت کا کیا اور اگر مقابلہ آخرت کے دنیا و اولاد کو عزیز تر سمجھکر آخرت کو ترک کیا

متعلقہ ...

جس دعائے ائمہ کے ساتھ دعا کرے ضرور مستجاب ہوتی ہی اور دوسری شرط استجابت دعا کی یہ ہی کہ لباس و طعام زر حلال سے ہووے اگر لباس یا طعام زر حرام سے ہی تو دعا کا قبول ہونا ایک امر مشکل ہی اسیطرح لباس و طعام پاک ہو نجس نہو کہ انشاء اللہ اسکی کیفیت باب طہارت باطنیہ مین بیان کیجائیگی ششم ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ

ثواب اُس شخص کو عطا فرمائیگا کہ جسنے وہ کتاب تحریر کی فضائل اُسکے بیشمار ہین۔

(۵۳) حدیث از عدۃ الداعی فرمایا جناب امام صادقؑ نے کہ جو مومن مرجاوے اور چھوڑ جاوے ایک ورق لکھا ہوا علم سے پس وہ ورق درمیان اُسکے اور آتش جہنم کے پردہ ہوگا اور حق تعالیٰ اُسکو عطا فرمائیگا بعوض ہر حرف کے کہ جو اُس ورق پر لکھا ہوا ہو ایک شہر کو کہ جو وسیع تر ہوگا سات جگہ دنیا سے۔

(۵۴) حدیث از بحار الانوار خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا جناب امام حسن عسکریؑ نے کہ فرمایا جناب امام حسینؑ نے کہ جو شخص کفالت کرے ہمارے یتیم (یعنی ہمارے شیعہ) کی اور علم دین تعلیم کرے اور راہ نمائی کرے تو خداتعالیٰ فرماتا ہی کہ ای بندہ کریم اعانت کرنے والے مین اولیٰ ہون تجھ پر کرم و بزرگی مین ای ملائکہ میرے اس بندہ کے لیے بہشت مین بعدد ہر حرف کے کہ جو اُسنے تعلیم کیا ہی ہزار ہزار قصر بناؤ اور زینت دو تمام نعمتون کے ساتھ۔

(۵۵) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام حسن عسکریؑ نے کہ فرمایا علی بن الحسینؑ نے کہ وحی کی اللہ تعالیٰ نے جناب موسیٰؑ پر کہ مخلوق کو میرا دوست کر اور میری مخلوق کو دوست

تو سرا اُسکی آتش دوزخ ہی اُسکو انشاء اللہ بصراحت باب معاصی مین تحریر کیا جائیگا پس انسان پر واجب ہی کہ آخرت کو مقدم سمجھے اور ذکر خدا اور یاد الٰہی سے غافل نہ رہے ذکر خدا کی بہت فضیلت و ثواب ہین اگر اُن سب احادیث کو جمع کیا جائے تو ایک ضخیم کتاب ہو جاوے لہذا چند احادیث پر اکتفا کیا جاتا ہی۔

(۱) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ یاد کرنیوالا خدا کا مابین غافلون کے (یعنے بازار و مجالس وغیرہ مین) مثل اُس شخص کے ہی کہ جو جہاد کرے راہ خدا مین اُسوقت کہ جب لوگ جہاد سے بھاگے جاتے ہون اور جو ایسا شخص ہی ثواب اُسکا پیش نماز سے زیادہ ہی۔

(۲) حدیث فرمایا جناب امیرؑ نے کہ سب جگہ خدا کو یاد کرو کہ وہ سب جگہ تمھارے ساتھ ہی۔

(۳) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ حقتعالیٰ فرماتا ہی کہ جو مجھکو یاد کرے کسی مجمع مومنین مین پس مین اُسکو یاد کرتا ہون ملائکہ کے مجمع مین۔

تحریر فرماتے ہین کہ جو کوئی کسی بلا مین گرفتار ہوا ہو اور کسی طرح اُس سے نجات ممکن نہ ہو پس بعد ہر نماز کے اُنیس مرتبہ اسطرح سے کہے
يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا ... نَجِّنَا وَخَلِّصْنَا
بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم
اگر ان کلمات کو ایک جلسہ مین سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ کہے البتہ اثر تام ہوگا ہفتم ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ واسطے

اُسکو عرض کیا کہ مین کسطرح کرون فرمایا خدا تعالی نے کہ مخلوق کو میری نعمتون کی یاد دلا
مجھکو دوست رکھین اور جو بندہ کہ میرے باب رحمت سے گریختہ ہو اُسکو واپس لاؤ
جو گم شدہ ہو اُسکو واپس لا یہ افضل ترہی تیرے لیے سو برس کی عبادت سے کہ جسکے
دنو نمین تونے روزے رکھے ہون اور تمام شبون مین عبادت کی ہو موسیٰؑ نے عرض کیا کہ
بندہ گریختہ کون ہی فرمایا خدا نے کہ عاصی متمرد یعنی سرکش عرض کیا کہ گم شدہ تیرے
دروازے سے کون ہی فرمایا جاہل اپنے امام زمانہ سے۔

(۵۶) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ عالم کی مثال اُس شخص
کی ہی کہ جسکے ساتھ شمع ہووے کہ اُسکی روشنی سے لوگون کو فائدہ ہولیں جو شخص اُس
شمع کو دیکھے گا اُسکے لیے دُعاے خیر کریگا اسی طرح عالم ہی کہ جسکے ساتھ شمع ہی د
زائل کرتی ہی ظلمت جہل و ضلالت کو پس جو شخص کہ بسبب اُس روشنی کے گمراہی سے
نجات پاوے اور ضلالت سے خارج ہو وہ شخص آزاد شدہ ہی آتش جہنم سے پس
بالعوض ہر موے جسم اُس آزاد شدہ کے اللہ تعالی اُس عالم کو وہ ثواب عطا فرماتا ہے

(۴) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جس مجلس مین یاد خدا نہ ہو اور صلوات محمد و آل محمد پر نہ بھیجی
وہ مجلس حسرت و وبال ہی روز قیامت مین۔

(۵) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ چند فرشتے ہین کہ وہ زمین پر پھرتے ہین اور جہاں
ذکر محمد و آل محمد کا ہوتا ہی بیٹھ جاتے ہین پھر جب وہ لوگ بیمار ہوتے ہین تو یہ فرشتے اُنکی عیادت کے
لیے جاتے ہین اور بعد مرجانیکے اُنکے جنازے پر حاضر ہوتے ہین۔

(۶) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو کوئی درمیان غافلان و مشغولان کے ذکر خدا
خدا تعالی ہزار حسنہ واسطے اُسکے لکھے اور روز قیامت اسکو بخشدیوے۔

(۷) حدیث فرمایا ایضاً نے کہ جو جماعت مجلس مین مشغول ذکر خدا ہوتی ہی اُس جماعت کے
ساتھ ایک جماعت فرشتون کی بھی شریک ہوتی ہی اور اُنکے رونے پر فرشتے بھی روتے ہین اور اُنکی

ہلاکت ظالم کے
اول ایک ہزار مرتبہ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْم کے پھر
ایک ہزار مرتبہ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰہِ کے پھر
ایک ہزار مرتبہ
درود شریف پڑھے
پھر ایک ہزار مرتبہ
بددعا اُس ظالم
کے لیے کرے
البتہ ہلاک ہووے
یا مجنون و منکوب
ہووے سوا
اس آیہ کے اور
بھی آیات قرآنی
اسم اعظم مین چنانچہ
اسم اعظم حاشیہ پر
علیحدہ باب مین
تحریر ہین ۱۲

کہ جو افضل ہی ہزار رکعت سے کہ جو خانہ کعبہ مین پڑھی جاوے۔

(۵۷) حدیث ایضاً علی بن موسیٰؑ نے فرمایا کہ بروز قیامت عابد سے کہا جائیگا کہ تو اچھا ہی کہ اپنی ہمت کو اپنے نفس پر صرف کیا پس تو داخل بہشت ہو مگر فقیہ سے کہا جائیگا کہ تو کھڑا رہ اور شفاعت کر اُن شخصون کی کہ جنکو تو نے تعلیم کیا پس وہ کھڑا ہوگا اور شفاعت کریگا اُن لوگون کی کہ جنھون نے علم اُس سے حاصل کیا ہی اور اُن لوگون کی کہ جنھون نے اُسکے شاگردون سے علم حاصل کیا ہی اور شاگردون کے شاگردون کی اسیطرح تا روز قیامت جسقدر شاگرد کے شاگرد ہونگے اُن سب کی شفاعت کریگا۔

(۵۸) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ فرمایا جناب رسولِ خداؐ نے کہ معلم خیر کے لیے استغفار کرتے ہین تمام حیوانات زمین کے حتی کہ ماہیان دریا اور جو چیز کہ ذی روح ہوا مین ہی اور تمام اہل آسمان و زمین بدرستیکہ عالم و متعلم اجر مین مساوی ہین بروز قیامت اسطرح آوینگے کہ ایک دوسرے پر سبقت کرتا ہوگا۔

(۵۹) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ دو عورتین بخدمت جناب

بیہ دعا پر فرشتے آمین کہتے ہین اور منادی آسمان سے ندا کرتا ہی کہ تمھارے سب گناہ بخشے گئے اور حسنات کے ساتھ مبدل ہوے اور جو کوئی بعض شخص اُنمین سے ذکر نہ کرے تو وہ بھی بسبب اُنکے بخشا جاتا ہی منہ مؤلف جناب مرزا حسن بن عبدالرزاق لاہجی صاحب جمال الصالحین تحریر فرماتے ہین کہ ذکر خدا تین قسم پر ہی اول دل کے ساتھ باطن مین خدا کو یاد رکھنا اور دل کو خدا کی طرف رجوع رکھنا دوسرے زبان کے ساتھ مثل تسبیح و تہلیل و مذاکرہ علم وغیرہ کے تیسرے اعضا کے ساتھ مثل عبادت نماز و طاعات و ترک مناہی و سیئات ہی پس جو کوئی ذکر خدا دل کے ساتھ کرے وہ افضل ہی ملاحظہ ہو نمبر ۲۵ مندرجہ باب سولہ اسرار الصلوٰۃ طہارت باطنیہ

تعظیم نام خدا

(۶۰) حدیث جمال الصالحین مین ہی کہ خلاصہ اسکا یہ ہی کہ فرمایا ائمہؑ نے جس کاغذ پر کوئی نام نامہا سے

فاطمہؑ امر دین مین بحث کرتی ہوئی آئین ایک مومنہ تھی اور ایک غیر مومنہ جناب فاطمہؑ نے غیر مومنہ
پر حجت کو ختم فرمایا یعنی اُسکو قائل کیا مومنہ نہایت خوشحال ہوئی جناب فاطمہؑ نے فرمایا
کہ ملائکہ تجھ سے زیادہ خوش ہوئے پس اللہ تعالیٰ نے ملائکہ سے فرمایا کہ جو درجہ فاطمہؑ
کے لیے بہشت مین مقرر کیا گیا ہی علاوہ اُسکے ہزار ہزار درجے اور زیادہ کیے جاوین
بسبب اسکے کہ امر دین مین مومنہ کی تائید کی کہ جس سے معرفت اور حق واضح ہوگیا
اور یہی سنت قرار دی گئی کہ جو شخص اسطرح علم دین مین کسی مومن پر حق کو بدلائل
بیان کرکے واضح کر دیوے تاکہ اُس سے مومن کو معرفت و بصیرت حاصل ہو تو خدا تعالیٰ
اُسکو بھی ہزار ہزار درجہ بہشت مین کہ جو اُسکے لیے معین کیے تھے اُس سے زیادہ عطا فرمایگا
(۶۰) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام حسنؑ نے خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ ایک شخص بخدمت
جناب امام حسنؑ ہدیہ لیکر آیا آنحضرتؑ نے فرمایا کہ آیا تو اس بات کو دوست رکھتا ہی کہ
مین بالعوض اس ہدیہ کے بیس ہزار درہم دون یا یہ کہ ایک باب علم کو تجھ پر اسطرح کھولون
کہ تو غالب ہو اُس ناصبی پر کہ جو تیرے قریہ مین ہی اور تو بچا سے اُس سے اہل قریہ کے

؎ خدا سے لکھا ہوا ہو وہ کاغذ جا بے افتادہ یا راستہ مین بے حرمت پڑا ہو تو خدا تعالیٰ اسپر ستر ہزار فرشتہ
واسطے حفاظت کے مؤکل کرتا ہی پس جو کوئی اُس کاغذ کی تعظیم کرے اور اٹھا دے تو خدا تعالےٰ
اُسکے نام کو علیین مین ثبت فرماتا ہی اور اُسکے والدین پر تخفیف عذاب کی کرتا ہی اگرچہ کافر ہون
فضیلت ذکر ائمہؑ مین احادیث بکثرت ہین کہ یہ حاشیہ اُنکی گنجائش نہین رکھتا۔

فصل چودھوین احکام مشورہ مین

(۱) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو جماعت آپس مین مشورہ کرے اور اُسمین کوئی
ایسا شخص ہو کہ اُسکا نام محمدؐ یا حامد یا محمود یا احمد ہو اور وہ شخص مشورہ مین اُنکے داخل ہو البتہ
جو امر نیک واسطے اُنکے ہو اپنر ظاہر ہو دے۔

ضعفاء کو عرض کیا کہ اگر مین اس ناصبی پر غالب ہون اور ان ضعفاء کو اس ناصبی کے ہاتھ
سے بچاؤن تو یہ بہتر ہی مجھکو بیس ہزار درہم سے فرمایا حضرت نے بلکہ اس تمام دنیا سے بیس ہزار
ہزار مرتبہ بہتر ہی پس اسکو آنحضرتؑ نے باب علم تعلیم فرمایا اور بیس ہزار درہم بھی عطا کیے
وہ شخص گیا اور اس ناصبی سے بحث کی وہ ناصبی قائل ہوا یہ خبر امام علیہ السلام کو پہونچی جب وہ
شخص خدمت مین آنحضرتؑ کے حاضر ہوا فرمایا حضرت نے کہ کسی نے نفع نہین اٹھایا
مثل تیرے نفع کے اور کسی نے اکتساب نہین کیا دوستون سے جیسا کہ تو نے اکتساب
کیا حاصل کیا تو نے بعدد ہر مومن و کافر کے اس چیز کو کہ جو دنیا سے افضل ہی ہزار درجہ
پس گوارا ہو تجھکو۔

(۶۱) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جسکی ہمت نواصب کے
رد کے توڑنے کی ہو حق تعالی اسکے لیے بہشت مین قصر و املاک بعدد ہر حرف کے
ہر حجت اسنے دشمنان خدا پر قائم کی ہی عطا فرمائے گا۔

---

(۲) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جس شخص سے مشورہ کرے وہ عاقل ہو دوسرے اور
دوسرے یہ کہ آزاد و متدین ہو اور تیسرے یہ کہ وہ شخص اسکا بھائی ہو اور اسکا دوست ہو چوتھے یہ کہ اسکو
اپنے تمام بھید سے مطلع کرے اسطرح پر کہ جسطرح خود پہلو اس امر کے جانتا ہی وہ بھی جانے لیکن وہ شخص
پوشیدہ رکھے کسی سے بیان نہ کرے اسواسطے کہ اگر عاقل ہی منتفع ہوگا تو اسکے مشورہ سے اور اگر
آزاد و دیندار ہی جبکچھ خوب سعی ہی تیری خیر خواہی مین کریگا اور اگر بھائی و دوست تیرا ہی جب راز اپنا
اس سے کہے گا وہ افشا نہ کریگا۔

فصل پندرھوین امور باعث طاعت خدا و مکارم اخلاق وغیرہ

(۱) — مین سے اس بارہ مین احادیث و احکام وغیرہ پندرہ صفحہ مین فصل ھذا پر کتاب عین الیقین مین لکھے ہین

باب دوسرا احترام و فضائل علماء مین

(۱) حدیث از عدۃ الداعی فرمایا آنحضرتؐ نے کہ خدا تعالیٰ نے نظر کرنا غانہ علماء
عبادت قرار دیا ہی۔

(۲) حدیث از کافی فرمایا جناب امیرؑ نے کہ جسوقت عالم کے پاس جاوے
اور اُسکے پاس بہت سے لوگ ہون پس سلام اُن سب پر کرے مگر عالم پر انحصار
سلام مین امتیاز دے یعنے سلام بہ اکرام و احترام کرے۔

(۳) حدیث از کلمہ طیبہ شیخ مفید رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہی کہ ابو بصیر بخدمت
جناب امام جعفر صادقؑ بحالت جُنب حاضر ہوے پس حضرت نے نیگاہ تند دیکھا اور
فرمایا کہ آیا نہین جانتا ہی کہ گھر دین پیغمبرون کے اور اولاد پیغمبرون کے جنب داخل
نہونا چاہیے من مولف صاحب کلمۂ طیبہ اس مقام پر تحریر فرماتے ہین کہ یہ امر ظاہر ہی کہ علما
اولاد حقیقی پیغمبرون کے ہین کیونکہ میراث اُنکی اُنکو پہونچی ہی۔

(۱) انہین سے نہایت مختصر تحریر کیے جاتے ہین اس سبب سے کہ حاشیہ کتاب ہذا کا اتنی گنجائش نہین رکھتا
جو مفصل طور پر احادیث کو تحریر کیا جائے۔

(۲) جناب مرزا حسن بن عبد الرزاق لاہجی اعلی اللہ مقامہ جمال الصالحین مین تحریر فرماتے
کہ ایمان تین قسم پر ہی تام اور ناقص اور زائد تام ایمان وہ ہی کہ تمام محرمات و معاصی سے پرہیز
کرے اور تمام فرائض و واجبات کو بجالائے اس حیثیت سے کہ کوئی معصیت صادر نہ ہو اور
فریضہ ترک نہو۔ اور ایمان ناقص وہ ہی کہ بعضے معاصی صادر یا بعضے واجبات ترک ہون اور
جسقدر واجبات کمتر اور معاصی زیادہ ہونگے اُسیقدر نقصان ایمان زیادہ تر ہوگا اور ایمان زائد
وہ ہی کہ واجبات پر زیادہ مستحبات صادر ہون اور مکروہات پر زیادہ مستحبات صادر ہون اور
جسقدر مستحبات زیادہ اور مکروہات کمتر ہونگے ایمان زیادہ تر ہوگا۔

(۴) حدیث از کلمۂ طیبہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ عالم افضل ہی ہزار عابد سے اور ہزار زاہد سے اور فرمایا کہ جس عالم کے علم سے لوگ نفع اٹھاوین وہ افضل ہی عبادت سے ستر ہزار عابد کے

(۵) حدیث ایضاً کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ بروز قیامت اللہ تعالی وزن کریگا خون شہدا کے ساتھ مداد علما کو پس مداد علما خون شہدا پر غالب آئے گی۔

(۶) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسالتمآب ص نے کہ عالم کا اپنے بستر پر تکیہ دیکر بیٹھنا اور فکر کرنا علم مین بہتر ہی عابد کی ستر برس کی عبادت سے۔

(۷) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسالتمآب ص نے کہ فضیلت عالم کی عابد پر مثل فضیلت آفتاب کے ہی کواکب پر اور فضیلت عابد کی غیر عابد پر مثل فضیلت قمر کے ہی کواکب پر۔

(۸) حدیث از عدۃ الداعی فرمایا ائمہ ع نے کہ زیارت علما کی یعنے دیکھنا علما کا محبوب تر ہی نزدیک خدا کے ستر طواف کعبہ سے اور بہتر ہی ستر حج و عمرہ مقبولہ سے اور بلند کرتا ہی خدا تعالی واسطے اسکے ستر درجے اور نازل کرتا ہی اسپر رحمت کو اور گواہی دیتے ہین

(۲) حدیث فرمایا ائمہ ع نے کہ اگر کوئی شخص ترک فریضہ کرے کہ اسمین لذت اور شہوت نہ ہو مثل ترک نماز کے کافر ہی اس سبب سے کہ سبب ترک کا اس صورت مین سوائے استخفاف اور بے حرمتی اس فریضہ کے کوئی دوسرا امر نہین ہی اور جو شخص استخفاف اور بیحرمتی کسی فریضہ کی کرے کافر ہی

(۳) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقر ع نے کہ ای جابر آیا کافی ہی اس شخص کو کہ جو دعوی کرے ہمارے شیعہ ہونے کا اور شیعہ ہونے کو اسپر معتقد کرے اور کہے کہ مین دوستدار اہلبیت ہون واللہ کہ ہمارا شیعہ نہین ہی مگر وہ شخص کہ معصیت خدا سے پرہیز کرے اور اطاعت خدا کی کرے اور ایسی جماعت کو نہین پہچان سکتے ہین مگر بتواضع اور خشوع اور ذکر خدا تمام احوال مین اور سوانح اعمال مین اور نماز ادا کرین اور روزہ رکھین اور اطاعت والدین کی کرین اور انکی خوشنودی کے جویا رہین اور ہمسایگان اور فقرا اور مساکین اور قرضداردن اور یتیمون کے ساتھ اعانت کرین

فرسے اسپر کہ محبت اسیر و حبیب ہوا۔

(۹) حدیث از کافی فرمایا جناب امام موسی کاظم ؑ نے کہ اگر قدرت ہمارے قبور کی زیارت کی نہ ہو پس زیارت کرے صلحاء مومنین کی۔

(۱۰) عدۃ الداعی مین حدیث ہے کہ فرمایا جناب پیغمبر ؐ نے کہ نظر عالم پر کرنا محبوب تر ہے خدا کے نزدیک ایک سال کے اعتکاف بیت اللہ سے۔

(۱۱) حدیث از ارشاد جناب شیخ مفید علیہ الرحمۃ فرمایا جناب امیر ؑ نے کہ فرمایا جناب رسالتمآب ؐ نے کہ فضیلت عالم کو عابد پر مثل فضیلت چودھوین رات کے چاند کے ہے ستارون پر

(۱۲) حدیث از امالی فرمایا ائمہ ؑ نے کہ جو کوئی مومن نزدیک عالم کے ایک ساعت بیٹھے تو خدا تعالی فرماتا ہے کہ قسم ہے اپنے عزت و جلال کی کہ بتحقیق بٹھلاؤنگا مین اسکے ساتھ بہشت میں

(۱۳) حدیث از عدۃ الداعی فرمایا جناب امیر ؑ نے کہ بیٹھنا ایک ساعت نزدیک علماء کے محبوب تر ہے نزدیک خدا کے ایک ہزار سال کی عبادت سے

(۱۴) صاحب کلمہ طیبہ تحریر فرماتے ہین کہ مثال عالم کی عطر فروش کی ہے کہ جیسے وقت

---

(۴) اور اُنکے قرض کو ادا کرین اور زبان کو آدمیون کی روکین خیر کے ساتھ اور اپنی قوم کے امین رہین پس جابر نے کہا کہ یا ابن رسول اللہ جو صفات آپ نے ارشاد فرمائے اس صفات پر اس زمانہ مین کسیکو نہین پاتا پس فرمایا کہ ای جابر بیفائدہ خیال نہ کر اور بے منفعت کے راہ چل کیا کافی ہے یہ کہے کہ علی ؑ کو دوست رکھتا اور اُنسے تولا کرتا ہون حالانکہ اُنکی اطاعت اور فرمان برداری نہ کرے پس اگر کہے کہ جناب ختمی مآب کو دوست رکھتا ہون حالانکہ جناب رسولخدا علی ؑ سے بہتر تھے اور اُنکی پیروی نہ کرے اور اُنکے طریقہ پر اور اُنکی سنت پر عمل نہ کرے محبت اُس شخص کو اُن جناب کی کچھ فائدہ مند نہ ہوگی پس معصیت خدا سے پرہیز کرو اور اطاعت خدا کی کرو تاکہ اُسکے فضل و ثواب سے اُسکے فائز ہو خدا کی کسی بندہ سے قرابت اور خویشی نہین ہے کہ اُسپر بیجا رسا کرے اور وسیلہ گردانے دوست ترین مردم نزدیک خدا کے وہ لوگ ہین کہ جو پرہیزگار زیادہ ہین اور عمل اسکی طاعت پر زیادہ کرتے ہین ای جابر واللہ خدا

ملاقات عطر فروش کے عطر نہ خریدے توبھی بوے عطر سے دماغ معطر ہوگا پس اسی طرح عالم کی ملاقات سے فیض پہونچیگا چنانچہ حدیث ہی کہ نظر کرنا روے عالم پر عبادت ہی۔

(۱۵) حدیث از جامع الاخبار فرمایا جناب رسالتمآبؐ نے کہ ایک نظر روے عالم پر کرنا محبوب تر ہی خدا کے نزدیک ساٹھ سال کی عبادت سے۔

(۱۶) حدیث از کلمہ طیبہ خلاصہ اسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب رسالتمآبؐ نے کہ ایک عالم و متعلم دیہ مسلمین یا شہر مسلمین مین داخل ہووے اور شہر کہا کر چلا جاوے تو خدا تعالیٰ انکی برکت سے اس دیہ یا شہر کے اہل قبور کا عذاب چالیس روز تک اٹھا لیتا ہی۔

(۱۷) حدیث از بحار الانوار علامہ مجلسی علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام حسن عسکریؑ نے کہ ایک عورت خدمت مین جناب فاطمہؑ کے آئی اسوقت جناب فاطمہؑ نماز پڑھنے کا ارادہ رکھتی تھین ایک عورت آئی اور کہا کہ میری والدہ ضعیفہ ہی اور مجھکو بغرض دریافت چند مسائل کے بھیجا ہی پس جناب فاطمہؑ نے جواب دیا پھر دوسری مرتبہ اور دریافت کیا حضرت نے جواب دیا اسیطرح دس مرتبہ آئی اور ہر مرتبہ آپ نے جواب دیا جب

---

(۱) نزدیکی حاصل نہین ہوتی مگر اسکی اطاعت سے اور براوت آتش دوزخ سے ہمارے ساتھ نہین ہی اور کسی کو خدا پر حجت نہین ہی پس جو شخص مطیع خدا ہی دوست ہمارا ہی اور جو شخص عاصی خدا ہی دشمن ہمارا ہی اور کسیکو ہماری دوستی پر دسترس نہ ہوگا مگر اطاعت خدا اور ہماری فرمانبرداری سے

(۲) حدیث از جامع الصالحین خلاصہ اسکا یہ ہی کہ فرمایا ائمہؑ نے کہ سر ہر طاعت کا صبر و رضا ہی احکام الٰہی مین اسکا حکم خواہ موافق بندہ کے ہو یا نہ ہو صبر و رضا اختیار کرے جب صبر و رضا ہر طاعت کا سر ہی جب سر بدن سے جدا ہو جائیگا تو بدن بیکار ہو جائیگا اسیطرح جب صبر و رضا ایمان سے اٹھ جائیگا تو ایمان زائل ہو جائیگا یعنے صبر و رضا پر قائم نہ ہونے سے اطاعت و عبادت بیکار ہی اور صبر تین قسم پر ہی ایک وہ کہ بلا و مصیبت و رنج و محن مین صبر کرنا دوسری مشقت عبادت و طاعت مین صبر کرنا تیسرے ترک معصیت مین صبر کرنا۔

بعد اُسکے وہ عورت کثرت سوال سے شرمندہ ہوئی اور عرض کیا کہ یا بنت رسول اللہ آپ
ناگوار نہ ہو جناب فاطمہ ع نے فرمایا کہ سقدر تو چاہے سوال کر آیا تو جانتی ہی کہ جو شخص
بھر جادے اور بار سنگین اٹھا کر کوٹھے پر پہونچا دے اور اُسکی اجرت اُسکو ہزار دینار
آیا اُسپر شاق ہوگا اُسنے کہا نہین پس جناب فاطمہ ع نے فرمایا کہ مجھکو باعوض ہر مسئلہ
کے زیادہ اس سے کہ زمین سے عرش تک موتیون سے بھر جادے ملے پس مجھکو
ہی کہ شاق نہ ہو فرمایا کہ مین نے اپنے پدر بزرگوار سے سُنا کہ فرماتے تھے کہ علمائے شیعہ
ہمارے محشور ہونگے پس وہ مخلع خلعت کرامات سے ہونگے بقدر اُنکی کثرت علوم
اور بقدر کوشش راہ نمائی بندگان خدا کے یہانتک کہ ہر ایک شخص کو علماء سے ہزار
ہزار حلہ نور کے عطا ہونگے اور اُس خلعت کا ہر تار افضل ہو اُس سے کہ جسپر آفتاب
طلوع کرے یعنے دنیا سے۔

(۱۸) حدیث از کلمہ طیبہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ عالم فقیہ کی ایک رکعت
افضل ہی ستر ہزار رکعت سے کہ جو عابد پڑھے۔

(۵) حدیث فرمایا ائمہ ع نے کہ جو شخص بلا و مصیبت مین صبر کرے خدا تعالی اُسکے واسطے تین سو
بلند کرتا ہی کہ فصل و دوری ہر درجہ کی مثل زمین و آسمان کے ہی۔

(۶) حدیث فرمایا ائمہ ع نے کہ جو شخص طاعت مین صبر کرے خدا تعالی واسطے اُسکے چھ سو درجہ
بلند فرماتا ہی اور فصل ہر درجہ کا زمین کی ابتدا سے عرش تک ہی۔

(۷) حدیث فرمایا ائمہ ع نے جو کوئی ترک معصیت مین صبر کرے خدا تعالی واسطے اُسکے نو سو درجہ بلند
فرماتا ہی کہ مابین ہر درجہ کا اطراف زمین سے انتہا سے عرش تک ہی۔

(۸) حدیث فرمایا ائمہ ع نے کہ دوزخ محفوف ہی لذات و شہوات پر اور بہشت محفوف ہی مکاره
صبر پر پس جو شخص مکارہ پر صبر کرے داخل جنت ہوگا اور جو شخص شہوات کی پیروی کرے وہ لائق دوزخ ہوگا

(۹) حدیث فرمایا ائمہ ع نے کہ جو شخص قضائے الٰہی پر صبر کرے اور نفع و ضرر و خیر و شر مین راضی رہے اور رسول

(۱۹) حدیث از کتاب ... [illegible]

(۲۰) حدیث ایضاً فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ ملائکہ علما کے ساتھ محبت کرتے ہین اور واسطے
اُنکے دعا کرتے ہین اور نیز جمیع خلائق واسطے عالم کے استغفار کرتی ہی یہانتک کہ ماہیان
دریا و وحشیان صحرا۔

(۲۱) حدیث از کلمۂ طیبہ فرمایا جناب امام صادق علیہ السلام نے کہ مرتبہ عالم کا عابد کے
مرتبے سے بلندہی بمسافت پانچ سو سال کے۔

(۲۲) حدیث جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ کلمۂ طیبہ مین تحریر فرماتے ہین
کہ فاضل سید محمد باقر بن شریف حسینی اصفہانی کہ علماے عہد نادر شاہ سے ہین کتاب
نور العیون مین نقل کرتے ہین کہ ایک عالم واسطے کسی امر مہم کے سلطان امیر اسمٰعیل
سامانی سلطان خراسان کے پاس گیا سلطان نے اُس عالم کی نہایت تعظیم و
توقیر کی اور وقت واپسی کے اُس عالم کی سلطان نے سات قدم تک مشایعت کی
پس سلطان نے شب مین جناب رسالتمآب صلعم کو خواب مین دیکھا جناب رسالتمآب صلعم نے فر

ایہ و تسلیم کے کوئی خیر اُسکے دل مین نہ گذرے خدا تعالیٰ واسطے اُسکے سوا خیر کے راضی نہ ہو اور کسی چیز
کا سوال نکریگا مگر یہ کہ دعا اُسکی مستجاب ہوگی خدا تعالیٰ اپنے بندون سے نہین چاہتا مگر خیر اور اگر کسی شخص کو
انواع بلا مین مبتلا کرتا ہی اُسکی خیر اُسی مین ہی اور اگر کسی کو بادشاہ مغرب و مشرق کرتا ہی اُسکی
مصلحت اُسی مین ہی منہ مؤلف اگر کوئی شخص کسی مصیبت مین گرفتار کر دیا جائے تو خدا کے
نزدیک خیر اُس شخص کے لیے اُسی مین ہی یہ صحیح ہی مجھ پر جو گذرا وہ یہ ہی کہ جب مین انگریزی مین
ملازم تھا تو اکثر یہ دعا کیا کرتا تھا کہ خدا تعالیٰ تو مجھکو توفیق نیک عطا فرما اور معاصی سے
بچا اور ایک مرتبہ مجھکو جناب میر آغا صاحب مجتہد لکھنو اعلی اللہ مقامہ نے تحریر فرمایا کہ ہمنے
چند تالیفات آپ کی دیکھین ہمکو افسوس ہی کہ آپ ایسی ملازمت کیون کر رہے ہین مین نے
اُسکے جواب مین تحریر کیا کہ آپ نائب امام ہین دعا فرمائیے کہ خدا تعالیٰ مجھکو اس ملازمت سے

[illegible] خدا تعالیٰ [illegible]

مجھکو دنیا مین معزز رکھے اور تو نے سات قدم اُسکی مشایعت کی پس تیری اولاد

تا ہفت پشت سلطنت قائم رہیگی۔

(۲۳) حدیث از کلمہ طیبہ فرمایا امام عم نے کہ عالم مابین جہلا کے مثل زندہ کے

درمیان مردون کے۔

(۲۴) حدیث ایضًا فرمایا جناب امام زین العابدین عم نے کہ ایک شخص عالم

کا ہونا دین مین شیطان پر سخت تر ہی ہزار عابد سے۔

(۲۵) حدیث از منیۃ المرید جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ فرمایا جناب رسالتمآب صلعم نے

کہ فضیلت عالم کی عابد پر ستر درجہ ہی کہ مابین ہر درجہ کے وسعت بقدر دوندگی

اسپ ہفتاد سال ہو اسواسطے کہ شیطان لوگون مین بدعت پیدا کرتا ہی اور عالم

جب اُس بدعت کو دیکھتا ہی تو اُسکو دفع کرتا ہی اور عابد اپنی عبادت مین مشغول رہتا ہی

(۲۶) حدیث از کلمہ طیبہ فرمایا جناب رسالتمآب صلعم نے کہ فضیلت عالم کی عابد پر

---

(۵۷) نجات دے غالبًا پانچ چھ ماہ کے بعد مین سبکدوش ہوا اور تلاش روزگار دیگر ریاستون مین

کیا مجھکو پولیس کی ملازمت بہت ملتی رہی مگر مین نے نہین کی بالآخر میرا آب و دانہ حیدرآباد کا

یہان آیا اور ملازم ہوا گو مجھ پر دو ڈھائی برس صعوبات سفر اور دیگر تفکرات مین گذرے مگر

بے خبر اسی مین تھی کہ جیسا میرے ساتھ خدا تعالیٰ نے رحم فرماکر کیا اگر مین انگریزی مین

تو میری تمام عمر معصیت مین گذرتی اور آخرت ہاتھ سے چلی جاتی۔

(۱۰) حدیث فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہی کہ جو شخص میرے حکم پر راضی رہے اور

میری بلا پر صبر کرے اور میری نعمتون پر شکر کرے تو وہ شخص میری جوار رحمت مین جملہ صدیقین سے

(۱۱) حدیث فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ خدا فرماتا ہی کہ جو شخص تمام خلق سے امید قطع کرے اور طمع

دور کرے اور توکل و اعتماد مجھ پر کرے اور میری طرف پناہ لادے اور اس امر مین اُس کی نیت

مثل میری فضیلت کے ہی تم مین سے ادنی شخص پر بدرستیکہ خدا اور ملائکہ اور اہل آسمان اور زمین حتی کہ چیونٹی اپنے سوراخ مین اور مچھلیان دریا مین رحمت بھیجتی ہین اُس شخص پر کہ جو عمل خیر تعلیم کرے لوگون کو۔

(۲۷) حدیث از منیۃ المرید فرمایا ائمہ ع نے کہ خدا تعالی نے وحی کی دانیال پیغمبر کو کہ مغضوب ترین بندون کا وہ جاہل ہی کہ جو حق اہل علم کو سبک جانے اور اُنکی پیروی کو ترک کرے اور محبوب ترین بندون مین سے میرے نزدیک وہ ہی کہ جو پرہیزگار طالب ثواب ہو اور علما کی خدمت کرتا ہوا اور اُنکا تابع ہو۔

(۲۸) حدیث ایضاً فرمایا ائمہ ع نے کہ نماز عالم کے پیچھے غیر مسجد مین برابر ہی ہزار رکعت کے اور جامع مسجد مین برابر ہی ستر ہزار رکعت کے۔

(۲۹) حدیث از جمال الصالحین فرمایا ائمہ ع نے کہ عالم وہ ہی کہ اُسکا فعل اُسکے قول کی تصدیق کرے اور جو ایسا نہین ہی وہ عالم نہین ہی پس اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ زیادتی علم سے عالم نہین ہوسکتا تا وقتیکہ عمل اُسپر نہ ہو پس عالم وہ ہی کہ جو معاصی سے

میرے صادق ہو پس اگر تمام اہل زمین و آسمان کید و مکر وغیرہ سے اُسکو ضرر پہونچانا چاہین مین اُسکو اُن کے ضرر سے بچاؤنگا اور کوئی ضرر اُسکو نہ پہونچے گا اور اگر خلق پر اعتماد کرے تو اسباب رحمت کو اُس سے قطع کرونگا اور جو کچھ اسپر گذرے پروا نکرونگا۔

(۳۱) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو شخص چاہے کہ جس چیز کا خدا سے سوال کرے وہ اُسکو عطا فرمائے پس چاہیے کہ ہر شخص سے امید قطع کرے اور امید سوائے خدا کے نہ رکھے جب خدا تعالی اُسکے دل کو ایسا صادق پاتا ہی تو جو کچھ سوال کرتا ہی عطا فرماتا ہی مین صولف مجھکو اسپر تجربہ ہوا ہی کہ جب کبھی میرے قلب مین یہ گذرا کہ فلان کام میرا فلان شخص سے ہو جائیگا وہ ہرگز نہین ہوا اور جب مین نے محض خدا پر توکل کیا اپنے ارادہ مین کامیاب ہوا توکل کے معنی یہ نہین ہین کہ اپنے کامون مین سعی اور کسب نہ کرے اسواسطے کہ احادیث مین آیا ہی کہ ایسے شخص کی

قطعی علیحدہ رہے اور زہد و تقوی و پرہیزگاری و تقلیل دنیا [illegible] اور ترک

دنیا پر مقدم سمجھے اور ہمیشہ کلام حق کہے اور باطل سے پرہیز رکھے اور مکارم سے اپنے آپکو
آراستہ کرے اور رذائل سے بری رہے اور جسقدر علم زیادہ ہو اسیقدر تواضع اور عجز اور
انکساری زیادہ ہو چنانچہ جناب عیسیٰؑ نے ایک روز حوارئین سے کہا کہ مجھکو تم سے ایک حاجت
ہی عرض کیا کہ یا روح اللہ حاجت آپ کی ہمکو قبول ہی پس حضرت نے اُٹھکر اُنکے پانون
کو دھویا اور دوسری حدیث مین ہی کہ بوسہ دیا حوارئین نے کہا کہ یہ فعل ہمارے لیے مناسب
تھا فرمایا کہ سزاوار ترین مردم واسطے خدمت و تواضع کے علمائے دین ہین اور یہ مناسب
مرتبہ تواضع کا تھا جیسا کہ مین نے کیا تا کہ تم جانو کہ لوگون کے ساتھ کسقدر تواضع کرنی چاہیے

(۳۰) جناب مرزا حسن ابن عبد الرزاق لاہجی علیہ الرحمہ جمال الصالحین مین تحریر فرماتے ہین کہ
علم کے چند لوازمات ہین منجملہ اُنکے عمل کرنا مطابق علم کے ہی کہ علم بے عمل کا زوال یقین ہی
جیسا کہ عمل بے علم کا حیرت و ضلال مین ہی اور عظیم ترین حسرتون مین حسرت اس عالم کی ہی
کہ دوسرے لوگون نے اُسکے علم پر عمل کیا اور وہ خود اُس سے محروم رہا۔

---

(۱) دعا خدا تعالی قبول نہین فرماتا بلکہ یہ ہی کہ مکاسب و معاملات کو جسقدر کہ ممکن ہو طریقہ حلال سے
کرتا رہے لیکن اعتماد اُنپر اور کسی پر سوائے خدا کے نہ رکھے اور سوائے خدا کے اور کسی چیز
اور کسی شخص کو کارساز نہ جانے مین نے اپنے اس سفر مین کہ جو مین نے حیدرآباد دکن کا کیا
بہت سے لوگ ایسے دیکھے کہ مثلاً وہ مدار المہام کے یہان امیدوار ہین تو اُنھون نے
سمجھا کہ فلان رئیس کی سفارش مدار المہام کے پاس پہونچیگی تو ہم کامیاب ہو جاینگے
پس تلاش سفارش مین اُنھون نے فرائض کو بھی ترک کیا اور یہ سمجھے کہ سفارش سے ہمکو
کامیابی ہوگی مین نے ایسے لوگ کبھی کامیاب ہوتے ہوے نہین دیکھے پس انسان کو چاہیے
کہ اپنے معاملات مین اُسقدر سعی کرے کہ جسقدر حق سعی کرنیکا ہی یعنے مثلاً بامید روزگار کسی
رئیس کے یہان عرضی دے پس یہ گویا اُسنے سعی کر دی مگر اب روزگار کا دینا نہ دینا خدا کے

(۳۱) حدیث ایضاً فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ ستر گناہ جاہل سے بخشے جاتے ہین تب ایک گناہ عالم کا بخشا جاتا ہی۔

(۳۲) جناب مرزا حسن بن عبد الرزاق لاہجی علیہ الرحمہ جمال الصالحین مین تحریر فرماتے ہین کہ علم کے چند حقوق ہین لیکن حق خدا تعالی کا عالم پر یہ ہی کہ جس چیز کو نہ جانے نہ کہے یعنے جس مسئلہ سے وقفیت نہو اپنی جانب سے اُسمین حکم ندیوے خاموش رہے اگر لاعلمی سے کہیگا تو تمام ملائکہ رحمت و عذاب اُسپر لعنت کرینگے اور جو کوئی اُسکے قول پر عمل کریگا وہ عالم بھی اُسمین شریک ہوگا اور جو کچھ جانتا ہی اُسکے کہنے مین اہل سے دریغ نکرے وگرنہ ایسا ہی کہ ظلم کیا اور نا اہل سے پوشیدہ رکھے کہ راز بیگانے سے نہ کہے کیونکہ باعث فساد و ضلالت ضعفا کا ہوگا۔

(۳۳) حدیث ایضاً کسی شخص نے امام سے پوچھا کہ ہمپر واجب ہی کہ جو کچھ ہم نہ جانین پوچھین فرمایا ہان پھر اُسنے عرض کیا کہ کیا آپ پر واجب ہی کہ جو کچھ ہم سوال کرین آپ جواب دین فرمایا نہین بلکہ جیسی مصلحت جانینگے کہینگے

(۵۵) اختیار مین ہی اگر خدا چاہیگا تو کسی کے دل مین اُسکا خیال پیدا کرکے حکم کرادیگا اور اگر خدا کو منظور نہ ہوگا تو کچھ نہین ہوسکتا ہی پس انسان کو لازم ہی کہ اعتماد اور بھروسہ محض خدا کی ذات پر رکھے اور اُسی سے امید رکھے اور دعا کرے اور اُسکے فرائض و عبادت کو جمیع امور پر مقدم رکھے اور یہ سمجھے کہ یہ سب نظام خلق ہی کہ ایک کو دوسرے سے رزق پہونچتا ہی مگر بلا حکم خدا کے کوئی کسیکو کچھ دے نہین سکتا پس احکام الٰہی کا پابند رہے اور معاصی سے احتراز کرے۔

(۱۳) حدیث جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے لوگون نے عرض کیا کہ ایک جماعت آپ کے دوستان مین سے گناہ کرتی ہی اور کہتی ہی کہ ہم خدا کی رحمت پر امید رکھتے ہین آپ نے فرمایا کہ وہ لوگ جھوٹ کہتے ہین نہ وہ میرے دوستون مین سے ہین نہ امید رکھتے ہین جسکو امید کسی چیز سے ہوتی ہی وہ اُس سے گریز نہین کرتا ہی واللہ کہ ہمارے شیعون مین سے نہین ہی مگر وہ شخص کہ اطاعت خدا کرے اور اُسکی

عالم مثل طبیب حاذق کے ہی کہ دوا محل مناسب پر استعمال کرتا ہی اور غیر محل سے بچتا ہی۔

(۳۴) حدیث ایضاً فرمایا ائمہؑ نے کہ جب عالم مرتا ہی فرشتے اور روۓ مواضع زمین کہ جنمین عبادت کرتا تھا اور در ہاے آسمان کہ جنمین اُسکے اعمال اوپر جاتے تھے اُس پر سب روتے ہین اور دین مین رخنہ پیدا ہوتا ہی کہ کوئی علاج اُسکا نہین کر سکتا۔

(۳۵) ضمن مؤلف ان جمیع احادیث سے کہ جو باب ہذا مین تحریر ہوے ہین وہی علماے دین مراد ہین کہ جو عالم باعمل ہین اور باعمل بھی ایسے کہ جنکے اعمال مطابق اُنکے علم کے محض خوشنودی خدا کے لیے ہین نہ بغرض نفع دنیا بطور ریا کے اور جو عالم باعمل نہین ہین یا جنکے اعمال ظاہری بغرض نفع دنیوی بطور ریا کے ہین وہ جاہل سے بدتر ہین محض علم دین کے حاصل کر لینے سے کوئی نفع نہین ملسکتا تاوقتیکہ اُسپر عمل نہ ہو اور جنھون نے علم دین کو محض نفع دنیا کے لیے حاصل کیا ہی اور پوشش وطریقہ علما کا اختیار کیا ہی یعنے ایک عباے سیاہ پہن لی اور پاؤنمین کفش اور سر پر بھاری عمامہ رکھ لیا ہاتھ مین تسبیح لے لی اور منبر پر بیٹھکر آیات قرآنی کی تفسیر اور احادیث کی توضیح بحصول دنیا بیان کر کے پیشہ اری

(۳٦) معصیت نہ کرے ضمن مؤلف انسان کو لازم ہی کہ اپنے اعمال کی جانب خیال رکھے اور ہر ساعت ملاحظہ کرے اگر باطل و معصیت مین وقت گذرے تو اپنے کو سرزنش اور عتاب کرے اور استغفار کرے اور اُسکا تدارک کرے تا کہ کوئی بدی دفتر اعمال مین باقی نہ رہے اور جس کام کو کرے تامل اور سوچ کر کرے کہ آیا اسمین کوئی نفع دنیا کا ایسا تو نہین ہی کہ جو مضرت دینے والا آخرت کا ہو پس اگر اُسمین مضرت آخرت کی ہی ہرگز اُس فعل کو نہ کرے اور اگر شغل دنیا کا ایسا ہی کہ جسمین مضرت آخرت کی نہین ہی اور نہ نفع آخرت کا ہی پس ایسے شغل کو ترک کرے حدیث مین آیا ہی کہ جن لوگون نے دنیا کے ایسے کام کیے کہ اُنسے آخرت کو ضرر نہین ہوتا تو اُن لوگون کو بروز قیامت حسرت ہوگی کہ عمل خیر کو کیسلیے زیادہ نہ کیا پس لازم ہی کہ فضول گفتگو دنیا مین مصروف نہ ہو اور ایک ساعت بھی اپنی عمر کی اُسمین صرف نہ کرے پس جو اوقات

کرنے لگے اس غرض سے کہ لوگ دست بوسی کرین اور عزت و توقیر کرین اور قلب کی یہ
حالت کہ ایک شراب خوار اور زانی سے بدتر اور باطن مین چھپے ہوے وہ افعال کرتے
ہین کہ جنکو کافر بھی برا سمجھتا ہی یہ لوگ بدترین جاہل سے اس سبب سے کہ باوجود حصول
علم دین کے گناہ کرتے ہین خدا تعالیٰ ایسے لوگون پر لعنت کرے اور نیست و نابود کرے
دنیا سے کہ جو لباس علما کا سا پہنکر پیشنمازی کرتے ہون اور باطن مین ایسے کبائر مہلکہ
کرتے ہون کہ جنکی وجہ سے امتہاے سابقہ مسخ کردی گئی اور ریاکار لوگ اسی زمانہ پر
منحصر نہین ہین اول ہی سے ہوتے چلے آئے ہین چنانچہ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ
تفسیر منہج مین ایسے لوگون کی نسبت یہ فقرہ خوب تحریر فرماتے ہین کہ جب تک
ایسے لوگون کی قلعی نہین کھلتی اسوقت تک آبرو رہتی ہی اور جب قلعی کھلگئی تو پھر کوئی
نام تک نہین لیتا من مؤلف درحقیقت صحیح ہی اور وہ زمانہ شکار کا ہمیشہ قائم نہین رہتا
اس سبب سے کہ احادیث مین آیا ہی کہ جو شخص گناہ کبیرہ پر اصرار کرے اور کچھ خوف خدا کا
نکرے اگرچہ وہ شخص پوشیدہ گناہ کرے مگر خدا تعالیٰ اُس گناہ کو ظاہر کردیتا ہی لباس علما کی

کسب معاش کرے پھر اُس سے فارغ ہوکر ایسے کام مین مشغول رہے کہ جسکا نتیجہ ثواب ہو۔

(۱۴۳) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو شخص اپنے آپ کو اشغال باطلہ و افعال بے فائدہ سے
خدا کی طاعت و عبادت کے لیے فارغ کرے خدا تعالیٰ اُسکے دل کو اپنے خوف سے لبریز کردیتا
ہی اور اُسکے مطالب اور حوائج کا خود متکفل ہوتا ہی اور اُسکے کام کسی دوسرے پر نہین چھوڑتا
اور جو شخص طلب باطل اور شغل بے حاصل کے لیے خدا کی طاعت و عبادت کو ترک کرے تو خدا تعالیٰ
اُسکے دل کو دنیا مین اور اُسکی محبت مین مشغول کردیتا ہی اور اپنی رحمت کی کفالت سے اُسکو علیحدہ
کرکے اُسکو اُسکی حالت پر چھوڑ دیتا ہی اور جب خدا تعالیٰ کسی شخص کو اپنی رحمت کفالت سے علیحدہ کرکے کسی دوسرے پر چھوڑ دیتا
ہی تو پس وہ شخص جمیع کرامات و خیرات سے بے نصیب ہوجاےگا اگر وہ شخص اُسی حالت مین مرجائے تو دوزخ مین بسیگا من مؤلف
پس لازم ہی کہ جو عبادت یا جو کار خیر کرے اُسمین نیت ریا و اغراض طلب دنیا سے خالص ہو اور خدا کی خوشی اور اُسکی رحمت۔

دراتو عزت اور توقیر کرنا چاہیے اور یہ سمجھنا چاہیے کہ جب ہمنے لباس علما کا پہنا اور متمیاز
کی تو ہمارے افعال بھی اُسی لباس و درجہ کے مطابق ہونا چاہیے ہین اور باطن مین بھی ہمکو
اُن افعال سے احتراز کرنا چاہیے کہ جو اس لباس کے شایان نہین ہین میرے نزدیک
اُن صلحا و مومنین کے بہت بڑے مراتب ہین کہ جو اپنے کو نہایت گنہگار سمجھکر متیمازی
کرنا تو درکنار لباس علما کے پہننے کے لائق بھی نہین سمجھتے ہین سنے اس سفر مین کہ جو
حیدرآباد دکن کا کیا بعض صلحا و مومنین ایسے دیکھے کہ جو شب مین اپنی آسایش کا
بہت بڑا حصہ نماز شب اور عبادت خدا مین صرف کرتے ہین اور دن کا بھی بہت
بڑا حصہ اُنھون نے عبادت خدا کے لیے مقرر کیا ہے مگر اُنکو بظاہر دیکھا چاہیے تو ایک معمولی
آدمی سے معلوم ہوتے ہین حتی کہ زہد اور عبادت کا گمان بھی اُنپر نہین ہوتا ہے یہ
لوگ ہین کہ جنکے درجے خدا کے نزدیک افضل ترین اس سبب سے کہ انھون نے اپنی
عبادت اور زہد کو پوشیدہ رکھا ہے جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر منہج مین
فرماتے ہین کہ اصحاب رسالتماب اپنی عبادت نہایت پوشیدہ طور پر کرتے تھے

۵۸ ثواب مقصود ہو کیونکہ ہر عمل کی جزا نیت پر ہے اگر نیت خیر و حق ہے تو طاعت خدا ہے اور اُسکی جزا
نیک ہے اور اگر نیت شر و باطل کی ہے تو اطاعت شیطان کی ہے اور جزا اُسکی بد ہے۔
(۱۵) حدیث آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو شخص کوئی کام خدا کی خوشی کے لیے کرے اُسکا اجر
و ثواب خدا پر ہے اور اگر سواے خدا کے دوسرے کے لیے کرے تو خدا تعالیٰ اُسکو اُسی شخص
پر کہ جسکے واسطے اُسنے وہ کام کیا چھوڑ دیتا ہے اور اپنے فضل و رحمت سے اُسکو محروم کر
(۱۶) حدیث فرمایا جناب رسول خدا صلعم نے کہ ایک زمانہ ایسا آئیگا کہ لوگ عبادت و طاعت کو
ریا اور اغراض دنیا کے لیے کرینگے پس خدا تعالیٰ اُنکو عقوبت و بلا مین مبتلا کریگا اور ہر چند کہ
مثل ڈوبتے ہوے آدمی کے ہاتھ پاؤن مارینگے اور گریہ و زاری و دعا کرینگے خدا تعالیٰ
اُنکی دعا مستجاب نہ کریگا۔

اور اپنے اعمال نیک کو چھپاتے تھے اس سبب سے کہ لوگونپر ظاہر نہ ہوئے پائین پس ایسے ہی لوگون کے مدارج خدا کے نزدیک بہت ہین کہ جو محض خوشنودی خدا کے لیئے پوشیدہ عمل نیک کرتے ہین نہ بطور ریا کے واسطے حصول دنیا کے لوگون کے دکھانیکے لیئے۔

بابِ تیسرا حقوق والدین مین

(۱) حدیث خدا تعالیٰ سورہ احقاف مین ۱ بین رکوع ا و ۲ کے فرماتا ہی وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ اِحْسَانًا حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ کُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ کُرْهًا یعنے حکم کیا ہمنے انسان کو مان باپ کے ساتھ نیکی کرنے کا اُٹھایا اُسکو اُسکی مان نے تکلیف سے اور جنا اُسکو تکلیف سے (من مؤلف) جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ بحار الانوار مین تحریر فرماتے ہین کہ نیکی کرنا والدین کے ساتھ موقوف اسلام پر نہین ہی کیونکہ اللہ تعالےٰ نے فرماتا ہی کہ وصیت کی ہمنے انسان کو والدین کے ساتھ احسان کرنے کی اگر تجھ سے شرک پر وہ مجاہدہ کرین پس اُسمین اطاعت اُنکی نہ کر مگر اُنکے ساتھ دنیا مین نیکی کر

۵۹

(۱۷) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ حفاظت کرنا کیئے ہوئے عمل کی زیادہ تر مشکل ہی اُسکے کرنے سے جو شخص کہ کوئی عمل نیک مثل تصدق اور صلہ رحم وغیرہ کے پوشیدہ خدا کی خوشی کے لیے کرے خدا تعالیٰ اُسکے ثواب کو پوشیدہ ستر درجہ زیادہ اُسکے نامۂ اعمال مین لکھتا ہی اور اگر بعد کرنے عمل خیر کے اُسی عمل خیر کا ذکر کرے اور ظاہر کرے تو اُس عمل کا ثواب ایک درجہ رہ جاتا ہی اور اگر پھر دوبارہ ذکر کرے تو بالکل ثواب اُسکے دفتر اعمال سے محو ہو کر ریا لکھا جاتا ہی۔

(۱۸) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے جو کوئی شخص کوئی عمل خیر واسطے خوشنودی خدا کے کرے تو خدا تعالیٰ اُسکے دل کو معرفت و حکمت سے لبریز کر دیتا ہی۔

(۱۹) حدیث آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اکثر ایسا ہوتا ہی کہ بندہ دو رکعت نماز ادا کرتا ہی یا ایک روزہ رکھتا ہی یا تصدق کرتا ہی یا کوئی عمل خیر کرتا ہی اسلیے کہ خدا اُس سے خوش ہو دے تو خدا تعالیٰ

پس اس سے ظاہر ہوتا ہی کہ اگر والدین کافر ہون تو معصیت مین اطاعت نہ کرے باقی جمیع
مین اُنکی اطاعت بجا لائے احسان سے مراد یہ ہی کہ والدین کے ساتھ معاشرت نیک
کرے ملاطفت اور بشاشت اور تواضع اور ترحم وغیرہ کے ساتھ کہ جو باعث اُنکے سرور کا ہو
(۲) سورہ مریم مین فرماتا ہی وَبَرًّا بِوَالِدَتِي وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا شَقِيًّا ٭ پوری آیت کے
معنی یہ ہین کہ جناب عیسیٰؑ نے کہا کہ وصیت کی مجھکو خدا نے نماز کی اور زکوٰۃ کی جب تک مین
زندہ ہون اور نیکی کرنا والدین کے ساتھ اور مجھکو جبار اور بدبخت قرار نہین دیا مولف
اس آیہ سے یہ ثابت ہی کہ باری تعالیٰ نے اپنی عبادت یعنے نماز اور اپنے حکم واجب زکوٰۃ
کے ساتھ والدین کے ساتھ نیکی کرنیکا حکم دیا پس قرین کیا اپنے احکام واجبہ سے والدین کے
ساتھ احسان کرنے کو۔

(۳) سورہ بقر مین ۱۰ مین رکوع ۹ و ۱۰ کے خدا تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو حکم فرمایا کہ
لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ ... وَآتُوا الزَّكَاةَ یعنے خدا کے سوا کسی کی عبادت نکرنا اور مان باپ
کے ساتھ سلوک کرتے رہنا اور رشتہ دارون اور یتیمون اور محتاجون کے ساتھ بھی

اُس عمل کے سبب سے اُسکے تمام گناہ بخشدیتا ہی اور فرماتا ہی کہ بعد اسکے ہرگز تجھ پر گناہ نہ لکھونگا اور اگر
ہوتا ہی کہ بندہ کوئی عمل ایسا کرتا ہی کہ خدا کو وہ برا معلوم ہوتا ہی تو خدا تعالیٰ فرماتا ہی کہ قسم ہی مجھکو عزت
وجلال کی کہ ہرگز تجھکو بعد اسکے نہ بخشونگا۔

(۲۰) حدیث آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہی کہ جو بندہ میری اطاعت کرے اور
میری خوشی کا طالب ہو مین اُسکو کسی دوسرے پر نہ چھوڑونگا اور مین اُسکی خوشی کا طالب
ہونگا اور جو بندہ میری نافرمانی کرے اور میری رضا کی مخالفت کرے اُسکو اُسی کے حال پر
چھوڑ دونگا اور پروا نکرونگا جسجگہ چاہے ہلاک ہو۔

(۲۱) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ ای دعویٰ کرنے والو ہماری دوستی اور
محبت کے تم فریفتہ مت ہو ہماری دوستی و محبت پر یعنے صرف ہماری دوستی اور محبت پر

اور لوگون سے اچھی طرح (نرمی کے ساتھ) بات کرنا اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہنا۔

(۴) سورہ بنی اسرائیل مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہی وَقَضٰی رَبُّكَ تا صَغِیْرًا ہ
یعنی (اے محمد) تمھارے پروردگار نے قطعی حکم دیدیا ہی کہ (تم اور تمھاری امت) اُسکے
سوا (یعنے خدا کے سوا) کسی کی عبادت نکرنا اور (والدین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا
اگر والدین مین کا ایک (یعنے ماں یا باپ) یا دونون (یعنے ماں اور باپ دونون) تیرے
سامنے بڑھاپے کو پہونچین (اور محتاج تیری خدمت کے ہون) تو اُنکے سامنے (کلمہ)
اُف کا بھی نہ کہنا (کہ جو اُنکو ناگوار ہو) اور نہ اُنکو جھڑکنا اور (اُنسے جو کچھ) کہنا (سننا ہو تو
ادب کے ساتھ کہنا (سننا) اور محبت سے خاکساری کا پہلو اُنکے آگے جھکائے رکھنا
اسطرح کہ جسطرح ایک عاجز اور غلام اپنے آقا کے روبرو باادب ہو کر عرض کرتا ہی)
اور (اُنکے حق مین دعا کرتے رہنا (اس سبب سے کہ ایک مدت تک اُنھون نے تجھکو پالا ہی
اور تو اُنکا محتاج رہا ہی کہ اے پروردگار میرے جسطرح اُنھون نے مجھے چھوٹے سے کو پالا ہی
(اور میرے حال پر رحم کرتے رہے ہین) اسی طرح تو بھی ان پر (اپنا) رحم کر۔

(ا) ہو کر احکام خدا کو ترک نہ کرو) اور (طاعت خدا کی کرو واللہ کہ ہم مین اور خدا مین کوئی قرابت
نہین ہی اور ہمکو خدا پر کوئی حجت نہین ہی اور خدا سے نزدیکی حاصل نہین ہوتی مگر طاعت سے پس جو
شخص خدا کا اطاعت گذار ہی اُسکو ہماری دوستی نفع کریگی اور جو شخص خدا کی معصیت و نافرمانی کرے
ہماری دوستی اُسکو فائدہ نہ دیگی۔

(۲۲) حکایت ایک شخص نے جناب امام جعفر صادق ع سے پوچھا کہ آپ سے یہ حدیث روایت
کرتے ہین کہ جو ہمارا شیعہ ہو وہ جو کچھ چاہے کرے فرمایا ہان ایسا ہی ہی اُسنے کہا کہ اگرچہ زنا و چوری
کرین شراب پیین حضرت نے فرمایا کہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ لوگ انصاف نہین رکھتے ہین جب ہم
خود طاعت اور عبادت سے نجات کی امید بہشت کے لیے رکھتے ہین تو ہم دوسرون کو کسطرح سے
معصیت اور گناہ کی اجازت دینگے کہ بغیر طاعت خدا کے محض ہماری محبت سے نجات پاوین بلکہ

(۵) سورہ نساء مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے باری تعالیٰ فرماتا ہی وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا اور اللہ کی عبادت کرو اور اُسکے ساتھ کسی چیز کو شریک مت ٹھہراؤ اور مان باپ اور قرابت والون اور یتیمون اور محتاجون اور قرابت والے پڑوسیون اور اجنبی پڑوسیون اور پاس کے بیٹھنے والون اور مسافرون اور جو لونڈی غلام تمھارے قبضہ مین ہین اُن (سب) کے ساتھ سلوک کرتے رہو اور جو شخص اوپر کے احکام کی تعمیل نہین کرتا اور اپنے غرور کے آگے اُنکو حقیر سمجھتا ہی تو اللہ اُنکو دوست نہین رکھتا جو تکبر کرتا ہی اور اِترانا

(۶) حدیث از بحار الانوار فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ ادنیٰ عقوق والدین اُف کا کہنا ہی اگر کوئی کلمہ اس سے کمتر ہوتا تو اللہ تعالیٰ اُس سے نہی فرماتا پس معنی یہ ہین کہ مان باپ کو اذیت نہ دو نہ کم نہ زیادہ اور نہ جھڑکو اُنکو۔

(۷) حدیث ایضاً منصور بن خادم نے روایت کی ہی کہ مین نے جناب امام جعفر صادق ؑ سے پوچھا کہ کونسے اعمال افضل ہین فرمایا حضرت نے نماز وقت فضیلت پر پڑھنا اور نیکی کرنا والدین کے ساتھ اور جہاد کرنا راہ خدا مین۔

۹۲ مطلب اس حدیث کا یہ ہی کہ جو شخص مومن ہوگا عمل خیر اُسکے خواہ زیادہ ہونگے خواہ کم داخل بہشت ہوگا

(۲۳) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ خدا تعالیٰ اعراض فرمائیگا اُس جماعت سے کہ جو دعویٰ ہماری محبت اور دوستی کا کرتے ہین اور عمل خلاف کرتے ہین خدا تعالیٰ روز قیامت مین اُنکو باہم ایک منزل مین نزول فرمائیگا قسم خدا کے کعبہ کی ایک بھی اُنمین سے دین پر نہ ہوگا من مؤلف فی زمانہ ہمارے مذہب اثنا عشری مین عام لوگون کے قلوب پر یہ بات اثر کر گئی ہی کہ ہم شیعہ اور محب علی ابن ابیطالب ؑ ہین لہٰذا کچھ عذاب ہم پر نہ ہوگا مرتے ہی سیدھے بہشت کو چلے جائینگے اور اسی وجہ سے ایسے لوگ احکام الٰہی اور احکام ائمہ ؑ پر کچھ خیال نہین کرتے ذرا غور کیا جائے کہ جو لوگ احکام الٰہی کے خلاف عمل کرتے ہین اور احکام جناب امیر پر نہین چلتے اُنکو ہم شیعہ اور محب جناب امیر ؑ کا کسطرح سمجھین یہ قاعدہ عام ہی کہ جو شخص کسی کا دوست اور

(۸) حدیث ایضاً یونس نے روایت کی ہی جناب امام موسی کاظمؑ سے کہ فرمایا حضرت نے کہ سوال کیا ایک شخص نے جناب رسول خداؐ سے کہ حق والدین کا فرزند پر کیا ہی فرمایا حضرت نے کہ نام باپ کا نہ لیوے اور اُسکے آگے نہ چلے اور اُسکے آگے نہ بیٹھے اور کوئی فعل ایسا نکرے کہ جسکے سبب سے لوگ اُسکے باپ کو بُرا کہین جناب علاّمہ مجلسی علیہ الرحمہ اس حدیث مین تحریر فرماتے ہین کہ نام باپ کا لینے مین تحقیر ہی اور خلاف تعظیم و توقیر ہی بلکہ نام اُسکا با لقاب تعظیم سے لیوے

(۹) حدیث ایضاً محمد ابن مسلم نے امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہی کہ فرمایا کہ بندہ نیکی کرتا ہی والدین کے ساتھ اُنکی زندگی مین جب وہ مرجاتے ہین تو اُنکے قرض کو ادا نہین کرتا ہی اور اُنکے لیے دُعاے مغفرت نہین کرتا ہی پس اللہ تعالیٰ اُسکو عاق کر دیتا ہی اور جو شخص حیات مین والدین کے ساتھ نیکی نہین کرتا ہی والدین عاق کر دیتے ہین مگر بعد موت کے اُنکے قرض کو ادا کرتا ہی اور اُنکے لئے دعاے مغفرت کرتا ہی تو اللہ تعالیٰ اُسکو نیک قرار دیتا ہی جناب علاّمہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ مراد عاق ہونے سے یہ ہی کہ والدین کا ادب نکرنا اور قولاً یا فعلاً وہ کام کرنا کہ جو باعث اُنکی اذیت کا ہو اور اُنسے مخالفت کرنا

محب ہوتا ہی وہ شخص اپنے اُس دوست کی یا جسکی دوستی اُسکے قلب مین ہی خوشنودی کا طالب رہتا ہی اور کوئی بات ایسی نہین کرتا کہ جسمین اپنے دوست کی دلشکنی اور اُسکو رنج ہو اور جب اُسنے ایسے فعل کیے کہ جنمین اُسکی دلشکنی اور اُسکو رنج ہوا تو وہ شخص دوست نہین ہو سکتا بلکہ دشمن ہی اس سبب سے کہ دشمن کا کام دلشکنی کرنے اور رنج دینے کا ہوتا ہی پس اسی طرح جو شخص جناب امیرؑ کے احکام پر نہ چلے اور خلاف اُن احکام کے عمل کرے اور اُنکو رنج دے وہ شخص دوست اُنکا نہین ہو سکتا اور رنج دینا اُنکا اُنکے احکام پر نہ چلنا یعنے ترک احکام الٰہی کا کرنا ہی کیونکہ جب ائمہؑ نے خدا اسکے احکام کی تعمیل مین عمرین بسر کی ہین پھر اپنی امت اور اولاد سے نافرمانی خدا کو کب پسند فرماوینگے پس جو شخص خدا کی نافرمانی کریگا اور اُنکے احکام پر نہ چلیگا وہ شخص ائمہؑ کا دوست نہین ہو سکتا اور نتیجہ ایسے شخص کا دوزخ ہی ہان البتہ احادیث سے اتنا ضرور ثابت ہی کہ جس شخص کے اعتقاد درست ہون اور مرتکب معاصی ہو

(۱۰) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولِ خدا نے کہ نیک ہو تو اتنا کر تو بہشت پر اور اگر عاق ہو تو اکتفا کر تو جہنم پر۔

(۱۱) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ جو شخص اپنے والدین کو رنج دے پس وہ عاق ہے

(۱۲) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ ادنیٰ عقوق والدین یہ ہے کہ اپنے والدین کی جانب غصہ کی نظر سے دیکھے مؤلف پس جس شخص نے اپنے والدین کی جانب غصہ کی نظر سے دیکھا وہ عاق ہوا اگرچہ یہ غصہ بسبب اُسکے ظلم کے ہو کہ جو والدین نے کیا

(۱۳) حدیث یعقوب بن شعیب نے روایت کی ہے جناب امام جعفر صادقؑ سے کہ فرمایا حضرت نے کہ بروز قیامت پانچ سو برس کی راہ سے بوے بہشت آئیگی مگر ایک قسم کے لوگون کو نہین آئے گی راوی نے عرض کیا کہ وہ کون لوگ ہین فرمایا حضرت نے کہ وہ وہ لوگ ہین جو عاق والدین ہین جناب مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ ظاہر یہ حدیث دلالت کرتی ہے اس بات پر کہ عاق شدہ داخل بہشت نہ ہو گا۔

(۱۴) حدیث ایضاً ابن عمیرہ نے روایت کی ہے جناب امام جعفر صادقؑ سے کہ جس شخص

وہ شخص اپنے افعال بد کی دوزخ مین سزا ضرور پائیگا مگر بالآخر بخشدیا جائیگا مگر یہ مشکل تر ہے کہ اُسکے گناہون کی سزا دوزخ مین نہ دیجاوے اور سیدھا بہشت مین داخل کر دیا جاوے بسبب محبت ائمہ علیہم السلام کے ہمیشہ دوزخ مین نہین رہ سکتا مگر یہ بات کیا تھوڑی ہے کہ جو اُسکو اُسکے افعال بد کی سزا دوزخ مین دیجاویگی دنیا مین ایک چنگاری آتش کی جسم پر پڑجاتی ہے یا بچھو کاٹتا ہے تو انسان تڑپنے لگتا ہے چہ جائے دوزخ کی آگ کہ جسمین سالم انسان ڈالدیا جائیگا اور تمام جسم اُسکا مثل لکڑی کے جلنے لگیگا اور بچھو اور سانپ آتش دوزخ کے علیحدہ لپٹین گے یہ کیا سہل ہے پس انسان کو لازم ہے کہ احکام خدا اور ائمہ پر چلے اور اُنکی اطاعت کرے اور جمیع معاصی سے اجتناب کرے تاکہ سزاے دوزخ سے محفوظ رہے

(۱۴) حدیث فرمایا امامؑ نے کہ اگر شیعون کو غربال کرون اور نیک و بد کو اُنمین سے جدا کرون تو ہزار شیعون مین ایک شخص خالص نہ ہوگا اور اکثر اُنمین سے اہل قول ہین اور اہل فعل باطن اُن کا

والدین ظلم کرتے ہون اور وہ شخص والدین پر نظر تند سے یعنے غضب کی نظر سے دیکھے تو خدا تعالی اُسکی نماز کو قبول نکریگا جناب مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جب مان باپ ظالم ہون اُنکے ساتھ اسطرح کرنے سے یہ سزا ہی پس اگر والدین نیک ہون اور اُنکے ساتھ ایسا کرے تو اُسکا کیا نتیجہ ہوگا فقط اگرچہ اس حدیث مین یہ ہی کہ مان باپ ظلم کرتے ہون پس بسبب ظلم کے مان باپ خود گنہگار ہین مگر اولاد کو نظر غضب سے والدین کو نہ دیکھنا چاہیے اگر ایسا کیا جائیگا تو نماز مقبول نہ ہوگی۔

(۱۵) حدیث ایضا جناب امام محمد باقرؑ سے کہ فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ خوف کرو تم والدین کے عاق کرنے سے پس بہ تحقیق کہ بوے بہشت ہزار سال کی راہ سے آتی ہی مگر جو شخص کہ عاق ہو اور جو قطع رحم کرنیوالا ہو اور جو پیر مرد زانی ہو یہ لوگ بوے بہشت نہ سونگھینگے

(۱۶) حدیث ایضًا کہ فرمایا جناب امیرؑ نے کہ فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ تین گناہ ہین جنکی سزا دینے کی تعجیل دنیا مین بھی کیجاتی ہی عقوق والدین اور ظلم کرنا لوگون پر اور احسان سے انکار کرنا یعنے ان گناہون کی سزا خدا تعالی دنیا مین بھی دیتا ہی۔

نہایت نادرست ہیں جو مسندون پر تکیہ لگاتے ہین اور راحت و تن پروری سے بسر کرتے ہین اور کہتے ہین کہ ہم شیعہ علی ابن ابیطالب ہین پس شیعہ علی ابن ابیطالب نہین ہی مگر وہ شخص کہ جو اطاعت احکام علی کی کرے اور اُسکا فعل اُسکے قول کی تصدیق کرے من مؤلف محبت دنیا نہایت خراب چیز ہی اور یہ مانع حصول آخرت کی ہی۔

(۲۵) حدیث فرمایا کہ حرام ہی دل پر حلاوت ایمان کی پاے جبتک کہ محبت دنیا کی اُس سے باہر نہ ہو من مؤلف پس انسان احوال دنیا اور اُسکی بے اعتباری اور اُس کی لذات کی بیحاصلی پر۔

(۲۶) حدیث فرمایا ائمہؑ نے کہ ایک ساعت دنیا کی بے اعتباری پر تفکر کرنا افضل ہی ایک شب کی عبادت سے کہ سبب زہد کا دنیا مین امر ہے رغبتی اُسکی طرف ہو اور اُسکے

(۱۷) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ ایک شخص بخدمت جناب رسولخدا صلعم آیا اور عرض کیا کہ مین جہاد پر راغب ہون فرمایا حضرت نے کہ جہاد کر راہ خدا اگر قتل کیا گیا تو خدا کے نزدیک زندہ ہی رزق پائیگا اور اگر مر گیا تو اجر تیرا اللہ تعالیٰ اور اگر واپس گیا تو گناہون سے اسطرح خارج ہو گا کہ جیسے مان کے پیٹ سے ہوا پس کہا اُسنے کہ یا رسول اللہ میرے والدین ہین وہ مجھ سے مانوس ہین وہ میرا جانا پسند نہین کرتے فرمایا حضرت نے والدین کے ساتھ رہ قسم ہی اُسکی کہ جان میری اُسکے دست قدرت مین ہی ہر آئینہ انس والدین کا تیرے ساتھ ایک شب و روز کا بہتر ہی ایک سال کے جہاد سے

(۱۸) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ نیکی کرنا والدین کے ساتھ واجب

(۱۹) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقر ؑ نے کہ چار شخصون کے لیے خدا تعالیٰ بہشت مین گھر بنا فرماتا ہی وہ شخص کہ جو یتیم کی کفالت کرے اور وہ شخص کہ جو ضعیف پر رحم کرے اور وہ شخص کہ جو اپنے والدین کے ساتھ مہربانی کرے اور وہ شخص کہ جو اپنے مملوک پر مہربانی

عیوب و قصور کو ظاہر کرے اور اُسکی محبت کو دل سے نکالے اور دل کو آخرت کا مشتاق کرے اور موجب طاعت و عبادت اور باعث ترک متابعت حرص و ہوس و شہوت معصیت کا ہو اور جو شخص دنیا سے بے رغبت ہو گا خدا تعالیٰ اُسکے دل کو نور حکمت و معرفت سے مملو کر اور دنیا سے سلامتی کے ساتھ باہر لیجا کر دار السلام مین کہ منزل امن و امان و محل نعمت راحت جاودان ہی پہونچائیگا۔

(۲۷) حدیث فرمایا ائمہ ؑ نے کہ مومن کامل الایمان وہ ہی کہ خلق اُسکا بہتر ہو اور بعد واجبات کے خوش خلقی سے بہتر کوئی عمل نہین ہی اور صاحب خوش خلق درجہ صائم و قائم اجسر مجاہد پاتا ہی۔

(۲۸) حدیث فرمایا ائمہ ؑ نے کہ اکثر اُمت جنت مین دو خصلتون سے داخل ہوگی ایک

(۲۰) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جناب [illegible]

نے مناجات کی اُسوقت دیکھا ایک شخص کو کہ وہ سایہ عرش مین ہی پوچھا کہ ای پاریتعالے

یہ کون شخص ہی فرمایا حق تعالیٰ نے کہ یہ وہ شخص ہی کہ جو والدین کے ساتھ نیکی کرتا تھا۔

(۲۱) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو شخص چاہے کہ تخفیف

سکرات موت کی اُسپر ہووین وہ شخص صلہ رحم کرے اور والدین کے ساتھ نیکی کرے

پس جو شخص ایسا کریگا خداتعالیٰ سکرات موت کو اُسپر آسان فرمائیگا اور زندگی مین کبھی

مبتلائے فقر نہ ہوگا۔

(۲۲) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ نظر کرنا مہربانی کے ساتھ

والدین پر عبادت ہی۔

(۲۳) حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو فرزند نظر مہربانی کرے اپنے والدین پر

ہر نظر مین خداتعالیٰ ثواب حج مقبولہ کا عطا فرماتا ہی اصحاب نے عرض کیا کہ یارسول اللہ

اگر ہر روز سو مرتبہ دیکھے حضرت نے فرمایا کہ اللہ بزرگ تر ہی۔

[illegible] نبوی اور دوسرے حسن خلق ہی یہ دونون گناہون کو اسطرح گلاتے ہین کہ جیسے آفتاب برف کو

اور خوش خلقی باعث درازی عمر اور آبادی شہر ہوتی ہی۔

(۲۹) حدیث فرمایا ائمہؑ نے جس شخص مین چار صفتین ہون کامل ہوگا ایمان اُسکا اور بیچا گناہ

سے اور راضی ہوگا خدا اُس سے اگرچہ گناہ بہت ہون اوّل یہ کہ وفا کرے اپنے وعدہ پر

اور راست گو ہو اور بُرائیون سے خدا اور اُسکے بندون کے سامنے حیا کرے دوسرے یہ

کہ اپنے اہل وعیال اور سب آدمیون سے خوش خلقی کرے اور کج خُلقی نیک عمل کو فاسد کرتی ہی

جیسے شہد کو سرکہ تیسرے حلم کہ دوست تر خدا کے نزدیک غصّہ کھانے سے زیادہ نہین ہی جو شخص

صبر کرے اور غصّہ کھائے اور حلم اپنا دکھائے حق تعالیٰ دنیا و آخرت مین عزت اُسکی زیادہ کرتا ہی

اور جو قدرت عوض لینے کی رکھتا ہو اور وہ صبر کرے اور غصّہ کھائے حق سبحانہ تعالیٰ شہدا کا ثواب

(۲۴) حدیث ایضا فرمایا جناب رسولخدا نے کہ نظر کرنا روے علی پر عبادت ہی اور
نظر کرنا والدین پر بنظر مہربانی عبادت ہی اور نظر کرنا قرآن پر عبادت ہی اور نظر کرنا کعبہ پر عبادت
(۲۵) حدیث از حلیۃ المتقین ایک شخص نے بخدمت جناب رسولخدا حاضر ہو کر
عرض کیا کہ مجھکو کچھ وصیت فرمائیے حضرت نے فرمایا کہ مین تجھکو وصیت کرتا ہون کہ خدا
شرک نہ کرنا ہر چند کہ تجھکو آگ مین جلائین مگر یہ کہ تو کوئی کلمہ کہے دل تیرا ایمان پر ثابت ہو اور تجھکو
وصیت کرتا ہون کہ مان باپ کی اطاعت کر اور اُنکے ساتھ نیکی کر خواہ زندہ ہون خواہ مردہ
مین مولف اگر مردہ ہون تو اُنکے ساتھ نیکی کرنا یہ ہی کہ اُنکے نام پر ہر روز جو کچھ ممکن ہو
تصدق کرے اگرچہ ایک لقمہ یا ایک کوڑی ہو اور یہ خیال کرے کہ اگر وہ زندہ ہوتے
تو کیا روٹی اور کپڑے سے اُنکی اعانت نہ کیجاتی پس حسب استطاعت ہر روز کھانا اُنکے
نام پر تصدق دیوے اور کپڑہ بھی اُنکے نام پر خیرات کرے اور اُنکے لیے بعد نماز پنجگانہ
دُعاے مغفرت کرے کہ خدا تعالیٰ بواسطہ محمدؐ و اہلبیت محمدؑ کے اُنکو بخشدے اور اُنکے
نام پر زیارات اور حج ادا کرے اور جسقدر روزہ و نماز اُنسے قضا ہوے ہون اُنکو ادا کر

عطا فرماتا ہی اور قیامت کے دن امن و امان اور اپنی رضا سے اُسکے دل کو بھر دیگا اور جو شخص اپنے
غصے کو روکے حق تعالیٰ قیامت کے دن اُسکے عیبون کو چھپائیگا اور اپنے غضب سے بچائیگا
حق تعالیٰ نے جناب موسیٰ ع سے ارشاد فرمایا کہ اے موسیٰ غصے کے وقت مجھکو یاد کر تو مین بھی غضب
کے وقت تجھکو یاد کر دن ہر شر کی کنجی غضب ہی اور فاسد کرنے والا ایمان کا ہی اور بہترین اخلاق دنیا
و آخرت سے یہ ہی کہ جو تجھ پر ظلم کرے تو عفو کرے اور جو تجھ سے قطع و دوری کرے تو وصل و نزدیکی
کرے اور جو تجھکو خیر و نعمت سے محروم کرے اور بخل کرے تو اُسکے ساتھ جود و عطا کر اور جو تیرے
ساتھ بدی کرے تو اُسکے ساتھ نیکی و احسان کر جو شخص ان صفتون کے ساتھ آراستہ ہو
حق سبحانہٗ و تعالیٰ عزت اُسکی زیادہ کرتا ہی۔
(۳۰) حدیث فرمایا ائمہ ع نے روزی اُسکی زیادہ ہوتی ہی جسمین ملائمت ہوتی ہی اور جسمین

اور ماہ صیام مین اُنکے نام پر قرآن شریف ہدیہ کرے اور اعمال خیر مثل نماز جعفر طیار پڑھکر
ثواب اُسکا اُنکو ہدیہ کرے اسی طرح زیارت عاشورہ یا زیارت یا وارث اُنکی جانب سے
ہر روز ادا کرے اور ثواب اُسکا اُنکو ہدیہ کرے اور دیگر کار خیر اُنکے نام پر بجا لائے پس
یہ احسان کرنا ہی۔

(۲۶) حدیث از بحار الانوار فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ کیا مانع ہی تمکو
اپنے والدین کے ساتھ احسان کرنے سے خواہ زندہ ہون خواہ مردہ اور فرمایا کہ بعد
انتقال اُنکے لیے نماز پڑھو اور روزہ رکھو اور اُنکی طرف سے حج بجا لاؤ کہ ثواب اُسکا
اُنکو ملیگا اور تمکو بھی ملیگا بسبب اسکے کہ اُنکے ساتھ احسان کیا۔

(۲۷) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ تین چیزین ہین کہ حق تعالی نے کسی
حال مین اُنکی اجازت نہین دی اول ادا نہ کرنا امانت کا جسکی ہو خواہ بدکار کی ہو خواہ نیکوکار کی ہو
دوسرے وفا اپنے عہد و پیمان پر نکرنا خواہ نیک شخص سے ہو خواہ بد شخص سے ہو تیسرے
مان باپ کے ساتھ نیکی نکرنا خواہ نیکوکار ہون خواہ بدکار ہون۔

۲۹ ملائمت نہین ہوتی نیکی سے بھی بے نصیب ہوتا ہی۔

(۳۱) حدیث فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ تین شخص قیامت کے دن نزدیک ترین خدا سے ہین ایک وہ کہ
حالت غضب مین بھی اختیار رکھے اور کسی عاجز پر ظلم نہ کرے ایک وہ کہ درمیان دو شخصون کے
حاکم ہو کر کسی کی طرفداری نہ کرے اور ایک وہ شخص کہ معاملہ و نزاع مین حق سے نہ گذرے۔

(۳۲) حدیث فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ چار صفتین ہین جس مومن مین ہون خدا تعالی اُسکو بالاترین غرفہای
عز و کرامت و شرف مین مقام اعلی علیین مین ساکن کرے گا اول وہ شخص کہ یتیم کو پناہ مین اپنی رکھے
اور اُسکے باپ کے مثل شفقت کرے دوسرے وہ شخص کہ عاجزون اور ضعیفون پر رحم کرے
اور اعانت اُنکے حوائج کی کرے اور تیسرے وہ شخص کہ والدین کو نفقہ دے اور اُنسے
ملائمت اور مہربانی کرے اور چوتھے وہ شخص کہ جس خدمت کے لیے اپنے غلام و کنیز سے کہے

شخص کو دیکھا کہ فرزند اُسکا اُسکے ساتھ چلتا تھا اور اُسکے ہاتھ پر تکیہ کیے تھا
آنحضرت ؑ نے اُسکے ساتھ کبھی کلام نہین کیا جب تک ؑ وہ زندہ رہے۔

(۲۹) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ نیکی کرو تم اپنے باپ سے
تاکہ تمھارے فرزند تم سے نیکی کرین من مؤلف درحقیقت قول معصوم کا صحیح ہوتا ہی
اُسکے برخلاف ہرگز نہین ہوتا یہ نہایت صحیح ہی کہ جو شخص اپنے والدین کے ساتھ نیکی نہین
کرتا اُسکی اولاد اُسکے ساتھ نیکی نہین کرتی چنانچہ ضلع میگن پوڑی مین مین نے ایک وکیل کا
قصہ سُنا کہ اُس وکیل کے والد نے اپنے والد کو جبکہ زمانہ قریب موت کا پہونچا اور عارضہ
اسہال یعنے دستون کا شروع ہوا تو گھر مین سے علٰحدہ کرکے باہر ایک شکستہ حجرہ مین ڈلوادیا
چند روز مین اُنکا انتقال ہوگیا اسکے بعد جب اُنکا وقت موت قریب آیا تو اسوقت انکا فرزند
وکیل عدالت کا تھا پس عارضہ اسہال کا اُنکو شروع ہوا تو انکے فرزند وکیل نے اُن کو
مکان سے نکلوا کر اصطبل مین پہونچا دیا سائیس اُنکی بھی خبرگیری کرتا تھا اُسی اصطبل مین اُنکا انتقال ہوا

؎ اُس کام کو خود کرے اور ہر وقت اُنکی مدد و اعانت کرے۔

(۳۳) حدیث فرمایا ائمہ ؑ نے کہ جملہ تواضع سے یہ ہی کہ جس سے ملاقات کرے سلام کرے اور
ترک خصومت کرے اگرچہ اپنی جانب حق ہو اور اپنی مدح و ثنا کسی سے نہ چاہے من مؤلف لہذا
ہذا مین کل احادیث جمال الصالحین سے تحریر کی گئی ہین چونکہ صاحب جمال الصالحین اعلی اللہ مقامہ نے
اکثر کتاب مذکور مین یہ تحریر فرمایا ہی کہ فرمایا ائمہ ؑ نے نام نہین تحریر فرمایا لہذا ان احادیث مین بھی نام نہین لکھا
گیا اور یہ کتاب کتابہاے معتبرہ و مستندہ مین سے ہی چنانچہ جناب شیخ زین العابدین اعلی اللہ مقامہ نے
ذخیرۃ المعاد مین اسی کتاب کے حوالے سے دعائین لکھی ہین اور میر محمد بن عصر نے اُسی کتاب کے حوالے دیے ہین

فَصلُ سُوٗلھوِین تحریرِ خط وجوابِ خطوٗط

(۱) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ ترک نکرو لکھنا بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کا اگرچہ

(۳۰) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو شخص چاہے کہ سکرات موت
اُسپر آسان ہوں پس چاہیے کہ اپنے اقارب سے احسان کرے اور مان باپ سے نیکی
کرے اگر ایسا کرے تو سختیہاے موت اُسپر آسان ہون اور دنیا مین وہ شخص ہرگز فقیر و پریشان نہووے
(۳۱) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقر ع نے کہ چار خصلتین جس مومن مین جمع
ہون خداتعالی اُسکو اعلی علیین بہشت مین اور بلند غرفہ عزت اور شرف مین جگہ دیتا ہے
ایک وہ کہ جو کسی یتیم کو پناہ دے اور اُسکے احوال کی طرف اسطرح متوجہ رہے کہ بجاے
اُسکے باپ کے ہو دوسرے وہ کہ کسی فقیر شکستہ حال پر رحم کرے اور اعانت کرے اُسکی اور
اُسکے کامون کا متکفل ہو تیسرے وہ کہ خرچ اپنے مان باپ کا اُٹھاوے اور اُنکے
مصارف کا متحمل ہو اور اُنسے مدارات کرے اور اُنکے ساتھ نیکی کرے اور اُنکو کبھی
آزردہ نہ کرے چوتھے وہ کہ جو اپنے غلام کی اعانت کرے اور سختی اور غصہ اُسپر نہ کرے
اور اُسکی اعانت کرے اُن خدمتون مین جو اُس سے لیوے اور کار دشوار کی اُسکو تکلیف نہ دے
(۳۲) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقر ع نے کہ بنی اسرائیل مین ایک عابد تھا کہ اُسکو

بعد اُسکے شعر لکھو۔

---

(۲) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ مہربانی و مواصلت درمیان برادران مومن
کے حضر مین یہ ہے کہ واسطے دیکھنے ایک دوسرے کے جائین اور سفر مین یہ ہے کہ ایک دوسرے کو خط لکھین
(۳) حدیث فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جواب خط لکھنا واجب ہے مثل جواب سلام کے۔
(۴) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جب رقعہ یا نامہ کسی حاجت کے لیے لکھے
اور چاہے کہ وہ حاجت روا ہووے پس خالی قلم سے یعنے بغیر سیاہی کے قلم سے رقعہ یا نامہ کی پیشانی
پر اس دعا کو لکھو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ وَعَدَ الصَّابِرِیْنَ الْمَخْرَجَ مِمَّا
یَکْرَهُوْنَ وَالرِّزْقَ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُوْنَ جَعَلَنَا اللّٰہُ وَاِیَّاکُمْ مِنَ الَّذِیْنَ لَا خَوْفٌ
عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔

جریح کہتے تھے وہ اپنے صومعہ مین متصل عبادت کرتا تھا ایک دن مان اُسکی اُسکے
پاس آئی وہ مشغول عبادت تھا مان نے آواز دی اُسنے جواب نہ دیا پھر ایک مرتبہ
آواز دی اور اُسکو بلایا پھر وہ مشغول عبادت مین رہا اور جواب ندیا پھر تیسری مرتبہ
آئی اور بلایا پھر اُسنے جواب ندیا اور مشغول نماز رہا مان نے کہا کہ مین خدا سے چاہتی ہون
کہ اس گناہ کا تجھ سے خداتعالی مواخذہ فرماے دوسرے دن ایک عورت زناکار
آئی اور اُسکے صومعہ کے پاس بیٹھی اُسی جگہ اُسکے ایک فرزند پیدا ہوا اس عورت نے
کہا کہ یہ فرزند جریح کا ہی کہ جریح نے میرے ساتھ زنا کیا تھا یہ بات بنی اسرائیل مین مشہور
ہوئی لوگ کہتے تھے کہ جو شخص خلق کو زنا سے ممانعت کرتا تھا وہ خود مرتکب زنا کا ہوا
بادشاہ نے حکم دیا کہ جریح کو سُولی دیجائے جب مادر جریح نے یہ سُنا رونے لگی جریح نے
کہا کہ ای ماں خاموش ہو کہ یہ بلا مجھ پر تیری بددعا سے آئی ہی جب لوگون نے یہ سُنا جریح
سے واقعہ دریافت کیا جریح نے بیان کیا لوگون نے کہا کسطرح ہم جانین کہ تو سچ کہتا
جریح نے کہا کہ اُس طفل کو لاؤ جب طفل کو لائے تو جریح نے پوچھا کہ تو کسکا فرزند ہی

(۵) حدیث فرمایا جناب امام رضا علیہ السلام نے کہ جب نامہ لکھو تو بعد تحریر کرنیکے خاک
چھڑکو کہ بہتر حاجتین روا ہوتی ہین۔

(۶) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ کاغذ دنکو نہ جلاؤ لیکن مٹاؤ اور پھاڑ ڈالو

فصل سترہوین چھینکنے کے بیان مین

(۱) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ جس شخص کو چھینک آئے کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِبَیْتِهٖ۔

(۲) حدیث فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ اگر کسیکو چھینک آئے اور اُسکی صدا اسنے پس حمد الٰہی
اور صلوات محمد و آل محمد پر بھیجے ہر گز درد دندان و درد چشم مین مبتلا نہ ہووے۔

بحکم الٰہی طفل گویا ہوا کہ فلان شخص جو بکریون کو چراتا ہی اُسکا فرزند ہون پس جریج نے شکل
نجات پائی اور قسم کھائی کہ جب تک زندہ رہونگا خدمت مان کی کرتا رہونگا اور مان
سے جدا نہ ہونگا من مؤلف جریج ایسا عابد تھا کہ جسکی عبادت مقبول تھی کہ عبادت
مقبولہ کی برکت سے خدا تعالیٰ نے جریج کے کہنے سے طفل کو گویا کردیا پس ایسے
شخص کا عبادت خدا مین مان کو جواب نہ دینے سے یہ حال ہوا اور اُنکی کیا کیفیت
ہوگی کہ جنکی نہ کچھ عبادت ہی اور نہ زہد ہی اور وہ اپنے والدین کا کہنا نہین سنتے اور اُنکو ناخوش
رکھتے ہین پس جو لوگ والدین کو ناخوش رکھتے ہین دنیا مین ہرگز خوشحال نہین رہتے ہمیشہ فقر
اور پریشانی اور رنج مین مبتلا رہتے ہین اور جو لوگ اپنے والدین کی اطاعت کرتے ہین
اور اُنکو خوش رکھتے ہین خدا تعالیٰ بھی اُنسے خوش رہتا ہی اور ترقی رزق مین دیتا ہی اور حاجات
اُنکے برلاتا ہی اور اُنکی اولاد کو بھی خوش رکھتا ہی۔

نمازِ ہدیہ برائے والدین

(۳۳) حدیث از مصباح کفعمی فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو کوئی شب پنجشنبہ

(۳) حدیث از کافی فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو شخص چھینکے ہاتھ ناک پر رکھے اور کہے
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ پس اُسکی ناک کے
سوراخ چپ سے ایک جانور پرندہ کوچک تر باہر آتا ہی اور زیر عرش کھڑا ہوتا ہی اور استغفار
کرتا ہی تا روز قیامت یہ حدیث نمبر ۵۳ باب (۴۹) مین تحریر ہو چکی ہی۔
(۴) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ بہت چھینکنا ایمن کرتا ہی پانچ دردون سے
پہلے جذام دوسرے لقوہ تیسرے نزول آب چشم مین چوتھے سلامت اور خشونت بد دیا نتی مین
پانچوین گھنا بالونکا آنکھون مین۔

(۵) حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ چھینک اچھی چیز ہی نفع پہونچاتی ہی جسم کو اور یاد
دلاتی ہی خدا کو۔

مین مابین نماز مغرب و عشا کے دو رکعت نماز ادا کرے اسطرح پر کہ ہر رکعت مین بعد الحمد کے پانچ

مرتبہ آیۃ الکرسی اور سورہ توحید اور معوذتین اور کافرون پڑھے اور بعد سلام کے

مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ کہے اور ثواب اس نماز کا والدین کو ہدیہ

پس بتحقیق کہ ادا کیا ہو حق اُنکا من مؤلف اگر ممکن ہو تو ہر شب پنجشنبہ مین والدین

مردہ کے لیے نماز مذکور پڑھکر ثواب ہدیہ کرے اور علاوہ اسکے ہر شب اور ہر

کچھ میسر ہو والدین کے نام پر ضرور تصدق کرے خصوصاً شب جمعہ مین والدین

عزیز و اقارب مردہ کے نام پر تصدق کرے انشاء اللہ فضیلت تصدق

صدقات مین تحریر ہوگی اور اعمال روز پنجشنبہ مین انشاء اللہ بسلسلۂ فاتحہ

تصدق اموات کی بھی فضیلت تحریر کیجائیگی۔

(۴۳) از منہاج۔ حدیث صحیح ہے کہ جناب امام جعفر صادق ؑ ہر شب واسطے

کے اور ہر شب واسطے اپنے والدین کے اس دو رکعت نماز کو پڑھکر ثواب

ہدیہ کرتے تھے رکعت اوّل مین بعد الحمد کے ایک مرتبہ سورۂ قدر اور رکعت دوم

(۶) حدیث از حلیۃ المتقین فرمایا ائمہ ؑ نے کہ خدا کی بہت سی نعمتین بندے کے لیے

وقت صحت بدن اور سلامتی اعضاء و جوارح کے اور بندہ بھول جاتا ہے کہ نعمتون کا شکر

پس اس سبب سے خدا حکم فرماتا ہے ایک ہوا کو کہ جسم مین اُسکے جولان کرتی ہے اور اُسکی

سے نکلتی ہے اسی سبب سے مقرر کیا ہے کہ وقت چھینکنے کے خدا کی حمد کہے تاکہ یہ حمد عوض اُن نعم

کا ہو کہ جو بھول گیا ہے۔

(۷) حدیث فرمایا جناب امیر ؑ نے کہ بعد چھینکنے کے کہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

عَلٰی کُلِّ حَالٍ پس کان کا درد اور آنکھون کا درد نہ پائیگا۔

(۸) حدیث فرمایا جناب رسولخدا ؐ نے کہ چھینک تصدیق کرتی ہے اُس سخن کی کہ جو نزدیک

واقع ہوتا ہے اور علامت اُس شخص کی راستی کی ہے۔

...بعد الحمد کے اکمرتبہ سورہ اِنَّا اَعْطَیْنَاكَ پڑھے بعد اسکے ثواب اپنے والدین مردہ کو ہدیہ
...کرے اور اگر فرزند مردہ ہو تو ہر شب اسی نماز کو پڑھکر ثواب اُسکا فرزند مردہ کو ہدیہ
...کرے ثواب اسکے بہت ہین بعد نماز عشا کے اس نماز کو واسطے والدین مردہ کے ضرور
...پڑھے چنانچہ مین ہر شب اس نماز کو پڑھکر ثواب اسکا اپنے والدین کو ہدیہ کرتا ہون۔

(۳۵) صاحب سفینۃ النجاۃ تحریر فرماتے ہین کہ مناسب ہی کہ فرزند واسطے اپنے پدر
و مادر کے دعائے صحیفۂ کاملہ پڑھے کہ جناب امام زین العابدین ع اس دعا کو واسطے
والدین کے پڑھا کرتے تھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ تا وَاَنْتَ اَرْحَمُ
الرّاحِمِیْنَ ۵ صحیفۂ کاملہ مشہور ہی کتب فروش امامیہ کے پاس مل سکتی ہی۔

(۳۶) از مکارم الاخلاق مناسب ہی کہ فرزند واسطے پدر و مادر کے دو رکعت نماز ادا
...کرے رکعت اول مین بعد الحمد کے دس بار رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ
...یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ۵ اور رکعت دوم مین بعد الحمد کے دس مرتبہ رَبِّ اغْفِرْلِیْ
...وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۵ اور بعد

(۹) حدیث فرمایا امام ع نے کہ جو چھینکے سات روز تک مرنے سے ایمن رہتا ہی۔

فصل اٹھارھوین احکام شکار و ذبیحہ مین

(۱) اوقات شکار دیس شکار کا کرنا واجب اُسوقت ہی کہ نفقہ شکار کرنے والے کا اور اُسکے
...عیال کا اُسی پر موقوف ہو کہ اگر شکار نہ کریگا تو وہ خود اور عیال اُسکے بھوکے رہین گے اور سنت اُسوقت
...ہی کہ شکار کرنے والا نفقہ پر قادر ہو لیکن اُسکے نفقہ مین اتنی وسعت نہ ہو وے کہ خود اور عیال
...اُسکے سیر ہو جاوین تو شکار کرے بہ نیت وسعت معاش یہ سنت ہی اور احتمال حرمت کا یعنی
...حرام ہونا اُسوقت ہی کہ جب محض بطور لہو و لعب کے کرے اور شب مین شکار کرنا اور بچہ جانور ون
...کا آشیانہ سے نکالنا اور اُس جانور کو شکار کرنا کہ جو حرم مکہ کی طرف جاتا ہو مکروہ ہی اور اسیطرح

سلام کے دس مرتبہ دونون ہاتھ اٹھا کر کہے رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا

(۳) از مکارم الاخلاق واسطے والدین کے دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت

الحمد کے بیس مرتبہ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ۵ بعد سلام کے دست

ہو کر دس مرتبہ کہے رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ۵ بعد ازان ایک

بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِبَيْتِ مُحَمَّدٍ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ۵

بَابْ چوتھا حُقُوقِ فَرْزَنْد و دُخْتَرْ

(۱) حدیث از جمال الصالحین فرمایا ائمہ ع نے کہ ملعون ہی وہ شخص کہ اپنا

بار دوسرے شخص پر رکھے اور نیز ملعون ہی وہ شخص کہ جو اپنے عیال کو مضطر و پریشان

رکھے تا کہ محتاج اوروں کے ہوں۔

(۲) حدیث ایضاً فرمایا ائمہ ع نے کہ جو شخص اپنے عیال کو اچھی طرح رکھے خدا

رزق اُسکو زیادہ عطا فرماتا ہی۔

شکار کرنا مچھلی کا جمعہ کے دن مکروہ ہی۔

بَیَانِ جَانْوَرَانِ حَلَال کا

(۲) جانوران حلال مین سے اوّل شتر دوسرے گائے و بیل اہلی ہو یا وحشی تیسرے بیل

بھینس اور بھینسا پانچوین مینڈھا چھٹے دنبہ ساتوین بزا آٹھوین آہو نوین گورخر دسوین

قلس داد گیا رھوین وہ کل جانوران پرند حلال ہین کہ جنمین علامات حلیت مین سے کوئی

پائی جاوے وہ چار ہین وہ جانور جو سنگدانہ رکھتا ہو یا پوٹا رکھتا ہو یا خار یعنے نیچے پاؤن کے کوئی

مثل کانٹے کے ہو جیسے مرغ اور تیتر وغیرہ کے ہوتا ہی یا دفت یعنے پر کا مارنا صف پر

صف وہ ہی کہ دونون بازو پھیلائے ہوئے اُڑے جسطرح چیل اُڑتی ہی کہ صف جسمین

غالب ہی ایسا نہ ہو بلکہ دف غالب ہو یعنے پر کا مارنا مثل کبوتر کے پس مرغ خانگی ہو یا

(۳) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام زین العابدین ؑ نے کہ جسوقت عیال میرے گوشت
کی طرف رغبت کرین تو اُنکے لیے بازار سے خرید کر کے لاؤن یہ دوست تر ہی میرے نزدیک
اُس سے کہ بندہ آزاد کردن ۔

(۴) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہ ؑ نے کہ مومن حسب خواہش اپنے اہل و
عیال کے چیز خریدتا ہی اور منافق اپنے خواہش کے موافق مول لیتا ہی ۔

(۵) احادیث سے ثابت ہی کہ حق فرزند کا باپ پر یہ ہی کہ اُسکو خوش رکھے اور اُسکو
دوست رکھے اور اُسکو قرآن و علم فقہ و حدیث سکھلائے کہ جیسا نمبر ۱۱ و ۱۲ باب
اول مین بیان کیا گیا ہی اور علوم غیر شرعیہ سے کہ جنکے سیکھنے اور سکھلانے مین گناہ
ہی تعلیم نکرے کہ جیسا حدیث نمبر ۱۴ باب اوّل مین حکم ہی اور جسطرح تحصیل علم دین
کی ہر مسلم و مسلمہ پر واجب ہی اسیطرح والدین پر تعلیم علم دین کی اولاد کے لیے
لازم ہی جس مومن نے تعلیم علم دین مین اولاد کے لیے کوتاہی کی اُس سے ضرور مواخذہ کیا
جاویگا اس سبب سے کہ اگر وہ تعلیم علم دین کی کرتا تو اولاد اُسکی احکام دین سے واقف

ث اور تیتر اور بٹیر اور کبوتر اور قمری اور لبک اور تیہو اور لوا اور کنجشک اور بھیر اور ممولا اور
لٹورا اور ہریل اور قاز اور بط اور کلنگ اور چہہ اور مرغابی اور گز پاؤن اور سرخاب اور جو
جانور مثل انکے ہون حلال ہین اور جو مچھلی پانی سے زندہ نکالی جائے حلال ہی اور اگر پانی مین مرجائے
حرام ہی اور اگر مچھلی کو کوئی کافر پانی سے زندہ نکالے اور زندہ مچھلی کافر سے لی جائے حلالی ہی
اگر مردہ مچھلی کافر سے لینا جائز نہین وہ حرام ہی ہان اگر کسی مسلم نے کافر کو پانی مین سے زندہ مچھلی
نکالتے ہوئے دیکھا ہو اور پھر وہ مچھلی مرجائے تو جس مسلمان نے نکالتے ہوئے دیکھا ہی اُسکو
اُس مچھلی کا کھانا جائز ہی اور ٹڈی بھی حلال ہی ٹڈی کے پکڑتے وقت اور نیز مچھلی کے پکڑتے وقت
بسم اللہ کا کہنا ضرور نہین ہی اور نہ یہ ضرور ہی کہ مسلمان ہی پکڑے ٹڈی اور مچھلی کو ذبح کرنیکا حکم نہین ہی مچھلی کا
ذبح کرنا یہی ہی کہ پانی مین سے زندہ پکڑی جاوے اور اگر مچھلی کو زندہ پکڑ کر کسی گھڑے وغیرہ کے

ہوتی ہیں جسقدر کہ علم [illegible] احکام دین کی توبہت ہی [illegible] مبتلا ہونگی اسیقدر
اُسکے والدین بھی مواخذہ مین گرفتار ہونگے اور اگر بعد وقفیت احکام دین کے اولاد
احکام دین پر عمل نکرے تو اسکا مواخذہ اولاد ہی سے رہیگا والدین سے نہ کیا جائے گا
پس اوّل ابتدا مین اولاد کو تعلیم علم دین کی اسقدر کر دینا چاہیے کہ جس سے اُسکو
اپنے عقائد اور واجبات و مستحبات سے پوری وقفیت ہو جائے اسکے بعد جو امور
متعلق کسب معاش سے ہین بشرطیکہ اُنہین گناہ نہ ہو تعلیم کرنا یا تعلیم کرانا چاہیے ہین جیسے
فی زمانہ ہندوستان مین بنظر کسب معاش اولاد کو زبان انگریزی کی تعلیم کرائی
جاتی ہی صرف اس خیال سے کہ اگر مینڈل یا ایف اے یا انٹرنیس وغیرہ مین پاس ہوجاے
گا تو جیسا درجہ پاس کریگا ویسی ہی اُسکو ملازمت ملجائیگی یہ خیال بالکل غلط ہی
اس سبب سے کہ رزق کا ملنا مینڈل یا ایف اے یا انٹرنیس وغیرہ پر نہین ہی
چنانچہ دیکھا جاتا ہی کہ فارسی و عربی پڑھے ہوے دو دو چار چار سو روپیہ کے
ملازم ہین اور مینڈل اور ایف اے اور انٹرنیس پاس پندرہ پندرہ بیس بیس روپیہ پر

پانی مین رکھا اور وہ مچھلی پانی مین مرگئی تب حرام ہی غرض کہ جو مچھلی پانی مین مرجاے وہ حرام ہی۔

شناخت بیضۂ جانوران حلال وحرام

(۴۳) اگر بیضہ کسی جانور کا کسی جگہ ملے اور یہ نہ معلوم ہو کہ کس جانور کا بیضہ ہی یعنے جانور حلال کا ہی
یا حرام کا تو اُسکی پہچان یہ ہی کہ دونون طرف جس بیضہ کے ایک طرح کے ہون یعنے دونون طرف مین
سے کسی طرف موٹے پتلے نہ ہون ایک سے ہون وہ حرام ہی اور جس بیضہ کے دونون طرف
مختلف ہون یعنے ایک طرف موٹا اور دوسری طرف پتلا ہو وہ حلال ہی۔

بیان جانوران حرام کا

(۴۴) اوّل کُتا دریا کا ہو یا خشکی کا دوسرے خوک دریا کا ہو یا خشکی کا تیسرے بلی اہلی ہو یا وحشی
چوتھے جمیع درندہ مثل شیر اور گرگ اور [illegible] اور شغال اور جو جانور مثل انکے ہو پانچوین موش اہلی ہو

مارے مارے پھرتے ہین جمیع مذاہب اسکے قایل ہین کہ رزق علم پر منحصر نہین ہی بلکہ تقدیر پر ہی
باریتعالی نے جسقدر رزق جسکی تقدیر مین مقدّر فرما دیا ہی اُسیقدر ملیگا نہ اُس سے کم نہ
نہ اُس سے زیادہ اگر رزق کا ملنا علم ہی پر منحصر ہوتا تو تمام صاحبان علم ہی اہل دول
ہوتے اور تمام جُہلا فقیر ہوتے لیکن ایسا نہین ہی بعضے صاحبان علم اور جُہلا مین سے
اہل دول بھی ہین اور حالت عُسرت مین بھی اپنے اپنے مذاہب مین تعلیم علم دین کی صرف
دین کی واقفیت کے لیے کیجاتی ہی کہ دین سے واقف ہون اور اپنے دین پر قائم رہین
نہ باسید حصول رزق اور انگریزی زبان جوکہ زمانہ ہندوستان مین اپنی اپنی اولاد کو پڑھاتے
ہین صرف بنظر کسب معاش نہ اسواسطے کہ اُسکی وجہ سے احکام دین سے ناواقف رہے
پس جو شخص اپنی اولاد کو علم دین تعلیم نکر کے قطعی انگریزی زبان کی تعلیم مین یا دیگر صنعت یا حرفت
کی تعلیم مین مصروف کردے تو وہ شخص نزدیک خدا کے ضرور گنہگار ہی اس سبب سے کہ اوّل
جس علم کی تعلیم فرض تھی اُس سے اولاد کو روک کر دوسرے امور مین مشغول کر دیا
اور جو فتویٰ علما نے انگریزی زبان کی تعلیم کا دیا ہی وہ صرف بنظر کسب معاش ہی نہ اسلیے

(۱) یا سعرائی جتنے جو جانور مسخ ہوگئے ہین بسبب نافرمانی اپنے پیغمبر کے یعنے پہلے آدمی تھے بعد اُسکے اُنکی
صورت جانورون کی ہوگئی۔

تفصیل جانوران مسخ کی

وہ تیرہ ہین فیل گرگ خوک یعنے سور موش یعنی چوہا خرگوش وطواط یعنی چمگادڑ بندر مارماہی یہ ایک
قسم کی مچھلی ہی کہ جسکی شکل سانپ کی سی ہوتی ہی اور فلس اُسپر نہین ہوتا سوسمار یہ دریائی جانور ہی لانبا
ہوتا ہی انسان اور جانور بکری وغیرہ کو پکڑ لیتا ہی بچھو ریچھ چھپکلی زنبور یعنی بھِڑ اور بعض روایات مین
ہی کہ سگ بھی مسوخ سے ہی اور طاؤس بھی مسوخ سے ہی اور بنا بر بعض روایات کے جِرّی اور زمیر بھی
مسوخ سے ہی اور زمیر اور جِرّی اقسام ماہی سے ہین کہ بنا بر قول احوط کے کھانا انکا جائز نہین اور
بعض روایات مین قنفذ یعنے سیہی جسکا کانٹا اکثر قلم کے ہولڈر مین لگاتے ہین اور مکڑی اور قمل یعنی

کہ علم دین کی تعلیم نکر سے انگریزی زبان کی تعلیم کیجائے ۔۔۔ پھر کوئی
یہ جکین کا کاڑھنا جائز ہی یا نہین تو اسکے جواب مین علما کا یہی فتوی ہوگا کہ جائز ہی مگر اس فتوے
سے یہ بات جائز نہ ہوگی کہ اولاد کو علم دین نہ پڑھا کر صرف جکین کے کاڑھنے کی تعلیم کیجائے
کیونکہ تعلیم علم دین کی نکرنا گناہ ہی اوّل تعلیم علم دین ہی اسکے بعد امور کسب معاش ہین اور
جسطرح کہ فی زمانہ اکثر لوگون کی خیالات جاہلانہ ہوگئے ہین یعنے یہ طریقہ اختیار کرلیا گیا ہی کہ
اولاد ابھی نہ علم دین حاصل کرنے پائی اور نہ ابھی اپنے احکام دین سے واقف ہونے
پائی کہ فوراً انگریزی زبان یا دوسرے امور کسب معاش کی تعلیم مین مصروف کردیا اور
یہ خیالات کچھ جہلا ہی کے نہین ہین بلکہ ایسے لوگون کے بھی ہین کہ جو اپنے احکام دین سے
واقف ہین یہانتک کہ اگر کپڑہ پر ذراسی چھینٹ پڑجاتی تو اُسکو حوض مین غوطہ دیکر
پاک کرلیتے ہین) یہ بالکل ہی خلاف اصول ہی اس سبب سے کہ ایسی صورت مین دنیا
وعقبیٰ دونون کے بہت بڑے نقصان ہین کہ جنکی صراحت کی ضرورت نہین ہی ہر شخص
نتیجہ نکال سکتا ہی اور پھر نہ معلوم کہ وہ نقصانات آئین اور اُسکی اولاد مین کب تک قائم رہین

؎ جون اور ججھ اور کچھوا اور خز ایک جانور ہوتا ہی اور سنجاب رنگ اسکا خاکستری ہوتا ہی اور
اُس کا پوستین بنتا ہی اور سمور یہ جانور مثل روباہ کے ہوتا ہی اور فنک ایک جانور ہی سفید رنگ
ہوتا ہی اور اسکا پوستین بنتا ہی جمیع حشرات الارض مثل مورچہ و مگس و جونک و ہزار پایہ یعنے
کنکھجورا وغیرہ اور وہ جانور کہ جو عادت انسان کے فضلے کے کھانے کی رکھتا ہو اور یہی غذا اسکی
ہو پس حرام ہی جب تک اُسکا استبرا نکرین یعنے مدت معینہ تک قید کرین کہ وہ فضلہ کے کھانے سے باز رہے

اَحکامِ جانورانِ جلالہ

اگر وہ حیوان شتر ہو تو چالیس دن اُسکو فضلہ کھانے سے بند کرین اور چارہ و گھانس پاک دین اور
واسطے گائے کے بنا بر مشہور کے تیس دن مگر بعض علما نے چالیس دن اور بعض نے تیس دن فرمایا ہی
اور واسطے گوسفند کے بنا بر مشہور کے دس دن اور بعض نے چودہ دن اور بعضون نے ۔۔۔

پس جب تک سلسلہ ان نقصانات کا اُنمین اور اُسکی اولاد مین باقی رہیگا والدین بھی
اُسکے مواخذہ مین ضرور گرفتار رہین گے اسوجہ سے کہ یہ نقصانات والدین ہی کے پیدا
کیے ہوے ہین پس مومنین کو چاہیے کہ اوّل اولاد کو تعلیم علم دین کی کرین یہانتک کہ جب
اولاد احکام دین سے بخوبی واقف ہوجاے اسکے بعد ذرایع کسب معاش کے
تعلیم کرنا چاہیے ہین اور جسطرح اداے حق والدین اولاد پر واجب ہی اسیطرح اداے
حق فرزند کا والدین پر واجب ہی پس اگر والدین اُنکے حقوق ادا نکرین اور اُنپر ظلم
کرین تو بیشک باریتعالیٰ کے نزدیک مواخذہ دار ہونگے اور مواخذہ اس نتیجہ کا آتش
جہنم ہی اور منجملہ اور ظلمون کے یہ بھی ایک ظلم ہی کہ جو اولاد کو ابتدا مین علم دین سے
محروم کرکے دیگر امور مین مشغول کردیا جاے اور لڑکی کو تفسیر سورہ یوسف علیہ السلام کی نہ پڑھا
اور اُسکو بالاخانے پر نہ رکھے اور مثل فرزند کے اُسکو بھی دوست اور خوش رکھے مگر شوہر کے
گھر بھیجنے مین تعجیل کرے۔

(۲۶) حدیث از جامع الصحیحین فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ لعنت ہی اُس پدر و مادر پر

ا؎ اور اگر مرغ ہو تو بنا بر مشہور کے تین دن اور بط اور مرغابی کے لیے پانچ دن بنا بر مشہور کے اور
بعض علما نے چھ دن اور تین دن بھی لکھے ہین اور واسطے مچھلی کے ایک دن اور سواے جانوران
مذکورہ کے اور جانور ہون تو واجب ہی کہ اسقدر بند کرین اور پاک غذا کھلائین کہ نام نجاست خوری
کا اُس سے جاتا رہے اور جو جانور حلال گوشت مثل بکری وغیرہ کے اگر دودھ سور کا اسقدر پیے
کہ ہڈیان اُسکی سخت ہوئی ہون حرام ہی اور جو بچہ کہ اُس سے پیدا ہو وہ بھی حرام ہی اور وہ جانور
حلال کہ جسکے ساتھ انسان نے جماع کیا ہو اور جو بچہ اُس جانور سے پیدا ہو حرام ہی بلکہ بعد ذبح
کے اُسکا آگ مین جلا دینا واجب ہی اور جو جانور کہ جنگل گیر ہون مثل باز اور چرغ اور بحری اور شکرہ
اور شاہین وغیرہ کے وہ سب حرام ہین اور کلاغ یعنے کوا سب قسم کا اور وہ مرغ کہ اُسکو نشانہ
تیر کا کرین بغیر بسم اللہ اور اسیطرح جس حیوان کو مجروح کرین اور چھوڑ دین کہ مر جاے حرام ہی

کہ جو اپنے فرزند کو بلا سبب سے عاق کرین۔
(۸) حدیث از بحار الانوار فرمایا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ
کہ یا علیؑ والدین پر لازم ہی عاق فرزند ہونے کا اسی طرح فرزند پر لازم
عاق والدین ہونے کا یعنے ادائے حق فرزند واجب ہی اور ترک
اُسکا حرام ہی جیسا کہ ادائے حق والدین واجب ہی اور ترک اُسکا حرام
کبیرہ ہی۔
(۹) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسول خدا ص نے کہ یا علی رحمت کرے خدا تعالیٰ
اُن پدر و مادر پر کہ جو فرزند کے ساتھ نیکی کرین۔ اور بہت احادیث حقوق اولاد مین
بخیال طوالت ہونے کتاب ہذا کے انھین چند احادیث پر اکتفا کیا گیا۔
(۱۰) از جمال الصالحین فرمایا ائمہؑ نے کہ فرزند نعمت ہی اور دختر حسنہ ہی۔
(۱۱) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہؑ نے کہ جو کوئی فرزند کے ساتھ احسان و مہربانی
کرے ایسا ہی کہ اپنے والدین کے ساتھ احسان و مہربانی کی۔

۸۲ ماہی کہ جو فلس نرکھتی ہو اور وہ مچھلی کہ جو پانی مین مرجاے حرام ہی خواہ دریا مین یا گڑھے یا حوض
پانی مین مرجاے حرام ہی اور خرچنگ یعنے کیکڑا خواہ خشکی کا ہو یا دریا کا ہو حرام ہی۔

بیان جانوران مکروہ کا

جانوران مکروہ تیرہ ہین اسپ قاطر خر وہ حیوان کہ جو ایک یا دو مرتبہ شیر خوک کا پیے سنت ہی
ایسے جانور کا سات دن اور جانور شراب پینے سے حرام نہین ہوتا ہی بلکہ گوشت اُسکا دھونے
کے بعد کھا سکتا ہی ہان بنا بر احوط کے جو کچھ اُسکے جوف کے اندر ہی مثل دل کے اُسکو نہ کھا
وہ حیوان کہ دودھ آدمی کا پیے بنا بر ایک روایت کے وہ کلاغ چھوٹا کہ جو نزدیک
زراعت کے رہتا ہو اور وہ زاغ کہ رنگ اُسکا خاکستری ہو بنا بر مذہب بعض علما کے ورنہ بنا بر
احتیاط کے حرام ہین اور ہدہد اور خطاف یعنے ابابیل اور احوط ترک ہی اور فاختہ اور قنبرہ

(۱۲) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ اپنے اطفال کو دوست رکھو اور
اُنپر مہربانی اور رحم کرو اور جو کچھ اُنسے وعدہ کرو پورا کرو اور جو کوئی اپنے فرزند کے
ساتھ بہت محبت رکھے خدا تعالیٰ اُسپر رحمت نازل کرتا ہی اور جو کوئی فرزند کو پیار کر
اور اُسکا بوسہ لے خدا تعالیٰ واسطے اُسکے ایک حسنہ لکھتا ہی اور اگر فرزند کو مسرور
کرے تو خدا تعالیٰ اُسکو قیامت مین مسرور کریگا۔

(۱۳) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہ علیہ السلام نے کہ جو کوئی بازار سے کوئی چیز واسطے عیال کے
لاوے ایسا ہی کہ ایک جماعت محتاج کو صدقہ دیا ہو۔

(۱۴) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہ علیہ السلام نے کہ اوّل چیز فرزند سے دختر کو دے۔

(۱۵) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہ علیہ السلام نے کہ جو کوئی دختر کو مسرور کرے ایسا ہی
کہ گویا خوف خدا سے رویا ہو اور جو کوئی خوف خدا سے روے وہ شخص اہل بہشت سے ہی

(۱۶) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہ علیہ السلام نے کہ ایک دن جناب عیسیٰ علیہ السلام کا ایک ایسی قبر پر
گذر ہوا کہ صاحب قبر پر عذاب ہوتا تھا پھر دوسرے سال جناب عیسیٰ علیہ السلام اُسی جانب سے

[۱۰] یہ جانور مرغابی کے برابر ہوتا ہی اور رنگ اُسکا زرد و سیاہ ہوتا ہی اور [۱۱] صرد یعنے لٹورا اور [۱۲] صوام یہ ایک
(د) حدیث ایضاً جناب امام جعفر صادقؑ سے کسی نے استدراج کا مطلب پوچھا تھا
فرمایا امامؑ نے کہ اس سے مطلب اُس بندے کو ڈھیل دینا ہی جو گناہ کرے اور خدا اُسکو
ڈھیل دے اور نوع بہ نوع نعمتین عطا فرماتا جاے اور اسیطرح گناہون کے مقابل
بخشش مانگنا اُسکو بھولا دے پس ایسا شخص مستدرج ہی یعنے ڈھیل دیا گیا ہی اُس شان سے
کہ اسکو خبر بھی نہین کی گئی کہ کیون ڈھیل دی گئی۔

(ہ) حدیث از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ خدا تعالی نے جو موسیٰؑ سے
راز کی باتین فرمائین اُسمین سے یہ بھی تھی کہ ای موسی جب تم فقر کو آتے دیکھو تو مثل نیک بندون کے
مرحبا کہو اور جب غنا و ثروت کو آتے دیکھو تو یہ سمجھو کہ کوئی امر مجھسے ہوا ہی جسکی عقوبت خدا نے
جلد بھیجدی اسلیے کہ اس دنیا کی خدا نے کسی پر کشایش نہین کی سواے اسکے کہ کسی گناہ
کے سبب سے ہوتا کہ وہ اُس گناہ کو بھولجاے اور توبہ نکرے پس دنیا کا اُسکی طرف رخ

---

[1] ایک جنت عدن اور ایک جنت نعیم ایک بسبب خوف خدا کے اور دوسرا بسبب اداے اطاعت کے
اور ترک معاصی کے یا ایک بسبب عدل خدا کے اور دوسرا بسبب فضل خدا کے اور کہتے ہین کہ ایک جنت
طلائی ہوگی اور دوسری جنت نقرئی ہوگی یا ایک بہشت یاقوت سرخ کا ہوگا اور دوسرا زمرد سبز کا اور
خاک اُسکی کافور وغیرہ کی ہوگی اور مٹی اُسکی مشک اذفر کی ہوگی ذَوَاتَا اَفْنَانٍ ۝ اُن بہشتون مین
انواع و اقسام کی نعمتین ہونگی فِيْهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ۝ اُن دونون بہشتون مین چشمے جاری ہونگے
اہل بہشت کی خواہش کے موافق یعنے زیر منازل یا بالاے منازل جہان چاہین گے وہان جاری ہونگے
ایک چشمہ سلسبیل کا اور دوسرا تسنیم کا فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ ان دونون بہشتون مین ہر قسم کے میوون
سے زَوْجَانِ ۝ اور دو قسمین ہونگی کہ ایک دوسرے کے مشابہ نہ ہونگے اور اُن دونون قسمون مین
ایک مشہور و معروف جو دنیا مین ہوا اور دوسرا عجیب و غریب کہ جو کبھی نہ دیکھا ہوگا ایک تر اور دوسرا خشک مثل انگور و مویز کے

کرتا کیفیت ہیں اُسکے افعال بندہ کا عذاب ہوتا ہی

(ف) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ جناب رسولخداؐ کی ایک جگہ
کی گئی جب حضرت اُس شخص کے مکان پر پہونچے تو دیکھا کہ اُسکی مرغی نے دیوار پر انڈا
پھر وہ انڈا دیوار پر سے پھسل کر کھونٹی پر رک گیا کہ جو دیوار کے وسط مین تھی نہ تو
اور نہ گرا آنحضرتؐ نے اس مشاہدہ سے بہت ہی تعجب کیا اُس شخص یہ عرض کی
یا رسول اللہؐ آپ اس ایک انڈے کے بارے مین تعجب کرتے ہین حالانکہ اُسی کی قسم ہی جس
آپکو حق پر مبعوث کیا ہی مجھے تو کبھی کوئی نقصان پہونچا ہی نہین جناب رسولخداؐ
فوراً کھڑے ہو گئے اور اُسکا کھانا مطلق نہ کھایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ جسکو کوئی
نقصان نہین پہونچا اللہ کو اُس بندے سے کوئی غرض نہین ہی

(ذ) حدیث از نہج البلاغہ فرمایا جناب امیرؑ نے کہ کسیقدر ایسے لوگ ہین کہ اُنکو
ڈھیل دی گئی ہی اور نعمتین پہونچائی گئین ہین اور پردہ پوشی کر کے اُنکو دھوکا دیا گیا
اور اُنکی نسبت نیک مشہور کر اکثر اُنکو آزمایا گیا ہی خدا تعالی نے جس کسی کو بھی آزمایا

حدیث ابن عباس سے منقول ہی کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ دنیا مین کوئی میوہ ترش اور شیرین ایسا
نہین ہی کہ بہشت مین نہ ہو یہانتک کہ حنظل بھی ہوگا مگر حنظل بہت شیرین ہوگا یہ دونون بہشت اُنکے
ہین جو خوف خدا کرتے ہین مُتَّکِئِیْنَ در آنحالیکہ تکیہ کرنے والے ہونگے مثل بادشاہون کے عَلٰی فُرُشٍ
فرش متعدد پر بَطَائِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ استر اُسکا دیبا کا ہوگا اور کہتے ہین کہ استبرق حریر جیسی
گندم ہی نہ بہت پتلا کہتے ہین کہ ظاہر اُسکا سُندُس کا ہوگا کہ جسکو دیبا سے باریک کہتے ہین
الْجَنَّتَیْنِ اور میوے اُن دونون بہشتون کے دَانٍ زمین بہشت سے بہت قریب ہونگے
کہ ہاتھ کھڑے ہوئے کا پہونچیگا کہتے ہین کہ اہل بہشت جب درختون پر بیٹھکر میوہ کی آرزو کرینگے
تو درخت خود بخود جھک جائیگا اور شاخ اُس میوے کی خواہشمند کے مُنھ مین دیگا فِیْهِنَّ اُن
متعدد میں یا اُن بہشتون مین جو شامل ہین میوون اور مکانات رفیعہ پر قَاصِرٰتُ الطَّرْفِ

نین سے کسی کی ایسی سخت آزمائش نہین ہی کہ جس سے انکو جنکو ڈھیل دی گیی اور یہ بھی فرمایا کہ ای
گو جو نعمتیں تم پر نازل ہون اُنمین خوف زدہ ہوکر غور کرو جیسے کہ مصائب کو تم خائف ہوکر دیکھتے
ہو پس جس شخص کو وسعت حاصل ہو اور غور کرنے سے وہ اُسمین ڈھیل نہ پائے تو بیشک وہ خوف
کی چیزون سے مامون ہوا اور یہ بھی فرمایا کہ ای فرزند آدم جب تو اپنے پروردگار کو اپنے
اوپر برابر نعمتیں نازل کرتا ہوا پائے اور تو گنہگار ہو تو اُس سے خوف کر۔

(ح) حدیث از کتاب تمحیص فرمایا جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ خدا تعالیٰ نے فرمایا
کہ مین جس بندہ کو جہنم مین داخل کرنا چاہتا ہون اُسکا جسم تندرست رہتا ہی اگر اُسی مین اُسکی
نیکی کا معاوضہ ہوگیا تو بہتر ورنہ پھر اُسکو وسعت رزق دیتا ہون پھر اگر اُسمین اُسکی نیکیون کا
معاوضہ ہوگیا تو بہتر ورنہ پھر اُسکی موت اُسپر آسان کر دیتا ہون تا کہ میرے پاس اس حال مین
پہونچے کہ کوئی نیکی باقی نہ رہے تاکہ پھر مین اُسکو جہنم مین داخل کرون۔

(ہم) مآلِ اَہلِ مَعاصِی گناہ سے مراد اُس فعل کا کرنا ہی کہ جس فعل کے کرنے کو
خدا اور رسولؐ نے منع کیا ہی پس جس فعل کو خدا اور رسولؐ نے منع کیا ہی اُسکا ارتکاب کرنا معصیت

بہشتون مین حورین شرمگین ہونگی کہ بجز اپنے شوہرون کے کسی کو آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھین گی ابن عباس سے
منقول ہی کہ یہ حورین اپنے شوہرون سے کہین گی کہ قسم ہی خدا کے عزت و جلال کی کہ بہشت مین کسیکو
ہم تم سے حسین و وجیہ نہین دیکھتے ہین شکر ہی خدا کا کہ تمھین ہمارا زوج قرار دیا لَمْ یَطْمِثْھُنَّ نہ چھوا ہوگا اُن
حورون کو اور ازالہ بکارت نہ کیا ہوگا اِنْسٌ کسی آدمی نے قَبْلَھُمْ پہلے اُنکے شوہرون وَلَا جَانٌّ اور نہ جنات
نے یعنی جو حورین کہ انسان کے لیے مقرر ہین اُنکو اور کسی نے نہ چھوا ہوگا اور جو حورین جنات کی ہین اُن کو
دوسرے جنات نے نہ چھوا ہوگا یعنے جو حور جسکے لیے ہی اُسپر دوسرے کا تصرف نہ ہوگا کَاَنَّھُنَّ گویا کہ وہ
حور العین اَلْیَاقُوْتُ یاقوت ہین سرخی اور صفائی مین وَالْمَرْجَانُ اور مرجان ہین سفیدی اور روشنی مین
حدیث ہی کہ صفائی حورونکی صفائی اور سرخی یاقوت سے زیادہ ہوگی اور سفیدی اور روشنی مرجان
سے سوا ہوگی۔

مخالفت خدا اور رسول سے کرتا ہی اور جب عمداً دیدہ و دانستہ مخالفت احکام خدا اور رسول
کی گئی تو لامحالہ اس اپنی جرأت کا نتیجہ ضرور ہی اٹھانا پڑیگا اسکی سزا دنیا مین نزول
غضب باریتعالی اور انواع و اقسام کے عذاب اور آخرت مین سزاے آتش جہنم
کہ جیسا آیات قرآنی و احادیث سے ثابت ہی۔

(الف ۱) سورہ ہود مین مابین رکوع ۸ و ۹ کے خدا تعالی فرماتا ہی کہ وَمَا زَادُوْهُمْ
غَيْرَ تَتْبِيْبٍ اور (اے پیغمبر) جب بستیون کے لوگ سرکشی کرنے لگتے ہین (یعنے ہمارے حکم
نہین مانتے) اور تمھارا پروردگار انکو عذاب مین پکڑتا ہی تو اسکی پکڑ ایسی ہی ہوا کرتی
بیشک اسکی پکڑ (بڑی دردناک اور بڑی سخت ہی۔

(ب ۲) سورہ قصص مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے فرماتا ہی وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰى
اس (خدا کی شان انصاف) سے بعید ہی کہ (بغیر اتمام حجت کیے) بستیون کو ہلاک
کرے اور ہم بستیون کو تب ہی ہلاک کرتے ہین جبکہ وہان کے لوگ نافرمانی اختیار کرتے
ہین (یعنے ہمارے حکم کو نہین مانتے)

حدیث ہی کہ ہر حور ستر حلہ حریر کے پہنے ہوگی کثرت صفائی سے مغز ساق دکھائی دیگا جسطرح
یاقوت کے اندر معلوم ہوتا ہی۔

حدیث ہی کہ جسطرح شراب سرخ شیشی مین دکھائی دیتی ہی۔

حدیث ہی کہ زنان اہل دنیا بھی بہشت مین صفائی اور نزاکت مین مثل حوران بہشتی کے ہونگی
دنیا بھی اس شکل سے اپنے شوہرون سے ملحق ہونگی هَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ نہین
احسان کا مگر احسان یعنی جزا نیکی کی نہین ہی مگر نیکی پس جزا عبادت و کار خیر کی درجات عالیہ بہشت
اور جزا شکرگذاری کی افزونی نعمت اور جزا توبہ کی قبول توبہ اور جزا دعا کی اجابت دعا اور
سوال کی عطا اور استغفار کی جزا مغفرت اور جزا خوف دنیا کی امن ہی آخرت مین۔
حدیث فرمایا جناب امام ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ حکم اسکا مطلق ہی جمیع عباد کو شامل

(ج) سورہ قصص مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے فرماتا ہی وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيشَتَهَا
اور ہمنے بہت سی بستیان ہلاک کین جو اپنی (افراط) معاش (کی حالت) مین (کھا کھا کر)
پھر گئی تھین من مؤلف یعنی جن بستیون کے لوگ بسبب کثرت رزق کے کہ جو خدا نے
انکو دیا تھا احکام خدا سے پھر گئے اور انھون نے احکام خدا پر عمل نہین کیا خدا نے انکو ہلاک کر دیا
(د) سورہ روم مین مابین رکوع ۴ و ۵ کے فرماتا ہی ظَهَرَ الْفَسَادُ تا يَرْجِعُونَ ۞ خود لوگون
ہی کے افعال کی وجہ سے (کیا) خشکی (مین) اور (کیا) تری مین (یعنی ہر جگہ) ہر طرح
کی خرابیان ظاہر ہو چکی ہین (اسکا ضروری نتیجہ یہ ہی) کہ لوگ جیسے جیسے عمل (بد)
کر رہے ہین خدا انکو انکے بعض اعمال (بد) کا مزہ چکھاتے تاکہ وہ (ایسے حرکات سے) باز آئین
(ہ) سورہ حشر مین مابین رکوع اوّل کے ہی ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ تا شَدِيدُ الْعِقَابِ ۞ یہ (سزا) اس
سبب سے (دی) ہی کہ انھون نے خدا اور اسکے رسول کی مخالفت کی اور جو خدا کی مخالفت کرے تو
خدا کی مار (بڑی ہی) سخت ہی۔
(و) سورہ انعام مین مابین رکوع اوّل کے فرماتا ہی أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ تا آخَرِينَ ۞

۱۱۵ اور کافر اور نیک کردار اور بدکردار کو یعنی نہین ہی عوض کافر کا مگر موافق اسکے اعمال کے عذاب و عقاب
ہوگا اور بدلا مومن کا نہین ہی مگر موافق اسکے اعمال خیر کے نعمات جنت مین ملین گے بعد اسکے فرمایا کہ
جو کوئی کسی کے حق مین نیکی کرے اس شخص پر لازم ہی کہ عوض اسکا کرے یعنے یہ بھی اسکے ساتھ اس سے
زیادہ نیکی کرے اسلیے کہ وہ مستحق اور امیدوار زیادتی کا ہی پس جزا اسکی
نیکی سے زیادہ چاہیے جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ خلاصہ اس آیت کا یہ ہی
کہ جو کوئی نیکی کریگا اسکو عوض نیک ملیگا اور جو کوئی بدی کریگا اسکو عوض بد ملیگا بلکہ جو شخص بدی کرے اسکے
ساتھ بھی بدی نکرنا چاہیے من مؤلف تحریر مذکور جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ کی میرے
بہت ہی پسند آئی ہی میرا بھی یہی عقیدہ ہی اور مجھکو اسپر تجربہ ہوا ہی کہ جو شخص اپنے ساتھ بدی
کرے پس یہ اسکے ساتھ نیکی کرے اور بعد نماز کے بھی اسکے لیے دعاے خیر کرے خدا تعالی چند ہی

کیا جنکی ہمنے ملک مین ایسی (مضبوط) جڑ باندھ دی تھی کہ ابھی تک تمھاری (بھی)
نہین باندھی اور ہمنے پانی کی اسقدر افراط کی (تھی) کہ اوپر سے بکثرت مینھ برسا
اور اُنکے نیچے سے نہرین روان کردین (یعنے واسطے پیدا وار کے پانی کی فراوا
پھر ہمنے گناہونکی سزا مین اُنکو ہلاک کیا اور (اُنکے ہلاک ہوئے) بعد اور اُمتین نکال کھڑی کی
(ز) سورۂ ہود مین مابین رکوع ۹ و ۱۰ کے ہی ذٰلِكَ مِنْ اَنْبَاۗءِ الْقُرٰى تا اَنْفُسَهُم
(اے پیغمبر) چند بستیون کی خبرین جو ہم تم سے بیان کرتے ہین اُنمین سے (بعض) تو ابتک
قائم ہین اور (بعض) ویران ہوگئین اور ہمنے اُن لوگون پر (کسی طرح کا) ظلم نہین کیا
اُنھون نے ہمارے حکم کی نافرمانی کرکے) اپنے اوپر آپ (ہی) ظلم کیا۔
(ح) سورۂ شعرا مین مابین رکوع ۱۰ و ۱۱ کے ہی وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ تا ظٰلِمِين
اور ہمنے کسی گانون کو بغیر اُسکے ہلاک نہین کیا کہ (اوّل) آگاہ کرنیکو اُنکے پاس ڈرسنانے
(پیغمبر) آئے (اور اُنھون نے پیغمبر کا کہنا نہ مانا) اور ہم ظالم نہین ہین من مؤلف۔

۱۲ اور زمین بدی کرنے والے کو عوض بدی کا دیتا ہی اور ایسا عوض بدی کا دیتا ہی کہ اگر یہ دعاے بد
وہ بھی اتنا اثر نکرتی اس سبب سے کہ خدا تعالیٰ عالم ہی کہ یہ شخص اُسکے ساتھ بدی کر رہا ہی اور
اسکے ساتھ نیکی کرتا ہی کہ دعاے خیر اُسکے لیے کر رہا ہی وَمِنْ دُوْنِهِمَا اور نزدیک اُن دونون
کے جو خوف کرنیوالون کے لیے معین ہین جَنَّتَانِ دو باغ اور ہین کہ مکانات خائفین سے قریب
تاکہ اُن دونون جنّتون سے ان دونون باغون کی سیر کرین اور مسرور و خوش ہون۔
حدیث عیاشی نے اپنے اسناد کے ساتھ ابو بصیر سے روایت کی ہی کہ مین نے جناب
ابو عبد اللہ علیہ السلام سے عرض کی کہ خبر دیجیے مجھکو اُس مرد مومن کے حال کی کہ دنیا مین اُ
زوجہ مومنہ ہو آیا جنّت مین ان دونون کا تزویج ہوگا یا نہین حضرت نے فرمایا خدا تعالیٰ عالم ہی
اگر مرد کا مرتبہ عورت سے زیادہ ہوگا تو اُسکو اختیار دیا جائیگا زوجہ دنیویہ کو اپنی زوجات مین کر سکے

باریتعالی نے اول پیغمبر واسطے ہدایت کے بھیجے اور جب لوگون نے پیغمبر نے ہدایات ... کو نہ مانا اُسوقت خدا نے اُنکو ہلاک کیا۔

(ط) سورۂ رعد مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ لَایُغَیِّرُ ... مَا مِنْ وَّالٍ ہ جو نعمت کسی قوم کو (خدا کی طرف سے) حاصل ہو جب تک وہ (قوم) اپنی ذاتی صلاحیت کو نہ بدلے (یعنی اعمال نیک کو نہ چھوڑے) خدا اُس (نعمت) مین کسی طرح کا تغیر (و تبدل) نہین کرتا اور جب خدا کسی قوم پر (اُنکے عملہائے بد) کی یاداش مین کوئی مصیبت ڈالنی چاہے تو وہ (کسیکے ٹالنے سے) ٹل نہین سکتی اور خدا کے سوا اُن لوگون کا کوئی (حامی و مددگار بھی نہین (کھڑا ہوتا)

(ی) سورۂ عنکبوت مین مابین رکوع ۳ و ۴ کے فَکُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْبِہٖ تا یَظْلِمُوْنَ ہ پس ہمنے سب کو اُنکے گناہ (کی سزا) مین دھر پکڑا چنانچہ اُنہین سے وہ تھے جنکو بڑے زور کی آواز نے آدبایا (جیسے ثمود) اور (اُنہین سے بعضے وہ تھے جنکو ہمنے زمین مین دھنسا دیا (جیسے قارون) اور بعض اُنہین سے وہ تھے جنکو ڈبو دیا (جیسے فرعون وہامان) اور خدا

(۱۱) اور اسی طرح عورت کا حال موافق مرتبہ کے ہوگا حضرت نے فرمایا تم جانتے ہو کہ جنت ایک ہی حالانکہ حق تعالیٰ فرماتا ہی وَمِنْ دُوْنِہِمَا جَنَّتَانِ اور گمان کرتے ہو کہ مدارج اہل بہشت کے ایکسان ہین حق تعالیٰ فرماتا ہی کہ حسب اعمال درجات بعض کے بعض سے بہتر ہین عرض کی مین نے کہ کیا اہل بہشت بعض بعض سے بہتر ہونگے پس باہم ملاقات کا ارادہ کرین تو کیونکر ممکن ہوگا حضرت نے فرمایا کہ صاحب مرتبۂ عالی صاحب مرتبہ ادنیٰ کے پاس آسکتا ہی اور جو ادنیٰ مرتبہ رکھتا ہی وہ بھی اعلیٰ کے پاس جا سکتا ہی گویہ مرتبہ اُسکو حاصل نہین ہی مگر عند الملاقات ایسا ممکن ہوگا کہ ایک مقام نیک مین دونون ملاقی ہون ہین مؤلف احادیث و آیات قرآنی اسکے مؤید ہین کہ بہشت مین سب کے درجے ایکسان نہین ہیں اور بہشت بھی سب ایکسان نہین ہین یہ اعمال پر منحصر ہی جسکے عمل خیر جیسے ہونگے ویسے اُنکو مدارج ملین گے اور اُسی کے مطابق اُنکو نعمتین ملین گی۔

دیا) سورهٔ زمر مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہی فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْیَ تا یَعْلَمُوْنَ
پس اللہ نے انکو زندگانی دنیا مین (بالعوض اعمال بد کے ذلت اور) رسوائی کا مزا چکھایا
ور آخرت کا عذاب تو کہین بڑا ہی کاش یہ لوگ اتنا جانتے (کہ اعمال بد کا یہ نتیجہ ہوتا ہی)
دیا) سورهٔ انعام مین مابین رکوع ۷ و ۸ کے فرماتا ہی قُلْ هُوَ الْقَادِرُ تا بَعْضٍ
(ای رسول) کہدو کہ وہ اسپر قادر ہی کہ تم پر اوپر کی طرف سے بھی عذاب نازل کرے یا تمہارے
پاؤن کی طرف سے یا تمکو گروہ گروہ کرکے بھڑا وے (یعنے لڑا وے کہ یہ بھی عذاب ہی)
اور بعض کو بعض کی لڑائی کا مزا چکھا وے۔
دیا) سورهٔ اعراف مین مابین رکوع ۱ کے فرماتا ہی وَكَمْ مِنْ قَرْيَةٍ تا ظٰلِمِيْنَ
اور کتنی بستیان ایسی ہو تمین کہ جنکو ہمنے (اس سبب سے) ہلاک کیا (کہ انھون نے
ہماری نافرمانی کی) تو رات کے وقت (ان بستیون) پر ہمارا عذاب آنازل ہوا
(ایسے وقت کہ) وہ دن کو سوتے تھے جسوقت ہمارا عذاب انپر آنازل ہوتو انکے

(۱۱) حدیث علائی بن سیابہ کہتا ہی کہ مین نے ابو عبد اللہ سے عرض کیا کہ ابن رسول اللہ لوگ کہتے
ہین کہ ایک قوم دوزخ سے نکلکر داخل بہشت ہوگی اور وہان اولیاء اللہ و انبیاء کے ساتھ ہوگی حضرت
نے فرمایا کہ حق تعالی فرماتا ہی کہ مِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتَانِ قسم خدا کی یہ انبیا اور اولیاء اللہ کے ساتھ
نہ ہونگے بلکہ مومنین اخیار کے ہمراہ ہونگے اور یہ دونون بہشت مُدْهَامَّتَانِ بہت سبز
کہ زیادتی سبزی سے سیاہی کی جھلک دیگی یہ آیہ مشعر ہی اس بات پر کہ نباتات غالب ہونگے
اور گل وریاحین بکثرت ہونگے اور دوسری دونون بہشتون مین میوہ بکثرت ہوگا اور اشجار میوہ دار
کی کثرت ہوگی فِيْهِمَا ان دونون باغون مین عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ دو چشمے ایسے جاری ہونگے کہ
شدت روانی سے سنگریزے ہوا پر اڑین گے اور یہ دلیل ہی ان دونون چشمون کے کم مرتبہ
نہ ہونے کی نسبت فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ ان دونون باغون مین میوے بکثرت وَنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ

اسکے سوا اور کچھ کہتے نہ بن پڑا ہم ہی بر سر زیادتی تھے۔

(۱۴) سورۂ یونس مین مابین رکوع ۴ و ۵ کے فرماتا ہی قُلْ اَرَاَیْتُمْ اِنْ اَتَاکُمْ عَذَابُہٗ تا اَلْمُجْرِمُوْنَ ۵ (ای پیغمبر) کہدو بھلا دیکھو تو اگر اسکا عذاب (راتون رات) یا دن دہاڑے تمکو آلے تو گنہگار اُسکے لیے جلدی کیا مچا رہے ہین۔

(۱۵) سورۂ ہود مین مابین رکوع ۸ و ۹ کے فرماتا ہی وَکَذٰلِکَ اَخْذُ رَبِّکَ تا شَدِیْدٌ اور تمھارے رب کی پکڑ ایسی ہی ہوتی ہی جبکہ وہ بستیون کو پکڑتا ہی جس حال مین کہ وہ سرکش ہوتی ہین (یعنے نافرمانی کرتی ہین) بیشک اُسکی پکڑ دردناک اور سخت ہی

(۱۶) سورۂ ابراہیم مین آخر رکوع پر فرماتا ہی وَسَکَنْتُمْ فِیْ مَسَاکِنِ الَّذِیْنَ تا فَعَلْنَا بِہِمْ اور تم اُنھین لوگون کے مکانون مین آباد ہوے ہو جنھون نے آپ اپنے اوپر ظلم کیے تھے اور یہ بات تم پر کھل بھی گئی ہی کہ ہمنے اُنکی کیسی گت بنائی۔

(۱۷) سورۂ طٰہٰ مین آخر سورہ پر ہی وکم اَھْلَکْنَا تا ذِکْرًا اور اُنسے پہلے ہم کتنے ہی گروہون کو ہلاک کر چکے بھلا تم اُنمین سے کسی ایک کو بھی دیکھتے ہو یا اُنکی آواز بھی سنتے ہو۔

(۱۱۹) اور وہ درخت خرما و درخت انار ہین تخصیص ان دونون میوون کی بسبب فضیلت کے ہی کہ یہ جمیع فواکہ پر فوق رکھتے ہین حدیث مین ہی کہ بہشت مین ہر درخت کی شاخ میوہ سے سرتا پا لدی ہوگی اور میوہ اُسکا برابر سبو کے ہوگا جب وہ میوہ توڑ دیا جائیگا تو فورا اُسکی جگہ دوسرا میوہ پیدا ہو جائیگا اور خوشہ انگور کا بارہ گز کا لانبا ہوگا حدیث ابو سعید نے رسول خدا[ص] سے روایت کی ہی کہ فرمایا آنحضرت[ص] نے جب مجھے شب معراج آسمان پر لے گئے درخت انار کو مین نے دیکھا کہ ہر انار برابر شتر مرغ کے ہی ایک کو مین نے دیکھا پوچھا کہ تو کس کے لیے ہی اُسنے کہا زید بن حارث کے لیے ہون مین نے زید بن حارث کو اُسکی خبر دی اور بہشت مین مین نے وہ چیزین دیکھین کہ کسی آنکھ نے نہ دیکھی ہونگی اور کسی کان نے نہ سنی ہونگی اور کسی کے خیال مین نہ آئی ہونگی اور احادیث سے ثابت ہی کہ جنت مین قد انسان کے ایسے نہ ہونگے کہ جیسے اسوقت دنیا مین ہین بلکہ قد و قامت بہت دراز ہونگے مثل قد جناب آدم[ع] کے اور حسن و جمال زنان مومنہ کا حورون پر غالب ہوگا

(یح) سورہ حج مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے فرمایا ہی فکمن من قریۃ تا مشید ۵ کتنی ہی بستیان
ہین جنکو ہمنے ہلاک کردیا اور وہ نافرمان تھین پس اب (اُنکے مکانات) چھتون پر گرے
پڑے ہین اور کتنے چاہ بیکار اور کتنے پختہ محل ویران ہین)۔

(یط) سورہ سجدہ مین رکوع آخر پر ہی اَوَ لَمۡ یَہۡدِ لَہُمۡ تا مَسَاکِنِہِمۡ کیا لوگون کو اس
ہدایت نہین ہوئی کہ ہمنے اُنسے پہلے کتنے گروہون کو ہلاک کردیا حالانکہ یہ (یعنے جو لوگ
اسوقت ہین) انھین کے مکانون مین چلتے پھرتے ہین۔

(ک) سورہ یٰسٓ مین مابین رکوع ۳ و ۴ کے فرمایا ہی وَلَوۡ نَشَآءُ لَطَمَسۡنَا عَلَىٰٓ أَعۡیُنِہِمۡ
اور اگر ہم چاہین تو اُنکی آنکھون کو مٹا دین (اُنکی بداعمالی کی وجہ سے)

(کا) سورہ یٰسٓ مین مابین رکوع ۳ و ۴ کے ہی وَلَوۡ نَشَآءُ لَمَسَخۡنَاہُمۡ عَلَىٰ مَکَانَتِہِمۡ
اور اگر ہم چاہین تو (بداعمالی کی وجہ سے) اُنکو اُنکی جگہ ہی مسخ کردین۔

(کب) سورہ ملک مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے ہی أَأَمِنۡتُم مَّن فِی السَّمَآءِ تا حَاصِبًا
کیا تم اُنسے جو آسمان مین ہین (یعنی ملائکہ انتظام عالم پر مقرر ہین اُنسے) اس سے مطمئن ہوگئے کہ

(۹) حدیث فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ جنات عدن ایک مکان مروارید کا جنت مین ہی کہ اس
مین ستر مکان یاقوت سرخ کے اور ہر مکان مین ستر ستر گھر ہین زمرد سبز کے اور ہر مکان مین
ستر تخت ہین اور ہر تخت پر ستر فرش ہین انواع اقسام کے اور ہر فرش پر ایک حور بیٹھی ہوئی ہی
اور ہر مکان مین ستر ستر دسترخوان بچھے ہین اور ہر دسترخوان پر ستر ستر قسم کا طعام لذیذ رکھا ہوا
اور ہر مکان مین غلام اور کنیزین ہین حقتعالی مرد مومن کو اسقدر قوت عطا کریگا کہ ہر عورت سے
مباشرت کریگا اور یہ بہت بڑی نعمت ہی خدا کی جانب سے آخرت مین۔

(۱۰) از تفسیر منبع مسروق سے روایت ہی کہ بہشت کی ندیان زمین بہشت پر جاری ہین
وہ ندیان پانی اور دودھ اور شراب اور شہد خالص کی ہین) اور خدا کی قدرت سے پانی اور
دودھ اور شراب اور شہد ایک دوسرے سے ملے جلے زمین بہشت پر بہین گے تاہم پانی علٰحدہ

(یعنی ملائکہ) اُنکو زمین مین دھنسادین یا تم اُنسے جو آسمان مین (یعنی ملائکہ سے) اس سے مطمئن ہوگئے کہ وہ تمھارے اوپر پتھر برسائین۔

(کج[23]) سورۂ اعراف مین مابین رکوع ۱۱ و ۱۲ کے ہی اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰی تا یَلْعَبُوْنَ ؀ کیا دیہات والے اس سے مطمئن ہوگئے کہ ہمارا عذاب اُنکو راتون رات آئے اور وہ سوتے رہین یا دیہات والے اس سے مطمئن ہوگئے کہ ہمارا عذاب اُنکو دن دہاڑے آئے اور وہ کھیل کود ہی مین رہین۔

(کد[24])، سورۂ نسار مین مابین رکوع ۸ و ۹ کے فرماتا ہی فَکَیْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ تا اَیْدِیْهِمْ پھر (اُسوقت اُنکی) کیسی حالت (ہوگی) جبکہ اُنکی بداعمالی کی وجہ سے اُنپر مصیبت نازل ہوگی

(که[25])، سورۂ اعراف مین مابین رکوع ۲۰ و ۲۱ کے ہی فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا تا یَفْسُقُوْنَ ؀ جو اُنکو نصیحت کی گئی تھی جب اُسکو بھول گئے (تو اُنمین) جو لوگ اعمال بد سے باز رہتے تھے اُنکو ہمنے نجات دی اور جو اعمال بد کرتے رہتے تھے اُنکو بسبب اُنکی نافرمانیونکے عذاب سخت مین مبتلا کیا

(کو[26])، سورۂ رعد مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے ہی اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ تا بِاَنْفُسِهِمْ بیشک خدا کسی

[121] اور دودھ علیحدہ اور شراب علیحدہ اور شہد علیحدہ ہوگا روایت ہی کہ جناب امام جعفر صادق ع سے کسی ملحد نے کہا کہ یہ بات عقل مین نہین آتی کہ بہشت مین دودھ اور شراب وغیرہ کی ندیان ملی جلی بہین مگر علیحدہ علیحدہ رہین گڑبڑ نہ ہون آپ نے فرمایا کیا تو نے کبھی انڈا نہین دیکھا کہ خدا نے اُسمین دو رنگ کی دو چیزین رکھین اور دونون کے مختلف مزے ہین۔ روایت ہی کہ نہر فلان کی ایک جانب بہشت کے مروارید ہی اور دوسری جانب یاقوت اور زمین مشک کی مجاہد سے روایت ہی کہ بہشت کی زمین چاندی کی ہی اور خاک مشک کی اور درختون کی جڑین مروارید سفید کی ثمر و شگوفہ و پتے نور و زبرجد و یاقوت کے بہشتی اگر کھڑے ہونگے تو انکا ہاتھ پھل تک پہونچیگا اور بیٹھے یا سوتے ہونگے تو درختون کی ٹہنیان جھکی رہین گی تاکہ میوے توڑلین روایت ہی کہ مومن جسوقت بہشت کا کوئی پھل کھائین گے تو خدا تعالی اپنی قدرت سے اُسی جگہ ویسا ہی پھل لگا دیگا مسروق سے روایت ہی کہ بہشت کے درختون کی ٹہنیان نہین ہین بلکہ

قوم کی حالت کو نہین بدلتا جب تک وہ اپنی حالت کو آپ نہ بدلین (یعنی فرمانی احکام خدا کی نہ کرین)

(کز) سورۂ آل عمران مین مابین رکوع ۶ اور ۷ کے ہی اَوَلَمَّا اَصَابَتْکُمْ تا اَنْفُسِکُمْ کیا جب مصیبت پڑی حالانکہ تم اُس سے دوچند مصیبت ڈال چکے ہو تو تمنے کہدیا کہ یہ بلا کہان سے آئی (اے پیغمبر) کہدو کہ یہ تمہاری ہی نفسون سے آئی (یعنے جو اعمال بد تمنے کیے تھے اُنکی سببے یہ مصیبت تمپر نازل ہوئی)۔

(کح) سورۂ طلاق مین مابین رکوع ۱ اور ۲ کے ہی وَکَاَیِّنْ مِّنْ قَرْیَةٍ تا خُسْرًا بہت بستیان ایسی ہوی ہین جنہون نے اپنے پروردگار اور اُسکے رسولون کے حکم کو نہین (مانا) تو ہمنے بڑی سختی سے اُنکا محاسبہ کیا اور اُنکو سخت عذاب کیا پس اُنھون نے اپنے اعمال (کی) سزا کا مزا چکھا اور اُنکا انجام کار نقصان ہوا۔

(کط) سورۂ انفال مین مابین رکوع ۶ و ۷ کے ہی فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ تا شَدِیْدُ الْعِقَابِ اللہ نے اُنکو اُنکے گناہون کے وبال مین گرفتار کیا بیشک اللہ زبردست ہی اور سخت عذاب دینے والا ہی۔

[۲۴] بلکہ جڑ سے لیکر چوٹی تک سراسر پھل ایسے لگے ہین جیسے خوشے روایت ہی کہ بہشت مین درخت ہین ہر ایک کے ستر ہزار پر ہین جسوقت خوان مومن کے سامنے آئیگا مرغ ہوا سے اُڑکر خوان پر آئیگا اور پھر پری لینے لگے گا اُسکے ہر پر سے ایک طرح کا کھانا پیدا ہوگا برف سے زیادہ سفید مکھن سے زیادہ نرم شہد سے زیادہ میٹھا سُدی سے منقول ہی کہ بہشتی جب جنت کے دروازے پر پہونچین گے تو وہان ایک درخت نظر پڑیگا جسکے نیچے دو چشمے جاری ہونگے ایک چشمے سے پانی نکلتا ہوگا بہشتی جب اس پانی کو پیئین گے تو حسد و کینہ وغیرہ دل سے رفع ہو جائیگا شراب طہور یہی ہی دوسرے چشمہ سے جو پانی پیئین گے تو لطافت و تازگی کے آثار بدن پر نمایان ہو جائین گے اور پھر یہ خوبیان کبھی نہ گھٹین گی روایت ہی کہ بہشت مین جسکو سب سے کم حصہ ملیگا وہ بھی دنیا کی سلطنت سے بڑھا ہوا ہی وہ گمان کریگا کہ جو مجھکو ملا ہی وہ کسیکو نہین

(ل) سورہ مومن مین پارہ ۲۴ رکوع ۲ و ۳ کے ہے اَوَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ تا مِنْ وَّاقٍ کیا اُنھون نے زمین مین چل پھر کر نہین دیکھا کہ جو اُنسے پہلے ہو گذرے ہین اُنکا انجام کیسا ہوا وہ باعتبار قوت و نشانات زمین (کے) اُنسے کہین بڑھے ہوے تھے مگر خدا نے اُنکو اُنکے گناہون کی سزا مین گرفتار کیا اور اُنکو پھر خدا سے بچانیوالا کوئی نہ ہوا۔

(ک۳۱) سورہ ملک مین آخر سورہ پر ہے قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ تا مَّعِیْنٍ ۵ (اے پیغمبر کہدو) کہ بھلا دیکھو اگر تمھارے (پینے کا) پانی زیادہ (زمین کے) اندر اُتر جاے تو تمھارے لیے پانی کا چشمہ کون جاری کرے گا۔

(لب۳۲) سورہ نحل مین پارہ ۱۴ رکوع ۱۴ و ۱۵ کے فرماتا ہے وَضَرَبَ اللّٰهُ تا یَصْنَعُوْنَ ۵ اور خدا ایک گانون کی مثال بیان فرماتا ہے کہ وہان کے لوگ (ہر طرح پر) امن و اطمینان سے تھے ہر طرف سے بافراغت اُنکا رزق اُنکے پاس چلا آتا تھا پھر اُنھون نے خدا کی نعمتون کی ناشکری کی تو اُنکے افعال کے بدلے مین اللہ نے اُنکو مزا بھی چکھا دیا کہ بھوک اور خوف کو اُنکا (اوڑھنا بچھونا) بنا دیا یعنے افلاس و فقر مین گرفتار کر دیے گئے۔

(۳۳) امن مؤلف اوصاف بہشت مین احادیث بکثرت ہین خلاصہ اُنکا یہ ہے کہ بہشت وہ جگہ ہے اور اُسمین جو نعمتین ہین وہ ایسی ہین کہ کسی آنکھ نے نہ دیکھی ہونگی اور کانون سے سُنی نہ ہونگی اور خیال مین نہ آئی ہونگی پس ہر شخص اسکا اندازہ کر سکتا ہے کہ جس چیز کی صفت اسطرح کی ہو وہ کیسی ہوگی بسبب طول ہونے کتاب ہذا کے اوصاف بہشت کے اسی قدر آیات قرآنی و احادیث پر ختم کیے جاتے ہین

فصلِ بیسوین کیفیتِ دوزخ مین

(۱) باری تعالی سورہ صٓ مین پارہ ۲۳ رکوع ۴ و ۵ کے فرماتا ہے وَاِنَّ لِلطّٰغِیْنَ تا مِّنْ شَکْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ اور تحقیق کہ واسطے حد سے گذرنے والون کے البتہ بُری جگہ پھر جانیکی ہے دوزخ داخل ہونگے اُسمین پس بُرا ہی بچھونا ہے پس چاہیے کہ چکھین پانی کھولتا ہوا اور پیپ اور دوسری چیزین اسی قسم کی

اور ہمنے فرعون کے لوگون پر برسون کی خشک سالی اور کمی پیداوار کے عذاب میں (بھی) مبتلا کیا تاکہ وہ لوگ متنبہ ہون۔

(د) سورۂ بقر مین مابین رکوع ۶ و ۷ کے ہی وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ تا مِّنَ اللّٰه (اور) انکو ذلت و افلاس کی مار دی گئی (بسبب انکے اعمال بد کے) اور (وہ غضب خدا مین آگئے) من مولف علاوہ انکے اور بہت آیات قرآنی ہین کہ جنکو بسبب خیال طول ہونے باب ہذا کے قلم انداز کیا جاتا ہی۔

(۵) مآل اهل معاصی علاوہ آیات قرآنی کے احادیث بھی اس بارے میں بہت ہین کہ بسبب ارتکاب کبایر کے طرح طرح کے عذاب باریتعالی نازل فرماتا ہی جیسا مین نے نمبر (۲) باب ہذا مین تحریر کیا ہی لہذا کچھ احادیث اسجگہ تحریر کی جاتی ہین (الف) حدیث از دار السلام بحوالہ نہج البلاغہ فرمایا جناب امام نے کہ قسم بخدا ہی کہ پر فراوانی نعمت کی ہوئی انکی زندگی مین لیکن زائل ہوتی ہی بسبب انکے گناہون کے

۱۲۵ طرح طرح کی یہ جماعت ہر سختی سے آنیوالی ساتھ تمھارے نہ خوشی ہوگی انکو من مولف حد سے گذرنا مراد اس سے ہی کہ جو حدود خدا و رسول نے مقرر فرما دیے ہین انسے متجاوز ہو جائے یعنی خدا اور رسول نے جن امورات کے کرنیکی ممانعت فرمائی ہی انکو کرے اور جنکے کرنیکے لیے حکم کیا گیا ہی انکو نکرے بس یہی حد سے گذرنا ہی۔

(۲) باریتعالی سورۂ محمد مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے فرماتا ہی کَمَنْ هُوَ خَالِدٌ تا اَمْعَاءَهُمْ (مثل اس شخص کے کہ وہ رہنے والا ہی آگ مین (یعنے جو شخص دوزخ مین ہوگا اسکو) پلایا جائیگا پانی کھولتا ہوا بس پارہ پارہ ہو جائین گی آنتین انکی۔

(۳) سورۂ واقعہ مین باریتعالی فرماتا ہی جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر ان آیات کی اسطرح تحریر فرماتے ہین وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ مَا اَصْحٰبُ الشِّمَالِ (اصحاب شمال وہ شخص ہین

(ب) حدیث از بحار الانوار جلد ۱۶ اسماعہ سے مروی ہی کہ کہا اُسنے کہ سنا مین جناب امام محمد باقر ؑ سے فرماتے تھے کہ خدا تعالیٰ کسی بندہ کو نعمت دیکر سلب نہین کرتا ہی مگر جب کہ ایسا گناہ کرے کہ بسبب اُسکے وہ مستحق اُسکے ہونیکا ہو۔

(ج) حدیث از دار السلام بحوالہ تفسیر عیاشی فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے فرمایا کہ میرے والد یہ فرمایا کرتے تھے کہ خدا تعالیٰ کا فیصلہ حتمی ہوتا ہی اگر بندہ کو اُسنے کوئی نعمت دی ہی تو خود بخود اُسکو سلب نہین کرتا جب تک کہ بندے سے کوئی ایسا گناہ نہ ہو جو اُس نعمت کے سلب کا باعث ہو جائے اور یہ خدا کے اسی قول سے ظاہر ہی اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ تا بِاَنۡفُسِھِمۡ ملاحظہ ہو نمبر (ط) مندرجہ نمبر (۴) باب ہذا۔

(د) حدیث از علل الشرایع فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ مومن پر بجلی نہین گرتی ایک شخص نے عرض کیا کہ ہمنے دیکھا فلان شخص کو مسجد الحرام مین نماز پڑھتا تھا اور اُسپر بجلی گری فرمایا حضرت نے کہ اسکی وجہ یہ تھی کہ وہ حرام کے کبوتر دن کو تیر سے مارا کرتا تھا۔

(ہ) حدیث از نہج البلاغہ و دُرر غرر فرمایا جناب امیر ؑ نے کہ قسم بخدا جو قوم نعمت خدا

حدیث ۱۲۵ اول عمر سے آخر عمر تک مبتلا فسق و فجور مین رہے ہون) یاران دست چپ کیسے ہین یاران دست چپ یہ عجیب ہی ذلت و خواری پر اصحاب شمال کے یعنی بروز قیامت نہایت خوار و ذلیل ہونگے ایسے مقام گرم مین استادہ ہونگے کہ حرارت دماغون مین نفوذ کر جائیگی وَحَمِیۡمٍ اور آب گرم مین ہونگے کہ حرارت اُس کی بے انتہا ہوگی وَظِلٍّ مِّنۡ یَّحۡمُوۡمٍ اور دھوین کے سایے مین ہونگے جو نہایت درجہ سیاہ ہوگا تبیان مین بیان کیا ہی کہ جسوقت حرارت سموم کی اُنکے جگر و دل مین اثر کریگی اُسوقت پناہ لیجائینگے حمیم کی طرف جسطرح دنیا مین جسے لو لگ جاتی ہی وہ پانی کی خواہش کرتا ہی اور جب حمیم یعنی آب گرم مین گرینگے تو اُسکی حرارت سے زیادہ اذیت اُٹھائینگے اُسوقت دھوین کے سایہ مین پناہ لیجائینگے کہتے ہین یحموم ایک پہاڑ ہی آتش دوزخ مین کہ دوزخی اُسکی طرف پناہ لیجائینگے اور کہا ہی کہ وہ آگ سیاہ رنگ ہی اسلیے کہ آتش دوزخ اور اہل دوزخ اور جو کچھ وہان ہی

ایسے گناہ نکرین کہ جو باعث اُسکے سلب کے ہون کیونکہ اللہ ظالم نہین ہی۔

(ق) حدیث از خصال فرمایا جناب رسولخدا نے کہ چار چیزین دل کو مردہ کردیتی ہین انمین ایک یہ ہی کہ گناہ پر گناہ کا کرنا۔

(ر) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب امام جعفر صادق نے کہ جو شخص باوجود قدرت کے اپنے برادر مومن کی نصرت نکریگا تو خداتعالی بھی دنیا و آخرت مین اسکی نصرت چھوڑ

(ش) حدیث از ثواب الاعمال فرمایا جناب امام جعفر صادق نے کہ کبھی ایسا ہوتا ہی کہ ایک شخص جھوٹ بولتا ہی جسکے سبب سے نماز شب سے محروم ہوتا ہی اور جب نماز شب سے محروم ہوا تو رزق سے بھی محروم ہو جاتا ہی اور جو آیات قرآنی و احادیث اس بارے مین نازل ہوے ہین کہ جناب رسولخدا سے اور اُنکی آل کی وجہ سے اس امت سے عذاب کا نازل ہونا اُٹھا لیا گیا ہی تو اُنمین صاف ارشاد فرمادیا گیا ہی کہ ان پر مغرور ہو جانا اس سبب سے کہ ہمسے یہ عہد بھی لیا گیا ہی کہ جو کچھ پہلی اُمتون پر نازل

---

(۲۲) اسب کی رنگت سیاہ ہوگی لَا بَارِدٍ وہ سایہ سرد و خنک نہین ہی مثل اور سایون کے کہ جسکے نیچے ملتا ہی وَلَا کَرِیْمٍ اور نہین آرام دینے اور راحت بخشنے والا ہی وہ سایہ بعد اُسکے سبب غضب اب کو بیان فرماتا اِنَّھُمْ کَانُوْا بتحقیق کہ وہ لوگ تھے قَبْلَ ذٰلِکَ پہلے اس سے یعنے دار دنیا مین مُتْرَفِیْنَ نازو نعمت کے ساتھ پرورش پانے والے مراد نعمات سے یہ ہی کہ محرمات مین بسر کرتے تھے وَکَانُوْا یُصِرُّوْنَ اور اصرار کرتے تھے یہ لوگ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ گناہ ان بزرگ یعنے گناہان کبیرہ پر اور جو لوگ منکر حشر و نشر کے ہین اُنکی نسبت خداتعالی فرماتا ہی وَکَانُوْا یَقُوْلُوْنَ اور کہتے تھے از روی انکار کے اَئِذَا مِتْنَا وَکُنَّا تُرَابًا کہ جسوقت مرجائین گے ہم اور خاک ہو جائین وَعِظَامًا اور ہڈیان بے گوشت و پوست ہو جائین گے ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ آیا ہم قبرون سے اُٹھائے جائینگے زندہ کرکے اَوَ اٰبَاؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ہ آیا اُٹھائے جائین گے ہمارے باپ دادا جو سابق مین

وہ اس امت پر بھی نازل ہوگا غرق وحرق ومسخ وخسف یا اور اسی قسم کے عذاب تو شاید
اِن سے مراد وہ بلائین ہون جو عام طور پر لوگون کو ہلاک کر دیتی ہین اگر یہ مطلب ہوتا
تو جن لوگون پر عذاب نازل ہوے تھے اُنکے قصون کا ذکر کر کے ڈرانے سے نتیجہ کیا
ہوگا اور جن ظالمونکی نسلین منقطع ہوئی ہین اُنکی کیفیتین کیون بیان کیجاتین اور اُنمین غور
وفکر کرنیکا کیون حکم دیا جاتا یاد رکھو کہ جو شخص ہلاک ہوا اُسکو جتلا دیا گیا کہ کیون ہلاک ہوا
تاکہ آئندہ والے اُس فعل سے اجتناب کرین اور جنھون نے نجات پائی اُنکو بھی جتلا دیا گیا کہ
کس چیز سے نجات پائی تاکہ آئندہ والے اُس عمل کو کرین۔

(ط) حدیث دار السلام مین قصص الانبیاء راوندی سے آیا ہی کہ فرمایا کہ بنی اسرائیل
مین سے ایک شخص نے عمدہ محل بنایا اور اُسکی خوشی مین کھانا پکوایا امیرون کو بلایا غریبون
کو نہ پوچھا دو فرشتہ منجانب خدا اول بصورت فقیر آئے اُنسے کہدیا گیا کہ تم ایسون
کے لیے یہ کھانا نہین ہی پھر خدا نے حکم دیا کہ تم امیرون کی صورت مین جاؤ اُس صورت
مین اُنکا اکرام کیا گیا پس خدا نے حکم کیا (فرشتون کو) کہ اسی بنا پر اس شہر کو زمین

---

۱۲۷ اور خاک ہوگئے ہین اجزاے بدن اُنکے کہ کوئی چیز باقی نہین ہی کہ تو ای محمد اُنکے جواب مین اِنَّ الْاَوَّلِیْنَ
تحقیق کہ سب گذرے ہوے تمھارے آبا واجداد اور اُنکے سوا اور لوگ وَالْاٰخِرِیْنَ اور بعد
ہونگے تمھارے سوا اور لَمَجْمُوْعُوْنَ ضرور سب کے سب محشور ہونگے اور جمع کیے جائینگے
اِلٰی مِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ طرف موقف معلوم کے کہ وہ روز قیامت ہی پس تحقیق کہ اُسدن
تم لوگ اَیُّھَا الضَّآلُّوْنَ ای گمراہو طریق حق سے الْمُکَذِّبُوْنَ تکذیب کرنے والے حشر ونشر کے
لَاٰکِلُوْنَ البتہ کھانے والے ہو مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ کو یعنے بعد حشر ونشر کے تمھین میوہ درخت زقوم
کا کھلائینگے اور یہ تمھاری روزی ہوگی فَمَالِـُٔوْنَ مِنْھَا الْبُطُوْنَ پس اپنا پیٹ بھروگے
تم اُس درخت سے بھوک کی شدت مین فَشَارِبُوْنَ پھر پیوگے تم عَلَیْهِ اُس غذا پر مِنَ الْحَمِیْمِ
وہ پانی جو نہایت گرم ہوگا بسبب تشنگی کے۔

مین دھنسا دین پس وہ شہر کا شہر زمین مین دھنسا دیا گیا من مولف ایک شخص کے
عوض مین تمام شہر پر غضب خدا نازل ہو گیا۔

(۱۲۸) حدیث از خصال و عقاب الاعمال خلاصہ یہ ہے کہ فرمایا جناب امیر ع نے
کہ جب کسی شہر پر خدا غضبناک ہوتا ہے اور اُسپر ظاہر عذاب نازل نہین کرتا تو ا
کی ہر چیز گران ہو جاتی ہے عمرین کم ہو جاتی ہین اور تجارتون مین نفعے نہین رہتے پھل کم ہو
ہین دریاؤن مین پانی کم ہو جاتا ہے اور جو بد آدمی ہوتے ہین وہ حاکم ہو جاتے ہین اور
لوگون کی یہ حالت ہو جاتی ہے کہ ان عذابون کو عذاب نہین سمجھتے بلکہ اُن چیزون سے
کثرت سے عادی ہو جاتے ہین اور یہ نہین گمان کرتے ہین کہ یہ بلائین عذاب دینے
لیے نازل کی گئی ہین اسی سبب سے وہ اس سے غافل رہتے ہین کہ خدا سے سو
کرین اور دعا کرین کہ یہ بلائین اٹھا لیجائین اور اس سے زیادہ بدبختی کوئی نہین کہ باوجود
کے غفلت بھی جاری رہے اور وعید الٰہی پورا ہو کہ اُسنے فرمایا ہے وَلَقَدْ اَخَذْنٰ
بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ۝ اور ہمنے اُنکو امراض و مصائب د

(۱۲۹) حدیث فرمایا ائمہ ع نے کہ اہل دوزخ پر ایسی بھوک غالب ہوگی کہ مجبور ہو کے زقوم سے
بھرین گے بعد اسکے تشنگی اُنپر غلبہ کریگی اسوقت حَمِيْم یعنے آب گرم اُنکے سامنے لائینگے بہت
پیوین گے فَشٰرِبُوْنَ پس پئین گے آب گرم شُرْبَ الْهِيْم جسطرح شتر تشنہ پیتا ہے اور
ہے ہیم کی اور ہیم اُس شتر کو کہتے ہین جو مرض ہیام مین مبتلا ہو ہیام بضم ہا ایک مر
مثل استسقا کے کہ اکثر شتر کو عارض ہوتا ہے پس اُس مرض مین کتنا ہی پانی پیے سیراب نہین

(۱۳۰) سورہ رحمٰن مین فرماتا ہے يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ جناب ملا فتح
کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر منہج مین تحریر فرماتے ہین يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا بھیجا جائیگا تم پر کہ
اور گنہگار ہو شُوَاظٌ شعلہ سبز اور خالص جو کبھی منقطع نہ ہوگا مِّنْ نَّارٍ آتش دوزخ کا
قیامت سے دوزخ کی طرف لیجائین گے وَنُحَاسٌ اور سیاہ دھوان کہتے ہین کہ نحاس

فاقہ مین مبتلا کیا تا کہ گریہ و زاری کرین (بہ ندامت یعنی توبہ کرین)۔

(دیا) حدیث از کافی حفص بن بختری سے روایت ہی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ کہا کہ مین نے حج کے جانے سے دیر کی تو جناب امام جعفر صادق ع نے فرمایا کہ تو نے کیون دیر کی تو مین نے کہا کہ مین نے ایک شخص کی ضمانت کر لی ہی حضرت نے فرمایا ضمانت سے کیا غرض کیا تجھکو معلوم نہین کہ تجھ سے پہلے کتنے ہلاک ہو چکے ہین یعنی بہت سے لوگون نے گناہ کیے اور جسوقت وہ ڈرے تو دوسرون نے کہا کہ تمہارے گناہ ہم اپنے ذمہ لیے لیتے ہین پس خدا نے ان دونون گروہون پر عذاب نازل کیا اور یہ فرمایا کہ مجھ سے ڈرتے رہو اور ایسی جرأت نکرو (یعنے نہ خود گناہ کرنیکے اور نہ اپنے ذمہ دوسرونکا وبال لینے کی)

(دیب) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جسوقت بندہ نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہی خدا تعالی بھی اُسکی طرف متوجہ ہوتا ہی اور جبتک وہ تین دفعہ اور طرف توجہ نکرے خدا تعالے اُسکی طرف متوجہ رہتا ہی اور اگر تین دفعہ اور توجہ کی تو خدا تعالی بھی اپنی توجہ اُسکی طرف سے ہٹا لیتا ہی۔

(دیج) حدیث از معانی الاخبار فرمایا جناب امام زین العابدین ع نے کہ جو گناہ نعمتونکو

(و ۱۲) اگر اُنکے سرون پر ڈالا جائیگا مقاتل مین لکھا ہی کہ نحاس کی پانچ نہرین ہین کہ جسمین مس گداختہ بھرا ہی وہ نیچے سے جاری ہونگی اور اُنکی دھار اہل دوزخ کے سرون پر پڑیگی و نہر دین کو جاری ہینگی اور تین نہرین شب کو حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو شخص اعتقاد حق رکھتا ہوگا اور بغیر توبہ کے مرگیا ہوگا برزخ مین معذب ہوگا اُسپر عذاب کیا جائیگا اور جب قیامت مین مبعوث ہوگا تو کوئی گناہ اُسکے ذمہ باقی نرہیگا منہ مولف برزخ کا عذاب کبھی جمیع عذابہاے دنیا سے سخت تر ہی اور قریب قریب عذاب دوزخ کے ہی اور بھی سورہ مذکورہ مین ہی یَطُوفُونَ طواف کرین اور پھرین اہل دوزخ بَیْنَهَا درمیان اُسی دوزخ کے وَبَیْنَ حَمِیمٍ اور درمیان آب گرم کے آنٍ نہایت گرم ہی کہ اُنکے سرون پر گرایا جائیگا یا اُنھین پلایا جائیگا اور کہتے ہین کہ جسوقت دوزخی فریاد کرینگے آتش دوزخ سے تو اُسوقت اُنکی فریاد رسی اسطرح ہوگی کہ آب گرم دوزخ مین انکو ڈالدین گے

زائل کر دیتے ہین وہ یہ ہین توگونیر ظلم کرنا نیکی کرنیکی عادت چھوڑ دینا کفران نعمت کرنا شکر کو ترک کرنا
اور جن گناہونکی وجہ سے مصیبتین نازل ہوتی ہین وہ یہ ہین عمداً نافرمانی خدا کی کرنا لوگونپر زیادتی کرنا
لوگون کی ہنسی کرنا اور مضحکہ کرنا اور وہ گناہ جو رزق کو کم کرتے ہین وہ یہ ہین فقیری کا اظہار کرنا
نماز صبح کے وقت سوتے رہنا نعمتون کو حقیر کرنا خدا کا شکوہ کرنا بغیر پڑھنے نماز عشا کے سو جانا اور
جن گناہون سے بلائین نازل ہوتی ہین وہ یہ ہین دردرسیدہ کی فریادرسی نکرنا مظلوم کی مدد نہ کرنا
امر معروف ونہی از منکر نکرنا اور وہ گناہ جو دشمنون کو زیادہ کرتے ہین یہ ہین ظلم اور فسق و فجور
کرنا حرام چیزونکو حلال جاننا نیک لوگون کا بدلوگون کی متابعت مین احکام خدا سے نافرمان
ہونا اور وہ گناہ جن سے موت جلد آتی ہے قطع رحم کرنا جھوٹی گواہی دینا جھوٹ بولنا زنا کرنا
مسلمانون کا راستہ بند کرنا اور ناحق ادعاے امامت کرنا اور وہ گناہ جن سے مینھ کا برسنا
موقوف ہوتا ہے وہ یہ ہین فیصلون مین حکام کا ظلم کرنا جھوٹی شہادتین زیادہ گذرنا سچی شہادت
کو چھپانا زکوٰۃ نہ دینا اور نہ دینا غریبون کو قرض نہ دینا ہمسایہ کو بوقت ضرورت استعمال کی
چیزین ندینا محتاجون کے ساتھ قساوت قلب کے ساتھ پیش آنا یتیمون اور بیواؤن پر ظلم کرنا
شدت حرارت سے تمام اعضا انکے جدا جدا ہو جائینگے۔
حدیث از تفسیر منہج فرمایا جناب ائمہ نے کہ جسمین پیپ اور لہو دوزخیون کا جمع ہوگا اُسکا دروازہ
اُنکے لیے کھول دینگے اور انھین مع طوق و زنجیر کے جو انکے بدنون مین ہونگے اُس وادی مین کھینچکر لیجائینگے
سب جوڑبند انکے علیحدہ علیحدہ ہو جائین گے پھر خداوند عالم انھین وہانسے نکال کر اعضا کو ملادیگا کہ حالت
اصلی پر آجائین گے اور پھر آتش سوزان سے عذاب کیا جائیگا۔
حدیث از حق الیقین فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ صدید وہ خون و چرک ہے کہ فرج
زناکاران سے جہنم مین جاری ہوتا ہے فرمایا جناب رسولخدا و جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ جسوقت
صدید دوزخیون کے پلانیکے لیے اُنکے روبرو لایا جائیگا تو اُسکی گرمی سے منہ اُنکے بریان ہو جائینگے
اور پوست سر اور مُنھ کا گر پڑیگا اور جسوقت دوزخی اُسکو پینگے جمیع اعضا اُنکے پارہ پارہ ہو جائینگے اور دبر

(۹۴) حدیث از معانی الاخبار فرمایا جناب ائمہؑ نے کہ وہ گناہ جن سے دعا رد کر دی جاتی ہو وہ یہ ہین بدنیتی خبث باطن برادران ایمانی کے ساتھ نفاق سچی بات کی تصدیق نکرنا نماز واجبہ کو اتنا تاخیر کرنا کہ اسکا وقت فضیلت ہی جاتا رہے صدقہ دینے اور احسان کرنے مین قربت کی نیت نکرنا باتون مین فحش بکنا۔

(۹۵) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ جو شخص بغیر عذر شرعی کے تین جمعے ترک کردیگا (یعنی نماز جمعہ) خداتعالی اُسکے دل پر مُہر کر دیگا اور جو شخص بے عذر شرعی کے ماہ رمضان المبارک مین ایک روزہ ضایع کریگا ایمان اُسکے دل سے خارج ہو جائیگا

(۹۶) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو مومن کسی دنیوی بادشاہ کے ملازم کے سامنے یا دین مین جو اسکا مخالف ہو اسکے سامنے اس نیت سے گڑگڑائے کہ جو کچھ اُسکے اختیار مین ہی اُسمین سے کچھ اُسکو ملجائے تو خداتعالی اُسکو ذلیل کریگا اور اگر کچھ اُسکے ہاتھ بھی آگیا تو برکت اپنی اُس سے اُٹھا لیگا۔

کی جانب سے نکل جائیگا۔

(۷) حدیث ایضاً علی ابن ابراہیم نے بسند صحیح جناب امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ جو بروایت جناب رسولخداؐ کے جبرئیلؑ نے عرض کیا کہ عرق اہل جہنم اور چرک و ریم فرجہائے زناکاران کا کہ جو بالعوض آب کے اہل جہنم کو پلایا جاتا ہی اُسمین کا ایک قطرہ آبہائے دنیا پر ڈالا جائے تو جمیع اہل دنیا اُسکی بدبو سے مرجائین اور اگر ایک حلقہ اُس زنجیر کا کہ جو اہل جہنم کے گردنون مین ڈالی جاتی ہی دنیا مین رکھا جائے تو اُسکی گرمی سے تمام دنیا مرجائے اور اگر ایک لباس لباسہائے اہل دوزخ سے درمیان زمین و آسمان کے لٹکایا جائے تو تمام اہل دنیا اُسکی بدبو سے ہلاک ہو جائین۔

(۸) حدیث ایضاً فرمایا ائمہؑ نے کہ جہنم مین ایک وادی ہی نام اُسکا غسّاق ہی کہ اُسمین

(ﻳﺰ) حدیث از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جسوقت کوئی شخص گناہ کرتا ہی تو اُسکے دل مین ایک نکتہ سیاہ پیدا ہو جاتا ہی پھر اگر اُسنے توبہ کی تو وہ محو ہو جاتا ہی اور اگر زیادہ گناہ کرتا رہا تو وہ نکتہ بھی بڑھتا چلا آتا ہی یہانتک کہ وہ ایسا غالب آجاتا ہی کہ پھر کبھی فلاح نہین پاتا۔

(یح) حدیث از کافی فرمایا جناب امام محمد باقر ع نے کہ ہر بندہ کے دل مین ایک سفید نکتہ موجود ہوتا ہی جب وہ گناہ کرتا ہی تو اُسمین ایک سیاہ نکتہ اور پیدا ہو جاتا ہی پھر اگر توبہ کرلے تو وہ سیاہی جاتی رہتی ہی اور اگر گناہ زیادہ کرتا گیا تو بسبب اُن گناہون کے وہ سیاہی بڑھتی جاتی ہی یہانتک کہ سفیدی کو ڈھانپ لیتی ہی اور جسوقت اُس سفیدی کو ڈھانپ لیا تو پھر نیکی اُس سے ہرگز نہین ہوتی اور یہ خدا کے اس قول سے ثابت ہی كَلَّا بَلْ رَانَ عَلَىٰ قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ یعنی ایسا نہین ہی بلکہ جو افعال (بد) وہ کیا کرتے اُنکے دلونپر غالب آگئے۔

(ﻳﻂ) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ بندہ جسقدر بادشاہ

۱؎ اُمین سوتیس قصر ہین اور ہر قصر مین تین سوتیس گھر ہین اور ہر گھر مین چالیس زاویہ ہین اور ہر زاویہ مین ایک سانپ ہی اور ہر سانپ کے شکم مین تین سوتیس بچھو ہین اور بچھو کے ڈھنگ مین تین سوتینتیس تیلو زہر کے ہین اگر اُن بچھوؤن مین سے ایک بچھو زہر اپنا جمیع اہل دنیا پر گرادے تو اُنکی ہلاکت کے لیے کافی ہی۔

(۹) حدیث ایضًا علی بن ابراہیم نے بسند صحیح جناب امام جعفر صادق ع سے روایت کی ہی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ شب معراج مین جب مین نے ملائکہ کو دیکھا تو ایک ملک کے دیکھنے سے مجھکو خوف معلوم ہوا مین نے جبرئیل ع سے پوچھا کہ یہ فرشتہ کون ہی جبرئیل نے کہ یہ مالک خازن جہنم ہی ہم سب فرشتے بھی اس سے ڈرتے ہین یہ فرشتہ ابتک نہین ہنسا ہی اور جسدن سے باریتعالی نے اُسکو والی جہنم کا کیا ہی دشمنان خدا اور اہل معصیت پر اُسکا

...قربت حاصل کریگا اسیقدر خدا سے دوری ہوجائیگی۔

(۲۱) حدیث از من لا یحضرہ الفقیہ جناب رسولخداؐ سے ایک عورت نے عرض کیا کہ میرا شوہر بہت سخت مزاج ہی لہذا مین نے ٹوٹکہ اُسکے لیے اسوجہ سے کیا کہ وہ مجھ پر مہربان ہوجائے کہ وہ مہربان بھی ہوگیا آنحضرتؐ نے فرمایا کہ تونے تمام عالم کو مکدر کردیا اور تمام ملائکہ زمین و آسمان تجھ پر لعنت کرتے ہین۔

(۲۲) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جب علم ظاہر کیا جائیگا یعنے یظاہر کیا جائیگا کہ ہمکو علم دین حاصل ہی اور عمل اُسپر نہوگا اور زبانی باہم لوگون کی اتفاق ہوگا اور دلون مین پھوٹ ہوگی اور قطع رحم کیا جائیگا اسوقت یہ وعید پوری ہوگی لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰی اَبْصَارَهُمْ یعنی خدا کی لعنت ہوگی اُنکے کان بہرے کردیگا اور آنکھین اندھی کردیگا۔

(۲۳) حدیث از کافی فرمایا ائمہؑ نے کہ جو شخص اپنے برادر مسلم کو گالی دے تو خدا تعالے اُس سے اُسکے رزق کی برکت اُٹھا لیتا ہی اور اُسکو اُسیکی حالت پر چھوڑ دیتا ہی اور اُس کی ...اسکا غضب اور غصہ زیادہ ہوتا ہی پس مین نے مالک جہنم پر سلام کیا اُسنے جواب سلام دیا اور بشارت بہشت کی مجھکو دی۔ مؤلف احادیث سے ثابت ہی کہ باریتعالی نے آتش جہنم مین ایسی تاثیر دی ہی ...خازنان جہنم کو اُس سے لذت و آسائش ملتی ہی اور دوزخیون کے لیے وہ آتش عذاب ہی یعنی جلاتی ہی

(۲۴) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ آتش جہنم واسطے دوزخیون کے عذاب ہی و خازنان جہنم پر رحمت ہی یعنے ملائکہ خازنان جہنم اُس سے لذت پاتے ہین اور اُنکو وہ آگ نہین جلاتی ہی

(۲۵) حدیث جناب محمد بن یعقوب کلینی و جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے بسند صحیح روایت ...فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ واسطے متکبران کے ایک وادی ہی کہ اُسکو سقر کہتے ہین اور ...متکبرین کی ہی پس اُس نے اپنی شدت حرارت کی خدا سے شکایت کی اور عرض کیا کہ اگر حکم ہو تو ...ایک نفس کھینچون حکم باریتعالی کا ہوا پس اُسنے ایک نفس کھینچا جمیع اہل جہنم جل گئے۔

آمدنی کے وسائل کو خراب کردیتا ہی۔

(کج[23]) حدیث از دار السلام فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو کوئی مسلم کو فریب دیگا خدا تعالیٰ اُسکے رزق کی برکت کو اُٹھالیگا اور اُسکو اسی کی حالت پر چھوڑ دیگا۔

(کد[24]) حدیث از تفسیر منہج عبادہ بن صامت نے جناب رسولخداؐ سے روایت کی ہی کہ تم چھ چیزون کی مجھکو ضمانت دو تا کہ مین تمھارے لیے بہشت کا ضامن ہون اوّل جب کوئی بات کہو سچ کہو دوئم جب وعدہ کرو کسی سے وفا کرو سوئم جب امانت تمھارے پاس رکھین جب مانگین دیدو چہارم خاص اپنے جسم باطنی کی حفاظت کرو حرام سے پنجم اپنی آنکھون کو حرام سے باز رکھو ششم اپنے ہاتھ کو لقمہ حرام سے کھینچا رکھو یعنے کسب ورزق حرام سے تا مین بہشت کا تمھارے لیے ضامن ہون۔

(کہ[25]) حدیث از محاسن فرمایا جناب رسولخداؐ نے بدرستیکہ جو شخص قصد کرتا ہی گناہ کا رہتا ہی اپنی روزی سے من مؤلف اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ ارادہ گناہ کا روزی سے محروم ہونے کا ہوتا ہی اور ان لوگون کی کیا کیفیت ہوگی کہ جو عمداً مرتکب

(۱۲[1]) حدیث جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے جناب امام محمد باقرؑ سے بسند صحیح روایت کی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ جہنم مین ایک پہاڑ ہی کہ اُسکو صعد کہتے ہین اور صعد مین وادی ہی کہ اُسکو سقر کہتے ہین اور سقر مین ایک چاہ ہی کہ اُسکو ہب ہب کہتے ہین جسوقت پردہ سے اُٹھاتے ہین اُس چاہ کی گرمی سے اہل جہنم فریاد کرتے ہین یہ چاہ جگہ جباران وظالمان اور ظالم کی ہی من مؤلف احادیث سے ثابت ہی کہ جمیع اہل معاصی پر ایکسان عذاب جیسے اُنکے اعمال بد ہونگے ویسا ہی اُنپر عذاب کیا جائیگا اسیطرح جمیع کفار اُنپر بھی یکسان نہوگا اگر اُنکے اعمال نیک ہین تو بسبب اُن اعمال نیک کے تخفیف عذاب مین ہو جائیگی اُنمین سے کسیکا کوئی عمل نیک ایسا ہی کہ جسکی وجہ سے عذاب آتش دوزخ سے رہا کردیا پس ضرور عذاب آتش دوزخ سے محفوظ کردیا جائے گا چنانچہ۔

کے ہوتے رہتے ہین -

(۱۰) حدیث جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ جو لوگ بسبب اپنے گناہون کے مرتے ہین اُنکی تعداد زیادہ ہی اُن لوگون سے کہ جو اپنی موت سے مرتے ہین اور جو زندہ رہتے ہین بسبب نیکی کے اُنکی تعداد زیادہ ہی اُن لوگون سے جو بسبب اپنی عمر کے زندہ رہتے ہین -

(۱۱) حدیث از محاسن فرمایا جناب رسولخدا ؐ نے کہ گناہ کا اثر زیادہ تر ہی چھری کے اثر سے کہ جو گوشت پر اُسکا ہوتا ہی من مولف گناہ ایک ایسی چیز ہی کہ یہ عمل نیک پر ایسا غالب ہی کہ جسطرح چھری گوشت پر یعنی جسطرح چھری گوشت کو پارہ پارہ کردیتی ہی اسی طرح گناہ عمل نیک کو حبط کر دیتا ہی -

(۱۲) حدیث از امالی جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ فرمایا جناب رسولخدا ؐ نے کہ خوف کرو ہر شب و روز سطوتہائے خدا سے راوی نے عرض کیا کہ سطوت خدا کیا ہی فرمایا کہ مواخذہ کرنا گناہون پر -

(۱۳) حدیث ہی محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ نے بسند صحیح جناب امام محمد باقر ؑ سے روایت کی ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ ایک مومن مملکت بادشاہ جبار سے بسبب خوف ظلم و آزار کے بلاد مشرکین مین گیا ایک مشرک نے اُس مومن کو جگہ دی اور اُسکی خاطر و مدارات کی اور ضیافت کی جب وقت مرگ اُس مشرک کا ہوا تو خداتعالی نے اُسپر وحی کی کہ قسم ہی مجھکو اپنے عزت و جلال کی کہ اگر تجھکو بہشت مین کوئی جگہ ہوتی تو بہشت مین ساکن کرتا لیکن بہشت حرام ہی اُسپر کہ جو بحالت شرک مر جائے لیکن آتش دوزخ کے لیے حکم دیدیا گیا ہی کہ وہ تیری جگہ سے دور ہو جاے اور تجھکو آزار نہ پہونچائے یعنی کسیطرح کا عذاب تجھپر نکرے (لیکن تجھکو ڈراوے) اور روزی اُسکے لیے صبح و شام ہو جاتی جائے راوی نے کہا کہ بہشت سے فرمایا کہ جسجگہ سے خدا چاہے من مؤلف اس حدیث سے ثابت ہوا کہ جو غذا اہل جہنم کی ہی خداتعالی نے اُس مشرک کو اُس غذا سے

(کط) حدیث از علل الشرائع فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے کہ خشک نہین ہوتا ہی آنسو
مگر بسبب سختی اور قساوت قلب کے اور دل سخت نہین ہوتے ہین مگر بوجہ معاصی کے

(ل ۳۰) حدیث از کلمہ طیبہ فرمایا امام علیہ السلام نے کہ دورترین مردم ہین خدا سے صاحب سخت

(لا) حدیث از کلمہ طیبہ فرمایا جناب امام زین العابدین علیہ السلام نے کہ سخت دلی فقرا و مساکین
پر باعث حبس باران ہی۔

(لب ۳۲) حدیث از عدة الداعی فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ خدا نے وحی کی جناب داؤد
کہ جو بندہ گناہ کو عمداً کرے پس بسبب اُسکے مین اسپر عقوبتین باطنیہ کرونگا کہ کمتر انمین
سے یہ ہی کہ مین اُسکے دل سے حلاوت اپنے ذکر کی اُٹھا لیتا ہون من مؤلف
حلاوت ذکر خدا کا چلا جانا سخت تر سزا ہی

(لج ۳۳) حدیث از عدة الداعی فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے بدرستیکہ جسوقت بندہ مرتکب
گناہ کا ہوتا ہی پس فراموش کرتا ہی اُس علم کو کہ جسکو اُسنے سیکھا تھا۔

(لد ۳۴) حدیث از امالی جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ فرمایا جناب امام محمد باقر

۱۳۶ محفوظ رکھا دوسری جگہ سے اُس مشرک کو مدد نہ پہونچانیکا حکم دیا گیا۔

(۱۴۱) حدیث سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے کتاب زہد النبی مین روایت کی ہی خلاصہ اسکا یہ ہی کہ
جناب امیر نے کہ فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ قسم خدا کی اگر ایک قطرہ زقوم کا کوہہاے دنیا پر گرے تو
وہ سب طبقہ ہفتم تک چلے جائین اور طاقت ایک قطرہ کی اٹھانیکی نہ لاسکین پس کیونکر ہوگا حال اُن
لوگون کا کہ جنکا طعام زقوم کا ہوگا اور قسم خدا کی کہ اگر قطرہ غسلین کا کوہہاے زمین پر گرے تو وہ
نہین اُٹھا سکتے تحقیق کہ طبقہ زمین ہفتم تک نیچے چلے جائین پس کیسا ہوگا حال اُن لوگون کا کہ
آب کے غسلین ہوئین گے اور قسم خدا کی اگر ایک گرز کو پہاے زمین پر رکھا جاے تحقیق کہ وہ
ہفتم تک نیچے چلے جائین اور طاقت اُسکے اُٹھانیکی نہ لاسکین پس کیا ہوگا حال اُن لوگون
جنکو اُنسے مارا جائیگا جہنم مین۔

…یسی سال باران دوسرے سال سے کم نہین ہوتی لیکن خدا جہان چاہتا ہو دیتا ہو جبکہ
جب کوئی قوم معصیت کرتی ہو تو خداوند عالم اُس باران کو جو مقدر فرمایا ہو پھیر دیتا ہو صحرا
اور دریا و پہاڑون کی طرف ہر آئینہ خدا تعالی عذاب کرتا ہو جُعل اُس کیڑے کو کہتے
ہین کہ جو سرگین مین پیدا ہوتا ہو اُسکے سوراخ مین حبس باران سے بسبب اُن لوگون کے
معاصی کے کہ جنکے نزدیک وہ رہتا ہو اسلیئے کہ اہل معاصی سے کیون کنارہ نہ کیا اور کیون
زمین عاصیان سے علیحدہ نہ ہوا کہ وہ محل ترقب نزول عذاب ہو آسمان سے پس کنارہ نکرنا
اہل معاصی سے خود ایک جرم ہو کہ شریک کرتا ہو اُس شخص کو اُس جماعت کے ساتھ پس
حضرت نے فرمایا کہ عبرت کرو اے صاحبان بصیرت پھر فرمایا کہ مین نے دیکھا کتاب جناب امیر
مین کہ فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ جسوقت وزن مین وقت تولنے کے کمی کیجائیگی تو خدا تعالی
نازل کریگا اُنپر قہر اور نقص اموال اور جسوقت زکوۃ نہ دینگے تو منع کریگی زمین اپنی برکتون کو
زراعت و میوہ و معدن سے اور جسوقت حکم جور کا کرینگے اور اعانت کرینگے ایک دوسرے
کی ظلم پر اور توڑینگے عہد و پیمان کو تو خدا تعالی مسلط کریگا اُنپر اُنکے دشمنون کو اور جسوقت

(۱۵) حدیث از حق الیقین خلاصہ اُسکا یہ ہو کہ کافرونکو جامہاے آتش پہنائے جائینگے
اور وہ جلے پس گداختہ کے ہونگے مثل آتش کے اور اُنکے سرون پر پانی کھولتا ہوا ڈالا جائیگا
اور … گرزہاے آتشین لگائے جائینگے اور فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ چند گرز اُنکے سر و دہن
پر مارے جائینگے کہ اگر ایک گرز اُنمین سے زمین پر مارا جاے جن و انس اُسکی برداشت نہین کر سکینگے
(۱۶) حدیث ایضا خلاصہ اُسکا یہ ہو کہ فرمایا جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ اہل جہنم آگ مین فریاد
کرتے ہین مانند کتون اور بھیڑیون کے اور اہل جہنم درمیان آگ کے پیاسے اور بھوکے رہتے
… اندھے اور بہرے اور گونگے ہوتے ہین اور چہرے اُنکے سیاہ ہوتے ہین فرشتہاے دوزخ اُنپر
رحم نہین کرتے اور اُنپر عذاب مین تخفیف نہین کرتے اُنکے لیے آگ ہر دم تیز کرتے ہین اور
حمیم بالعوض پانی کے پلاتے ہین اور زقوم بجاے طعام کے دیتے ہین اور آگ سے کیے

قطع رحم کرینگے تو مال بُرے لوگون مین جائیگا اور جسوقت امر معروف و نہی از منکر نکرینگے اور
پیروی نکرینگے ہمارے نیکان اہلبیت کی مسلط کریگا خداتعالیٰ اُنپر بُرے آدمیون کو پس
اسوقت جو دعا کرینگے اور نیک عمل کرینگے مستجاب نہ ہوگا۔

(۳۵) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بن
مریم کا سیاحت مین ایک قریہ کی جانب گذر ہوا وہان کے سب لوگون کو گھرون مین اور
راستون مین مردہ پایا حضرت نے فرمایا کہ یہ لوگ غضب الٰہی سے مر گئے ہین اگر دوسرے
طور سے مرے ہوتے تو ایک دوسرے کو دفن کر دیتے اصحاب نے عرض کی کہ ہم جانتے
ہین کہ اس راز سے مطلع ہون اور انسے آپ دریافت فرمائین پس جناب عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا
کہ ای اہل قریہ اُسمین سے ایک شخص نے جواب دیا لَبَّیْكَ یا روح اللہ فرمایا تمہارا کیا
قصہ ہے عرض کیا کہ ہمنے صبح کی عافیت مین اور شب بسر کی ہمنے ہاویہ مین فرمایا ہاویہ کیا
چیز ہے کہا ایک دریا ہے آگ کا کہ پہاڑ آتش کے اُسمین ہین فرمایا کہ کس چیز نے اُسمین پہونچایا
کہا حُبّ دنیا اور بندگی پیشوایان گمراہ نے فرمایا کہانتک پہونچی تھی حب دنیا کہا جسطرح

(۳۴) ظالمون سے اُنکے اجسام کو شگافتہ کرتے ہین اور آگ کے گرز اُنکے سر و نپر مارتے ہین کوئی دعا ان کی
مستجاب نہین ہوتی اگر کوئی حاجت طلب کرتے ہین تو وہ نہین برلائی جاتی ہین مؤلف جسطرح اہل بہشت
کو موت کبھی نہ آئیگی اسیطرح باوجود اس سختی عذاب کے دوزخیون کو موت نہین آئیگی ہمیشہ زندہ رہینگے
(۱۷) ہین مولف جسطرح سب بہشت ایکسان نہین ہین یعنے جنت عدن اور جنت فردوس
وغیرہ وغیرہ باعتبار اپنی عزت اور منزلت کے جدا گانہ ہین پس اسیطرح جہنم بھی ایکسان نہین ہے
جہنم مین بھی مکانات وغیرہ علحدہ علحدہ ہین جیسا گناہ ہوگا ویسے ہی مقام پر معذب کیا جائیگا اور سطح
شرکین وغیرہ کی کیفیت ہے کہ سب پر ایکسان عذاب نہ ہوگا باعتبار اُنکے اعمال خیر کے عذاب مین
تخفیف ہوگی کہ جیسا حدیث نمبر (۱۳) فصل ہذا سے ثابت ہے اور بھی احادیث اسکی اسے
سوا مین اگر کیفیت جہنم کے کل احادیث لکھے جائین اور صراحت کیجائے تو حاشیہ کتاب ہذا کا اُنکی

بت چھوٹے بچے تو اپنی ماں کے [illegible] ہی [illegible]

پیشوا لیتی ہی محزون ہوتا ہی فرمایا کہ کہاں تک پہونچی تھی بندگی تمھاری پیشوایان گمراہ سے

کہا جس امر کا حکم دیتے تھے ہم اُنکی اطاعت کرتے تھے فرمایا کہ ان سب مین سے تو نے

کیون جواب دیا کہا کہ اُن سب کے گلا مین آگ کی لگادی گئی ہین اور حالانکہ عذاب اُنپر موکل

ہین اور مین درمیان مین اُنکے شل اُنکے تھا لیکن جب عذاب نازل ہوا مجھے بھی لے لیا

بس مین ایک درخت مین (اور بعض احادیث مین ہی) کہ ایک بال مین لٹکا ہوا ہون اور

خوف گر پڑنے کا مجھکو ہوتا ہی حضرت نے فرمایا کہ مزبلہ پہ سونا اور جو کی روٹی کھانا صلاح

دین کے لیے بہتر ہی۔

(۲۹) حدیث از کتاب خصال جناب امیر نے فرمایا کہ جسوقت خدا تعالی غضب نازل

کرتا ہی کسی شہر یا امت پر اور نہین نازل کرتا ہی اُنپر عذاب کو یعنی عذاب استیصال کو بس

گران ہوتے ہین اُنپر نرخ اور کوتاہ ہوتی ہین اُنکی عمرین اور اُنکے کسب مین نفع نہین ہوتا ہی

اور اُنکے درختون کے میوہ اچھے نہین ہوتے ہین اور اُنکی نہرین جاری نہین ہوتی ہین اور

(۳۰) تحریر کی گنجایش نہین رکھتا خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ جہنم وہ جگہ ہی اور اُسمین وہ عذاب ہی کہ جو کسی نے کان

سے نہ سنا ہوگا اور خیال مین نہ آیا ہوگا جسطرح بہشت کی نعمتون اور اُسکی آسایش کا کوئی شخص

احصا نہین کرسکتا اسی طرح دوزخ کے عذاب کا بھی کسی سے احصا نہین ہو سکتا۔

فَصْلُ اِکْیْسُوِیْنْ کَیْفِیَّتِ اَعْرَافْ مِیْن

(۱) اور بیان سورۂ اعراف مین ۱۱ مین اور رکوع ۱۴ و ۵ کے فرماتا ہی وَنَادیٰ اَصْحَابُ الْاَعْرَافِ

رِجَالًا یَعْرِفُوْنَهُمْ بِسِیْمَاهُمْ اور پکارین گے رہنے والے اعراف کے مردون کو کہ جانتے ہین

اُنکو اُنکے چہرون سے یعنے اہل بہشت کی پیشانی و چہرے منور ہونگے اور دوزخی سیاہ رو ہونگے۔

(۲) حدیث از حق الیقین خلاصہ اسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امیر نے کہ مابین بہشت و دوزخ کے

اُنپر حبس باران ہوتا ہی اور اُنپر اشرار مسلط ہوتے ہین۔

دلتز (۳۷) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب رسول خداؐ نے کہ جسوقت پانچ چیزین ظاہر او
شایع ہون تو اُسوقت خدا سے پناہ طلب کرو اوّل زنا اور خونریزی کہ آشکارا کرین
پس ظاہر ہو انمین طاعون اور ایسے درد کہ اُنسے قبل نہ تھے دوم کم نہین کرتے ہین
وزن ترازو کو مگر یہ کہ لیے جاتے ہین قحط اور سختی مخارج اور جور سلطان مین سوم منع نہین
کیجاتی ہی زکوٰۃ مگر یہ کہ نہین برستا ہی باران آسمان سے اور اگر نہ ہوتے بہائم تو نہ برستا
پانی اُنپر چہارم نہین توڑتے عہد خدا و رسولؐ کو مگر یہ کہ مسلط کرتا ہی خدا اُنپر اُنکے دشمنونکو
پنجم جو کچھ کہ وہ احکام خدا جانتے ہین بنابر اُسکے حکم نہین کرتے پس اللہ تعالیٰ اُنپر دنیا مین
عذاب اختلاف کو نازل کرتا ہی یعنے اُنمین لڑائی و جھگڑے کو خدا قرار دیتا ہی اور فرمایا کہ جب
نہ سنین سوال کو سائل کے میری امت سے اور قبول نکرین اُنکے سوال کو اور نخوت سے
چلین پس قسم کھائی خدا نے اپنے عزت و جلال کی کہ ہر آئینہ عذاب کرونگا مین انپر انھین ...
دلیح (۳۸) حدیث از کتاب جعفریات جناب امیرؑ نے فرمایا کہ ایک شب بنی اسمٰعیل ...

---

(۱) ایک حجاب ہوگا کہتے ہین کہ وہ اعراف ہی ایک حصار ہی مابین بہشت و دوزخ کے۔

(۳) جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ معنی اعراف مین مفسران نے اختلاف کیا ہی الا ...
یہ ہی کہ اعراف ایک حصار ہی درمیان بہشت اور جہنم کے اور اُسمین دروازے رحمت کے ہین جو در...
رحمت کے ہین وہ بجانب بہشت ہین اور جو دروازے عذاب کے ہین وہ دوزخ کی جانب ہین
یہ ہی قول جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ کا ہی چنانچہ رسالہ عقائد مین تحریر فرماتے ہین کہ اعتقاد ہمارا
دربارہ اعراف کے یہ ہی کہ ایک حصار درمیان بہشت و دوزخ کے۔

(۴) جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جو لوگ اعراف مین ہونگے انمین اختلاف
کیا گیا ہی بعضون نے کہا ہی کہ یہ وہ گروہ ہی کہ حسنات اور سیئات انکے برابر ہون حسنات انکے
جہنم مین جانے سے اور گناہ انکے بہشت مین جانے سے مانع ہین پس یہ گروہ اعراف مین

[illegible]

[حرا]م اور وہ صراف کہ جو سود کھاتے تھے۔

حدیث از کافی فرمایا جناب رسولخدا نے کہ کوئی چیز خراب اور تباہ کنندہ قلب [...]کے گناہون سے زیادہ تر نہین ہے بدرستیکہ مابین قلب اور گناہ کے جدال ہوتا ہے یہانتک کہ [گ]ناہ قلب پر غالب آجاتا ہے اور کشور دل زیر و زبر ہو جاتا ہے اور اسطرح سرنگون ہو جاتا ہے کہ [پھر ا]سمین حق کے قرار لینے کی جگہ نہین رہتی اور فرمایا کہ ہر بندہ کے قلب مین ایک نکتہ سفیدی [ہے] پس جب گناہ کرتا ہے تو سیاہی اُسپر آجاتی ہے اگر توبہ کی تو سیاہی دفع ہو جاتی ہے اور اگر گناہون پر اصرار رہا تو اسقدر سیاہی پھیل جاتی ہے کہ سفیدی پر غالب آجاتی ہے اور جب سفیدی چھپگئی تو انسان خیر کی جانب مائل نہین ہوتا اور فرمایا کہ چار چیزین دلکو فاسد کرتی ہین اور نفاق دل مین پیدا کرتی ہین جسطرح درخت کو پانی اُگاتا ہے اوّل سننا لہو و لعب یعنی غنا و آلات لہو [...]ب کا دوم گالی دینا سوم خانہ سلطانی مین جانا چہارم شکار کرنا۔

حدیث از امالی جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ جناب امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جسوقت

[...]ہونگے اسوقت تک کہ جب تک باریتعالی اُنکی نسبت بہشت مین داخل کرنیکا حکم فرمائے یہ جماعت فساق شیعہ [...]کہ جنکے حسنات اور سیئات برابر ہین (اور اگر سیئات زیادہ ہین اور قابل سزائے جہنم کے ہین تو جہنم مین [داخ]ل کیے جائین گے) اور اعراف مین ایک جماعت مستضعفین اہلسنت کی ہوگی کہ بہت اُنمین سے [ب]شفاعت جناب رسولخدا و اہلبیت رسولخدا کے داخل ہونگے اور باقی ہمیشہ اعراف مین رہین گے ([مست]ضعفین اہلسنت سے مراد وہ لوگ ہین کہ جو حق کو نہین پہچانتے نہ کسی مذہب سے عداوت [رکھ]تے ہین اور نہ کسی شخص سے محبت رکھتے ہین)

[...] کیفیت اعراف مین احادیث بہت ہین خلاصہ اُنکا یہ ہے کہ اعراف مابین بہشت و دوزخ کے [...] ایک مقام ہے اور اُسمین دروازے بہشت کی جانب اور دوزخ کی جانب ہین جو دروازے بہشت کی جانب [ہین اُ]نکے ذریعہ سے اعراف والون کو آسائش اور جو دروازے جہنم کی جانب ہین اُنکے ذریعہ سے تکلیف ہوتی ہے

قاضی جھوٹ ملکہین حبس باران ہوتا ہی اور جب بادشاہ ستم کرے دولت ضعیف ہوتی ہی اور جب زکوٰۃ حبس ہوگی چارپایے فوت ہونگے من مؤلف قاضی سے مراد لقب قاضی نہین بلکہ وہ حاکم کہ جو فیصلہ مقدمات کا کرتے ہین اور حکومت اسلام مین جو فیصلہ مقدمات کا کیا کرتے تھے اُنکو قاضی کہتے تھے۔

(مٰا) حدیث از کافی فرمایا جناب امیرؑ نے بدرستیکہ خدا نے حکم حتمی فرمایا ہی کہ کوئی نعمت نہدی بندہ کو کہ اُس سے پھیر لی تا اینکہ گناہ تازہ کرے کہ مستحق ہوتا ہی اُسکے سبب سے زوال نعمت کا۔

(مٰب) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام رضاؑ نے کہ جسوقت بندے تازہ گناہ کرتے ہین کہ جو پہلے نہین کرتے تھے خدا بھی اُنکے لیے بلاؤن کو تازہ کرتا ہی کہ جن سے پہلے سے واقف نہ تھے۔

(مٰج) حدیث از کافی فرمایا جناب امام علی نقیؑ نے کہ خداوند عالم نے بعض مقامات زمین کو قرار دیا ہی کہ اُنکے نام مرحومات سے رکھے گئے ہین دوست رکھتا ہی خدا تعالیٰ

١٦٢

فَصلُ بائیسوین سکراتِ موت مین

(١) حدیث جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امیرؑ نے جو شخص اہل طاعت ہی قبض روح اسکی ملائکہ رحمت کرتے ہین اور جو شخص اہل معصیت سے ہی ملائکہ عذاب قبض روح اُسکی کرتے ہین اور ملک الموت کے نزدیک چند ملائکہ رحمت و غضب کہ وہ ملائکہ بحکم ملک الموت کے عمل کرتے ہین۔

(٢) حدیث جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ وقت وفات مومن کے دو فرشتے خدا تعالیٰ اُسکے پاس بھیجتا ہی ایک منسیہ اور دوسرا مسخیہ پس منسیہ اہل و مال کو اُسکے دل سے فراموش کرتا ہی اور مسخیہ اسکو جو المرد اور راضی کرتا ہی جان

مقامات کو کہ وہان جو دعا کیجاے قبول فرماتا ہی اور بعض مقامات زمین کے مقامات نا
پسندیدہ ہین پس جسوقت حاصل کیا کسی نے کوئی مال غیر حلال مسلط کرتا ہی ایک شخص کو
زمین سے کہ خرچ کرتا ہی اُس بقعہ مین مؤلف احادیث سے ثابت ہی کہ اُس
زمین کو جہان معصیت کیجاتی ہی ملائکہ کو اُس جگہ سے نفرت ہوتی ہی اور خیر و برکت وہانسے
دور ہوجاتی ہی اور رحمت خدا زمین سے منقطع ہوجاتی ہی اور اُس زمین سے شیاطین
کو اُنس ہوتا ہی اور وہ زمین لعنت اور عذاب خدا سے نزدیک تر ہوتی ہی اور غور کرنیسے
معلوم ہوتا ہی کہ جہان پر آمد و شد بنی آدم کی زیادہ ہوتی ہی وہان گناہ بھی زیادہ ہوتے
ہین اسی سبب سے شارع علیہم السلام نے عبادت کے لیے مخصوص جگہ مثل مساجد
اور مشاہد وغیرہ کے مقرر فرمائی ہی اسیوجہ سے احادیث مین تاکید ہی کہ جو شخص اپنے
گھر مین کوئی جگہ منزلہ مسجد کے رکھتا ہو وہان عبادت کرے اور دوسرے کام اپنے
اور جگہ انجام دیوے اسی سبب سے یہ حکم دیا گیا ہی کہ گھر مین ایک حجرہ واسطے عبادت
کے رکھے اور اخبارات سے ثابت ہی کہ جناب ائمہ معصومین علیہم السلام اور اصحاب

...تے ہین اور جسوقت فرشتہ قبض روح کرنیکے لیے آتا ہی اُس سے کہتا ہی کہ اے دوست خدا جزع
...ت کر قسم خدا کی مین تیرے باپ سے تجھ پر مہربان تر اور مشفق تر ہون آنکھین اپنی کھول
...ب وہ مومن جناب رسولخداؐ و جناب امیرؑ و جناب فاطمہؑ و جناب امام حسنؑ و جناب امام حسینؑ کو
...اور دیگر اماموں کو دیکھتا ہی پس قبض روح نہایت آسانی سے ہوتی ہی اور بعد قبض روح کے
...مومن ہمراہ محمد و آل محمد کے داخل بہشت ہوتا ہی من مؤلف یہ درجہ خاص مومن کا ہی اور
...مومن سے مراد وہ شخص ہی کہ پیرو احکام خدا اور احکام ائمہ کا ہو یعنے جمیع معاصی سے پرہیز کیا ہو
...اطاعت خدا اور خوشنودی خدا مین عمر بسر کی ہو۔

(...) حدیث ایضاً حدیث معتبر مین وارد ہی کہ وقت نزع مومن کے جناب رسولخداؐ و جناب...
...تشریف لاتے ہین اور اُسکو بشارت دیتے ہین بہشت کی۔

خالص آنجناب کا صحرا مین جاکر عبادت کرنا اسی سبب سے تھا کہ مکان پاک از گناہ ملے کیونکہ آبادی شہر یا قریہ کے اندر ایسے مکان کا ملنا دشوار ہی پس اب غور کرنا چاہیے کہ معصیت کی وجہ سے جب زمین کی ایسی حالت ہی کہ وہ جگہ خیر و برکت و رحمت خدا سے دور ہو کر لعنت اور قہر و غضب الٰہی سے نزدیک تر ہو جاتی ہی تو اُن اجسام اور قلوب اور روح کی کیا حالت ہوگی کہ جو مرتکب معصیت کے ہوتے ہین اور جسطرح حرام ہی بیٹھنا اُس خوان طعام پر جہان شراب یا مثل شراب کے کوئی چیز حرام پیتے کھاتے ہون اسیطرح حرام ہی اُس جگہ بیٹھنا کہ جہان معصیت کیجاتی ہی اور اسی سبب احادیث مین تاکید ہی کہ جو لوگ معصیت کرتے ہین اُنسے دوری اختیار رکھے بخیال خوف نزول قہر و غضب الٰہی کے کہ کہین یہ بھی اُس غضب مین نہ لے لیا جاوے۔

(۱۴۳) حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ کتاب جناب علی مین ہی کہ تین گناہ ایسے ہین کہ جنکی عقوبت کے دینے مین خدا تعالیٰ تعجیل کرتا ہی اور وہ شخص وبال انکا دنیا مین بھی دیکھتا ہی اوّل ظلم دوّم قطع رحم سوّم قسم دروغ۔

(۱۴۴) حدیث ایضاً خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جب وقت مرگ کافر کا ہوتا ہی تو فرشتہ موت اُس سے کہتا ہی کہ بشارت ہو تجھکو غضب خدا و آتش جہنم کی پس روح اُسکی نہایت سختی اور دشوار کے ساتھ جسم سے نکلتا ہی اور اُسکی روح پر تین سو شیاطین کو موکل کرتا ہی وہ سب آب دہان اپنا اُسکے منہ پر ڈالتی ہی کہ روح اُسکی اُس سے نہایت ستائی جاتی ہی من مؤلف اور اسی کے قریب قریب کیفیت اُن لوگون کی ہوتی ہی کہ جنھون نے اپنی عمر معصیت مین زیادہ گذاری ہو پس جسقدر معصیت انسان کی زیادہ ہوگی اُسیقدر وقت مرگ سے عذاب و سختی شروع ہو جاتی ہی چنانچہ بہت احادیث اسکے مؤید مین کتاب ہذا کا اُن احادیث کے تحریر کی گنجائش نہین رکھتا۔

(۲۹) حدیث فرمایا جناب امام زین العابدین نے کہ جن گناہون سے کہ حبس باران ہوتا ہے
وہ ظلم حکام اور قساوت قلب ہے۔

(۳۰) حدیث از کافی فرمایا جناب امام رضاؑ نے کہ زمانہ بنی اسرائیل مین چار شخص مومنین سے تھے ایک شخص اُن تینون کے پاس کہ جو ایک مکان مین بیٹھے تھے آیا اور دروازہ کھٹکھٹایا غلام باہر آیا اُس شخص نے پوچھا تمھارا آقا کہان ہے اُسنے کہا گھر مین نہین ہے آقا نے غلام سے پوچھا کہ کون شخص ہے غلام نے کہا کہ فلان شخص ہے مین نے اُس شخص سے کہدیا کہ آپ گھر مین نہین ہین صاحب خانہ خاموش ہوگیا اور کچھ اعتنا نہ کیا اور نہ غلام کو کچھ ملامت کی اور نہ کوئی اُن تینون سے اُس شخص کے واپس ہوجانے سے مہموم ہوا اپنی صحبت مین مشغول رہے جب دوسرا روز ہوا صبحکو وہ لوگ گانون مین جا رہے تھے اُسوقت وہ شخص آیا اور سلام کیا اور کہا کہ مین بھی تمھارے ساتھ چلون کہا اچھا اور اُن لوگون نے اُس شخص سے کچھ معذرت نہ کی اور وہ شخص محتاج و پریشان تھا جب تھوڑی دور راہ چلے ناگاہ ایک ابر نے ابر سایہ کیا گمان ہوا کہ ابر باران ہے جلدی کی جب ابر نکے

فصل تیئیسوین ۲۳ حالاتِ قبر مین

(۱) حدیث از حق الیقین خلاصہ اُسکا یہ ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ قبر مین دو فرشتہ آتے ہین ایک منکر اور دوسرا نکیر اگر میت مومن کی ہوئی تو اچھی صورت مین آتے ہین اور بشارت بہشت کی دیتے ہین اور اگر میت کافر و مخالف کی ہوئی تو مہیب اور ہیبتناک صورت مین آتے ہین اور بشارت عذاب کی دیتے ہین مؤلف مومن سے وہی شخص مراد ہے کہ جسنے پابندی احکام خدا و رسول کی کی ہو اور جمیع معاصی سے پرہیز کیا ہو اور طاعت و خوشنودی خدا مین عمر بسر کی ہو اور اگر معصیت کی ہو تو جیسی معصیت ہوگی ویسا ہی اُسپر عذاب اور سختی قبر مین شروع ہوجاتی ہے اور اُسکی مدت بہت

(۲) حدیث جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ مشہور ما بین متکلمین امامیہ کے یہ ہے کہ سوال

ہر دن کے قریب آیا منادی نے ابر میں سے ندا کی کہ لے لے ان لوگون کو مین جبرئیل ہون خدا کا بھیجا ہوا پس ایک آگ اُس ابر سے نکلی اور اُن تینون شخصون کو لے لیا اور دو بچے ایک شخص باقی رہا اُسنے بخدمت جناب یوشع بن نون حاضر ہوکر قصہ بیان کیا جناب یوشعؑ نے فرمایا کہ تو نہین جانتا کہ اُنپر خدا نے غضب نازل کیا اسوجہ سے کہ وہ لوگ اُس فعل سے خوش تھے جو تیرے ساتھ کیا گیا تھا اُسنے کہا کہ مین نے اُنکو معاف کیا حضرت نے فرمایا کہ پہلے سے معاف کرتا تو فائدہ بخشتا اب کیا نفع ہے شاید اسکے بعد ان کو نفع دیوے۔

(۳۸) حدیث ایضا فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ باریتعالیٰ کی نعمت کا شکر ہے کہ گناہان کبیرہ سے اجتناب کرے من مؤلف ہے گناہ کبیرہ سے اجتناب کرنا بجائے خود شکر ہے

(۳۹) موکلین ساتر معاصی جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ نے دارالسلام مین اس حدیث کو قطب راوندی سے تحریر فرمایا ہے۔

حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ مومن کے لیے بہتر ستر ہین جب وہ گناہ کرتا ہے

۱؎ سوال قبر عام نہین ہے مخصوص مومن و مسلم بالغ و کافر بالغ کے لیے ہے پس مستضعفین اور اطفال اور مجانین سے کوئی سوال نہ ہوگا اور اسیطرح اُس شخص سے بھی سوال نہ ہوگا کہ جسکو بعد رکھنے قبر کے تلقین پڑھی جائے پس وہ تلقین جواب مین کافی ہوتی ہے اور جناب شیخ زین الدین شہید ثانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ سوال قبر حق ہے اجماعًا۔

(۲) حدیث ایضًا خلاصہ اسکا یہ ہے کہ فرمایا جناب آنحضرت صلعم نے کہ قبر مین دو فرشتے آتے ہین ایک منکر اور دوسرا نکیر پس میت سے سوال کرتے ہین کہ پروردگار تیرا کون ہے اور دین تیرا کیا ہے پس اگر مومن ہے تو کہتا ہے کہ پروردگار میرا خدا ہے اور دین میرا اسلام ہے اور اگر میت کافر کی ہے تو وہ میت کہتی ہے کہ مین نہین جانتا کہ پروردگار میرا کون پس وہ فرشتے عذاب اسپر قائم کرتے ہین اور اُسکی قبر مین ننانوے سانپ مسلط کرتے ہین کہ اگر انمین سے ایک سانپ

تو انکے دین سے ایک ستر ... ہی پھر اگر توبہ کر لی تو خدا تعالی
فرما دیتا ہی اور سات ستر اُس کے ساتھ اور دیتا ہی اور اگر توبہ نہ کی اور معاصی
کی طرف رفتہ رفتہ بڑھتا گیا تو وہ ستر کم ہوتے چلے جاتے ہین پھر اگر توبہ کر لی تو
خدا تعالی اُنکو بھی واپس کر دیتا ہی اور سات سات ستر اُن کے ساتھ اور دیتا
ہی اور اگر پھر بھی توبہ نہ کی اور قدم بہ قدم گناہون کی طرف بڑھتا
رہا تو وہ فرشتے باریتعالے سے شکایت کرتے ہین اور بالاخر سب ستر جاتے
رہتے ہین اور وہ شخص بلا ستر کے رہ جاتا ہی اُسوقت خدا تعالی وحی فرماتا ہی کہ تم میرے
بندے کو پرون سے چھپا لو اسلیے کہ بنی آدم طعن کیا کرتے ہین اور انکو غیرت نہین آتی
اور مین طعن نہین کرتا اور مجھکو غیرت آتی ہی اگر پھر بھی یہ بندہ توبہ نکرے اور گناہ کیے جائے
تو فرشتہ خدا سے شکایت کرتے ہین اور اپنے پر ہٹا لیتے ہین اور یہ عرض کرتے
ہین کہ اے پروردگار رب تیرے اس بندے نے تو اپنی ظاہری اور باطنی فحش
باتون سے تو ہمکو بھی ناپاک کر دیا اُسوقت خدا تعالی ارشاد فرماتا ہی کہ تم اپنے پر ہٹا لو

اگر زمین پر نفس بھی کے تو ہرگز گیاہ زمین پر نہ جمے اور اُسکی قبر مین دروازہ جہنم کا کھولتے ہین
(۳) حدیث ایضاً خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے کہ منکر و نکیر قبر مین
سوال کرتے ہین کہ پروردگار تیرا کون ہی اگر میت مومن کی ہی تو وہ کہتا ہی کہ پروردگار میرا
خدا ہی پھر وہ سوال کرتے ہین کہ دین تیرا کیا ہی وہ کہتا ہی کہ دین میرا اسلام ہی پھر وہ سوال
کرتے ہین کہ پیغمبر تیرا کون ہی وہ کہتا ہی کہ محمدؐ پھر وہ سوال کرتے ہین کہ کون محمدؐ پھر وہ کہتا ہی
محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ابن عبد اللہ پھر وہ سوال کرتے ہین کہ امام تیرا کون ہی پھر وہ کہتا ہی
فلان ابن فلان اسیطرح دوازدہ امام کا نام لیتا ہی پھر وہ سوال کرتے ہین کہ کسطرح تم نے
پہچانا وہ کہتا ہی کہ خدا تعالے نے مجھکو ہدایت کی پس فرشتے کہتے ہین کہ خواب کر مثل
خواب نوشاہ پس ایک دروازہ دروازہای بہشت سے اُسکی قبر مین کھولتے ہین کہ نو سے

تو اسوقت یہ نوبت ہوجاتی ہی کہ ... کوئی بدی کرے ...

کی روشنی مین کسی جنگل یا سمندر کی گہراں مین کرے تو بھی خداتعالی اُسکو آدمیون کی زبان

پر جاری کردیتا ہی پس تمکو مناسب ہی کہ خدا اسے دعا کرتے رہو کہ تمھاری پردہ دری نہو

دے من مؤلف اس جگہ بنظر مناسب اسیقدر احادیث پر اکتفا کیا جاتا ہی باقی احادیث

انشاءاللہ آیندہ ہر گناہ کبیرہ کے ذیل مین لکھے جائینگے۔

(۶) جسقدر آیات قرآنی و احادیث از نمبر ۳ تا ۵ تحریر ہوچکی ہین اُنسے ثابت ہی کہ

ارتکاب گناہان کبیرہ کا باعث نزول قہر و غضب باریتعالی کا ہوتا ہی اور گناہان کبیرہ

کی وجہ سے طرح طرح کی بلائین نازل ہوتی ہین کہ جیسا از نمبر ۱ تا ۲ تحریر کیا گیا ہی اور یہی

اعتقاد جمیع علماء کا ہی چنانچہ جناب مُلا حسین نوری علیہ الرحمہ کہ علماے جلیل القدر نجف اشرف

سے ہین کتاب دارالسلام مین تحریر فرماتے ہین کہ بلاؤن کی قسمین بہت سی ہین منجملہ اُن کے

مومنین پر جو بلائین نازل ہوتی ہین وہ بعض تو اسوجہ سے ہوتی ہین کہ خدا و رسول نے

جن چیزون سے منع فرمایا ہی اُنسے باز نرہے (جیسے گناہان کبیرہ) اور بعض اسوجہ

بقیہ ابہشت اور گلہاے بہشت قبر مین پہونچتی ہی اور اگر میت اہل خلاف کی ہوتی ہی تو وہ کہتا ہی کہ پیغمبر میرے

محمد ہی اور دین میرا اسلام ہی پس وہ سوال کرتے ہین کہ تو نے کیسے پہچانا وہ کہتا ہی کہ مین نے آدمیون

سے سُنا پس وہ فرشتے ایک گرز اُسکے سر پر مارتے ہین کہ اگر جمیع الانس و جن جمع ہون تو تاب

اُسکی نہین لا سکتے پس میت اُسکی حرارت آتش سے مثل قلعی کی پگہلتی ہی اور دروازہ جہنم کا اُسکی

قبر کی طرف کھولدیتے ہین۔

(۴) حدیث بسند صحیح محاسن مین ہی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ قبر مومن مین جب

صورتین نہایت خوش و تر داخل ہوتی ہین اور خوشبو اُنسے آتی ہی ایک صورت جو باے راست

کی طرف کھڑی ہوتی ہی وہ کہتی ہی کہ مین نماز ہون اور جو بائے جیب کی جانب ہوتی ہی وہ کہتی ہی کہ

مین زکوٰۃ ہون اور جو سامنے ہوتی ہی وہ کہتی ہی کہ مین روزہ ہون اور جو پیچھے ہوتی ہی وہ کہتی ہی

...ین غیرون کا حد اور رسول نے حکم دیا ہو انکو بجا نہ لائے ...

صدقات وغیرہ وغیرہ ملاحظہ ہون احادیث نمبر پنج و یاز وغیرہ مندرجہ نمبر ۵ باب ہذا پس
سود سے مستحق عقوبت ہوجاتے ہین ایسے امور کا ادنی وبال یہ ہوتا ہی کہ حالت متغیر ہوجاتی ہی
اور نعمت سلب ہوجاتی ہی جیسے افلاس اور تنگدستی اور امراض اور فقر و فاقہ وغیرہ کا عارض
ہونا پس جمیع اسباب مذکورہ باعث نزول بلا کے ہوتے ہین من مؤلف بلا سے مراد
مصیبت کا پڑنا اور عوارض ہلاک کنندہ سے ہلاک ہونا (ملاحظہ ہو نمبر ۲ باب ہذا) اور جو لوگ
نیک ہین یعنی گناہون سے قطعی پرہیز اور اعمال نیک کے کرنے پر تیار رہتے ہین وہ ایسے غضب
اور قہر باریتعالی سے محفوظ رہتے ہین چنانچہ باریتعالی سورہ ہود مین مابین رکوع ۹ و ۱۰ کے فرماتا
...کان تا مُصلِحُونَ اور ای پیغمبر تمھارا پروردگار ایسا بے انصاف نہین ہی کہ جو
...کنان) بستیون کو ناحق ہلاک کردے اور وہان کے لوگ نیکوکار ہون فقط من مؤلف
اور جو مصیبتین انبیا اور اوصیا پر گذری ہین وہ محض انکا امتحان لینے کے لیے یا جو مصیبتین صلحا پر
پڑتی ہین وہ بھی انکے امتحان لینے کے لیے صادر کیجاتی ہین کہ جیسا باریتعالی سورہ بقر مین

...مین حج وعمرہ ہون اور جو بائین کی جانب ہوتی ہی وہ کہتی ہی کہ مین احسان ہون کہ جو برادران مومن کے
ساتھ کیا تھا اور چھٹی صورت کہتی ہی کہ مین ولاے آل محمد ہون من مؤلف یہ نتیجہ اُس نماز اور روزہ
اور زکوۃ اور حج وعمرہ اور احسان یعنے صدقات اور ولائے آل محمد کا ہی کہ جو باسید خوشنودی خدا کے
...اور اگر کچھ ریا شامل ہی تو اُس عمل کا کوئی نتیجہ بعد مرنے کے نہین ملتا ملاحظہ ہو باب صدقات کتاب ہذا
...حدیث ایضاً خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ قبر مومن مین ایک دروازہ دروازہاے
بہشت سے کھولدیا جاتا ہی پس خوشبو گلہاے بہشت کی قبر مین داخل ہوتی ہی اور قبر اُسکی آگے
پیچھے اور دہنی جانب راست و بجانب چپ بقدر ایک ماہ راہ کے وسیع ہوجاتی ہی اور قبر کافر مین
ایک دروازہ دروازہاے جہنم سے اُسکی قبر مین کھولا جاتا ہی کہ بوے بد اور آتش جہنم قبر مین داخل
...جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ مؤید اس حدیث کے بہت احادیث ہین من مؤلف

ما بین رکوع ۱۸ و ۱۹ کے فرماتا ہی ولنبلونکم بشیئٍ ماھم المھتدون اور البتہ ہم
خوف اور بھوک سے اور مال وجان اور پیداوار (اراضی) کی کمی سے آزمائینگے
اور (اے پیغمبر) صبر کرنیوالون کو خوشنودی خدا اور کشائش کی) خوشخبری سناد
جب انپر مصیبت آپڑتی ہی تو بول اُٹھتے ہین کہ ہم تو اللہ ہی کے ہین (ہمکو جس حال
چاہے رکھے) اور ہم اُسیکی طرف لوٹ کر جانے والے ہین (تو وہ ہمکو ہمارے صبر کا
دیگا) یہی لوگ ہین جن پر انکے پروردگار کی عنایت اور رحمت ہی اور یہی راہ راست
پر ہین مِن مؤلف نیک لوگون پر جو مصیبتین پڑتی ہین وہ محض اُنکے امتحان کی غرض
نہ دوسری وجہ سے۔

(۷) مکائد شیطان ارتکاب گناہون کا زیادہ تر کید شیاطین سے ہوتا ہی
شیطان کی کوئی انتہا نہین ہی بعض مواقع پر ایسا ہوتا ہی کہ جب شیطان یہ سمجھ لیتا
میرے کید مین یہ نہین پھنستا تو اُسوقت شیطان اُسکے رفقا اور دوستون کو در
اسکے بعد رفقا اور دوست اُسکے باعث مضرت عقبی کے ہوجاتے ہین چنانچہ جناب

نمبر ۱۵۰ اور قریب قریب اسی کے اُن لوگون کی قبر کی حالت ہی اگرچہ مذہب امامیہ ہون کہ جنھون
اپنی تمام عمر معصیت مین گذاری اور واجبات کو ادا نہین کیا تا بمقابلہ اعمال حسنہ کے معصیت
مین عمر زیادہ گذری غرض کہ جسقدر اور جیسی معصیت ہو گی اُسیقدر اور ویساہی عذاب
قبر مین شروع ہوجاتا ہی یعنے جیسے گناہ ہونگے ویساہی عذاب قبر مین ہوگا۔
(۶) مِن مؤلف احادیث حالات قبر مین بہت ہین خلاصہ انکا یہ ہی کہ اگر میت ایسے
کہ جسنے جمیع معصیت سے احتراز کیا ہی اور عبادت اور طاعت خدا اور خوشنودی خدا
عمر بسر کی ہی تو قبر بھی اُسکی مثل بہشت کے ہوجاتی ہی اور اگر معصیت کی ہی تو جیسی معصیت
ویساہی عذاب قبر مین نازل اور شروع ہوجاتا ہی بعض گناہ ایسے ہین کہ جنکا زمانہ برزخ
طی ہوجائیگا اور بروز قیامت کوئی مواخذہ اُسکے ذمہ نہ رہیگا زمانہ برزخ اُس زمانہ کو

...سین نوری علیہ الرحمہ دار السلام مین تحریر کی ہاتے ہین نہ کتاب ... ہین ...

سے ارشاد فرمایا کہ شیاطین کے فریب اور وسوسے ہر شخص پر بحیثیت اُسکی منزلت کے
ہوتے ہین خواہ وہ منزلت طاعت مین ہو یا معصیت مین ہو پس جسکو جیسا مرتبہ طاعت
یا معصیت مین حاصل ہی اُسی کے مطابق شیاطین لوگون پر غلبہ پاتے ہین اوّل
...یہ ہی کہ وہ مباح امور کے کرنے کی تحریک کرتا ہی اور مطلب یہ ہوتا ہی کہ یاد خدا سے
...غافل کردے اور انسان کی توجہ اپنی طرف اور اپنے دوستون کی طرف پھیر لے اور
...انسان کو اپنی ذات کی اصلاح یا دوسرے برادران مومن کی ہویت سے باز رکھے
...چنانچہ حدیث کمیل مین یہ حدیث پوری رسالہ زاد المومنین مین تحریر ہو چکی ہی اس ایک
...حدیث مین قریب ایک سو کے وصایاے جناب امیرؑ ہین اغواے شیاطین کے ذکر
مین آنحضرت نے فرمایا کہ شیاطین کے ذکر مین آنحضرت نے فرمایا کہ شیاطین تجھکو فریب
دینگے اگر تونے اُنکی بات نہ مانی تو وہ تیرے ساتھ مکر کرینگے اور خواہشات نفسانی کو
تیرے دل مین بڑھا دینگے اور بہت سی آرزوئین دل مین پیدا کرینگے اور تجھپر غالب آئینگے

...جو زمانہ موت سے تا قیامت گذرے اور بعض گناہ ایسے ہین کہ جنکا عذاب برزخ مین بھی ختم نہ ہوگا
...بعد یوم حساب وکتاب کے بھی اُسکی سزا دیجائیگی یعنے بروز قیامت بعد حساب کے داخل جہنم کیا
...جائیگا بعد سزاے جہنم کے داخل بہشت ہوگا اور بعض گناہ ایسے ہین کہ مثل کفار کے ہمیشہ جہنم
...مین رہیگا نہ ایسے شخص کی شفاعت ائمہ علیہم السلام فرمائین گے اور نہ ایسا شخص کبھی بخشا جائیگا
...مذہب اثنا عشری کا ہو اور وہ گناہ وہ ہین کہ جنمین بارتعالی نے وعدہ فرمادیا ہی کہ جو
...شخص ایسا کریگا ہمیشہ جہنم مین رہیگا مثل قتل مومن کے پس اگر کوئی شخص مذہب اثنا عشری
...مومن کو قتل کرے تو وہ شخص ہمیشہ جہنم مین رہیگا ملاحظہ ہو باب پانچ معاصی و تفصیل گناہان
...گناہ قتل نفس مندرجہ حرف (ب) باب مذکور اور بعض اعمال ایسے ہوتے ہین کہ
...کی وجہ سے فشار قبر اور ضغطہ قبر ہوتا ہی چنانچہ حدیث ہی۔

اور نیک امور کو تجھ سے بھلا دینگے اور بعض نیکیون سے تجھکو روکین گے اور بعض اعمال کی جانب راغب کرینگے اور یہ خیال ڈالین گے کہ اللہ سے حسن ظن رکھنا چاہیے یہانتک کہ تجھکو اسکا امیدوار بنا دینگے پس اسی فریب مین آکر تو خدا کی نافرمانی کا مرتکب ہوگا اور نافرمان کی جزا جہنم ہی یہ مضرت بعض دفعہ انسانی مصاحبون سے بھی پہونچتی ہی اسلیے کہ شیطان اُنھین کو زیادہ تر اپنا کارندہ بنا لیتا ہی یعنے جب دیکھتا ہی کہ یہ شخص میرے دام مین اچھی طرح نہین آتا تو اُسکے مصاحبون کو اُسکے بہکانے کی ترغیب دیتا ہی اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ مومن ذکر خدا اور دعا اور بکا یا اسی قسم کی باتون مین مشغول ہی تو شیطان اس قسم کے وسوسے اُسکے دل مین ڈالتا ہی کہ کم از کم اُسکا رونا ہی موقوف ہو جائے اور آنسو ہی تھم جائین یا ذکر خدا ہی موقوف ہو جاے یا زبان ہی خاموش ہو جاے یا وہ تحصیل علم دین مین مشغول ہی یا کسی بیان مین کہ جو باعث حصول مدارج عقبیٰ کا ہی یا کسی اور اعمال خیر مین کہ جو باعث حصول ثواب آخرت کے ہین مشغول ہی تو اُسکی حالت ہی تبدیل ہو جائے یا بیان ہی اُسکا بدل جائے پس خیال کرو کہ اگر اُسوقت اُسکے دل کو کھانے یا کسی

(۷) حدیث از حق الیقین جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ کہ ابن بابویہ و دیگر علما نے جناب امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جسوقت سعد بن معاذ انصاری کا انتقال ہوا جناب رسولخداؐ پابرہنہ اُسکے جنازے کے ساتھ گئے اور کبھی جنازے کو سیدھی جانب اور کبھی بائین جانب پکڑا اور خود جناب رسولخداؐ نے اُسکو قبر مین اور اُسکی قبر کو مٹی و پتھر وغیرہ سے مضبوط کیا پس مادر سعد نے کہا کہ ای سعد تجھکو بہشت پس جناب رسولخداؐ نے فرمایا کہ سعد کو فشار قبر ہوگا پس صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ جیسا آپ نے سعد کے ساتھ کیا ہی دوسرے کے ساتھ نہین کیا (یعنے اُسکے جنازے کے ساتھ پابرہنہ گئے اور اُسکے جنازے کو خود پکڑا اور خود قبر مین اُتارا اور خود اُسکی قبر کو درست کیا ایسا کسی کے ساتھ نہین کیا) فرمایا کہ مین نے دیکھا کہ ملائکہ پابرہنہ اُسکے جنازے کے ساتھ

...لغو یا لہو ولعب کی طرف مائل کردے تو بجہ ...

...اعمال کردہ بجالانے کی صلاح دیتا ہی تاکہ اسکا نفس مخالفت خدا کا مشتاق ہوجاے

...اور اُسکے سبب سے فعل حرام کی بھی جرأت اُسکو حاصل ہوجاے تاکہ اُسکے بعد

...تعالی اُس سے اپنی توفیق سلب کرے اور اسپر بند ودی یا بدیر وہ مصائب

...نے عذاب، نازل ہوجنکا وہ مستحق ہوا اسی سبب سے جناب ائمہ علیہم السلام نے

...اعمال کردہ کے کرنیوالے لوگون کے عذاب اور اُنکے وجوہ دکھلا دیے ہین جیسا کہ

...تہذیب الاحکام مین عذاب صلوۃ مین جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہی کہ جسوقت

...نماز مین ہو تو سمجھو کہ ہم خدا کے روبرو موجود ہین پس اُسوقت اُنگلیان نہ چٹخاؤ اور کان

...اور ٹھکر نہ کھڑے ہو کیونکہ ایک گروہ کو نماز مین یہی دو حرکتین کرنیکی وجہ سے عذاب دیا گیا تھا

...تیسرا درجہ یہ ہی کہ وہ صغیرہ گناہ کے ارتکاب کی راہ دیتا ہی تاکہ نفس اسکا عادی ہوکر

...کبیرہ کے ارتکاب کو آسان سمجھے چوتھا درجہ یہ ہی کہ خود کبائر کے ارتکاب کی رغبت

...دیتا ہی یا کبیرہ مین بھی جن گناہون کا بڑھا ہوا درجہ ہی اُنکے کرنیکی طرف راغب کرتا ہی یا کبیرہ بالاے

...مین بھی یا برہنہ ہوا اور ہاتھ میرا جبرئیل کے ہاتھ مین تھا جس جگہ اُسکے جنازے کو جبرئیل پکڑے تھے

...کرتا تھا عرض کیا کہ کونسا عمل اس سے ایسا ہوا کہ جسکی وجہ سے فشار قبر ہوگا فرمایا آنحضرت

...اپنے اہل کے ساتھ کج خلقی کرتا تھا من مؤلف اس حدیث کی مؤید اور بہت احادیث ہین

...یہ کہ اعمال بد کا نتیجہ ضرور بھگتنا ہوگا غور کرنا چاہیے سعد بن معاذ کے اعمال خیر پر کہ جنکی وجہ سے

...کرنے اور جناب رسولخدا صنے مشایعت جنازہ کی اور جناب رسولخدا صنے خود اُسکو قبر مین

...اور اُسکی لحد کو درست کیا مگر چونکہ اسکا یہ ایک عمل بُرا تھا کہ وہ اپنے اہل کے ساتھ کج خلقی

...پس خداتعالی نے اُسکی سزا فشار قبر اُسکو دی اور فشار قبر بھی دنیا کی جمیع سختی اور تکالیف

...سخت تر سزا ہی پس اسیطرح ہر عمل پر خیال کر لینا چاہیے اگرچہ انسان صاحب تقوی ہوا اور

...عبادت خدا اور خوشنودی خدا مین اپنی عمر بسر کی ہو اگر ایک عمل بھی اُسکا برا ہوگا تو ضرور اُسکی

کبیرہ کرنیکے لیے کہتا ہی ایسی صورت مین شیطان بصورت انسان زیادہ ابلیس کا کام
انجام دیتے ہین اور شیاطین اُن افعال بد کی قباحت کو کم کر کے دکھلاتے ہین اور
حالت مختلف طبقات مین مختلف ہوتی ہی پانچوان درجہ یہ ہی کہ شیاطین اس امر
اغوا کرتے ہین کہ اسلام کا اظہار کرے اور کفر کو دل مین رکھے یا کفر مین جو بڑھا ہوا د
اسکو اختیار کرے اور یا جس حد تک کفر کی پہونچ چکا ہی اُسی پر قائم رہے اور آ
مین بہت ہی تھوڑے ایسے ہین کہ جو شیطان کے اس اغوا کے مدارج مین خوض و فکر
کرین بلکہ ان معاملات مین بہت سے اہل علم کو بھی قاصر پایا جاتا ہی چھٹا درجہ کہ شیطان
کا یہ ہی کہ ان لوگون کی نظر مین جو عابد ہین اُنکی عبادت کو زینت دیدیتا ہی پس اُنکو یہ گمان
پیدا ہو جاتا ہی کہ ہماری عبادت بھی کوئی چیز ہی اسوقت وہ اُنکو ایسے امور کی جانب مائل
کر دیتا ہی کہ جس سے وہ مہلکہ مین پڑ جائین اور کبھی نجات ہی نہ پائین چنانچہ مصباح
مین جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کی حدیث ہی کہ تجھکو اپنی طاعت کا خیال دھوکے مین نہ ڈالے
کہ اُس سے ننانوے دروازے خیر و برکت کے کھلتے ہین پس جسوقت سو در

سزا اُسکو بھگتنا ہوگی کیونکہ وعدہ باریتعالیٰ کا جھوٹا نہین ہو سکتا باریتعالیٰ سورہ زلزال مین فرماتا ہی فمن
مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ پس جو شخص عمل کریگا نیک برابر ذرہ
کے دیکھے گا اُسکو (یعنے اُسکی جزا کو) اور جو شخص عمل کریگا بد برابر ذرے کے دیکھے گا اُسکو (یعنے
اُسکی سزا کو) اور بھی آیات قرآنی و احادیث آیہ مذکورہ کے مویدہین پس خلاصہ اُن سب کا
کہ اگر غیر مومن بھی کوئی عمل نیک کریگا تو خدا تعالیٰ اُسکو اُسکی جزا دیگا یعنے اُسکے عذاب مین تخفیف
کریگا اور اگر مومن عمل حرام کریگا تو اسکی سزا ضرور پائیگا۔

(۸) حدیث از تفسیر منہج فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ بعد قبض روح بندہ مومن کے
اُسکی قبر مین پھر عود کرتی ہی اور دو فرشتے اسکے نزدیک آتے ہین اور اُس سے پوچھتے ہین
کہ خدا تیرا کون ہی اور پیغمبر اور امام تیرا کون ہی اگر جواب مطابق دے تو منادی آسمان سے

شیطان کے خلاف پر مضبوط رہے اور اُسکے راستے پر چلنے سے رکجانے
اسکے تمام ارادونکو توڑتا رہے من مؤلف ناتوان رحمہ یہ ہی کہ شیطان
سنت مؤکدہ کے ادا کرنے سے روکتا ہی کہ جو باعث شرف و مدارج عقبیٰ کے ہین
نماز شب یا اوقات فضیلت پر نماز واجبہ کا ادا کرنا یا نوافل یومیہ کا پڑھنا
سے اہل علم کو امور مذکورہ کے ترک کی رغبت دیتا ہی اور اُنکی دلون مین
سمادیتا ہی کہ اوقات فضیلت پر نماز واجبہ کو ادا کرنے اور نوافل یومیہ کے
سے کوئی نفع نہین ہی اور اُنکو اُنکی نظرون مین اچھا کرکے دکھلا دیتا ہی ذرا
کرنے سے معلوم ہوتا ہی کہ ایسے مستحبات مؤکدہ کے ترک کرنے سے آخرت
مین کیسا مضرت رسان نتیجہ نکلتا ہی اور دنیا مین بھی اسکا مآل اُٹھانا پڑتا ہی
ملاحظہ ہون باب اُنیس[19] و بائیس[22] وغیرہ کتاب ہذا۔
وصایائے جناب امیر[ع] اس جگہ بنظر مناسب جناب امیر[ع] کی اُن وصیتون

ہر کہ میرے بندے نے جواب باصواب دیے بعد اسکے دریچے بہشت کے اُسکی قبر مین
جاتے ہین تا کہ نسیم بہشت اُسمین داخل ہو اور تحفے بہشت کے اُسکے نزدیک لائے
اور اگر جواب باصواب نہ کہا اور کہا مین واقف نہین ہون کہ خدا اور رسول و امام
بس وہ اس سے کہتے ہین کہ تو جب تک زندہ تھا گنہگار تھا اور جب مرا تو شقی مرا
ایک دروازہ دروازہای دوزخ سے اُسپر کھولدیتے ہین اور گرز آتشین اُسکے سر پر
کہ تمام قبر آگ سے بھر جاتی ہی اور وہ فریاد کرتا ہی کہ تمام حیوانات زمین کے سنتے
والس من مؤلف اگر مرتکب معاصی نہین ہی تب تو جواب باصواب کا نتیجہ وہ ہی
بیان ہوا اور اگر صاحب معاصی ہی تو اگرچہ وہ شخص خدا و رسول و دوازدہ امام کے
بسبب اُن معاصی کے کہ جو اُسنے کیے ہین عذاب شروع ہو جائیگا یعنی جیسے گناہ ہون ویسا عذاب ہوگا

یہ پوری حدیث رسالہ زاد المومنین مین تحریر ہوچکی ہو ۱۲

سے بعض وصیتون کو کہ جو کمیل ابن زیاد سے ارشاد فرمائین تحریر کیا ہے

ہین جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ بشارت المصطفی لشیعۃ المرتضی سے تحریر فرماتے

ہین کہ صاحب کتاب مذکور محمد ابن اسحاق سعید ابن زید ابن ارطات سے نقل کرتے ہین

کہ مین کمیل ابن زیاد کی ملاقات کو گیا اور اُنسے جناب امیرؑ کے کچھ فضائل دریافت کیے

تو اُنھون نے کہا کہ آیا مین تمکو ایسی وصیّت کی خبر دون جو آنحضرت نے مجھکو فرمائین

اور وہ تمھارے لیے دنیا مین سب سے بہتر ہین مین نے کہا ضرور پس کمیل نے فرمایا

کہ ایک دن آنحضرت نے مجھ سے ارشاد فرمایا (منجملہ مولف بعض وصیتین انمین سے

اس جگہ لکھی جاتی ہین) ای کمیل زکوٰۃ کے دینے سے اور مومنین کے ساتھ رعایت

کرنے سے اور اقربا کے ساتھ صلہ رحم کے ساتھ پیش آنے سے مال مین برکت ہوتی

ای کمیل مومنون کو جو کچھ دے تو اُس سے زیادہ اپنے قریب مومن کو دے اور

اُنکے ساتھ زیادہ مہربانی سے پیش آ اور مسکینون پر تصدق کرتا رہ۔ ای کمیل سائل کے

سوال رد نکر گو اسکو خرمے کا ایک ٹکڑا یا نصف انگور ہی کیون ندے ای کمیل

فصل چوبیسوین استخارات مین

(۱) کتاب فتح الابواب مین سید رضی علیہ الرحمہ نے اس حدیث کو تحریر فرمایا ہے۔

حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جب استخارہ قرآن مجید سے کرے پس اوّل تین مرتبہ

سورہ توحید پڑھے اور پھر تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کہے پھر ایک مرتبہ

اس دعا کو پڑھے اَللّٰھُمَّ تَفَاءَلْتُ بِکِتَابِکَ وَ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ فَاَرِنِیْ مِنْ کِتَابِکَ

مَا ھُوَ الْمَکْتُوْمُ مِنْ سِرِّکَ الْمَکْنُوْنِ فِیْ عِلْمِکَ پس قرآن مجید کو کھولے اور داہنی طرف

کی جانب کے صفحہ مین سطر اول پر عمل کرے نیت اوّل کرے کہ فلان امر مین استخارہ کرتا ہون

جیسا تیرا حکم ہوگا ویسا عمل کرونگا بعد نیت کے سورہ توحید وغیرہ بطریق مذکورہ پڑھے

سکی عزت فضول قیل و قال ترک کرنا اور ریاکاری سے بچ اسلیے کہ اُس صورت مین
الون کو تو اپنی ذات سے دھوکا دیگا وہ تیرے دھوکے مین آجا مینگے اور بھائیون کو
دیگا (یعنی تیرے بھائیون مین بھی ریاکاری کی عادت پڑیگی اور ریاکاری گناہ کبیرہ ہی)
کمیل ہر حال مین سچی بات کہ اور متقیون سے مل اور فاسقون کو چھوڑ دے ای کمیل
منافقین سے علٰحدہ رہو اور خائنین کی صحبت مین نہ بیٹھ اور ظالمین کے پاس نہ جا اور درشتی
اور اُنکے کامون مین شرکت نہ کر اور اُنکی عظمت نکر کہین تو انکا مطیع نہ ہو جاے اور نہ اُنکی
مجالس مین شریک ہو کہ خدا تجھ سے ناراض ہو جاے (یعنے چونکہ خائنین اور ظالمین وغیرہ
وغیرہ صاحب معاصی ہین اُنکی صحبت مین شریک ہونے سے کہین ایسا نہو کہ تو بھی غضب خدا
مین آجاے) ای کمیل اگر مجبورًا تجھکو ظالمین کے روبرو جانا پڑے تو برابر ذکر خدا کرتا
رہ خدا پر توکل کر اور اُنکے شر سے خدا کی پناہ مانگ اور اُنسے علٰحدہ رہ اور دل سے اُنکے
افعال کو برا سمجھ اور خدا کی بزرگی کا اسطرح اظہار کر کہ وہ بھی سُن لین کہ اس سے تیری ہیبت

(۲) جناب ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ نے اپنے والد ماجد محمد تقی علیہ الرحمہ سے اور انھون نے شیخ
عظیم الشان شیخ بہاء الدین علیہ الرحمہ سے اور اُنھون نے اور علماے کرام سے اور علماے کرام
نے جناب صاحب الامر سے روایت کی ہی استخارہ تسبیح کا اسطرح نقل فرمایا ہی (اول نیت
کرے بعد اُسکے) تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کہے بعد اُسکے تسبیح کے دانون کو
اپنے مٹھی مین کرے اور دو دو دانے شمار کرے اگر طاق رہے بہتر ہی اور جفت رہے انکار سمجھے
(۳) استخارہ تسبیح کا اسطرح بھی ہی کہ اول نیت کرے بعد از ان تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بعد اسکے تین مرتبہ اَسْتَخِیْرُ اللّٰہَ بِرَحْمَتِہٖ خِیَرَۃً فِیْ عَافِیَۃٍ پھر تین مرتبہ درود شریف
پڑھے دو دو دانے گنین پس آخر مین اگر دو دانے باقی رہین تو بد ہی اور اگر دانہ باقی رہے تو نیک ہی
(۴) جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ کتاب السعادت سے تحریر فرماتے ہین -

اُنکے دلونمین سمجھ جائیگی اور آنکے سر تلے تو آسودہ کر دیا [illegible]

بجالا اور کل مومنون کو ایسا ہی کرنا چاہیے من مؤلف جو شخص شکر بجا نہین لاتا اور

ناشکری کرتا ہی تو خدا تعالی اس نعمت کو سلب کر لیتا ہی اور ناشکری کرنا گناہ کبیرہ سے

ہی ای کمیل جسوقت کوئی سختی اگر پڑے تو اُسوقت لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ

العَظِیْمِ کہو کہ یہ کلمہ کفایت کریگا اور ہر نعمت کے ملنے پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہو کہ وہ اور زیادہ

ہوگی اور جسوقت تمہارے رزق کے ملنے سے دیر ہو جاوے تو اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ زیادہ

کہو کہ اس سے تمہارا رزق وسیع کر دیا جائیگا من مؤلف بوقت سختی اور تنگی اور

فقر کے جو شخص کلمہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ تا آخر کہے خدا تعالی اسکو دفع فرماتا ہی اور ہر نعمت

پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے یعنے اُسکا شکر کرنے سے نعمت زیادہ ہوتی ہی اور بوقت تنگدستی و

افلاس و فقر کے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ زیادہ کہے باعث دفع تنگدستی

وغیرہ کا ہوتا ہی بشرطیکہ استغفار دل سے ہو یعنے پھر ارادہ گناہ کبیرہ کے کرنیکا نہو

ای کمیل شیاطین فریب دیتے ہین وسوسہ ڈالتے ہین طرح طرح سے پھسلاتے ہین

حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق عم نے کہ اول سورہ فاتحہ ایک بار اور سورہ توحید تین مرتبہ

اور درود شریف پندرہ مرتبہ پڑھے بعد اسکے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَجَدِّہٖ

وَاَبِیْہِ وَاَخِیْہِ وَاُمِّہٖ وَالْاَئِمَّةِ مِنْ ذُرِّیَّتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ

لِیَ الْخِیَرَةَ فِیْ ھٰذِہِ السُّبْحَةِ وَاَنْ تُرِیَنِیْ مَا ھُوَ الْاَصْلَحُ لِیْ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا

اَللّٰھُمَّ اِنْ كَانَ اَصْلَحُ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فِعْلَ مَا اَنَا عَازِمٌ

عَلَیْہِ فَأْمُرْنِیْ وَاِلَّا فَانْھَنِیْ فَاِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پس تسبیح کے دانون کو مٹھی مین

لے اور شمار کرے اور کہے ایک دانے پر سُبْحَانَ اللّٰہِ اور دوسرے دانے پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

اور تیسرے دانے پر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پس اسیطرح شمار کرتا جاوے اگر اخیر دانہ سُبْحَانَ اللّٰہِ

کا ہو تو اُس کام کا کرنا نکرنا اختیاری ہی اور اگر اخیر دانہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کا ہو تو حکم سمجھے [illegible]

کی طاعت یا معصیت کے درجے کے موافق ہوتا ہی اور اپنے تصرف کے موافق وہ
ان پر غالب آجاتے ہین ای کمیل جب شیطان تمہارے دل مین کوئی وسوسہ ڈالے
تو یہ کہو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْقَوِیِّ مِنَ الشَّیْطَانِ الْغَوِیِّ وَاَعُوْذُ بِمُحَمَّدٍ نِ الرَّضِیِّ
مِنْ شَرِّ مَا قَدَّرَ وَقَضٰی وَاَعُوْذُ بِاِلٰہِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ
وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اس سے تم ابلیس اور کل شیاطین کے مکائد سے
محفوظ رہوگے ای کمیل کوئی دشمن شیطان سے زیادہ دشمنی کرنیوالا نہین ہی اور کوئی
نقصان پہونچانیوالا شیاطین سے زیادہ نقصان پہونچانیوالا نہین ہی جسوقت (شیاطین)
عذاب الیم مین جمع ہوجائینگے تو وہ عذاب اُنسے کسیطرح کم نہ کیا جائیگا اور کسی
بلا کی سے وہ وہانسے جا نہ سکین گے ہمیشہ اُسی مین رہینگے ای کمیل خدا تعالی کا غصہ
اس شخص کو احاطہ کیے ہوئے ہی جو خدا کا نام لیکر اور اسکے نبی کا نام لیکر اور دعائین
پڑھکر اور اَعُوْذُ بِاللّٰہ کہکر اور نبی کی عترت کا واسطہ دیکر اپنے آپکو انھین شیاطین سے

بچائی اور اگر اخیر دانہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ہو تو انکار سمجھے فقط یہ استخارہ مجربات صحیحہ وکنوز مخفیہ سے ہی۔

(۵) جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ نے کافی مین اور نیز
دیگر علمانے بسند مرسل جناب ائمہ معصومین علیہم السلام سے روایت کی ہی کسی شخص نے اُنحضرات سے
دریافت کیا کہ اکثر اوقات مجھکو ضرورت مشورہ کے ہوتی ہی اور کسیکو نہین پاتا ہون کیا کرون
ارشاد فرمایا کہ مشورہ اپنے خدا سے عرض کیا کیونکر کرون فرمایا کہ مطلب اپنا دل مین رکھو اور
ایک پرچہ پر لا اور دوسرے پرچہ پر نعم لکھکر علیحدہ علیحدہ مٹی مین رکھکر دو گولیان بنا دے اور
ان دونون گولیون کو جاے نماز کے نیچے رکھکر دو رکعت نماز پڑھ بعد نماز کے کہو یَا اَللّٰہُ اِنِّیْ
اُشَاوِرُکَ فِیْ اَمْرِیْ ھٰذَا وَاَنْتَ خَیْرُ مُسْتَشَارٍ وَمُشِیْرٍ فَاَشِرْ عَلَیَّ بِمَا فِیْہِ صَلَاحٌ وَ
حُسْنُ عَاقِبَۃٍ پس ہاتھ کو نیچے جاے نماز کے لیجا کر ایک گولی نکالے اگر نعم ہو تو اس کام کو کرے

شر سے محفوظ نہین رکھتا اے کمیل سیاطین تجھکو دھوکا دینے کے سبب تو انکی نہ ماننے کا
تو وہ تیرے ساتھ چال چلین گے اسطرح کہ شہوات اور آرزون کا ملجانا اور آرزون
کا پورا ہوجانا پس اسی کے خیال مین تجھکو ڈالدینگے تجھپر خود غالب آئینگے اور تجھکو نیکی
سے باز رکھین گے اور بدی کا تجھکو حکم دینگے اور خدا کی طرف سے یہ گمان تیرے
دل مین پیدا کرینگے کہ اُس سے تو بخشش کی امید ضرور ہی پس ان ترکیبون سے دھوکا
کھا کر تو نافرمانی کریگا اور نافرمانی کا نتیجہ جہنم ہی من مؤلف اسمین کوئی شک نہین کہ
خدا سے امید بخشش کی ضرور ہی اور اسکا نام غافر الذنوب اور غفور اور عفو وغیرہ ہی
مگر اُسی کے ساتھ ہمکو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ اُسکا نام قہار بھی ہی لہذا اُسکے قہر کا بھی خوف واجب
ہی اس سبب سے جہان اُسنے چند اہل معاصی بخشدیے وہان اُسنے بسبب ارتکاب
معاصی کے اُمتین کی اُمتین اور شہر کے شہر بھی تباہ اور غارت کردیے اور اُسکی یہ سزا
ابتک جاری ہی اور جاری رہیگی آیات قرآنی و احادیث سے ثابت ہی کہ چند ہی نفوس بخشے
گئے مگر معاصی کی وجہ سے ہزارہا اور لاکھون نفوس معذب کیے گئے اے کمیل خدا تعالیٰ

(۱۶۰) اگر لا ہو تو اُس کام کو ترک کرے۔

(۶) استخارہ ذات الرقاع جناب محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ نے کافی مین اس حدیث کو تحریر فرمایا ہی
حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق عؑ نے کہ جسوقت ارادہ کرے تو کسی عمدہ کام کا کہ اسمین تردد
ہووے تو بس تین پرچے کاغذ پر لکھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ خِیَرَۃٌ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ اپنا نام
اور اپنی مان کا نام لکھے اِفْعَلْہُ اور تین پرچے کاغذ پر لکھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ خِیَرَۃٌ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ اپنا نام
اور اپنی مان کا نام لکھے لَا تَفْعَلْہُ بعد اسکے ان چھ پرچون کو جاے نماز کے نیچے رکھے بعد اسکے
دو رکعت نماز ادا کرے اور بعد فراغ نماز کے سجدہ کرے اور سجدے مین ایک سو مرتبہ
کہے اَسْتَخِیْرُ اللّٰہَ بِرَحْمَتِہٖ خِیَرَۃً فِیْ عَافِیَۃٍ بعد ازان سر سجدے سے اُٹھا کر بیٹھے اور
دونون ہاتھ دست بدعا کر کے کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ

کے اس قول کو یاد رکھ الشیطان سول لهم و املی لهم یعنی شیطان نے انکو

فریب دیا اور خدا نے انکو ڈھیل دی **من مؤلف** اکثر ایسا ہوتا ہی کہ بسبب ارتکاب

معاصی کے انسان کو باریتعالی ڈھیل دیتا ہی کہ یہ اور گناہ سمیٹے اگر اسنے بسبب

خوف خدا کے فورًا توبہ کر لی بشرطیکہ وہ گناہ حق الناس مین نہون تو خدا تعالی اسکی

توبہ کو قبول فرماتا ہی اور اگر معاصی مین آلودہ رہا تو بالآخر قہر و غضب باریتعالی کا نازل

ہوجاتا ہی ملاحظہ ہون آیات قرآنی مندرجہ نمبر ۳ باب ہذا ای کمیل خدا تعالی کے اس

قول کو یاد رکھ جو اُسنے ابلیس سے فرمایا وَاجْلِبْ عَلَيْهِم بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْ

هُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا

یعنے تو اپنے سوار اور پیادون سے اُنپر حملہ کر اور اموال اور اولاد مین تو انکا شریک

ہوجا اور اُنکو وعدہ دے حالانکہ شیطان سوائے فریب کے اور کوئی وعدہ نہین دیتا

ای کمیل ابلیس اپنی ذات سے کوئی وعدہ نہین دیتا بلکہ جو وعدہ دیتا ہی وہ خدا کی

طرف سے دلاتا ہی تاکہ لوگون کو معصیت خدا پر مائل کرے اور انکو ہلاک کرے ای کمیل

---

(۶) فِي جَمِيعِ أُمُورِي فِي يُسْرٍ مِنْكَ وَعَافِيَةٍ بعد اسکے اُن چھ پرچون کو جائے نماز کے نیچے رکھ دے

بعد اسکے ایک ایک پرچہ نکالے اگر تین پرچے پے در پے اِفْعَلْهُ کے نکلین تو اُس کام کو کرے اور

اگر تین پرچے پے در پے لَا تَفْعَلْهُ کے نکلین پس اُس کام کو نکرے اور اگر ایک پرچہ اِفْعَلْهُ کا نکلے

اور دوسرا پرچہ لَا تَفْعَلْهُ کا نکلے یا برعکس اسکے پس پے در پے پانچ پرچے نکالے اُن پرچون مین اگر

اِفْعَلْهُ کے پرچے زیادہ ہون تو اُس کام کو کرے اور اگر لَا تَفْعَلْهُ کے پرچے زیادہ ہون

تو اس کام کو نکرے ۔

(۷) من مؤلف استخارے کا دیکھنا بعد نماز واجبہ کے افضل ہی بشرطیکہ نماز واجبہ وقت فضیلت

پر ادا ہوا ہو اور ابھی وقت فضیلت اُس نماز کا باقی ہو کہ استخارہ کرے اور واسطے نکاح اور بوقت

خریدنے مکان یا زمین یا اسپ کے ضرور استخارہ کرے اور اُسپر عمل کرے اس سبب سے کہ بعض

شیطان بڑے لطیف مکر پیش کریگا اور پیش بات تو جانتا ہی کہ عبادت تمکو زیادہ پسند ہی تو
اُسکی نسبت یہ نہ کہیگا کہ تم چھوڑ دو بلکہ اسپر (یعنے عبادت پر) نازان کر دیگا اور تمکو یہ خیال
پیدا ہوگا کہ مین ملک کریم ہون اور وہ شیطان رجیم ہی پس جسوقت اسطرح تمہارے
دل مین اطمینان پیدا کر دیگا اور تم اُس عبادت پر بھروسہ کر لوگے اسوقت وہ تم کو
مہلکات مین ڈالدیگا کہ جن سے کبھی نجات ہی نہ ہوگی **من مؤلف** نازان ہونا
عبادت یا دیگر کار خیر پر باعث اُسکے حبط ہو جانیکا ہوتا ہی یہ فعل گناہ کبیرہ بھی ہی
ابلیس شیطان کے پاس ایک جال ہی کہ وہ پھیلا دیتا ہی اُس سے بچتے رہو کہیں
ایسا نہ ہو کہ تم اُسمین جا پھنسو ابلیس شیطان کا جال تمام زمین پر پھیلا ہوا ہی کہ
اُس سے کوئی نجات نہین پاتا سوائے اسکے کہ جو ہم سے متمسک ہو اور خدا تعالیٰ
نے تمکو اوّل ہی بتلا چکا ہی کہ اُس سے کوئی نجات نہ پائیگا سوائے خدا کے بندے کے
اور خدا کے بندے وہ ہین جو ہمارے دوستدار ہین **من مؤلف** بعد سزا
گناہان کبیرہ کے جو لوگ جہنم سے نکال کر داخل بہشت کیے جائینگے وہ لوگ ایسے

۱۶۲ مکان اور زمین اور اسپ اور انسان مین نحوست ہوتی ہی۔

۲۵

فصل پچیسوین فضیلتِ نکاح وصیغۂ نکاح وفضیلتِ جماع

و اوقاتِ جماع مین

(۱) حدیث از وسائل الشیعہ حدیث اربعمأتہ مین جناب امیرؑ سے مروی ہی کہ فرمایا آنحضرت
نے کہ تزویج سنت رسول خدا ہی جناب رسول خداؐ فرماتے تھے کہ جو کوئی چاہے کہ میری سنت کی
پیروی کرے پس میری سنت سے تزویج کرنا ہی اور طلب اولاد ہی پس مین تمہاری کثرت سے
تمام امت پر بروز قیامت فخر کرونگا اور اپنی اولاد کو اُن عورتون کے دودھ سے جو زنا کاری

فرقہ اثنا عشری [illegible]

اثنا عشری کے اور کسی فرقہ کے لوگ داخل بہشت نہین ہوسکتے کیونکہ بہشت مین جانیکے لیے ایمان کا ہونا شرط ہی اور ایمان سے مراد یہ ہی کہ خدا کی توحید اور عدل اور نبوت انبیا اور امامت ائمہ علیہم السلام اور وقوع امامت کا قائل ہو جسمین یہ سب باتین نہین ہین اسکا ایمان درست نہین ہی اور جسکا ایمان درست نہین اُسکا کوئی عمل نیک باریتعالی قبول نہین فرماتا ای کمیل وہ قول خدا تعالی کا یہ ہی اِنَّ عِبَادِی لَیسَ لَکَ عَلَیہِم سُلطَان یعنے بالتحقیق میرے بندون پر تیرا کوئی قابو نہوگا اور دوسرا قول یہ ہی اِنَّمَا سُلطَانُہٗ عَلَی الَّذِینَ یَتَوَلَّونَہٗ وَالَّذِینَ ھُم بِہٖ مُشرِکُونَ اسکا (یعنے شیطان کا) قابو صرف انھین لوگون پر ہوگا جو اُسکے دوستدار ہین اور انپر جو اسکو شریک عبادت کرتے ہین ای کمیل ہماری ولایت کے ذریعہ سے اُس سے (یعنے شیطان سے) اس امر سے نجات پا کہ وہ تیرے مال اور اولاد مین تیرا شریک ہو جائے جیسے کہ اسکو اجازت دیگئی ہی ای کمیل ان لوگون سے

۱۶۳ ہوا ہوا اور مجنونہ عورتون کے دودھ سے بچاؤ کہ دودھ مین تاثیر ہوتی ہی۔

(۲) ایضاً جناب صدوق علیہ الرحمہ نے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ تم اپنے لیے اہل قرار دو کہ تمھارے لیے باعث وسعت رزق کا ہی مین مولف اور بھی احادیث اسکے موید ہین کہ نکاح کرنا باعث وسعت رزق کا ہوتا ہی اور خود خدا تعالی نے بھی اپنے کلام پاک مین وعدہ فرمایا ہی چنانچہ باریتعالی سورہ نور مین فرماتا ہی وَاَنکِحُوا الاَیَامٰی مِنکُم وَالصّٰلِحِینَ مِن عِبَادِکُم وَاِمَائِکُم اِن یَکُونُوا فُقَرَاءَ یُغنِھِمُ اللّٰہُ مِن فَضلِہٖ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیمٌ یعنے اور نکاح کرو اُن عورتون بے شوہر کا اپنے مین سے اور نیک مردون کا غلامون اپنے سے اور لونڈیون اپنیون مین سے اگر ہونگے فقیر غنی کردیگا اللہ فضل اپنے سے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہی۔

[illegible]

خیرات بہت دیتے ہین اور اسکے ساتھ ہی یہ گمان کرتے جاتے ہین کہ ہم موفق ہین
یہ گمان انکا انکے لیے اچھا نہین ہی) ای کمیل قسم بخدا مین نے جناب رسولخدا صلعم کو فرماتے
ہوئے سُنا ہی کہ جب شیطان کسی قوم کو بیحیائی کی باتون پر آمادہ کرتا ہی جیسے زنا
اور شراب کا پینا اور سود کا لینا اور اسی قسم کے گناہ (کبیرہ) ہین تو اُن کے
دلون مین عبادت شدیدہ کی محنت بُھلا دیتا ہی وہ خضوع اور خشوع اور رکوع اور سجود
خوب بجالاتے ہین پھر اُنکو ایسے امامون کی محبت کی طرف آمادہ کر دیتا ہی جو جہنم کی طرف
بُلانے والے ہین اور بروز قیامت اُنکی مدد نہ کیجائیگی ای کمیل شیطان مستقر
اور مستودع ہی اس سے تم حذر کرو کہ کہین تم بھی مستودعین مین نہ ہو جاؤ (یعنے اسکے جال
مین نہ پڑ جاؤ) ای کمیل تم تو خود اسکے مستحق ہو کہ تم خود مستقر قرار دیے جاؤ اور یہ
جب ہو سکتا ہی کہ تم راہ راست پر چلو جو نہ تمکو کسی کجی کی طرف لیجائے اور نہ اُس سے
تمکو ہٹا سکے جسپر ہمنے تمکو قائم کر دیا ہی اور جو ہم تک تمکو پہونچا دینے والا ہی ای کمیل

۱۹۲ (۳) حدیث از وسایل الشیعہ فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ فرمایا جناب رسولخدا
نے کہ تزویج کرو اپنی اور انکی کہ جو زوج نہ رکھتی ہون کہ کسی خیر کی بنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک
محبوب تر نہین ہی اُس گھر سے کہ جو اسلام مین بسبب نکاح کے معمور ہوا ہو اور کوئی چیز مبغوض تر
خدا تعالیٰ کے نزدیک اس سے نہین ہی اُس گھر سے کہ جو اسلام مین بسبب فرقت یعنے طلاق کے
خراب ہوا ہو۔

(۴) حدیث از رجال الصالحین فرمایا جناب ائمہ نے کہ دو رکعت نماز پڑھنا صاحب اہل و
عیال کا بہتر ہی اُس بغیر نکاح کیے سے کہ جسنے ستر رکعت نماز پڑھی ہو۔

(۵) حدیث ایضاً فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ بہترین شفاعتون سے یہ ہی کہ درمیان دو آدمیون
کے کوشش نکاح کی کرے اور جو کوئی یہ کوشش کرے تو ہر قدم پر کہ جو اس کوشش میں

کو چھوڑنے کی اجازت نہین دی گئی (یعنے جس شخص نے عمدًا ترک کیا اُسنے گناہ کبیرہ کیا) اور نوافل
کے بجالانے مین (مثل واجبات کے) سختی نہین کی (یعنے ترک نوافل کا مثل نماز واجبہ
کے گناہ نہین ہی) اور تکمیل خدا تعالیٰ کی طرف سے واجبات کے متعلق سوال ہوگا اب
رہے عمل نوافل (یعنے نوافل پنجگانہ) یہ ہم اسلیے بجالائے کہ (تمام نماز واجبہ کا
ہوجائے اور) قیامت کے ہول عظیم سے محفوظ رہین اور تکمیل اللہ تعالیٰ کا جو حق
واجب ہمارے ذمہ ہی وہ کُل واجبات اور کُل نوافل اور تمامی اعمال اور عمدہ عمدہ
مال دیکر بھی ہم ادا نہین کر سکتے لیکن بات یہ ہی کہ بخوشی خاطر جو نیکی کوئی شخص بجالائے
وہ اُسکے لیے اچھی سے اچھی ہی مومن مؤلف اگر انسان تمام عمر اپنی رکوع و سجود ہی مین
گذار دے اور رکوع اور سجود بھی ایسے بجالاے کہ جو حق اُنکے بجالانیکا ہی اور ایک منٹ
کے لئے کسی دوسرے کام مین مشغول نہو تو بھی انسان خدا کے حق سے ادا نہین ہوسکتا
جسطرح غلام ہی کہ وہ اپنے آقا کے حقوق سے اور اولاد ہی کہ وہ والدین کے حقوق سے
ادا نہین ہوسکتے باوجود اسکے کہ باعتبار پیدائش کے غلام اور آقا اور اولاد اور والدین

---

۱۶۵ راہ چلے خدا تعالیٰ واسطے اُنکے عبادت ایک سال کی لکھے کہ اُسکی راتون مین نمازین پڑھی ہون
اور دنون مین روزے رکھے ہون اور خدا تعالیٰ ہزار خوشی عطا فرمائے اور جو کوئی تزویج کرے
(یعنے نکاح پڑھے) وہ اُس جماعت سے ہو کہ خدا تعالیٰ روز قیامت مین نظر رحمت اسپر کرے اور جو کوئی
مفارقت زن و شوہر مین کرے پس وہ غضب خدا اور لعنت خدا مین گرفتار ہو اور دوزخ مین
معذب ہو مومن مؤلف فضیلت نکاح مین اور بھی احادیث ہین چنانچہ ملاحظہ ہون احادیث
از نمبر ۵۳۰ تا ۵۸۰ باب صدقات کتاب ہذا۔
(۶) حدیث ایضًا فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ دختر باکرہ کی خواستگاری کرو کہ منھ اُن کے
خوشبو اور پستان اُنکے پُر شیر ہوتے ہین اور اولاد بہت ہوتی ہی۔
(۷) حدیث از منہاج فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے کہ تزویج کرو تم زن گندم گون اور کشادہ چشم

نسب ایک ہین تو باریتعالیٰ کی ذات تو وہ ذات ہی کہ جسکے تھا ہم سے کوئی نسبت ہی
نہین ہی اور وہ پیدا کنندہ ہمارا ہی تو ہم اُسکے حقوق سے کسطرح ادا ہو سکتے ہین
ای کمیل تیرے گناہ تیری نیکیون سے زیادہ ہین اور تیری غفلت تیری یاد سے بڑھی
ہوئی ہی خدا تعالیٰ نے جو نعمتین تجھکو عطا کی ہین وہ تیرے کُل اعمال نیک سے کہین زیادہ ہین
ای کمیل تو کسیوقت نعمت خدا اور عافیت خدا سے خالی نہین ہی پس اُسکی تحمید اور تمجید
اور تقدیس اور تسبیح اور شکر اور ذکر سے بھی کسی حال مین خالی نہ رہ ای کمیل تو ان لوگون
مین سے ہرگز نہ ہوجیو جنکے بارے مین خدا تعالیٰ فرماتا ہی نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰاهُمْ اَنْفُسَهُمْ
یعنے وہ اللہ کو بھولے پس اللہ نے اُنکے نفس بھی اُنکو بھلا دیے (یعنے اپنے افعال کو
بھول گئے کہ ہم کیا کر رہے ہین) اور خدا تعالیٰ نے اُنکو فسق سے نسبت دی ارشاد
فرمایا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰاسِقُوْنَ وہ ہی لوگ فاسق ہین (یعنے نافرمان ہین) ای کمیل
یہ کوئی خوبی نہین ہی کہ تو نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور خیرات کرے بلکہ اصل خوبی
یہ ہی کہ نماز بتوجہ قلب ہو اور دل کو گناہون سے بچایا جائے اور عمل اس شان سے

---

۱۶۶ اور سیاہ چشم اور میانہ قد اور بزرگ سُرین سے اگر تم اُس سے رضامند نہ ہو تو مہر اسکا مجھ سے لو
من مؤلف صاحب سفینۃ النجاۃ تحریر فرماتے ہین کہ زن کشادہ رو اور خوش خلق اور باکرہ
اور بزرگ سُرین اور میانہ قد اور صاحب دین اور نجیب الطرفین اور کم مہر سے نکاح کرے
اور اجتناب کرے زن عقیمہ اور بے جمال اور احمق اور بدخلق اور سیاہ اور بلند آواز اور طعن
کنندہ اور عیب جوئندہ سے۔
(۸) حدیث سفینۃ النجاۃ مین کتاب جعفریات سے تحریر ہی کہ فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے کہ جو کوئی
چاہے کہ عورت جامع خصال نیک اُسکو حاصل ہو پس دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت مین
بعد سورہ حمد کے سورہ یٰسٓ ایکمرتبہ اور بعد نماز کے حمد وثنا ے باریتعالیٰ کرے اور دونون ہاتھ
اُٹھا کر کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ زَوْجَةً وَدُوْدًا وَلُوْدًا

کیا جاے کہ خدا کو پسند آئے اور تیرا دل خدا کے سامنے گریہ وزاری کرنیوالا ہو اور
ہر فعل وبات سے اظہار عبودیت ہو اور یہ کوشش ہمیشہ باقی رہے ای کمیل رکوع
اور سجود کے وقت اور اُنکے مابین رگ رگ اور جوڑ جوڑ سے تضرع اور زاری
ظاہر ہو تاکہ جیسی نماز ہر وقت کی ہونی چاہیے ویسی ہو جائے ای کمیل اسمین بھی غور کر
کہ تو کس لباس مین نماز پڑھ رہا ہی اور کس چیز پر پڑھ رہا ہی اسلیے کہ اگر یہ وجہ حلال سے
نہ ہون تو قبول نہ ہوگی ای کمیل زبان قلب کے ذریعے سے چلتی ہی اور قلب غذا
سے قائم رہی پس اسمین غور کر کہ تو اپنے قلب کو غذا کیسی پہونچاتا ہی اسلیے کہ اگر وہ
حلال نہ ہوگی تو خدا تعالیٰ نہ تسبیح قبول کریگا اور نہ تیرا شکر ای کمیل اسکو سمجھ لے
اور جان لے کہ ہم ہرگز اسکی اجازت نہین دیتے کہ مخلوق خدا مین سے کسی کی بھی
امانت کے ادا کرنیکو ترک کیا جاے پس اس بارے مین جو شخص ہماری طرف
سے کوئی روایت ایسی بیان کرے کہ جس سے ایسی اجازت نکلتی ہو تو یقیناً وہ
جھوٹا ہی اور گنہگار ہی اور اُسکے اس جھوٹ بولنے کی سزا جہنم ہی اور مین قسم کھاتا

شَكُوْرًا غَيُوْرًا اِنْ اَحْسَنْتُ شَكَرْتُ وَاَسَاْتُ غَفَرْتُ وَاِنْ ذَكَرْتُ اللّٰهَ اَعَانَتْ
وَاِنْ نَسِيْتُ ذَكَّرَتْ وَاِنْ خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهَا حَفِظَتْ وَاِنْ دَخَلْتُ عَلَيْهَا
سَرَّتْنِيْ وَاِنْ اَمَرْتُهَا اَطَاعَتْ وَاِنْ اَقْسَمْتُ عَلَيْهَا اَبَرَّتْ قَسَمِيْ وَاِذَا غَضِبْتُ
عَلَيْهَا اَرْضَتْنِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ هَبْ لِيْ ذٰلِكَ فَاِنَّمَا اَسْئَلُكَ وَلَا اَجِدُ
مَا قَسَمْتَ وَاَعْطَيْتَ۔

اَعْمَالُ بَرَائے عُزُبْ

(۹) از سفینۃ النجاۃ برائے عزب اُس مرد کو کہتے ہین کہ جسکے عورت نہ ہو اور اُس عورت
کو کہتے ہین کہ جسکے شوہر نہ ہو پس ان آیات کو لکھکر عزب باندھے پس جس سے ارادہ نکاح
کا رکھے قبول کرے وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ

ہوں نہ ین کے ثبات ہو ... کی کی طرف ... ہو
سنا کہ ای ابوالحسن نیک کی ہو یا بد کی کم ہو یا زیادہ سونی ہوتا گا امانت سب ادا کرنا
ہی کمیل اسکو سمجھ لے کہ خدا تعالی صرف متقیون کے عمل کو قبول کرتا ہی ای کمیل
جو شخص دنیا کے کسی کام مین خطا کرے تو سمجھ لے کہ دنیا زایل ہو جانے والی ہی
داس سبب سے وہ خطا بھی زائل ہو جانے والی ہی اور آخرت کے بارے مین جو عمل
خطا کیجائے وہ ثابت اور باقی رہنے والی ہی داس سے کہ آخرت کو بقا ہی، مثلاً کسی نے
دنیا مین یہ خطا کی کہ حصول عقبیٰ کو چھوڑ کر دنیا کا فائدہ اٹھایا تو وہ فائدہ قائم نہین
رہ سکتا زائل ہو جائیگا اس سبب سے کہ دنیا بھی زائل ہونیوالی ہی اور اگر کسی نے
آخرت کے بارے یہ خطا کی کہ عمداً کوئی گناہ کبیرہ کیا تو وہ باقی رہا اس سبب سے
کہ آخرت کو بقا ہی ای کمیل آخرت کی طرف سب چل رہے ہین اور وہان جس چیز
کی خواہش کیجائیگی وہ ثواب خدا اور اعلی درجے اور وہ جنت جسکا وارث سوا
پرہیزگارون کے کوئی نہ ہوگا مین مؤلف حدیث مذکور یعنے اوصیائے جناب امیر

[۱۹۸] الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ
عَلَيْهَا لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى۔

(۱۰) از سفینۃ النجاۃ سورہ طٰہٰ کو لکھے اور اپنے پاس رکھکر اُس قوم کی طرف جاے
کہ جس سے ارادہ تزویج کا کرتا ہو بس مطلب پر فائز ہو۔

(۱۱) ایضاً جسوقت تزویج تجھ پر مشکل ہو ان آیات کو لکھ کر اپنے ساتھ رکھے اور تین
روز روزہ رکھے اور ہر شب فرش خواب پر اکیس[۲۱] مرتبہ ان آیات کو پڑھے اور خدا تعالی
سے اپنا مطلب عرض کرے کہ خدا تعالی مجھ پر تزویج آسان کرے آیات یہ ہین رَبَّنَا هَبْ لَنَا
مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ
الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا خٰلِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا

تمام و کمال زاد المومنین میں تحریر ہوچکی اور جاننا چاہیے جسقدر دنیا میں اعمال نیک کرتے جائیں گے اُسیقدر آخرت میں مدارج حاصل ہونگے اور جسقدر اُسمیں کمی کی جائیگی اُسیقدر آخرت میں حسرت ہوگی۔

(۹) **نقصانات وتاثیرات صحبت بد** نقصانات صحبت بد سے بہت پہونچتے ہیں لہذا قرآن واحادیث میں حکم دیا گیا ہی کہ صحبت بد میں نہ بیٹھے اس سبب سے کہ اگر اُنکے پاس بیٹھے گا تو اُنکے اعمال بد کا اثر اسپر بھی پڑیگا اور اگر بالفرض یہ مرتکب معاصی نہ ہوا تو بوقت نزول غضب و قہر باریتعالی کے یہ بھی اُنکے ساتھ غضب و قہر خدا میں آجائیگا اس قصور میں کہ اسنے اہل معاصی سے کنارہ کشی کیوں اختیار نہ کی اور یہ اُنکی صحبت میں کیوں رہا پس صحبت بد سے ہمیشہ اجتناب رکھے۔

(الف) باریتعالی سورہ انعام میں پاہین رکوع ۱۰ وہ کے فرماتا ہی وَاِذَا رَاَیْتَ الَّذِیْنَ یَاظٰلِمِیْنَ اور جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں کو مشغلہ دنیا لے

(۱۲) ایضاً اگر چند دختر رکھتا ہو اور رجا ہے کہ تزویج کرے پس سورہ احزاب کو پوست آہو پر لکھے اور حقہ میں رکھکر گھر میں رکھے مطلب پر فائز ہو۔

بعنی قطعی یا ڈبیہ وغیرہ کہ جسمیں موتی وغیرہ رکھے جاتے ہیں ۱۲ م ک

(۱۳) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ بوقت ارادہ تزویج کے دو رکعت نماز استخارہ پڑھو اور خدا سے سوال کرو تم کہ زن عفیفہ تمکو عطا فرمائے بعد نماز کے کہو اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اَتَزَوَّجَ فَقَدِّرْ لِیْ مِنَ النِّسَاءِ اَعَفَّهُنَّ فَرْجًا وَاَحْفَظَهُنَّ لِیْ فِیْ نَفْسِهَا وَمَالِیْ وَاَحْسَنَهُنَّ خَلْقًا وَخُلُقًا وَاَوْسَعَهُنَّ رِزْقًا وَاَعْظَمَهُنَّ بَرَکَةً وَاقْضِ لِیْ مِنْهَا وَلَدًا صَالِحًا طَیِّبًا تَجْعَلُهُ لِیْ خَلَفًا فِیْ حَیٰوتِیْ وَبَعْدَ مَوْتِیْ۔

تاریخہائے سعد و نحس برائے نکاح

(۱۴) واسطے نکاح کے ہر مہینے کی چھبیسوین تاریخ نحس ترین تاریخ ہی اور علاوہ اسکے نکاح

ہون تو اسکے پاس سے اٹھکے چلے جاؤ یہانتک کہ وہ ہماری آیتون کے سوا اور باتون مین مشغول
ہوجائین اور اگر شیطان تمکو (یہ حکم) بھلا دے اور (بعد کو یاد آئے تو) بعد یاد آنے کے
ظالمون کے (یعنے نافرمان لوگون کے) ساتھ نہ بیٹھے رہنا)

(ب) سورہ کہف مین مابین رکوع ۳ و ۴ کے فرماتا ہی وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهُ اسیی شخص کی اطاعت نکرو (یعنے اُسکی صحبت مین نہ جاؤ) جسکے دل کو ہمنے یاد سے غافل کردیا ہی) اور وہ اپنی خواہش (دنیا) کا پیرو ہوگیا اور اسکا معاملہ (دنیا) حد سے گذر گیا

(ج) سورہ طٰہٰ مین مابین رکوع ایک کے ہی اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا (یعنے قیامت ضرور آنیوالی ہی مین اُسکو پوشیدہ رکھتا ہون تاکہ ہر نفس کو اُسکی سعی کا بدلا ملے تو ایسا نہو کہ جو شخص اُسپر ایمان نہین لایا اور اپنی خواہش نفسانی کا پیرو ہی وہ تمکو اُس (کی) فکر سے باز رکھے اور تم ہلاک ہوجاؤ) من مؤلف سوائے اُنکے اور بھی آیات قرآنی ہین بخوف طول باب ہذا کے اُنکو ترک کیا گیا اسمقام پر کچھ احادیث دار السلام سے تحریر کیجاتی ہین

(الف) حدیث از تنبیہ الخواطر فرمایا ائمہ ع نے کہ مُردون کی ہمنشینی مت اختیار کرو

---

(۱) کے یہی وہ کل تاریخین نحس ہین جو ہر ماہ کی نحس اکبر و نحس اصغر ہین ملاحظہ ہو فصل (۵) از سعد و نحس ہر ماہ اور حدیث مین آیا ہی کہ تحت الشعاع مین یعنے ہر مہینے کے آخر تین دن مین نکاح کرنا منع ہی اگر چاند تیس کا ہی تو ۲۸ و ۲۹ و ۳۰ تاریخین تحت الشعاع ہین اور اسیطرح قمر در عقرب مین نکاح کرنا منع ہی اور مکروہ ہی نکاح کرنا وقت گرمی روز یعنے قریب زوال کے حدیث مین آیا ہی کہ کوئی قمر در عقرب مین عقد کرے اہین انکے مفارقت ہووے اور اسیطرح چھبیسوین ۲۶ تاریخ ہر ماہ کی نسبت بھی حدیث مین آیا ہی کہ اس تاریخ عقد کرنا آخر مین جُدائی کا باعث ہوتا ہی اور مکروہ ہی ہم بستری شب چہار شنبہ مین اور صاحب جمال الصالحین علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ عقد کرنا ماہ شوال مین خوب ہی اور عقد دن مین نہو شب مین عقد کا ہونا خوب ہی

(۱۵) منقول ہی کہ دعوت مومنین کی کرنا پانچ مقام پر سنت ہی اوّل عروسی - دوم تولد فرزند دختر سوم

ورتمھارے دل بھی مردہ ہوجائینگے اور مردہ وہ ہین جو دنیا کے تسیدا ہین -

(ب) از معانی الاخبار (حارث عاور) سے منقول ہی کہ جناب علیؑ نے اپنے پسر حسنؑ سے پوچھا کہ سفاہت کیا ہی اُنھون نے عرض کیا کہ رذیل لوگون کا اتباع اور گمراہون کی مصاحبت

(ج) حدیث از من لایحضرہ الفقیہ جناب امیرؑ نے جو وصیت اپنے فرزند کو فرمائی اُسمین سے یہ بھی ہی شریر لوگون سے (یعنی صاحبان معاصی سے) اور (اُن لوگون سے) جو تمکو یاد خدا اور (ذکر موت سے بذریعہ باطل اور مزخرف باتون اور لغو قصہ کہانیون کے روکین اُنکے پاس نہ جاؤ -

(د) حدیث از مصباح الشریعت فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جس شخص کی صحبت تمھارے دل سے یاد خدا کو (اور خوف خدا کو) بھلا دے اور جسکی ملاقات تمکو اطاعت خدا سے ہٹا کر اور طرف مشغول کر دے پس ایسے ہی لوگ شیطان کے دوست اور اعوان ہین پس ایسا نہ ہو کہ اُنکی صحبت تمکو اس بات پر مجبور کرے کہ حق سے چشم پوشی کرنے لگو کہ اس سے زیادہ نقصان اور کسی چیز مین نہین ہی -

---

چہارم بوقت بناء مکان پنجم جب سفر مکہ سے گھر مین واپس آئے اور سنت ہی کہ اُنکی دعوت کو قبول کرین ہر چند کہ روزہ سنتی ہو اور صاحب منہاج تحریر فرماتے ہین کہ ولیمہ بوقت چاشت دیوے

(۱۶) حدیث فرمایا جناب ائمہؑ نے کہ بہترین زنان امت وہ ہین کہ جنکا مہر کم ہو من مؤلف زیادہ مہر باندھنے کی ممانعت کی گئی ہی اور فرمایا ائمہؑ نے کہ بدترین عورت وہ ہی جسکا مہر زیادہ ہو -

حدیث از دار السلام جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ یہ پوری حدیث نمبر ۱۴ فصل ۷ کتاب ہٰذا مین تحریر ہی اسمین کے دو فقرے یہ ہین فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو عورت اپنے شوہر پر بھاری مہر باندھے گی خداوند تعالیٰ قیامت کے دن بھاری زنجیرین اُسپر ڈالیگا اور جو عورت قیامت کے دن تک اپنا مہر ڈھیل مین ڈالے رہیگی اور شوہر کے ذمے رکھے گی تو خدا تعالےٰ دنیا مین تو اسکو رسوائی کا مزا چکھائیگا اور آخرت کا عذاب اُس سے بھی بڑا ہی بشرطیکہ لوگ سمجھین -

(ہ) حدیث از درر غرر فرمایا جناب امیرؑ نے کہ ردیل لوگون کی صحبت مین بیٹھ
دل کو کمینہ بنا دیتا ہی اور سفیہون سے صحبت رکھنا اخلاق کو فاسد کرتا ہی۔

(و) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ فاسق اور فاجر اور وہ لوگ جو خدا کی
نافرمانی بظاہر کرتے ہون ان سب کی صحبت سے بچو۔

(ز) حدیث فرمایا جناب امیرؑ نے کہ اہل نفاق کی صحبت سے علٰحدہ رہو اسلیے
کہ وہ خود گمراہ ہین اور دوسرون کو بھی گمراہ کرنے والے ہین خود اُنکے قدم پھسلے
ہین اور دوسرون کو بھی پھسلانا چاہتے ہین اُنکے دل بیمار ہین۔

(ح) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ گنہگار لوگون کی صحبت سے بچو اس سبب سے
کہ بدکار بالآخر بدی سے جا ملاتا ہی۔

(ط) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؐ نے کہ فاسق اور فاجر کی صحبت سے بچو اگر تم اُسکے
فعل سے راضی ہوے تو تم بھی اُسکے مرتکب سمجھے جاؤگے اور نافرمانی کے مقامات
بھی دیعنے جن جن مقامات پر نافرمانی احکام خدا و رسولؐ کی ہوتی ہو اُن مقامات سے

(۱۷)

خطبۂ نکاح

بوقت نکاح اوّل اس خطبے کو پڑھے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ خَلَقَ مِنَ
الۡمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهۡرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرًا ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ
الۡمُرۡسَلِیۡنَ مُحَمَّدٍ وَّاَهۡلِ بَیۡتِهِ الَّذِیۡنَ اَذۡهَبَ اللّٰہُ عَنۡهُمُ الرِّجۡسَ وَطَهَّرَهُمۡ تَطۡهِیۡرًا اَمَّا بَعۡدُ
فَقَدۡ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی وَقَوۡلُهُ الۡحَقُّ وَاَنۡكِحُوا الۡاَیَامٰی مِنۡكُمۡ وَالصّٰلِحِیۡنَ مِنۡ
عِبَادِكُمۡ وَاِمَآئِكُمۡ اِنۡ یَّكُوۡنُوۡا فُقَرَآءَ یُغۡنِهِمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِهٖ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ
وَقَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَنَاكَحُوۡا وَتَنَاسَلُوۡا تَكۡثُرُوۡا فَاِنِّیۡ
اُبَاهِیۡ بِكُمُ الۡاُمَمَ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ وَلَوۡ بِالسِّقۡطِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی اَشۡرَفِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ مُحَمَّدٍ

دور رہو اسلیے کہ وہ (مقامات) خدا تعالیٰ کے نیران غضب کے بھڑکانے والے ہین
اور میزان کے پلّے کو بھاری کرنیوالے ہین اور احمق کی صحبت سے بھاگو کیونکہ جہان
وہ یہ سمجھےگا کہ تمھین نفع پہونچا رہا ہی وہین تمھین ضرر پہونچائیگا اور جہان یہ سمجھتا ہی کہ تم کو
خوش کر رہا ہی وہین تمکو رنجیدہ کریگا۔

(۹) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؑ نے کہ اُن سب مقامات سے بچو جہان ظلم ہوتا ہو
(یعنی ارتکاب کبائر) یا غفلت پھیلی ہوئی ہو (یعنے یادِ خدا اور اُسکے احکام سے غفلت کرتے ہون)

(۱۰) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؑ نے کہ احمق سے بچو کیونکہ اُسکی مدارات تو تمکو
رنج دیگی اور اُسکی موافقت تمکو ہلاک کریگی اور اُسکی مخالفت تمکو ایذا دیگی اور اُسکی
مصاحبت تمکو وبال ہو جائیگی۔

(۱۱) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؑ نے کہ اُس شخص کی مصاحبت سے پرہیز کرو
کہ جو راے تو قبول کرے اور عمل سے انکار کرے اسلیے کہ ہر شخص کا اعتبار اُس کے
ہم نشین سے ہوتا ہی۔

المعصومین بعد اس خطبے کے صیغۂ نکاح پڑھے۔

صیغۂ نکاح

پس وکیل عورت کا مرد کے وکیل کی طرف خطاب کر کے کہے اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَتِی مُوَکِّلَکَ
عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ پس وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِی عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ پس
وکیل عورت کا کہے اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَتِی مِنْ مُوَکِّلِکَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ پھر وکیل مرد کا کہے
قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِی عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ پھر وکیل عورت کا کہے زَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِی مُوَکِّلَکَ
عَلَی الصِّدَاقِ الْمَعْلُومِ بجواب اسکے وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ التَّزْوِیجَ لِمُوَکِّلِی عَلَی الصِّدَاقِ
المعلوم اگر چاہے تو پھر وکیل عورت کا کہے زَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِی بِمُوَکِّلِکَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ

دوست کو ہلاک کر دیتا ہی-

دیڈ۱۴) حدیث ایضاً آنحضرتؑ نے فرمایا کہ جیسے عقلمند کی صحبت کے تم خواستگار ہوتے اسیطرح جاہل کی صحبت سے علحدہ رہو-

دیۃ۱۵) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؑ نے کہ شریرون کی مصاحبت نہ رکھو اسلیے کہ وہ مثل آگ کے ہین کہ جسکا ملنا آخر جلا دیتا ہی-

دیو۱۶) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؑ نے کہ شریرون کی مصاحبت کا ایک پھل یہ بھی ملیگا کہ اگر تم اُنکی جھپٹ سے بچ گیے تو وہ تم پر احسان تو جتلاتے ہی رہین گے

دیز) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؑ نے کہ جو لوگون کے عیب جو ہون اُنکی صحبت سے بھی بچو اسلیے کہ جو شخص اُنکے پاس اُٹھنے بیٹھنے والا ہی وہ اُنسے بچ نہ سکیگا-

دیح) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرت نے کہ جھوٹون کی صحبت سے بچو کہ وہ بعید کو تم سے قریب کر دکھلائیگا اور قریب کو بعید-

یو۱۷) بعد اُسکے وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ التَّزْوِيْجَ لِمُوَكِّلِيْ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر احتیاطاً وکیل عورت کا کہے اَنْكَحْتُ وَزَوَّجْتُ مُوَكِّلَتِيْ مُوَكِّلَكَ عَلَى الصَّدَاقِ الْمَعْلُوْمِ بعد اسکے وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ النِّكَاحَ وَالتَّزْوِيْجَ لِمُوَكِّلِيْ عَلَى الصَّدَاقِ الْمَعْلُوْمِ-

(۱۸) حدیث از کافی جناب شیخ محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ نے جناب امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہی کہ فرمایا آنحضرتؑ نے کہ جسوقت زوجہ کو گھر مین لائے اسکو حکم کرے کہ وہ وضو کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور خود مرد بھی وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کرے اور بعد نماز کے تمجید باری تعالیٰ کی کرے اور صلوات محمد و آل محمد پر بھیجے اور کہے اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ اِلْفَهَا وَوُدَّهَا وَرِضَاهَا وَاَرْضِنِيْ بِهَا وَاجْمَعْ بَيْنَنَا بِاَحْسَنِ اجْتِمَاعٍ وَاَنْسِلِ ائْتِلَافٍ فَاِنَّكَ تُحِبُّ الْحَلَالَ وَتَكْرَهُ الْحَرَامَ ٥ پس ہاتھ اپنا زوجہ کی پیشانی پر رکھکر کہے

(یط) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؐ نے کہ نیکی کے لیے آفت بد ہمنشین ہین اور سب بدتر ہمنشین جاہل ہی اور بد صحبت بلا لانے والی ہوتی ہی اور تمھارے بھائیون مین سے سب سے بدتر وہ ہی جو خواہش نفسانی سے تمکو دھوکے مین ڈالے اور تمکو دنیا کا شیفتہ بناوے اور تمھارے عیب تم سے چھپاوے اور دل ہی دل مین تمکو برا کہے اور سب سے برا دوست وہ ہی جو تمکو دنیا کی باتون مین مبتلا کردے اور آخرت کی باتین تمسے بھلادے۔

(ک) حدیث فرمایا آنحضرتؐ نے کہ بدہمنشین پارچہ آتش ہین بدون کی صحبت سے بدی اسیطرح حاصل ہوتی ہی جسطرح ہوا سڑی ہوئی چیز پر سے گذرے اور وہ بدبو کو ساتھ لیتی جائے۔

(کا) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؐ نے کہ احمق کی صحبت روح کے لیے عذاب ہی اور فرمایا کہ جاہل دوست ہلاکت مین ڈالنے والا ہی۔

(کب) حدیث از خصال و امالی فرمایا جناب رسول خداؐ نے کہ چار چیزین دلون کو فاسد کرتی ہین عورتون کے ساتھ خلوت کرنا عورتون سے حظ اٹھانا عورتون کی رائے سے

۱۷۵؎ اَللّٰهُمَّ عَلٰى كِتَابِكَ تَزَوَّجْتُهَا وَفِىْ اَمَانَتِكَ اَخَذْتُهَا وَبِكَلِمَاتِكَ اسْتَحْلَلْتُ فَرْجَهَا فَاِنْ قَضَيْتَ لِىْ فِىْ رَحِمِهَا شَيْئًا فَاجْعَلْهُ مُسْلِمًا سَوِيًّا وَلَا تَجْعَلْهُ شِرْكَ شَيْطٰن

(۱۹) جناب مرزا حسن بن عبدالرزاق الاہجی علیہ الرحمہ جمال الصالحین مین تحریر فرماتے ہین کہ جسوقت زوجہ گھر مین آئے تو زوجہ اول پانے راست سے اور پھر پاے چپ سے کفش کو اتارے بعد اسکے زوجہ کے دونو پانون کو دھوکر اُس پانی کو گھر مین چھڑکے اسطرح کہ ابتدا گھر کے دروازے سے کرکے تمام گھر کے دور مین چھڑک کر گھر کے دروازے پر تمام کرے حدیث ہی کہ اگر اسی طرح کرے تو ستر طرح کا فقر اُس گھر سے دور ہو اور ستر طرح کی برکت اُسمین داخل ہو اور جب تک اُس گھر مین رہے دیوانگی و جذام و برص سے محفوظ رہے اور ستر طرح کی رحمت اس پر نازل ہو۔

سے کیا مطلب ہی فرمایا ہر ایسے شخص کی صحبت جو راہ ایمان سے گمراہ ہو اور احکام مین
ظلم کرتا ہو۔

(۲۳) تنبیہ الخواطر مین ہی کہ انبیاے سلف پر جو وحی نازل ہوئی اُسمین یہ بھی تھا کہ جو لوگون سے
زیادہ میل جول کریگا اُسکا یقین کم ہوجائیگا اور ذہن اُسکا فاسد ہوجائیگا اور فتنہ
اُسکا بڑھ جاے گا۔

(۲۴) حدیث ایضاً فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ جو کوئی کسی صاحب بدعت سے از راہ
بغض اعراض کرے گا خدا تعالیٰ اُسکے دل کو یقین سے اور رضا سے معمور کردیگا

(۲۵) حدیث از کافی ایک طویل حدیث بروایت علی ابی حمزہ جناب امام زین العابدین
سے منقول ہی منجملہ اُسکے یہ ہی کہ نافرمانون کی صحبت اور ظالمون کی امداد اور منافقون
کی پرورش سے بچو ان سب کی آزمایش سے پرحذر رہو اور انکی جھبیٹ سے دور۔

(۲۶) حدیث از من لایحضرہ الفقیہ فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ جو شخص

---

(۲۰) حدیث از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ رو بقبلہ کھڑے ہو کر ہاتھ
پیشانی زوجہ پر رکھکر کہے اَللّٰهُمَّ بِاَمَانَتِكَ اَخَذْتُهَا وَبِكَلِمَاتِكَ اسْتَحْلَلْتُهَا فَاِنْ قَضَيْتَ
لِيْ مِنْهَا وَلَدًا فَاجْعَلْهُ مُبَارَكًا تَقِيًّا مِنْ شِيْعَةِ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطَانِ فِيْهِ
شِرْكًا وَلَا نَصِيْبًا۔

(۲۱) حدیث سفینۃ النجاۃ مین جعفریات سے تحریر ہی کہ فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے کہ جس وقت
زوجہ کے نزدیک جائے دو رکعت نماز ادا کرے اور ہاتھ زوجہ کی پیشانی پر رکھکر کہے اَللّٰهُمَّ
بَارِكْ لِيْ فِيْ اَهْلِيْ وَبَارِكْ لَهُمْ فِيَّ وَمَا جَمَعْتَ بَيْنَنَا فَاجْمَعْ بَيْنَنَا فِيْ خَيْرٍ وَيُمْنٍ وَ
بَرَكَةٍ وَاِذَا جَعَلْتَهَا فُرْقَةً فَاجْعَلْهَا فُرْقَةً اِلٰى خَيْرٍ بعد ازان کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
هَدٰى ضَلَالَتِيْ وَاَغْنٰى فَقْرِيْ وَنَعَشَ خُمُوْلِيْ وَاَعَزَّ ذِلَّتِيْ وَاٰوٰى عَيْلَتِيْ وَزَوَّجَ

(کز) از قرب الاسناد - فرمایا کہ ایسے جاہلون سے جو عابد بنے ہوے ہون اور ایسے عالمون سے جو فاسق اور فاجر ہون ضرور بچو اسلیے کہ لوگون کے یہ دونون قسم کے لوگ آزمائش ہین۔

(کح) حدیث از قرب الاسناد فرمایا جناب امام جعفر صادق نے کہ ہر چیز جسکی منفعت دینی نہ سمجھ مین آتی ہو اُسمین غور کرو اپنے آپکو اُسکا عادی ہرگز نہ کرو اور ایسے صحبت کی رغبت نکرو اسلیے کہ ماسواے خدا کے جو کچھ ہی وہ ختم ہوجانیوالا ہی اور انجام اُسکا سواے حسرت کے کچھ بھی نہین ہی۔

(کط) صاحب دار السلام علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ من لایحضرہ الفقیہ مین صفات شیعہ مین منقول ہی کہ بدون کی صحبت مین بیٹھنا نیکون کے حق مین گمان بد پیدا کرتا ہی اور نیکون کی صحبت مین بیٹھنا بدون کو نیک بنا دیتا ہی جس شخص کی حالت تجھکو اچھی طرح معلوم نہو اور نہ اُسکے دین و اعتقاد کی خبر ہو تو اُسکے ہمنشینون کی حالت کو جانچو اگر وہ

ایمتی وحمل رحلی واخدم مھنتی وانس وحشتی ودفع حسیستی محمداً کثیرا طیبا مبارکا فیہ علیٰ ما اعطیت وعلیٰ ما قسمت وعلیٰ ما وھبت وعلیٰ ما اکرمت۔

(۲۲) فضائل مباشرت

(۲۳) حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ مرد جسوقت زوجہ کی طرف متوجہ ہوتا ہی تو ایسا ہی کہ راہ خدا مین شمشیر کھینچی اور جب مجامعت کرے تو گناہون سے پاک ہوتا ہی

(۲۴) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جب مجامعت کرے اپنی زوجہ کے ساتھ تو گناہ کرتے ہین مثل پتے درخت کے اور جب غسل کرے تو گناہون سے پاک ہوجاتا ہی۔

(۲۵) اوقات جماع صاحب سفینۃ النجاۃ اعلی اللہ مقامہ تحریر فرماتے ہین کہ اختیار ہی جماع کا کرنا شب دوشنبہ و شب سہ شنبہ و شب پنجشنبہ و شب جمعہ خصوصاً بعد از نماز خفتن اور وقت

مین کوئی حصّہ نہ ہوگا۔

(۹) حدیث[۱] ایضاً منقول ہو کہ جناب رسولخدا صلعم یہ فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص خدا اور قیامت کے دن پر ایمان لایا اُسکو لازم ہو کہ کسی کافر سے دوستی نکرے اور کسی فاسق اور فاجر کی صحبت مین نہ بیٹھے کیونکہ جو میرے اس حکم کے خلاف کریگا وہ خود فاجر یا کافر ہو جاوے گا۔

(۱۰) **نقصانات اعمال بد** اعمال بد کے نقصانات دنیا و آخرت دونون مین بھگتنا پڑتے ہین دنیا مین طرح طرح کی مصیبتین اور بلائین وغیرہ ملاحظہ ہو نمبر ۲ باب ہذا و آیات قرآنی مندرجہ نمبر ۴ و احادیث مندرجہ نمبر ۵ باب ہذا اور آخرت مین عذاب دوزخ ہو ملاحظہ ہون آیات قرآنی مندرجہ نمبر ۱۴ باب ہذا۔

(۱۱) **فوائد صحبت نیک** جن لوگون کے دل مین خوف خدا ہو اور اہل یقین اور اہل توکل سے ہون اُنکے پاس بیٹھنا بہت سے مہلکات یعنی عذاب دنیا و آخرت

---

[۱] زوال روز پنجشنبہ اور بعد از عصر روز جمعہ و شب اوّل ماہ رمضان المبارک مین اور اجتناب کرے جماع کے کرنے سے بحالت حیض اور شب عید الفطر اور شب عید قربان اور شب نصف شعبان یعنی پندرھوین شب شعبان اور روز و شب آخر شعبان مین اور شب اوّل ماہ و آخر ماہ مین اور اُسوقت کہ جب سفر کو جاوے کہ مسافت اُسکی تین روز ہو اور اُس شب مین کہ سفر سے واپس آوے اور شب خسوف یعنی جس شب مین ... ہو اور روز کسوف یعنی جسدن سورج گہن ہو اور وقت چلنے آندھی کے اور وقت ... اور اُسوقت کہ جب برہنہ ہووے اور اُسوقت کہ جب رو بقبلہ ہو یا پشت بقبلہ ہو اور اُسوقت کہ جب کشتی مین ہو اور ما بین غروب آفتاب اور برطرف ہونے سرخی مغرب کے اور ما بین طلوع صبح صادق اور طلوع آفتاب کے اور ما بین اذان و اقامت

سے محفوظ رکھتا ہی اس سبب سے کہ انسان کی الحقیقت بحر غفلت و نسیان مین ڈوبا ہوا ہی
لہذا صحبت سے بہت بڑی امید نجات کی ہی اور اس دنیا مین حالت انسان کی
ایسی ہی کہ جیسے کوئی شخص ایسے پر خطر راستے پر چلا جاتا ہو کہ جسپر بہت سے سانپ
اور جانوران ہلاک کنندہ کو دیکھتا ہو اور اسکے سبب سے دل کانپ رہا ہو اور
گھبرا گھبرا کر ہر طرف بچنے کی نظر دوڑاتا ہو اور آخر مین کسی جگہ اس غرض سے ٹھہر جاوے
کہ ہتھیار کے لے تاکہ اپنی حفاظت کر سکے پس نیک صحبتین ایسی ہین کہ وہان پناہ
بھی مل سکتی ہی اور ہتھیار بھی اسی سبب سے باریتعالی نے فرمایا ہی کُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ
یعنے سچون کے ساتھ ہو جاؤ۔

(الف) سورہ کہف مابین رکوع ۳ و ۴ کے فرماتا ہی وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ تا
فُرُطًاہ اور اپنے نفسون کو اُن لوگون کے ساتھ رکھو کہ جو صبح و شام اپنے پروردگار سے
دعائین مانگتے ہون اور اُسی کی توجہ کے طالب ہون اور انکی طرف سے اپنی آنکھین
نہ پھرا کہ تو دکھین) حیوۃ دنیا کی زینت کا طالب نہ ہو جاوے اور اسکی اطاعت

ہوا اور شب کی اول ساعت مین اور بوقت زوال اور اُس ساعت مین کہ جو بعد زوال کے
متصل بزوال ہو اور کوٹھے پر اُسوقت کہ جب عورت حاملہ ہو مگر یہ کہ وضو کرے یعنے بعد
وضو کے اور اُس گھر مین کہ اور کوئی آدمی ہو خواہ عورت ہو خواہ طفل خواہ غیر طفل ہو اور
اجتناب کرے بوقت جماع بات کرنے سے اور فرج پر نگاہ کرنے سے اور بوقت جماع
دوسری عورت کو یاد کرنے سے اور ایستادہ جماع کرنے سے اور اسطرح جماع کرنے سے کہ
پشت عورت کی تیری طرف ہو اور اسوقت کہ جب معدہ بھرا ہو اور درخت میوہ دار کے
نیچے جماع کرنے سے اور اُسوقت کہ جب آفتاب کا رُخ تیری طرف ہو مگر یہ کہ مابین آفتاب کے اور
اپنے پردہ ڈالے اور چاہیے کہ کپڑہ پاک کرنیکا عورت و مرد کا علیحدہ علیحدہ ہو ایک کپڑے کا
ہونا باعث عداوت کا ہوتا ہی اور اجتناب کرے جماع کرنے سے اُسوقت کہ جب محتلم ہو یعنے

اُسکا معاملہ (دنیا) حد سے گذر گیا ہی۔

(ب۲) حدیث از کافی فرمایا ائمہ علیہم السلام نے کہ حضرت لقمان نے اپنے پسر سے یہ کہا کہ اپنے بیٹھنے کی جگہ دیکھ بھال کر اختیار کر و اگر کوئی گروہ تمکو ایسا نظر آوے کہ جو یاد خدا کرتا ہو تو اُسکے پاس بیٹھو اگر تم عالم علم دین کے ہو تو تمھارا علم انکو نفع پہونچائیگا اور اگر تم جاہل ہو تو وہ تمکو سکھلا دینگے اور شاید اللہ ان پر اپنی رحمت نازل کرنے اور تمکو بھی اُنکے ساتھ شریک کرے۔

(ج۳) حدیث از کافی فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ حوارین نے جناب عیسیٰ علیہ السلام سے دریافت کیا تھا کہ یا روح اللہ ہم کس کے پاس اُٹھیں بیٹھیں فرمایا اُنکے پاس جنکی صحبت تمکو یاد خدا کرا دے اور جنکی وجہ سے تمھارا علم زیادہ ہو اور جنکا عمل تمکو آخرت کی رغبت دلائے۔

(د۴) حدیث از اختصاص جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے

---

(۱۶۰) بعد احتلام کے اور قبل غسل کے مگر یہ وضو کر لے یعنے ایسی حالت مین بعد وضو کے جماع کرے اور جناب مرزا محمد حسن صاحب اعلی اللہ مقامہ منہاج مین تحریر فرماتے ہین کہ حدیث مین ہی کہ جو کوئی اوّل شب مین جماع کرے ایمن نہ ہووے قولنج اور فالج اور لقوہ اور سنگ مثانہ و باد فتق سے اور جو کوئی بوقت زوال جماع کرے اولاد احول ہوگی اور جو کوئی اوّل ماہ اور اوسط ماہ اور آخر ماہ مین جماع کرے اولاد مجنون ہوگی یا بیعقل ہوگی یا مجذوم اور حدیث مین ہی کہ آخر ماہ مین جماع کرنے سے جو نطفہ منعقد ہوگا ساقط ہوگا اور حدیث مین ہی کہ شب دوشنبہ مین جماع کرنے سے جو فرزند پیدا ہوگا حافظ قرآن ہوگا اور شب سہ شنبہ مین جماع کرنے سے جو فرزند پیدا ہوگا فصیح و بلیغ ہوگا اور بوقت عصر روز جمعہ جماع کرنے سے جو فرزند پیدا ہوگا عالم اور دانا ہوگا اور صاحب سفینۃ النجاۃ اعلی اللہ مقامہ

کہ ہر عالم کے پاس بیٹھو بلکہ اُس عالم کے پاس بیٹھو جو تمکو پانچ باتون سے ہٹا کر پانچ باتون کی
جانب راغب کر دے شک سے یقین کی طرف کبر سے تواضع کی طرف ریا سے اخلاص
کی طرف عداوت سے نصیحت کی طرف رغبت دنیا سے زہد کی طرف ۔

(۲۵) حدیث از روضۃ الواعظین فرمایا جناب امیرؑ نے کہ علما کی صحبت مین بیٹھو تم نیکبخت
ہو جاوگے اور فرمایا کہ علما کی صحبت مین بیٹھو تمھارا علم بڑھیگا اور بردبار لوگون کی صحبت مین
بیٹھو تمھارا شکر بڑھیگا اور بدون کی صحبت سے بچو اور نیک لوگون کی صحبت مین بیٹھو اور
فرمایا کہ علما کی صحبت مین بیٹھو کہ تمھارا النفس پاک ہوگا اور حلما کی صحبت مین بیٹھو کہ تمھاری عقل
کامل ہوگی اور تمھارے نفس کو شرف حاصل ہوگا اور تمھارا جہل جاتا رہیگا اور فرمایا کہ اہل
ورع اور اہل حکمت کی صحبت مین بیٹھو اور اُنسے مباحثہ زیادہ کرو کہ اگر تم جاہل ہو تو وہ
تمکو سکھلا دینگے اور اگر تم عالم ہو تو تمھارا علم خود بڑھ جائیگا اور نیک لوگون کی صحبت سب سے
اچھی چیز ہی اور تمھارے بھائیون مین سب سے بہتر وہ ہی جو تمکو راہ راست بتلاوے اور کوئی
تم سے عمل نیک کراوے اور تمکو خواہش نفسانی کے کرنے سے روک دے اور وہ

(۱) تحریر فرماتے ہین کہ عروس کو سات روز اجتناب کرائے پنیر اور سرکہ اور کشنیز و سیب ترش کے کھانے
سے اور صاحب منہاج اعلی اللہ مقامہ تحریر فرماتے ہین کہ کھانا پنیر وغیرہ مذکورہ بالا کا باعث برودت
رحم اور عقیم ہونے عروس کا ہوتا ہی ۔

(۲۶) جو کوئی چاہے کہ بوقت جماع شیطان شریک نہ ہووے پس اس دعا کو پڑھے کتاب
مین شیخ کلینی علیہ الرحمہ نے جناب امیرؑ سے روایت کی ہی کہ اس دعا کو پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنِیَ الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنِی ۔

فصلِ چھبیسوین حقوقِ زن بر شوہر

جناب شیخ کلینی علیہ الرحمہ نے کافی مین ائمہ علیہم السلام سے روایت کی ہی کہ عورت کو نفقہ و لباس دیوے

خدا مین تمہارا معین ہو اور نیک لوگون کی صحبت مین بیٹھنے سے تم نیکی اسطرح کماؤ گے کہ
جسطرح ہوا خوشبو کو لیجاتی ہے نیک لوگون کی صحبت روحانی زندگی کا باعث ہے۔

(و) حدیث از دار السلام بحوالہ کنز الکراجکی۔ فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے کہ جو شخص علما کی صحبت مین بیٹھے گا اُسکی توقیر کیجائیگی۔

(ز) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ لقمان نے اپنے پسر سے کہا کہ تم علما کی صحبت مین بیٹھو اُنکے پاس بیٹھو اُنکے مکانات پر جا کر اُنسے ملو شاید کہ تم بھی ویسے ہی ہو جاؤ۔

(ح) حدیث از کافی فرمایا جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ ایسے شخص کی صحبت مین بیٹھنا جسپر مین پورا بھروسہ رکھتا ہون ایک سال کے اعمال حسنہ سے بہتر ہے۔

(ط) از فقیہ فرمایا کہ وصیت علی مین جو اُنھون نے اپنے فرزند محمد کو یہ لکھا ہے کہ انسان کی خوش قسمتی کا سال سے بہتر حصہ نیک ہمنشین کا ہوتا ہے۔

(ی) حدیث از کافی و خصال فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ اہل دین کی صحبت مین

---

١٢ اور جو قصور کہ از روئے جہل اُس سے ظہور مین آوے اُسکو بخشدے اور نئے میوے فصل کے اُسکو کھلاوے اور عیدون مین اور جمعہ مین ایسا کرے کہ کھانا اُسکا اور دنون کے کھانے سے بہتر ہو۔

(١) حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے کہ عورتون کو بالاخانے پر رہنے کی جگہ نہ دو اور لکھنا اُنکو نہ سکھلاؤ۔

(٢) حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ علیہم السلام نے کہ نیکی مین اطاعت عورتون کی کرنا باعث طمع ہوگی بد بات کی بھی۔

(٣) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ راز عورتون سے نہ کہو اور عزیزون کے بارے مین جو کچھ وہ تم سے کہین اطاعت نکرو اور جناب امیر علیہ السلام نے امام حسن علیہ السلام کو وصیت کی

ایضاً دنیا و آخرت دونون کے شرف کا باعث ہی۔

(۱۱) حدیث از معانی الاخبار فرمایا جناب رسولخدا نے کہ ریاض جنت کی طرف دوڑکر جاؤ لوگون نے کہا کہ یا رسول اللہ ریاض جنت کیا ہی فرمایا وہ مجالس کہ جنمین ذکر خدا حسب شریعت ہوتا ہو اور علوم اہلبیت کا اُنمین ذکر ہو اُنکے فضائل بیان کیے جاتے ہون اور وعظ کی وہ مجلسین جنمین خدا کے وعد و وعید کا ذکر ہوتا ہو اور وہ مجلسین بدعتی ہین کہ جنمین خدا کی نافرمانی ہوتی ہو اسلیے کہ وہ مجالس غفلت ہین نہ مجالس ذکر

(۱۲) حدیث از امالی فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو شخص ایک ساعت عالم کے پاس بیٹھ جائے اُسکو منجانب پروردگار ندا کیجاتی ہی کہ تو میرے حبیب کے پاس بیٹھا مجھے اپنے عزت و جلال کی قسم ہی مین تجھکو اسی کے ساتھ داخل بہشت کرونگا۔

(۱۳) صاحب دار السلام علیہ الرحمہ نزہہ سے تحریر فرماتے ہین کہ ابو یعلی سے منقول ہی کہ سب سے اچھا ہمنشین وہ ہی جسکے دیکھنے سے تمکو خدا یاد آجائے اور نیک ہمنشین تنہائی سے بہتر ہی اور تنہائی بد ہمنشین سے اچھی ہی۔

---

(۳) ہرگز مشورہ عورتون سے نہ کرو کہ رائے اُنکی ضعیف ہی اور اُنکو ہمیشہ پردے مین رکھو اور باہر نہ بھیجو اور جہانتک ہو سکے ایسا کرو کہ سوائے تمھارے اور مرد کو نہ پہچانین اور اُنکا سخن اورون کے حق مین قبول نہ کرو اور آپ کو بہت اُنکے ہاتھ مین نہ دو۔

(۴) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیر نے کہ وہ مرد کہ جو اپنے کامون کو عورت کی تدبیر پر رکھے ملعون ہی۔

(۵) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو کوئی اطاعت کرے عورت کی ان باتون مین کہ وہ رخصت طلب کرے سیر کرنیکو اور حمام مین جانے کو اور شادی اور غمی مین جانے کو اور عیدگاہ مین جانے کو اور اُس کپڑے کے پہننے کو باہر جاتے وقت کہ جو ایسا باریک ہو کہ جسمین رنگ جسم کا معلوم ہو اور شوہر اسکا انمین اطاعت اسکی کرے تو خدا تعالے لے

آدمی وہ ہی کہ جو نیک لوگون سے میل رکھے۔

(۱۵ یہ) حدیث از تفسیر قمیؒ فرمایا جناب امیرؑ نے ایہا الناس خوشحال اُس شخص کا کہ جو اپنی عیب بینی مین ایسا مشغول ہو کہ جو دوسرون کے عیوب پر نظر نہ ڈال سکے اور ہر شخص سے بتواضع پیش آوے مگر اپنی عزت کو بھی محفوظ رکھے اور اہل فقہ اور اہل رحمت کی صحبت مین بیٹھے اور جن لوگون کے پاس بیٹھنے سے رقت قلب پیدا ہوتی ہو گو وہ مسکین ہون اُنکی صحبت قبول کرے۔

(۱۶ تو) حدیث از ابالی اللآلی فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ تم ایک دوسرے سے ملاقات کیا کرو اور علم کی باتین کیا کرو کیونکہ احادیث بیان کرنے سے دل منجلی ہوجاتا

(۱۷ ئز) از روضۃ الواعظین حضرت لقمانؑ نے اپنے پسر سے فرمایا کہ تم علما کے پاس بیٹھو اسلیے کہ خدا تعالیٰ نور حکمت سے دلون کو اسیطرح زندہ کرتا ہی جیسے آسمانی بارش سے زمین کو زندہ کرتا ہی۔

---

۱۸۴ ایسے مرد کو اوندھے منھ جہنم مین ڈالتا ہی۔

(۶) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہؑ نے کہ جو کوئی بدخوئی زن پر صبر کرے ہر ایک مرتبہ کہ صبر کرے مثل ثواب صبر ایوب کے لکھا جاوے اور عورت پر روز و شب مثل ریگ صحرائے عالج کے گناہ لکھے جاتے ہین۔

(۷) ایضاً وارد ہی کہ چوتھے مہینے اپنی عورت سے جماع کرنا واجب ہی اگر موجود ہو اور سفر مین یا کوئی عذر طرفین سے نہ ہو اور اگر کئی عورتین رکھتا ہی تو ایک زن کے پاس ایک شب سونا واجب ہی اسی طرح ہر ایک کے پاس ایک شب سو دے اور بعض علما کا یہ اعتقاد ہی کہ مطلقاً واجب ہی کہ عورت کے پاس چار شبون مین ایک شب سو دے خواہ ایک زن رکھتا ہو خواہ زیادہ اور یہ احوط ہی۔

(یج) حدیث ایضاً انصار مین سے ایک شخص نے جناب رسولخدا سے عرض کیا
کہ یا رسول اللہ ابھی ابھی مین ایک جنازے پر گیا تھا اور ایک عالم کی صحبت مین گیا
تھا آنحضرت کے نزدیک ان ہر دو جا مین سے کونسی جگہ میرا جانا پسند ہی پس فرمایا
جناب رسولخدا صنے کہ اگر جنازے کے ساتھ جانے والے اور دفن کرنیوالے
اور ہون تو عالم کی صحبت مین جانا ایک ہزار جنازون مین جانے سے افضل ہی اور
ایک ہزار مریض کی عیادت سے افضل ہی اور ایکہزار شب کی نماز پڑھنے سے افضل ہی اور
ایک ہزار دن کے روزہ رکھنے سے افضل ہی اور ایک ہزار درہم خیرات کرنے سے
افضل ہی اور ایک ہزار حج بجا لانے سے افضل ہی اور ایک ہزار جہاد سے کہ جنمین
جان و مال راہ خدا مین دیدے سوائے واجب کے کیا تو نہین جانتا کہ خدا کی طاعت
کی جاتی ہی علم کے سبب سے اور عبادت کی جاتی ہی علم کے سبب سے اور دنیا و آخرت
کی خوبی علم کے ساتھ ہی اور دنیا و آخرت کی بدی جہل کے ساتھ ہی۔
(یط) حدیث ایضاً فرمایا جناب امیر عنے کہ نوجوان شخص کا دل مثل خالی

۱۸۵	فصل ستائیسوین حقوق شوہر مین	

(۱) صاحب سفینۃ النجاۃ اعلی اللہ مقامہ تحریر فرماتے ہین کہ جناب شیخ کلینی علیہ الرحمہ نے کافی مین ائمہ
سے روایت کی ہی کہ شوہر کی اطاعت کرے اور بغیر مرضی اُسکے کوئی کام نکرے اور بغیر اجازت شوہر
کے شوہر کے مال مین سے تصدق نکرے اگر بغیر اجازت شوہر کے کوئی چیز مال شوہر مین سے
کسیکو دیگی تو واسطے اُس عورت کے وبال اور ذخیرہ ہوگا آخرت مین (یعنی باریتعالے
اُسکا مواخذہ لیگا اور اُسکی سزا دیگا اُسکو) اور ثواب اُس چیز کا جو بلا اجازت شوہر کے
دیگی شوہر کو ہوگا اور بغیر اجازت شوہر کے روزہ سنتی نرکھے (اور اگر رکھے گی تو ثواب
نپاوے گی) اور شوہر کو جماع کے کرنے سے منع نکرے ہر چند کہ پشت پالان شتر پر ہو بلکہ خود
لباس عمدہ پہنے اور خوشبو لگائے واسطے شوہر کے اور بغیر اجازت شوہر کے گھر سے باہر نجائے

(۲۱ک) دار السلام مین منیۃ المرید سے نقل کیا گیا ہی کہ حضرت داؤد کو باریتعالی کا حکم
کہ بنی اسرائیل کے عالمون اور درویشون سے کہدو کہ تم لوگون مین جو لوگ پرہیزگار
ہین اُنسے باتین کرو اگر پرہیزگار نہ ملین تو علما سے باتین کرو اور اگر عالم بھی میسر نہ ہون
تو عقلا سے باتین کرو اسلیئے کہ پرہیزگاری اور علم اور عقل یہ تین مرتبے ایسے ہین کہ جس
مخلوق کو مین ہلاک کرنا چاہتا ہون انکو یہ عطا نہین کیا۔
(۲۲ل) جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ دار السلام مین تحریر فرماتے ہین کہ چند احادیث
مین آیا ہی کہ انبیا راہبرین اور فقہا سردار پس انھین کی صحبت مین زیادہ بیٹھنا چاہیے
(۲۳کت) حدیث از دار السلام فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ اتقیا کی دوستی
اختیار کرو گو ظلمات ارض مین بھی اور گو تمھاری عمر بھی اُسکی طلب مین تلف ہو جائے
(۲۴کج) صاحب دار السلام علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ مصباح کفعمی مین ایک طویل
مناجات مین جناب امیرؑ نے اپنے نفس سے اسطرح خطاب کیا کہ ای نفس

(۱۲۱) اور اگر بغیر اجازت شوہر کے گھر سے باہر جائیگی تو تا واپسی گھر کے اُس عورت پر فرشتگان
غضب الٰہی اور فرشتگان رحمت الٰہی اور فرشتگان زمین لعنت کرتے ہین اور ایسا کوئی کام
نکرے کہ شوہر اُسکا اُسپر ایک شب غصے مین رہے ہر چند کہ وہ غصہ شوہر کا حق پر نہ ہو کیونکہ
وہ عورت کہ جسپر شوہر اُسکا غصہ ہو نماز ادا کرے تو نماز اُسکی درگاہ باریتعالی مین مقبول نہین
اور عورت کو نچاہیے کہ اپنے مال سے بندہ آزاد کرے یا کوئی چیز تصدق کرے یا کوئی چیز کسیکو
دلیوے یا نذر کرے مگر یہ کہ شوہر سے اجازت لیکر من مؤلف پس یہ بہت بڑا مرتبہ
شوہر کا ہی کہ عورت کے لیئے خاص اپنے مال مین سے بھی کسیکو کوئی چیز تصدق کرنے
یا دینے کے لیئے بغیر اجازت مرد کے منع فرمایا گیا ہی۔
(۲) حدیث از جمال الصالحین منقول ہی کہ ایک عورت کا شوہر سفر کو گیا اور اپنی عورت سے

خدا کا ذکر کرنیوالون کے ساتھ مِلا جُلا رہ شاید کہ متقین کے ساتھ تو بھی ریاض خلد مین جائے
اور اُن نفوس سے مشابہت اختیار کر کہ شب بیداری نے جنکی پلکین ضائع کر دین ہین

جزاءِ اَعْمَالِ حَسَنَہ

(۱۲) (الف) سورۂ اعراف مین مابین رکوع ۱۱ و ۱۲ کے باریتعالیٰ فرماتا ہی وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰیٓ تا یَکْسِبُوْنَ ۵ اور اگر اُن بستیون کے رہنے والے ایمان لاتے اور پرہیزگار ہوتے (یعنے گناہون سے احتراز کرتے) تو ہم آسمان و زمین کے برکات کے (دروازہ) اُنپر کھولدیتے لیکن اُنھون نے جھٹلایا۔

(ب) سورۂ زمر مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے ہی قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ (کہدو (ای پیغمبر) کہ ای ہمارے بندو جو ایمان لاچکے ہو اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو جو لوگ دنیا مین نیکی کرتے ہین (یعنے اعمال نیک کرتے ہین) اُنکے لیے آخرت مین بھلائی ہی اور (خدا کی زمین وسیع ہی سوا اسکے نہین کہ صبر کرنیوالون کو انکا اجر بغیر

کہا گیا کہ جب تک واپس نہ آؤن گھر سے نہ نکلنا اسی اثنا مین اُس عورت کا باپ بیمار ہوا عورت نے بخدمت جناب رسولخدا ؐ کہلا بھیجا کہ اگر فرمایئے تو اپنے باپ کی عیادت کو جاؤن فرمایا کہ تو جب تک تیرے شوہر کے گھر سے نہ نکلنا چاہیئے دوبارہ پھر عورت نے بذریعہ آدمی کے بخدمت جناب رسولخدا ؐ عرض کیا چنانچہ پھر آنحضرت ؐ نے یہی جواب مین فرمایا یہانتک کہ باپ اُس عورت کا فوت ہوا بعد فوت اپنے باپ کے بھی واسطے رسمیات موت کے آنحضرت ؐ سے اذن طلب کیا آنحضرت ؐ نے وہی جواب دیا یہانتک کہ اُس عورت کا باپ دفن ہو گیا آنحضرت ؐ نے اُس عورت کے پاس کہلا بھیجا کہ خدا تعالی نے تیرے باپ کو بخشدیا بسبب اسکے کہ تو نے اپنے شوہر کی اطاعت کی۔

(۳) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرت نے کہ تسوین ایک حصہ حق عورت کا مرد پر ہی اور

حساب سے پورا پورا دیا جائیگا۔

(ج) سورۂ ابراہیم مین مابین رکوع اور ۲ کے ہی وَاِذْ تَاَذَّنَ تا لَشَدِیْدٌ اور اسکو

یاد کرو) جبکہ تمھارے پروردگار نے جتلا دیا تھا کہ اگر شکر کروگے تو ہم تمکو اور

زیادہ دینگے اور اگر تمنے ناشکری کی تو ہماری مار بہت سخت ہی۔

(د) سورۂ نوح مین مابین رکوع ا کے فرماتا ہی فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ تا اَنْہَارًا

پس مین نے کہا کہ اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو (یعنی استغفار کرو) وہ بڑا بخشنے والا

ہی وہ آسمان سے تم پر بکثرت مینھ برسائیگا اور مال و اولاد مین تمھاری مدد کریگا

تمھارے لیے باغ پیدا کریگا اور تمھارے لیے نہرین جاری کریگا۔

(ہ) سورۂ جن مین مابین رکوع ایک کے فرماتا ہی وَاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا تا غَدَقًا اور اگر

سیدھے راستے پر قائم رہتے (یعنی ہمارے احکام کے مطابق چلتے) تو ہم انکو پانی

کثرت سے سیراب کر دیتے۔

(و) سورۂ طلاق مین مابین رکوع ایک کے ہی وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ تا یَحْتَسِبُ اور جو شخص

---

۱۹۹ ننانوے حصے حقوق مرد کے عورت پر ہین۔

(۴) حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہؑ نے کہ عورت شوہر کو ناراض نہ کرے اگرچہ وہ ظلم

(۵) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو عورت ناراضی شوہر مین رات

بسر کرے نماز اُس عورت کی قبول نہ ہوگی جب تک کہ اُسکا شوہر اُس سے راضی نہ ہو۔

(۶) حدیث ایضاً فرمایا آنحضرتؐ نے کہ کوئی عمل نیک اُس عورت کا آسمان پر نہین

جسکا شوہر ناراض ہو۔

(۷) حدیث فرمایا ائمہؑ نے کہ جو عورت اپنے شوہر سے کہے کہ مین نے کبھی کوئی

تجھ سے نہین دیکھی تو اُس عورت کے اعمال سابقہ یعنے نیکیان وغیرہ جو اعمال نیک

ہین سب کے سب جاتے رہتے ہین۔

خدا سے ڈرتا رہیگا (یعنے اسکے احکام کے مطابق چلیگا) خدا تعالیٰ اسکے لیے آفت سے نکلنے کی کوئی جگہ مقرر کر دیگا اور اسکو ایسی جگہ سے رزق دیگا جہان گمان بھی نہ ہو۔

(ز) سورۂ اعراف مین مابین رکوع ۱۵ و ۱۶ کے ہے وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِیْنَ تا صَبَرُوْا اور ہمنے اُن لوگون کو جو کمزور سمجھے جاتے تھے اُس زمین کے پورب اور پچھم کا مالک بنا دیا جسمین ہمنے خود برکت دی تھی اور تمھارے پروردگار کا وعدہ نیک بنی اسرائیل کے لیے بوجہ انکے صبر کرنیکے پورا ہو گیا اور جو کچھ فرعون اور اُسکی قوم کے لوگ کرتے تھے اور اونچی عمارتین بنواتے تھے اُن سب کو ہمنے درہم برہم کر دیا (بسبب اُنکے گناہونکے

(ح) سورہ مائدہ مین مابین رکوع ۸ و ۹ کے ہے وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ تا یَعْمَلُوْنَ ۵ اور اگر وہ لوگ توریت اور انجیل کو اور جو اُنکی طرف پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا تھا قائم رکھتے (تو ایسی برکت ہوتی کہ سرون کی یعنے) اوپر کی طرف سے بھی کھاتے اور پاؤن کے نیچے سے بھی ایک گروہ تو انمین سے اعتدال پر تھا اور بہت سے اُنمین ایسے ہین جو اعمال بد کرتے ہین۔

---

۱۸۹ (۸) حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخدا نے کہ اگر حکم کرتا مین کسیکو سوائے خدا کے سجدہ کرنے کا تو ہر آئینہ کہتا مین کہ عورتین اپنے شوہرون کو سجدہ کرین۔

(۹) حدیث از بحار الانوار جلد دہم جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے کتاب شیرازی سے نقل کیا ہے کہ جناب فاطمہؑ نے اپنی چکّی پیسنے کا ذکر جناب رسولخدا سے عرض کیا اور خواہش ایک کنیز کے عطا فرمانیکی کی پس جناب رسولخداؐ روئے اور فرمایا کہ ای فاطمہ قسم ہے خدا کی کہ مسجد مین چار سو آدمی ہین کہ اُنکے پاس کوئی چیز کھانیکو نہین ہے اور نہ پہننے کو ہے اگر مجھکو خوف نہ ہوتا تمھارے مرتبے کے جاتے رہنیکا تو مین تمھارے سوال کو پورا کرتا (یعنے کنیز دیتا) ای فاطمہ مین نہین چاہتا ہون کہ تمھارا اجر مبدل ہو وے کنیز سے اور مین خوف کرتا ہون کہ روز قیامت سامنے خدا کے علی ابن ابیطالب تم سے مخاصمہ کرین اور اپنے حق کو تم سے طلب کرین پس آنحضرتؐ نے جناب فاطمہؑ کو تسبیح عطا فرمائی من مؤلف

(ط) سورہ حج مین [illegible] اور پرہیزگاری کی [illegible] ہین بہت [illegible] اور عمل
نیک کیے اُنکے واسطے بخشش اور روزی بزرگ ہی)

(ی) اور ملاحظہ ہون آیات قرآنی مندرجہ نمبر ۱۳ باب ہذا پس اعمال نیک کی جزا
دنیا مین خوشنودی پروردگار ہی اور باعث نزول برکات و رزق کا ہوتا ہی اور غضب
اور قہر الٰہی سے محفوظ رہتا ہی اور آخرت مین جزا اسکی بہشت ہی اور اُسکے اعلیٰ اعلیٰ
مدارج کا حاصل ہونا ہی جیسے اعمال نیک ہونگے ویسے ہی درجے بہشت مین دیے جائینگے
مثال بہشت کے درجات کی دنیا کی سی ہی کہ جسطرح دنیا مین طرح طرح کے بادشاہ
و امرا اور رؤسا ہین انکے بعد اوسط درجے کے لوگ اُنکے بعد غربا و مساکین ہین
اسیطرح بہشت مین بھی مدارج ہین جیسے عمدہ اعمال ہونگے ویسی ہی عمدہ جگہ دیجائیگی
اسی سبب سے کہ بہشتین سب ایکسان نہین ہین کسی بہشت مین طرح طرح کی نہرین اور کھانے
پینے کی چیزین اور انواع و اقسام کے نعمات اور آسائش ہین اور کسی بہشت مین اُس سے
کم اور کسی بہشت مین اس سے بھی کم غرض کہ جیسے اعمال نیک ہونگے ویسے ہی مدارج

نوٹ ۱۹۰ اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ جو خدمت جناب فاطمہؑ اپنے شوہر علی ابن ابیطالبؑ کی کرتی
تھین جناب رسولخداؐ نے بخیال اسکے کہ کنیز کے ہونے سے فاطمہؑ کو جو اجر خدمت شوہر کا حاصل
ہو رہا ہی کم ہو جائیگا یعنے وہ کنیز بھی اس خدمت مین شامل ہو جائیگی جناب فاطمہؑ کو کنیز دی اور
اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہی کہ بروز قیامت ہر شوہر اپنی زوجہ سے اپنا حق طلب کریگا
یعنے اگر زوجہ نے اطاعت اور خوشنودی اپنے شوہر کی حاصل نہین کی تو اُسکا شوہر اپنی
زوجہ سے خدا کے روبرو یہ کہیگا کہ اسپر جو حق میری اطاعت کا تھا وہ اسنے ادا نہین کیا
(۹) حدیث از مکارم الاخلاق فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص اطاعت کرے اپنی
عورت کی وہ شخص مُنہ کے بھل جہنم مین ڈالدیا جائیگا پس جناب امیرؑ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ
اطاعت سے کیا مراد ہی فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ عورتون کو اذن دینا جانے کے لیے

ملین گے اور اعمال نیک کی بھی خاص جزا ہوتی ہی جیسے صدقہ اور انفاق کہ آیات قرآنی و احادیث سے ثابت ہی کہ صدقہ اور انفاق مال کو زیادہ کرتا ہی اور بلاؤن کو دور کرتا ہی۔
(دیا) حدیث از کافی جناب امام رضاؑ نے اپنے غلام سے دریافت کیا کہ آج کے دن تونے کچھ خیرات کی ہی اُسنے عرض کیا نہین فرمایا کہ پھر خدا ہمکو زیادہ نعمت عطا فرمائیگا بہتر ہی کہ اسیوقت کچھ خیرات کردو اگرچہ ایک درہم ہو من مؤلف اکثر آیات قرآنی و احادیث فضائل و خواص صدقات مین باب صدقات مین لکھے گئے ہین ملاحظہ ہو باب صدقات کتاب ہذا۔ اور اسیطرح جیسے زیارت جناب امام حسین علیہ السلام کی کرنا کہ احادیث متواترہ سے ثابت ہی کہ زیارت جناب امام حسینؑ کی عمر کو زیادہ کرتی ہی اور جان و مال کی اُس سے حفاظت ہوتی ہی اور خدا تعالیٰ رزق مین وسعت عطا فرماتا ہی مصیبت کو دور کرتا ہی حاجتین بر لاتا ہی اور اسیطرح جیسے حج و عمرہ کا بجالانا
(دیب) حدیث از دار السلام فرمایا جناب امام زین العابدینؑ نے کہ حج و عمرہ بجالاؤ کہ صحت تمھاری اچھی رہیگی اور رزق تمھارا وسیع ہوجائیگا ایمان کی تمھارے اصلاح ہوگی

(۱۹) اور شادیون اور غمیون مین جانے کے لیے اور باریک کپڑے پہننے کے لیے من مولف شادی مین جانے سے مراد یہ ہی کہ گانے بجانے کے لیے یا گانا بجانا سننے کے لیے اور اسی طرح غمی مین بین کرنے کے لیے۔

(۱۰) حدیث از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو عورت ایسی حالت مین ایک شب بسر کرے کہ اُسکا شوہر اُس سے ناراض ہو اسکی نماز قبول نہ ہوگی جب تک کہ شوہر اُس سے راضی نہو۔
(۱۱) حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ ایک عورت جناب رسولخداؐ کی خدمت مین حاضر ہوئی اور یہ عرض کیا کہ شوہر کے حقوق زوجہ پر کیا ہین فرمایا اول یہ کہ جب وہ اپنے کام کو بلائے تو انکار نکرے اگرچہ کسی سواری پر ہو اور بغیر اُسکی اجازت کے کوئی چیز ندیوے کیونکہ اگر ایسا کریگی تو شوہر کو تو اجر ہوگا اور عورت پر وبال (۱۹۱) عذاب) لیجائیگا

اور تم اپنی بھی اچھی طرح گذران کر سکوگے اور لوگون کو بھی مدد پہونچا سکوگے۔

(۱۳۳) حدیث از کافی فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ حج و عمرہ کو دونون کو بجا لاؤ کہ اُس سے فقر و افلاس و گناہ دور ہوتے ہین جسطرح بسبب صیقل کے لوہے سے زردی یعنی زنگ دور ہو جاتا ہے

من مؤلف اور اسیطرح دیگر اعمال نیک جیسے نماز شب کا بجا لانا یا تعقیبات بعد نماز واجبہ کے یا بعض سورتون کا اور دعاؤن کا پڑھنا یا صلۂ رحم کرنا انکی شناخت ہر شخص اپنے تجربہ سے یا دوسرون کے تجربے سے حاصل ہوتی ہے کہ اول بعض نعمتین میسر نہین جب نماز شب یا بعض دعائین یا بعض سورہاے قرآنی پڑھے تو وہ نعمتین میسر آئین

(دیلا) اقسام نعمت منجملہ اقسام نعمت کے بعض ایسی ہین کہ کھوئین اور جاتی رہین اور بعض ایسی ہین کہ اب موجود ہین اور بعض ایسی ہین کہ جنکی امید کیجاتی ہے۔

تفصیل بعض نعمتین جو کھوئین اور جاتی رہین

جیسے اولاد صغر سن مین مرگئی قوی ضعیف ہو گیے دانت گر گیے بینائی کمزور ہو گئی دکانون ...

(۱۹۲) اور تیسرے یہ کہ ایک رات ایسی نہ گذرنے دے کہ شوہر اسکا ناراض ہو اُسنے عرض کیا کہ یا رسول اللہ گو شوہر ظالم ہو فرمایا اگرچہ ظالم ہو۔

(۱۲) حدیث از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ ایک عورت بخدمت جناب رسولخدا کسی کام کے لیے آئی حضرت نے ارشاد فرمایا کہ شاید تو مسوّفا ہے یعنے سہل انگاری کرنیوالی ہے اُسنے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مسوّفات کیا ہے فرمایا وہ عورت جسکو اسکا شوہر کسی کام کے لیے بلائے اور وہ ٹالتی رہے یہانتک کہ اسکے شوہر کو نیند آجائے اور وہ سو جائے پس جبتک اُسکا شوہر جیدار نہ ہو برابر فرشتے اُسپر لعنت کرتے رہین گے۔

(۱۳) حدیث از دار السلام فرمایا جناب ائمہ علیہم السلام نے کہ اگر عورت سو جائے ایسی حالت میں کہ شوہر اُسکا اُس سے ناراض ہو تو وہ عورت برابر غضب خدا مین رہیگی۔

بعض کا سلب ہو جانا بوجہ ارتکاب معاصی کے ہوتا ہی پس اگر کوئی شخص گناہون سے
باز رہے تو یہ ممکن ہی کہ ضعیفی مین بھی جوانی کا لطف اٹھاتا رہے اور جیسے آخرت مین
موعودہ نعمتون کا امیدوار ہی اسیطرح بوجہ ادا ے شکر کے اُسکو دنیا مین بھی بکثرت
نعمتین ملین جسطرح جناب ایوب علیہ السلام کو بوجہ شکر فراموش نکرنیکے کہ اُنھون نے
بحالت مصیبت بھی شکر کو ادا کیا، دنیا مین تمام مفقود نعمتین دوچند کر کے دی گئین

بعض نعمتین اب موجود ہین

مگر لطف نہین اُٹھا سکتا جیسے کھانا وافر موجود مگر کسی مرض کی وجہ سے پرہیز کرنا پڑتا ہی
نہین کھا سکتا اسکی وجہ زیادہ تر نفس کی طرف سے ہوتی ہی کہ مرتکب گناہ ہوا کہ جسکی
وجہ سے باری تعالی نے اُسکو اس مصیبت مین گرفتار کیا، یا بعض اعمال نیک کو ترک
کر دیا جیسے نماز شب یا صدقہ یا اپنے برادر مومن کی حاجت برادی وغیرہ وغیرہ

(۱۹۲) جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ دار السلام مین کتاب احمد بن عبد العزیز جلودی سے
نقل کرتے ہین خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ ایک عورت حولا نام عطر فروش تھی آل رسول مین عطر لایا کرتی
تھی ایک دن اُسکا شوہر اُس سے ناخوش ہوا اُسنے بہت خوشامد کی مگر وہ راضی نہوا اسلیے بسبب خوف
خدا کے جناب رسولخداؐ کے دولت سرا پر گئی قصہ مختصر اسنے اپنی کیفیت جناب رسولخداؐ سے عرض
کی جناب رسولخداؐ نے فرمایا کہ ای حولا جو عورت اپنے شوہر کی طرف غصہ کی نظر سے دیکھیگی
آتش جہنم کی راکھ اُسکی آنکھون مین بھری جایگی ای حولا جو عورت اپنے شوہر کو پلٹ کر جواب دیگی
وہ قیامت کے دن اپنی زبان کے بل لٹکائی جائیگی اور جس میخ مین وہ لٹکائی جائیگی وہ بھی آگ
کی ہوگی ای حولا جو عورت اس غرض سے اپنا ہاتھ بڑھائیگی کہ اپنے شوہر کے بال پکڑ لے یا
اسکے کپڑے کا کوئی کونہ پکڑ لے تو خدا تعالی اُسکی دونون ہتھیلیون مین آگ کی میخین ٹھونکے گا۔

انہین سے زیادہ تر آخرت کی ہین اور اُنکا ملنا اعمال بد سے اجتناب کرنے پر اور اعمال نیک کے بجا لانے پر موقوف ہی تصریح اُسکی یہ ہی کہ اگر ایمان سلامت لے گئے تو نجات پانے کی تو امید ضرور رہی لیکن مدارج اعلی کا ملنا نیک اعمال کے کرنے اور گناہان کبیرہ سے اجتناب کرنے پر موقوف ہی اس سبب سے خدا تعالی نے جہان نعمات اخرت کا ذکر فرمایا ہی وہان اکثر اُنکو کہ جنکو ملنے والے ہین اُنکی صفت مین بعد اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کے وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کی بھی قید لگا دی ہی۔

اور بعض نعمتین ایسی ہین کہ وہ ایک وقت مین نعمت ہین اور دوسرے وقت مین نعمت نہین معلوم ہوتین جسطرح لباس سرما موسم گرما مین۔

اور بعض نعمتین غائب ہین جیسے کہ بہت سے فرشتے جو ہمارے لیے سامان معیشت مہیا کر رہے ہین یا اکثر فرشتے ہر دم اور ہر وقت ہم سے بہت سی بلائین دفع کرتے رہتے ہین یا کوئی نیک مومن جو صبح و شام اور شب کیوقت ہمارے حق مین دعا کرتا رہتا ہی

---

۱۹۴ اے حوا اگر کوئی عورت بغیر اپنے شوہر کی اجازت کے کسی شادی مین شریک ہونے جاویگی تو خدا تعالی کی طرف سے چالیس فرشتے اُسکی سیدھی جانب لعنت بھیجنے والے ہونگے اور چالیس فرشتے بائین جانب ہونگے اور اسقدر کثرت سے لعنت بھیجین گے کہ وہ سراپا لعنت مین غرق ہو جائیگی اور ہر قدم پر چالیس گناہ متواتر چالیس سال تک لکھے جائین گے پھر جب چالیس سال سب پورے ہو جائین گے تو اسقدر گناہ اور لکھے جائین گے کہ جسقدر آدمیون نے اُسکی آواز یا کلام سنا پھر اُسکی دعا قبول نہ ہوگی جب تک اُسکا شوہر اُسکے لیے طلب مغفرت کرے ورنہ وہ لعنت مرنے کے وقت تک اور پھر قیامت کے دن زندہ ہونے تک رہیگی

اے حوا جو عورت اپنے گھر سے باہر نماز پڑھیگی قیامت کے دن وہی نماز اُسکے منھ پر ماری جاویگی پھر وہ عورت آتش جہنم مین روانہ کیجائیگی اور جسطرح مچھلی کے چھلکے اُتارے جاتے ہین اسی

(یہ بھی ہمکو خدا کی جانب سے ایک نعمت ہی کہ جو کوئی مومن ہمارے لیے دعاے خیر کرے)
اور بعض نعمتین جو خدا کی طرف سے ہمکو عطا ہوئی ہین وہ یہ ہین کہ جیسے اعضا کا
صحیح و سالم ہونا حواس کا مجتمع ہونا جن کی وجہ سے ہم نیک و بد کی تمیز کرتے ہین
اور بعض نعمتین اپنی کوشش سے حاصل ہو سکتی ہین جیسے عبادت الٰہی مین
تعب اُٹھا کر معرفت کے درجات حاصل کرنا یا علوم دین سیکھ کر حلال و حرام کی تمیز حاصل
کرکے اُنپر عمل کرنا۔
اور بعض نعمتین ایسی ہین کہ اُنمین ہماری تھوڑی کوشش درکار ہی اور توفیق الٰہی
بہت سی شامل ہوتی ہی وہ ایسی ہین کہ جیسے اجر رسالت ادا کرنا یعنے ائمہ معصومین
علیہم السلام سے محبت رکھنا کہ اُسمین ہم تھوڑی سی بھی سعی کرینگے تو توفیق الٰہی زیادہ شامل
حال ہوگی اور زیادہ ثواب ملنے کی امید ہی۔

(ثانیہ) تفصیل نیت اعمال نیک اعمال نیک خواہ واجب ہون یا مستحب تین طرح
کے ہو سکتے ہین **اوّل وجہ** یہ ہی کہ جو اعمال نیک محض رضاے خدا کی نیت سے

---

(۱۹۵) اُسکی کھال اُتاری جائیگی اور جسطرح گوشت بھونا جاتا ہی اُسیطرح آتش جہنم سے اُسکا گوشت بھونا جائیگا ای حولا
جو عورت صاحب شوہر کسی جنگل مین چلی جاے یا دریا مین نہائے تو خدا تعالیٰ جہنم کے وادی مین سے کسی ایسے وادی مین
اُسکو پہونچائیگا جسکے انگارے بڑے بڑے ہونگے اور شعلے بھڑک رہے ہونگے اور آگ کی موج اُٹھکر آتی ہوگی اور
اُسمین اسطرح کھڑی ہوگی جیسے کہ مچھلی آگ مین ڈالی جائے اور وہ کھڑی ہو جائے ای حولا جو عورت اپنے شوہر پر
بھاری مہر باندھیگی خدا تعالیٰ قیامت کے دن آتش جہنم کی بھاری بھاری زنجیرین اُسپر ڈالیگا ای حولا
جو عورت قیامت کے دن تک بنا مہر ڈھیل مین ڈالے رہیگی اور اپنے شوہر کے ذمہ رکھیگی خدا تعالیٰ دنیا مین تو اُسکو رسوائی
فرد کھائیگا اور آخرت کا عذاب اُسسے بھی بڑا ہی بشرطیکہ لوگ سمجھین ای حولا جو عورت سوا روزہ واجب کے اور
کوئی روزہ بغیر اجازت شوہر کے رکھیگی وہ گنہگار شمار کیجائیگی ای حولا عورت کے لیے جائز نہین ہی کہ اپنے شوہر کے
گھر سے کوئی چیز خیرات کرے اگر ایسا کریگی تو اجر یعنے ثواب اُسکا شوہر کے لیے اور وبال یعنے عذاب

لیے جائین سوائے حصول رضائے خدا کے اور کوئی بات نیت مین نہو مثل اسکے کہ ہم
بہشت ملے یا دوزخ سے محفوظ رہین صرف نیّت خالص خوشنودی خدا کی ہو ایسی
صورت مین یہ فائدہ ہی کہ ثواب اُخروی کم نہو گا اور معرفت وحصول رضائے باری
سے محروم نہوگا اور دنیا کی وہ نعمتین جنکا خیال اور خواہش ہوگی بغیر طلب کیے خود بخود
منجانب باریتعالے کے ملجائین گی اسکی مثال یہ ہی کہ مثلاً کسی بادشاہ کی خدمت مین ہم
کوئی تحفہ محض اُسکی خوشی کے لیے نہ باُمید کسی انعام وغیرہ کے پیش کرین تو یقینا خود بخود
اُس بادشاہ کی جانب سے اُس تحفہ کے عوض مین ہمکو اُس سے زیادہ ترمل جائیگا کہ جو ہم
طلب کرتے اور علاوہ اسکے ہمارے ساتھ وہ مراعات کیجائیگی کہ جنکا ہمکو گمان بھی نہ تھا
پس جب ہم محض اُس بادشاہ عظیم کی خوشی کے لیے (کہ جو تمام بادشاہان دنیا کا بادشاہ
اور معبود ہی اور تمام دنیا اور آسمانون اور بہشت اور دوزخ کا مالک ہی) نہ اور کسی
امید کی نیت سے کوئی عمل کرین تو ہمکو اُس بادشاہ کی درگاہ سے کہ جسکی ذراسی خوشی کا
صلہ بہشت ہی علاوہ بہشت کے وہ مدارج اور نعمتین دنیا و آخرت کی کہ جنکا احاطہ

۱۹۶ عورت کے لیے ای حولا عورت کے لیے خدا کا نائب اُسکا شوہر ہی اگر شوہر عورت سے
راضی ہی تو خدا بھی راضی ہی اور اگر شوہر ناراض ہی تو خدا بھی ناراض ہی اور اُسکے سبب سے فرشتے
بھی ناراض ہین ای حولا جسوقت عورت سے اُسکا شوہر ناراض ہوا تو خدا بھی اُس سے
ناراض ہوگیا اور قیامت کے دن وہ قعر جہنّم مین منافقین کے ساتھ جو درک اسفل مین ہونگے
منکوس محشور کیجائیگی اور خدا تعالی سانپ اور بچھو اور افعی اسپر مسلط کر دیگا کہ اُسکے گوشت
کو نوچین اور کھائین اور اُنمین کا ایک ایک سانپ مثل درخت اور پہاڑ کے ہوگا ای حولا
جو عورت باقاعدہ نماز پڑھیگی اور اپنے گھر سے کہین نہ جائیگی اور اپنے شوہر کی مطیع رہیگی
تو خدا تعالے اُسکے اگلے پچھلے سب گناہ بخشدیگا ای حولا عورت کے لیے یہ جائز نہین ہی کہ
اپنے شوہر کو اُسکی مقدرت سے زیادہ فرمایش کی تکلیف دے یا اُسکی شکایت مخلوق خدا سے

عقل بشری سے خارج ہو کیون نہ عطا کیجائیگی پس یہ درجہ اعلیٰ ہو دوسرا درجہ یہ ہو کہ اعمال نیک بہ نیت قربۃً الی اللہ کیے جائین یعنے بامید اسکے کہ ہمکو اسکا اجر ملے تو یہ درجہ درجہ اوّل سے بہت کم ہو اس سبب سے کہ ہم اپنے اُسی عمل نیک کی اجرت کے طلبگار ہین تیسرا درجہ یہ ہو کہ اعمال نیک بسبب خوف آتش دوزخ کے کیے جائین کہ خدا تعالیٰ ہمکو آتش دوزخ سے نجات دے یہ درجہ مثل اُس غلام کے ہو کہ جو اپنے آقا کے حکم کی تعمیل بخوف سزا کے کرتا ہو اور ان ہر سہ درجات کے بعد چوتھا درجہ بھی ہو یہ درجہ نہایت ہی دہشتناک ہو چوتھا درجہ اعمال نیک کا یہ ہو کہ محض بامید دنیا بجالائے نماز شب اسی امید پر پڑھے کہ خدا تعالیٰ رزق مین ترقی دے یا دیگر اعمال نیک بھی اس نیت سے بجالائے کہ خدا تعالیٰ اُسکے عوض مین ہمکو طرح طرح کی نعمتہائے دنیا عطا فرمائے تو اس نیت کی وجہ سے ایسے اعمال نیک کا نتیجہ دنیا ہی مین ملجاتا ہو آخرت مین ثواب کے ملنے کی امید نہین رہتی اس سبب سے کہ اعمال نیک بحصول دنیا تھے نہ بحصول آخرت پس ایسے اعمال کا عوض حسب خواہش دنیا ہی مین دیدیا جاتا ہو اور عقبیٰ سے محروم کردیے جاتے ہین

[illegible] سے کسی سے خواہ اُسکے قریب کے رشتہ دار ہون یا دور کے ای حولا عورت پر واجب ہو کہ شوہر کی طرف سے اُسکو نفع پہونچے یا ضرر اُسپر صبر کرے اور تنگی اور فراغتی دونون مین صبر کرے جیسے زوجۂ جناب ایوبؑ نے اُنکے ابتلا کی حالت مین اُنکی خدمت پر اٹھارہ برس صبر کیا مزدوری کرنیوالون کے ساتھ اُجرت پر وزن دھوتی تھین چکی پیستی تھین کپڑے دھوتی تھین اور اسیطرح مزدوری سے جو کچھ بہم پہونچتا تھا اُس سے کھانا پکا کر اُنکے سامنے رکھتی تھین اور جب وہ کھالیتے تھے تو حمد خدا کرتی تھین اور اُنکی چادر مین اُنکو لپیٹ کر شفقت و مہربانی سے اپنی پشت پر اٹھالیتی تھین اور یہ سب خدمتین قربۃ الی اللہ و بامید خوشنودی خدا انجام دیتی تھین اے حولا جو عورت شوہر کی تنگی اور فراغتی مین صبر سے گذاردیگی اور اُسکے حکم کی مطیع رہیگی خدا تعالیٰ اُسکو زوجۂ ایوبؑ کے ساتھ محشور کریگا اے

اور اگر نیت محض خوشنودی خدا کی ہوتی تو درگاہ باریتعالی سے یہ نعمتیں خود بخود ملجاتیں اور
مدارج عقبیٰ بھی ملتے الّا چونکہ غرض دنیوی شامل تھی لہذا عقبیٰ سے محروم کر دیے گئے
یہ صورت نہایت ہی خطرناک ہی اور مضرت رسان عقبیٰ کی ہی چنانچہ آیات قرآنی و احادیث
سے ثابت ہی کہ جمیع اعمال نیک کی جزا اسکی نیت پر رکھی گئی ہی جیسی نیت ہوگی ویسی ہی
اُسکو جزا ملیگی پس ہمکو یہ چاہیے کہ ہم ہر عمل نیک ایسی نیت سے کرین کہ جسکا نتیجہ ہمکو آخرت
مین اعلیٰ سے اعلیٰ ملے اگر اسپر کچھ توجہ کیجائے تو یہ امر کچھ غیر ممکن نہین ہی بشرطیکہ اس طرف
کامل توجہ ہو اور اگر توجہ نہین ہی تو یہ مشکل ایسی مشکل ہی کہ کبھی حل ہی نہین ہو سکتی عمل
نیک کر لینا تو سہل ہی الا نیت کا خالص رکھنا مشکل تر ہی اگر نیت اچھی نہین ہی تو وہ عمل نیک
مقبول نہین ہوتا مثلاً ہمنے کسیکو کچھ تصدق دیا یا کسی کے ساتھ احسان کیا اس امید پر
کہ یہ شخص ہمارا ممنون ہو وے یا ہمارا مداح ہو پس آخرت مین صلہ اسکا کچھ نہین ہی
صلہ یہ ملیگا اسیطرح اور اعمال نیک مثل تالیفات یا تصنیفات وغیرہ دینی کے
اسمین کچھ نیت فوائد دنیوی کی بھی شامل ہوئی مثل اسکے کہ شہرت ہو یا آبرو ہو یا روپیہ

۱۹۱ حق سولہ اپنے شوہر کے اور کسیکو اپنی زینت نہ دکھلا ای حولا عورت کے لیے
جائز نہین ہی کہ اپنی کلائی یا اپنا پاؤن اپنے شوہر کے سوا کسی اور پر ظاہر ہونے دے
اگر ایسا کریگی تو برابر لعنت خدا اور غضب خدا مین مبتلا رہیگی اور اللہ کے فرشتے اسپر لعنت
کرتے رہینگے اور اسکے لیے دردناک عذاب خدا تعالیٰ مہیا فرمائیگا ای حولا مرد کا
حق عورت پر یہ ہی کہ جسوقت مرد بلائے تو اُسکو خوش کرے اور جب وہ حکم دے اُسکی
نافرمانی نکرے اور پلٹ کر اُسکو جواب نہ دے مخالفت اُسکی ذرہ بھر نکرے اور ایک رات
ایسی نہ گذرنے دے کہ شوہر اسکا اُس سے ناراض ہو گو عورت کے حق مین وہ ظالم
اور جسوقت وہ ارادہ مباشرت کرے تو اسکو منع نکرے گو کسی سواری پر سوار ہو
ای حولا عورت پر واجب ہی کہ جب شوہر ناراض ہو جاوے تو اُسکو راضی کرے

[illegible]
کوئی صلہ نہین ملیگا اس سبب سے کہ اُسکی نیت مین اغراض دنیوی شامل ہوگیے
تھے غرض کہ جو عمل نیک محض خدا کے لیے کیا جائے وہی قبول ہوتا ہی اور اگر اغراض
دنیا مین سے کوئی غرض شامل ہو جائے تو اجر اسکا حبط کر دیا جاتا ہی آیات قرآنی و احادیث
مین بہت ہین ملاحظہ ہو آیہ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقَاتِکُمْ مندرجہ
نمبر [illegible] زیر مد نمبر ۴۲ باب ہذا و نیز دیگر آیات مندرجہ نمبر مذکورہ و باب صدقات کتاب ہذا
اسی طرح بعض گناہ ایسے ہین کہ اُنکی وجہ سے دیگر اعمال نیک قبول نہین ہوتے
واپس کر دیے جاتے ہین اسجگہ صرف ایک حدیث پر اکتفا کیا جاتا ہی جناب ملا حسین
نوری علیہ الرحمہ دار السلام مین بحوالہ کتاب شریف عدۃ الداعی جناب شیخ ابو العباس
احمد بن فہد علیہ الرحمہ سے اس حدیث کو تحریر فرماتے ہین -

حدیث معاذ بن جبل نے کہا کہ جناب رسول خدا نے ایک حدیث مجھ سے ارشاد
فرمائی کہ جسکو مین نے حفظ کر لیا اور روزانہ مین اسکو یاد کر کے رد لیتا ہون یہ فرما کر معاذ

---

۱۹۹ یہ اُسکے لیے جائز نہین ہی کہ شوہر کی طرف نظر غصہ سے دیکھے بلکہ مناسب یہ ہی کہ اُسکے قدمون
پر گر پڑے اور اسکو کسی طرح اپنے سے راضی کر لے تاکہ اسکا پروردگار بھی اُس سے راضی ہو جائے
کیونکہ شوہر کے ناراض رہنے سے خدا بھی ناراض ہوتا ہی اے حولا عورت کا حق شوہر کے ذمے
یہ ہی کہ اُسکا پیٹ بھر دے اور تن ڈھک دے اور اُسکو نماز و روزہ و زکوٰۃ سکھا دے زکوٰۃ
اُس صورت مین کہ اگر خود عورت کے مال مین سے نکلنے والی ہو اور عورت اُس مین
اُس سے مخالفت بھی نکرنا چاہتی ہو - اے حولا پروردگار عالم نے مجھکو مقام محمود پر پہونچایا اور
جنت اور دوزخ مجھکو دکھلایا اہل دوزخ مین سے زیادہ مین نے عورتون کو پایا مین نے
دریافت کیا کہ اے جبرئیل یہ کیا بات ہی جبرئیل نے کہا کہ یہ اپنے کفر کے سبب سے مستحق ہوئین
مین نے دریافت کیا کہ کیا خدا سے انھون نے کفر کیا جبرئیل نے کہا نہین بلکہ کفران نعمت یعنی اگر انکا شوہر

اونٹ پر سوار تھا اُسوقت آنحضرت صلعم نے آسمان کی طرف دیکھکر فرمایا اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی
یَقضِی فِی خَلقِہٖ مَا اَحَبَّ (یعنے خدا کا شکر ہی کہ اپنے مخلوقات مین جوچاہتا ہی جاری کرتا
ہی) پھر فرمایا کہ ای معاذ مین تجھ سے ایسی حدیث بیان کرتا ہون کہ کسی نبی نے ویسی حدیث
اپنی امت سے بیان نہین کی اگر تو نے اسکو حفظ کرلیا (اور عمل کیا) تو تیری زندگی نفع بخش
ہوجائیگی اور اگر تو نے اُسکو سُنا اور یاد نہ رکھا (اور عمل نہین کیا) تو تیری حجت خدا کے
نزدیک منقطع ہوجائیگی پھر فرمایا کہ خداے تعالےٰ نے آسمان کے پیدا کرنے
سے پہلے سات فرشتے پیدا کیے اور اُنمین سے ہر ایک کو ایک ایک آسمان پر مقرر فرمایا
اور اپنی عظمت سے انکی جلالت اور قدر بہت بڑھا دی اور ہر ایک آسمان کے
دروازے پر اُسمین سے ہر ایک فرشتے کو دربان مقرر کیا پس جو فرشتہ بندے کے
اعمال لکھنے پر مقرر ہین وہ صبح سے شام تک (اور شام سے صبح تک) اعمال لکھتے ہین
پس جسوقت وہ فرشتہ اُسکے عمل کو لیکر اُوپر جاتے ہین اور روشنی اس عمل نیک کی

---

٢٢٠ عمر بھر انکے ساتھ نیکی کرتا رہا اور پھر کوئی ذراسی بدی ظاہر ہوگئی تو اُنھون نے منھ بنا کر کہدیا
کہ مین نے تو کبھی کوئی نیکی تم سے دیکھی ہی نہین ای حولا اٰتش دوزخ کا سب سے زیادہ ایندھن
عورتین ہی ہونگی حولا نے کہا کہ یا رسول اللہ یہ کیونکر فرمایا حضرت نے کہ اسطرح کہ جب عورت
تھوڑی دیر کے لیے بھی اپنے شوہر سے ناراض ہوتی ہی تو کہدیتی ہی کہ مین نے کبھی کوئی خیر و خوبی تجھ
سے دیکھی ہی نہین حالانکہ اُس شوہر سے کئی اولادین جن چکی ہوا ہی حولا شوہر کا حق زوجہ پر یہ ہی
کہ اُسکے گھر مین بیٹھی رہے اُس سے محبت اور مودت رکھے اُس سے خوف کرتی رہے اور
جو بات اُسکی خفگی اور ناراضی کا باعث ہوتی ہی اُس سے بچے اور اُسکے خوش کرنے کی
کوشش کرتی رہے اور جو عہد اور وعدہ اُس سے کرلیا ہو اُسکو بجا لائے اور اسکی اولاد
مین کسی کو شریک نکرے کسی حالت مین اُسکی نہ اہانت کرے اور نہ چغل خوری کرے نہ خیانت کرے

عمل آفتاب ہوتی ہی جب یہ آسمان اول پر پہونچتے ہین تو وہ فرشتہ جو آسمان پر مقرر ہی اُن عمل
کو چھانٹتا اور جانچتا ہی بعد اُسکے کہتا ہی کہ یہ عمل عمل کرنیوالے کے مُنھ پر مارو مین غیبت کا
فرشتہ ہون جو شخص غیبت کرے مین اُسکے کسی عمل کو آگے نہین جانے دیتا مجھکو باریتعالی نے
اسی پر مامور کیا ہی پھر فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جب دوسرا دن ہوتا ہی اور وہ شخص اور کچھ
عمل صالح کرتا ہی تو اُسکے محافظ فرشتے اُسکو لیکر آسمان اوّل سے گذر جاتے ہین اور اُسکے عمل کو
زیادہ کر دیتے ہین یہانتک کہ جب آسمان ثانی تک پہونچتے ہین تو وہ فرشتہ جو آسمان
ثانی پر مقرر ہی اُس عمل کو دیکھکر کہتا ہی کہ یہ عمل صاحب عمل کے مُنھ پر مارو اُسکی اس عمل کے
کرنے سے غرض عزت دنیا تھی مین اسپر مامور ہون کہ ایسے عمل کو آگے نہ جانے دون وہ محافظ
فرشتہ تعجب کرتے ہین پھر صدقے اور نماز کی وجہ سے اُسکے عمل کے گذرنے کی اجازت
ہو جاتی ہی یہانتک کہ آسمان سوم پر پہونچتے ہین تو فرشتہ آسمان سوم کا اُس عمل کو دیکھکر
چاہے لوگون کو دم دے لو کہ ہم خدا کے نام پر خیرات پر دینے والے ہین لیکن باری تعالے

وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۵

(۵) عوذہ از حصن متین اس عوذہ کو واسطے ابطال سحر کے لکھکر اپنے پاس رکھے بِسْمِ اللّٰهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَالَ مُوْسٰی لقومه ما جئتم به السحر ان الله سیبطله ان الله

لا یصلح عمل المفسدین بسم الله الرحمن الرحیم الم نشرح تا آخر سورہ لکھے

وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۵ ک ص ا م م س ق فسیکفیکهم

الله وهو السمیع العلیم وصلی الله علی سیدنا محمد و اٰله اجمعین ۵

(۶) واسطے دفع تاثیر چشم بد و ابطال سحر کے اس دعا کو لکھکر اپنے پاس رکھے

بسم الله الرحمن الرحیم اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَیْطَانٍ

عالم الغیب ہی وہ ٹھیک جانتا ہی کہ کون خدا کے نام پر خیرات دیکر اپنا مال ٹھکانے
لگاتا ہی اور کون عزت و ابرو پیدا کرنیکے لیے روپیہ برباد کرکے دوزخ مول لیتا ہی
(یعنے جسطرح باغ بسبب پانی کے سرسبز و شاداب رہتا ہی اور پانی کی وجہ سے
دوگنا پھل آتا ہی اسیطرح جو مال راہ خدا مین دیا جاے اگر وہ محض خوشنودی خدا کی نیت
سے دیا گیا ہی تو بسبب اس نیت کے اُسکا ثواب بحساب دیا جاتا ہی پس جسطرح باغ کے
لیے پانی نفع دیتا ہی اسیطرح عمل نیک کے لیے نیت محض خوشنودی خدا کی نفع دیتی ہی اور
اگر نیت محض خوشنودی خدا کی نہین ہی بلکہ اُسمین اور اغراض مثل حصول عزت و شہرت نام
وغیرہ وغیرہ دنیوی کے شامل ہین تو یہ نیت ایسا نقصان دیتی ہی کہ جسطرح باغ کے لیے
آگ یعنے جسطرح باغ آگ سے جل جاتا ہی اور پھل نہین آتا اسیطرح اس نیت سے
دنیوی کے سبب سے ثواب اُخروی قطعی زائل ہوجاتا ہی اور نتیجہ اُسکا اخرت مین نہین
چنانچہ بعد آیہ مذکور کے خدا تعالیٰ فرماتا ہی اَیَوَدُّ اَحَدُکُم کیا دوست رکھتا ہی کوئی تم مین
سے اَنْ تَکُوْنَ لَہٗ جَنَّۃٌ یہ کہ ہو اُسکے پاس کوئی باغ من نخیل و اعناب کھجورون کا

وہامّۃ ومن کلّ عین لامّۃ اعوذ بکلمات اللہ التّامّات التی یجاوزہن بر
ولا فاجر من شرّ ما ذرا و برا ومن شرّ ما ینزل من السماء ومن شرّ ما یعرج
فیہا ومن شرّ ما ذرا فی الارض ومن شرّ ما یخرج منہا وشرّ من اللیل والنہار
ومن شر طوارق اللیل الا طارقًا یطرق بخیر یا رحمن اعوذ بکلمات اللہ التامات
من غضبہ وعقابہ ومن شر عبادہ ومن ہمزات الشیاطین وان یحضرون
تحصنت باللہ الذی لا الہ الا ہو الہی واله کل شیء واعتصمت بربی رب کل شیء
توکلت علی الحی الذی لایموت واستدفعت الشرّ والسحر بلاحول ولاقوۃ الا باللہ
حسبی اللہ ونعم الوکیل حسبی الرّب من العباد حسبی الخالق من المخلوقین حسبی
الرازق من المرزوقین حسبی الذی ہو حسبی حسبی اللہ بیدہ ملکوت کل

... ہون ... ہیں کہ فیھا

مالک باغ کے لیے اُس باغ مین حاصل ہون مِن کُلِّ الثَّمَرَاتِ قسم قسم کے پھل
وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ اور پہونچا ہو مالک باغ کو بڑھاپا وَلَهٗ ذُرِّیَّةٌ ضُعَفَاءُ اور مالک
باغ کے لڑکے کمزور یا خوردسال ہون یعنے نہ باپ بڑھاپے کے سبب سے باغ کی
خدمت کر سکے اور نہ لڑکے بسبب کمزوری و خوردسالی کے باغ کی پرورش
کر سکین اور صرف باغ کی پیداوار پر باپ بیٹون کی معاش ہو اور ایسے نازک
وقت مین فَاَصَابَهَا پس پہونچے اُس باغ کو اِعْصَارٌ بگولا یعنے آندھی فِیْهِ
نَارٌ کہ جسمین آگ ہو یعنے نہایت ہی گرم آندھی ہو کہ وہ درختون کو جلادے فَاحْتَرَقَتْ
پس جل جائیگا وہ بہار یعنے جو لوگ کہ خیرات دیکر اپنی عزت اور آبرو کے باغیچہ
کو سرسبز رکھنا چاہتے ہین ایک دن ایسا آنیوالا ہی کہ خدا کے قہر کا جھونکا اُنکے باغ کو
غارت کردیگا پس جو لوگ اپنا مال راہ خدا مین دیتے ہین یا کوئی عمل خیر کرتے ہین
اس نیت سے کہ ہمارا نام مشہور ہو اور لوگون مین ہماری عزت ہو یا دیگر اغراض دنیوی

وهو يجير ولا يجار عليه حسبي الله وكفى سمع الله لمن دعى ليس وراء
الله المنتهى حسبي الله لا اله الا هو عليه توكلت وهو رب العرش العظيم
اللهم يا ودود يا ودود يا ودود يا ذا العرش المجيد يا مبدئ يا معيد
يا فعال لما يريد اسئلك بنور وجهك الذي ملأ اركان عرشك واسئلك
بقدرتك التي قدرت بها على خلقك برحمتك التي وسعت كل شئ لا اله الا انت
يا مغيث اغثني اسئلك ايمانا وامانا من عقوبات الدنيا والاخرة وان تحفظنا
من شر كل مخلوقات ومصنوعات ومكروهات اور اس حرز کو لکھکر اپنے پاس بھی رکھے
بسم الله الرحمن الرحيم هذا الكتاب محمد رسول الله رب العالمين الى
من طرق الدار من العمار والزوار الا طارقا يطرق بخير اما بعد فان لنا

انہین شامل ہون تو غرض اس نیت سے اس عمل کا جو ثواب اُنہین دیا گیا ہی یا اس عمل
ثواب قطعی زائل ہو جاتا ہی آخرت مین کوئی ثواب اُسکا نہین ملتا اور ریا نیت اغراض
کے ہر عمل خیر کا ثواب اسیطرح زائل کر دیتی ہی کہ جسطرح باغ کو آگ جلا دیتی ہی اور جسطرح
شخص کو کہ جو بسبب ضعیفی کے پرورش باغ کی نہ کر سکتا ہو اور نہ اُسکے پسر بسبب خرد سالی
باغ کی پرورش کر سکتے ہون ایسی حالت مین اُسکا باغ جل جائے تو پھر وہ دوسرا
نہین لگا سکتا اسیطرح حالت آخرت کی ہی کہ اگر دنیا کا عمل خیر اسکے پاس نہین ہی تو
اسلیے کہ آخرت مین عمل خیر کے کرنے پر انسان قادر نہین ہی آخرت مین کچھ نہین ملسکتا
اسیطرح سے یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ یعنی جسطرح اوپر تمثیلین دیگر عام قسم کے
نفع و نقصان سے مطلع کیا اسیطرح سے ریاکاری کے نقصان سے تمکو آگاہ کیا
لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ تا کہ تم ریاکاری کے نقصان کو سوچو اور اس حرکت سے یعنی ریاکاری
سے باز رہو یعنی کسی عمل خیر مین کوئی غرض دنیوی شامل نہ کرو بلکہ محض خوشنودی خدا
کے لیے کرو۔

---

۲۸) وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ سَعَةٌ فَاِنْ تَکُ عَاشِقًا مُوْلَعًا اَوْ فَاجِرًا مُقِیْتًا فَھٰذَا الْکِتَابُ
یَنْطِقُ عَلَیْنَا وَعَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۵ وَرُسُلُنَا یَکْتُبُوْنَ
مَا تَمْکُرُوْنَ اُتْرُکُوْا صَاحِبَ کِتَابِیْ ھٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَالَّذِیْنَ
یَزْعُمُوْنَ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَهٗ لَهُ الْحُکْمُ
وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَتْ اَعْدَاءُ اللّٰہِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ
اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۵

(۲) **حدیث** ارجح الدعوات فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ برائے ایمنی از شر جن
اسکو پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ اَشْھَدُ اَنَّ اللّٰہَ

مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ط تا بِهٖ عَلِيْمٌ ٥ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ
تفسیر اسکی اس طرح تحریر فرماتے ہین۔ يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ای
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگ تم سے دریافت کرتے ہین کہ راہ خدا مین کیا چیز
خرچ کرین قُلْ تم کہدو مَآ اَنْفَقْتُمْ جو کچھ خرچ کرو تم لوگ مال مباح مین سے
(اس سبب سے کہ مال حرام کو راہ خدا مین دینے کا کچھ ثواب نہین ملتا پس مال
مباح مین سے) دو تو اُن لوگون کے استحقاق پر خیال رکھو فَلِلْوَالِدَيْنِ
ماں باپ کو دو وَالْاَقْرَبِيْنَ اور قریب کے رشتہ دارون کو دو وَالْيَتٰمٰى
اور یتیمون کو دو وَالْمَسٰكِيْنَ اور وہ محتاج جو معاش پیدا نہین کرسکتے
وَابْنِ السَّبِيْلِ ط اور وہ مسافر جو پردیس مین غریب اور کنگال ہوگئے اور
اپنے وطن کو واپس نہین آسکتے وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ تم لوگ جو کچھ راہ خدا
مین صرف کروگے فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ٥ بیشک خدا اُس سے

شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ
شَرِّ کُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ٥۔ یہ دعا تعقیبات
صبح مین تحریر ہوچکی ہے۔ پڑھنا اسکا بوقت صبح براے حفاظت مجربات صحیحہ سے ہے۔
(۳) **حدیث** از مصباح کفعمی۔ ادعیہ سر قدسیہ ہے کہ اے محمد جو کوئی خوف کرے جن
اور شیاطین سے پس پڑھے اسکو محفوظ رہے اُنسے۔ یَا اَللّٰہُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْقَاهِرُ بِقُدْرَتِهٖ جَمِیْعَ
عِبَادِهٖ وَالْمُطَاعُ لِعَظَمَتِهٖ عِنْدَ کُلِّ خَلِیْقَتِهٖ وَالْمُمْضِیْ مَشِیَّتَهٗ لِسَابِقِ قَدَرِهٖ اَنْتَ تَکَلَّا
خَلَقْتَ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَلَا یَمْتَنِعُ مَا اَرَدْتَ بِهٖ سُوْءً بِشَیْءٍ دُوْنَکَ مِنْ ذٰلِکَ السُّوْءِ
وَلَا یَحُوْلُ اَحَدٌ دُوْنَکَ بَیْنَ اَحَدٍ وَمَا تُرِیْدُ بِهٖ مِنَ الْخَیْرِ کُلُّ مَا یُرٰی وَمَا لَا یُرٰی
بِفَضْلِکَ وَجَعَلْتَ قَبَائِلَ الْجِنِّ وَالشَّیَاطِیْنِ یَرَوْنَنَا وَلَا نَرٰهُمْ وَاَنَا لِکَیْدِهِمْ

واقف ہو اور تمہاری خیرات رائگان نہین جائیگی بلکہ اُسکا اجر اور ثواب عظیم پاؤ گے۔ (بشرطیکہ مال حلال سے ہو اور ریا شامل نہ ہو (ھ) سورۂ بقر رکوع ۳۶ پر فرماتا ہی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اے (وہ) لوگو کہ ایمان لائے اَنْفِقُوْا خرچ کرو خدا کی راہ مین مِنْ طَیِّبٰتِ مَا کَسَبْتُمْ پاک (و حلال) مال سے جو تمنے کمایا ہی وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَکُمْ مِّنَ الْاَرْضِ اور اُس مین سے جو نکالا ہمنے تمہارے لیے زمین سے جیسے عام قسم کا غلّہ و پھل وغیرہ (یعنے علاوہ اُن غلات کے کہ جنپر زکوۃ واجب ہر چیز پیداوار زمین پر زکوۃ مستحب ہی) وَلَا تَیَمَّمُوا الْخَبِیْثَ اور نہ ارادہ کرو مال حرام کا مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ ۝ کہ اُسکو خرچ کرو (راہ خدا مین)

(و) ملاحظہ ہون احکام زکوٰۃ و نصاب زکوٰۃ مندرجہ باب الکفر کتاب

ع زکوٰۃ مستحب سے غرض یہ ہی کہ جو کچھ باریتعالی عطا فرماوے اُسمین سے جسقدر مناسب راہ خدا مین دیوے۔

نمبر ۳۸۰ خَائِفٌ فَامِنِّیْ مِنْ شَرِّهِمْ وَبَاْسِهِمْ بِحَقِّ سُلْطَانِكَ الْعَزِیْزِ یَا عَزِیْزُ

(۴) حدیث از مصباح کفعمی خلاصہ اُسکا یہ ہی۔ کہ یہ دعا جبرئیل نے جناب رسولخدا کو تعلیم فرمائی براے محفوظی شر جن و شیاطین۔ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِ اللهِ وَكَلِمَاتِهِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ اِلَّا طَارِقًا یَطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ

(۵) حدیث از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ پڑھنا اِسکا باعث محفوظی شر شیاطین و جن و انس و شر حیوانات موذی سے ہی اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِقُدْرَةِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِجَلَالِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَةِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِمَغْفِرَةِ

(ک) ندینا خمس کا گناہ کبیرہ ہی جمیع علماء نے اسکو کبائر سے شمار فرمایا ہی۔ (الف)
سورۂ انفال مین مابین رکوع ۴ و ۵ کے ہی وَاعْلَمُوٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ
خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اور جان لو کہ جو مال
(کفار کا) لوٹو تو اُسکا پانچوان حصہ اللہ اور اللہ کے رسول کے لیے ہی اور (رسول کے)
قرابت والون کے لیے اور یتیمون کے لیے اور مسکینون اور مسافرون کے لیے۔ جناب مقدس
احمد اردبیلی علیہ الرحمہ زبدة البیان مین تحریر فرماتے ہین کہ اس آیہ سے یہ ظاہر ہی کہ خمس ہر مال
غنیمت مین واجب ہی اور معنی غنیمت کے لغت مین اور عرف مین فائدہ کے ہین اور احادیث
مین بھی یہی مراد لیے گئے ہین پس جس مال مین فائدہ حاصل ہو اُس فائدہ مین سے خمس کا دینا
واجب ہی **حدیث** از تہذیب باسناد مروی ہی کہ جناب امام جعفر صادقؑ سے کسی نے آیہ
وَاعْلَمُوٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ سے سوال کیا کہ کیا مراد ہی حضرت نے فرمایا کہ قسم ہی خدا کی کہ مراد اُس سے
فائدہ ہی کہ جو یومًا فیومًا حاصل ہو۔ فقط مثلاً کسی کو ایک سو روپیہ کسی جگہ سے ملا تو اُسمین سے
پانچوان حصہ یعنی بیس روپیہ خمس کے دینا واجب ہین **حدیث** جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ

۳۸ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَاَعُوْذُ بِسُلْطَانِ اللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
وَاَعُوْذُ بِكَرَمِ اللّٰهِ وَاَعُوْذُ بِجَمْعِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَمِنْ شَرِّ
كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ قَرِيْبٍ اَوْ بَعِيْدٍ اَوْ ضَعِيْفٍ اَوْ شَدِيْدٍ
وَمِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ وَالْعَامَّةِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ صَغِيْرَةٍ اَوْ كَبِيْرَةٍ
بِلَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ وَمِنْ شَرِّ فُسَّاقِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَمِنْ شَرِّ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۔
(۶) **حدیث** از کافی جناب امام موسی کاظم ویا جناب امام رضاء سے روایت ہی خلاصہ اُسکا
یہ ہی کہ جو کوئی اسکو اپنے پاس رکھے ہر جانور درندہ اور شیاطین اور ہر جانور گزندہ مثل سانپ و عقرب
وغیرہ سے محفوظ رہے اور اگر اسکو پڑھے تو چور و غارتگرون سے محفوظ رہے پس بعد غروب آفتاب کے
اسکو پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ سخت تر وہ چیز ہی کہ بروز قیامت آدمی اسمین گرفتار ہونگے وہ یہ ہی کہ مطالبہ کریگا صاحب خمس اپنے حق کا (یعنے جناب صاحب الامرؑ) **حدیث** ایضًا فرمایا جناب صاحب الامرؑ نے کہ لعنت خدا و لعنت ملائکہ اور لعنت جمیع مردم کی اُس شخص پر کہ جو ایک درہم ہمارے مال مین سے بحرام کھائے پس اُسکو آتش جہنم کھائیگی۔

توقیع شریف - جناب ملا حسین نوری علیہ الرحمہ نجم ثاقب مین تحریر فرماتے ہین کہ توقیع شریف جناب امام صاحب الزمان ع کے بذریعۂ ابی جعفر محمد بن عثمان نائب دوم پہونچی چنانچہ جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے اکمال الدین مین روایت کی ہی کہ وہ توقیع مشتمل تھی جواب جملہ مسائل کہ ایک اُنمین سے سوال خمس کا تھا کہ جو شخص حلال جانتا ہی اُس ہمارے مال کو کہ جو اُسکے ہاتھ مین ہی اور اُسمین تصرف کرتا ہی مثل تصرّف اپنے مال کے بغیر ہمارے حکم کے پس جو شخص ایسا کرے وہ ملعون ہی اور ہم دشمن اُسکے ہین بہ تحقیق کہ جناب رسول خدا ص نے فرمایا کہ جو شخص حلال جانے میری عترت سے اُس چیز کو کہ جسکو خدا نے حرام کیا ہی وہ ملعون ہی میری زبان پر اور ہر پیغمبر کی زبان پر پس جس کسی نے ظلم کیا ہمپر وہ شخص جملہ ظالمین سے ہی اور اُسپر لعنت خدا کی ہی

---

۳۸۲ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ یَصِفُ وَلَا یُوْصَفُ وَیَعْلَمُ وَلَا یُعْلَمُ وَیَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ وَاَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِیْمِ وَبِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ مَا بَرَاَ وَذَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا تَحْتَ الثَّرٰی وَمِنْ شَرِّ مَا بَطَنَ وَظَهَرَ وَمِنْ شَرِّ مَا وَصَفْتُ وَمَا لَمْ اَصِفْ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

(۷) **حدیث** از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ پڑھنا اس دعا کا باعث اسکا ہی کہ وہ شخص شر جن و انس و حیوانات موذی و شر چشم بد یعنے ٹوک سے محفوظ رہے بِسْمِ اللّٰهِ الْجَلِیْلِ اُعِیْذُ اس جگہ نام اُس شخص کا لیوے کہ جسکی شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہی بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ مِنَ الْهَامَّةِ وَالسَّامَّةِ وَاللَّامَّةِ وَالْعَامَّةِ وَمِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَمِنْ نَفْثِهِمْ وَبَغْیِهِمْ وَنَفْخِهِمْ وَبِاٰیَةِ الْكُرْسِیِّ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

اپنے شکم مین آگ کو اور جلد لایا جائیگا وہ شخص آتش افروختہ مین اور ایک توقیع کا یہ مضمون ہی
کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لعنت خدا و ملائکہ و جمیع مردم کی اُس شخص پر کہ حلال جانے
ہمارے مال مین سے ایک درہم کو راوی توقیع ابو الحسین اسدی کہتا ہی (خلاصہ اُسکا یہ ہی)
کہ میرے نفس مین یہ بات گذری کہ آیا درحقیقت یہ عذاب ہی یا تہدید ہی مین نے نظر کی
اُس توقیع پر پس یہ میرا خیال کہ تہدید ہی دور ہوا یہ لکھا ہوا تھا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ لعنت خدا و ملائکہ و جمیع مردم کی اُس شخص پر کہ جو کھائے ہمارے مال
مین سے ایک درہم کو من مؤلف احکام خمس کے باب ۴۸ کتاب ہذا مین تحریر ہین۔

(۱۷) حج کا ادا نکرنا۔ اور حج کے بجا لانے مین تاخیر کرنا باوجود استطاعت و اختیار کے اُس سال سے کہ جس سال مین مستطیع ہوا ہی

گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ و جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ علما نے اسکو
کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔ مستطیع سے مراد یہ ہی کہ روپیہ آمد و رفت حج کے لایق اور نیز اپنے

---

۳۸۲ سے خَالِدُوْنَ ٥ پڑھے بعد ازان کہے بِسْمِ اللّٰهِ اُعِيْذُ فُلَانًا بِاللّٰهِ الْجَلِيْلِ مِنَ الْهَامَّةِ تا آخر دعاے مذکور پڑھے۔
(۸) **حدیث** از کافی فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو کوئی بعد نماز واجبہ کے اسکو پڑھے لپیٹا جائے
بالہائے جبرئیل مین وہ خود اور اہل و عیال اور مال اُسکا واسطے حفاظت کے۔ یعنے وہ شخص اور اُسکے
اہل و عیال اور مال سب حفاظت خدا مین رہین پڑھنا اسکا مجربات سے ہی یہ دعا تعقیبات ہر نماز
واجبہ مین متن کتاب ہذا مین تحریر ہو چکی ہی۔ اِسْتَوْدِعُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الْجَلِيْلَ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ
وَمَالِيْ وَوُلْدِيْ وَمَنْ يُعْنِيْنِيْ اَمْرُهٗ اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ الْمَرْهُوْبَ الْمَخُوْفَ
الْمُتَضَعْضِعَ لِعَظَمَتِهٖ كُلُّ شَيْءٍ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوُلْدِيْ وَمَنْ يُعْنِيْنِيْ اَمْرُهٗ۔
(۹) **حدیث** از کافی جناب رسول خدا ص نے جناب امیر ع کو تعلیم کی اور فرمایا کہ پڑھنا اسکا
باعث اسکا ہی کہ اللہ تعالیٰ بسبب اسکے انواع بلا کو دور فرماوے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[illegible] اہل عیال [illegible] حج [illegible] واپس [illegible]
اُن لوگون کے خرچ کو کافی ہو جائے۔ (الف) خدا تعالیٰ سورۂ آل عمران مین ما بین رکوع ۹ و ۱۰ کے فرماتا ہی
وَلِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا ؕ وَمَنْ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ۔ لوگون پر فرض ہی
(کہ) اللہ کے لیے خانۂ کعبہ کا حج (کرین) جنہین وہانتک پہونچنے کی طاقت ہو (کہ بافراغت پہونچ سکین) اور
(باوجود استطاعت کے) جو (حج کے جانے سے) انکار کرے تو بیشک اللہ سارے جہان سے بے پروا ہی۔ حدیث
فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ جو شخص مرے اور باوجود استطاعت اور تندرستی کے حج نہ کیا ہو پس
وہ شخص اُس جماعت سے ہی کہ جسکے حق مین خدا تعالیٰ نے فرمایا ہی وَنَحْشُرُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَعْمٰی
یعنے ہم محشور کرینگے بروز قیامت اُنکو اندھا۔ حدیث از من لا یحضرہ الفقیہ فرمایا جناب
جعفر صادق ع نے کہ جو شخص فوت ہووے اور حج واجب بغیر عذر کے ترک کیا ہو تو گویا وہ شخص
بدین یہودی یا نصرانی مرا مین مؤلف ثواب و احکام حج کے باب ۱۷ کتاب ہذا مین تحریر ہین

(کب ۲۲) ایمن ہونا خوف الٰہی سے یعنی عذاب دنیوی و اخروی سے اللہ کے جانب
سے ایمن ہونا گناہ کبیرہ ہی جناب سرکار مرزا علی اعلی اللہ مقامہ نے کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

۳۸۴ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھنا اسکا مخصوص بعد نماز صبح متواتر
برائے دفع فقر وغیرہ کے مجربات صحیحہ سے ہی یہ دعا تعقیبات نماز صبح و نماز مغرب مین تحریر ہو چکی ہی۔
(۱۰) از متن کتاب منہاج واسطے دفع اجنہ و صرع کے اسکو لکھکر گلے مین لٹکا وے انشاء اللہ اثر جنات
و صرع کا دور ہووے ۵ ۱۱۱ ۳۰ ۵ ۹ ۱۱ ۰ ۴ ۴ ۳ ۱۳ ۳ سعری ۱۳۱ ۱۱ ۰ ال ۱۱ ۳ ۰ ۱۱ ۲ ۵ ۰ ۷
۲۰ ۰ ۴ ۶ ۰ ۱ ۰ ۱ ۱ ۰ ۲ ۰ ۷ ۰ ۴ ۲ ۷ ۶ ۱ ۰ ۱ ۵ ۱۱۱ ۳ ۲ ۳ ۱۵ ۰ ۳ ۴ ۸ ۰ ۴ ۲ ۸ ۴ ۷ ۶ ۴ ۲ ۰ ۱ ۲ ۰ ۲ ۳ ۰ ۴ ۸ ۰ ۱
۳۱ ۱۱۵ ۱۱ ۵ ۱۱ ۰۰۰ ۱۲ ۵ ۱۱ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۵ و ۵ عہ ۹۔
(۱۱) ایضاً واسطے دفع جن کے اسماء اصحاب کہف کو لکھکر گلے مین لٹکائے اسماء یہ ہین
تملیخا مکشینا مرنوش بینوش شاذنوش مرطونش قطمیر اور دوسری
روایت مین اسماء اس طرح ہین مکسلمینا ملیخا مکسینا مرطوس کواشس

فَلَا یَاْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُوْنَ ٥ یعنی بیخوف نہین ہوتا مکر الٰہی سے مگر قوم زیانکار

کبیرہ ۲۳) استہزا و سخریہ احکام الٰہی مین کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ

و جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ نے کبائر سے تحریر فرمایا ہی جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ

تحریر فرماتے ہین کہ استہزا و سخریہ احکام الٰہی مین یا اُنپر عمل کرنے مین یا عمل کرنے والے پر

اگرچہ وہ مستحبات سے ہون مثل تحت الحنک وغیرہ کے پس استہزا و سخریہ کرنا مستحبات پر بھی گناہ

کبیرہ ہی۔ (الف) خدا تعالیٰ سورۂ بقر مین ماہین رکوع ۱ و ۲ کے فرماتا ہی۔ اَللّٰہُ یَسْتَہْزِئُ

بِہِمْ وَیَمُدُّھُمْ فِیْ طُغْیَانِہِمْ یَعْمَھُوْنَ ٥ اللہ جزا استہزا کی اُنکو دیتا ہی اور اُنکو ڈھیل دیتا ہی

کہ اپنی سرکشی مین پڑے رہین۔ (ب) سورۂ یٰسین مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے فرماتا ہی یٰحَسْرَةً

عَلَی الْعِبَادِ تا یَسْتَہْزِؤُوْنَ ٥ یعنے تاسف ہی بندون پر اُنکے پاس کوئی پیغمبر نہین آتا مگر یہ کہ

اُس سے مسخراپن کرتے ہین۔ حدیث از بحار الانوار فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ بروز قیامت

سخریہ و استہزا کرنیوالون کو لائینگے اور ایک دروازہ بہشت کا کھولا جائیگا اور اُنسے کہینگے

---

۳۴) اریطانس اونوس کید سطیوس قطمیر اور بعض روایات مین اسماء یہ ہین

مکسلمینا ملیخا مرطونس یوانس ساریوس بطنیوس کشفوطط قطمیر

اور بعض روایات مین یہ ہین مکسلمینا ملیخا مرطونس سونس ستا یونس

تنسطیونس دونواس قطمیر اور بعض روایات مین یہ ہین مکسلمینا تملیخا

مرطونس ینبونس ستا دینوس دونواس کشفیططونس اور بعض روایات

مین اصحاب یمین یہ ہین مکسلمینا تملیخا منشلینا مرنوس اور اصحاب شمال

دبرنوس شا ذریوس اور جو کوئی اسماء اصحاب کہف کو عورت حاملہ کے زانو سے چپ پر

باندھے فرزند باسانی پیدا ہووے اور جو کوئی گہوارہ طفل مین طفل کے سر کے نیچے ان اسماء کو رکھے

رونا موقوف ہووے اور جو کوئی ان اسماء کو لکھکر گھر مین رکھے وہ گھر جلنے سے محفوظ رہے

کہ دوڑو اور بہت جلد بہشت مین داخل ہو وہ عم واندوہ کے ساتھ داخل ہونا چاہین گے فوراً
دروازہ بہشت کا بند کردیا جائیگا اور دوسری طرف دروازہ کھولین گے اور اہل بہشت
اُنسے کہین گے کہ بہت جلد داخل ہو جب وہ نزدیک اُسکے پہونچین گے وہ دروازہ بھی
بند کردینگے پس اسی طرح سے وہ عذاب مین مبتلا ہونگے اور کسی دروازہ سے وہ داخل بہشت نہ ہونگے

(۲۴) اعتراض کرنا کسی فعل یا حکم خدا یا جناب رسولخدا یا ائمہ پر
گناہ کبیرہ ہی جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ وجناب مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا
(الف) خدا تعالی فرماتا ہی مَا آتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا
یعنے جو رسول تمکو حکم کرے اُسکو قبول کرو اور جس امر سے منع کرے اُس سے باز رہو

(۲۵) تکبر و غرور کرنا سیکھنے احکام الٰہی یا انپر عمل کرنے مین
گناہ کبیرہ ہی جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ وجناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر
سے تحریر فرمایا ہی اور یہ معصیت ایسی ہی کہ اس سے شیطان موجب لعن وکفر ہوا اور
فرق نہین ہی مابین اسکے کہ ترک کرے کسی واجب کو یا مستحب کو اگرچہ حج مین مثل ہر ولہ کے

۳۸ اور جو کوئی اِن اسماء کو لکھکر اپنے پاس رکھے جمیع آفات اور شر بادشاہ ظالم سے محفوظ رہے
خواص اسماء اصحاب کہف کے بہت ہین حاشیہ کتاب ہذا کا اُنکی تحریر کی گنجائش نہین رکھتا

(۱۲) ایضاً جو کوئی اس دعا کو پڑھے شر جن والنس سے محفوظ رہے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ
وَمِنَ اللّٰہِ وَاِلَی اللّٰہِ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِعَوْنِکَ وَحَوْلِکَ وَقُدْرَتِکَ وَشَرَّ کُلِّ مُخْتَالٍ وَکَیْدِ الْفُجَّارِ فَاِنِّیْ
اُحِبُّ الْاَبْرَارَ وَاُوْلِی الْاَخْیَارِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

فصل ۳۹ ادعیہ امن از سلاطین

(۱) صاحب کرامات جناب سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے کتاب مہج الدعوات مین روایت کی ہی کہ کسی شخص نے بخدمت
جناب امام جعفر صادق ؑ عرض کیا کہ آپ جسوقت مسجد مین منصور دوانقی کے پاس تشریف لے گئے

(الف) سورۂ نساء مین [illegible] فرماتا ہی کہ ومن یستنکف عن
عبادته ویستکبر فسیحشرهم الیه جمیعا۝ اور جو کوئی انکار کرے اُسکے (یعنے خدا کی)
بندگی سے اور تکبر کرے پس جلد اکٹھا کریگا اُن سب کو اپنی طرف۔ (ب) سورۂ نساء مین
مابین رکوع ۲۳ و ۲۴ کے ہی وَاَمَّا الَّذِیْنَ اسْتَنْکَفُوْا وَاسْتَکْبَرُوْا تا اَلِیْمًا۝ اور لیکن جن
لوگون نے انکار کیا (یعنے عار سمجھے اُسکی بندگی مین) اور تکبر کیا (احکام الٰہی سے) پس عذاب
دیگا انکو (خداے تعالی) عذاب دردناک (یعنے دوزخ) (ج) سورۂ مومن مین مابین ۵ و ۶ کے
فرماتا ہی اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ۝
یعنے جو لوگ میری عبادت سے تکبر کرتے ہین وہ داخل جہنم ہونگے۔ **حدیث** از جال الصالحین
فرمایا جناب ائمہ عنے کہ جو کوئی اپنی عبادت پر مغرور ہو کوئی عمل اُسکا مقبول نہین ہوتا
سخن مؤلف اپنی عبادت یا کسی عمل خیر پر مغرور ہونا باعث حبط ہوجانے اُس عبادت
اور عمل خیر کا ہوتا ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ ایک عابد نے اپنی عبادت پر غرور کیا
فاسق ہوگیا انشاء اللہ کچھ احادیث اس بارہ (عجب اور خود بینی) مین تحریر کیجائینگی

بقیہ ۳ تو کس چیز سے آپ نے اپنی حفاظت کی فرمایا کہ بذریعۂ خداے تعالی کے اور بذریعۂ پڑھنے سورہ
انا انزلناہ کے اور بعد پڑھنے اس دعا کے پس وقت روبرو جانے حاکم جابر کے اول
ایک مرتبہ سورۂ قدر پڑھے بعد ازان سات مرتبہ یا اللہ کہے بعد اسکے ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے
اِنِّیْ اَسْتَشْفِعُ اِلَیْكَ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَاَنْ تَغْلِبَهٗ لِیْ۔
(۲) **حدیث** از عدۃ الداعی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام موسی کاظم عنے کہ محافظت کرے
اپنی اس طرح پر کہ سورۂ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کو معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے پڑھے وقت
روانگی کے ایک مرتبہ سورۂ مذکور کو جانب دست راست اور ایک مرتبہ جانب دست چپ اور ایک
مرتبہ مابین دونون ہاتھون کے اور ایک مرتبہ پیش رُو اور ایک مرتبہ بجانب پشت اور ایک مرتبہ
بجانب سر اور ایک مرتبہ بجانب پا پڑھکر دم کرے اسکے بعد نزدیک سلطان جابر کے جاوے۔

(نو) عجب اور خود بینی کرنا۔ گناہ کبیرہ ہی یعنے اپنے کسی نیک عمل پر فخر اور ناز کرنا گناہ
کبیرہ ہی جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ و جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے
تحریر فرمایا ہی اور جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے بحار الانوار جلد ۱۵ مین اس آیہ کو عجب اور
خود بینی مین تحریر فرمایا ہی از سورۂ نساء مابین رکوع ۶ و ۷ کے ہی اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ
یُزَکُّوْنَ تا فَتِیْلًا ۞ کیا نہ دیکھا تو نے طرف اُن لوگون کے کہ (جو) پاک جانتے ہین اپنی
جانون کو بلکہ اللہ پاک کرتا ہی جسے چاہے اور نہ ظلم کیے جائینگے کھجور کی گٹھلی کے برابر
حدیث ایضًا۔ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جسنے عجب کیا اپنے عمل پر (یعنے غرور کیا)
وہ ہلاک ہوا اس حدیث کے بعد جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ ہلاک سے
مراد مستحق عذاب کا ہونا ہی اور رحمت خدا سے دور ہونا ہی۔ من مؤلف ذرا چشم بصیرت سے
دیکھنا چاہیے کہ انسان کیا چیز ہی اور اُسکی عبادت کیا چیز ہی جسنے انسان کو پیدا کیا اُسکی
عبادت انسان سے کیا ہو سکتی ہی جن انبیاء نے اپنی تمام عمر عبادت اور خوشنودی پروردگار
مین گذاری جب اُنھین سے اُسکی عبادت نہو سکی۔ تو پھر ہم لوگ کس حساب مین ہین

ص ۳۴۸ پس جسوقت نظر اُس سلطان پر پڑے تین مرتبہ سورۂ مذکور کو پڑھکر دست چپ کی انگلیون کو
ایک ساتھ بند کرلے اور جب تک اُسکے پاس سے واپس نہ ہووے نہ کھولے مجرب ہی۔
(۳) حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جسوقت بادشاہ جابر کے روبرو جائے
بوقت مقابلہ اُسکے کہے کٓھٰیٰعٓصٓ اور وقت کہنے ہر حرف کے ایک ایک اُنگلی دست راست کی بند کرے
پھر جب ھا کہے تو انگشت سبابہ دست راست کو بند کرے پس اسی ترتیب سے ہر حرف پر ایک ایک انگلی
کو بند کرکے پانچون اُنگلی دست راست پر تمام کرے اسکے بعد حٓمٓعٓسٓقٓ کہے وقت کہنے ان حروف کے مثل دست راست
کے دست چپ کی انگلیون کو ہر حرف پر بند کرے بعد اُسکے کہے وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا
پس روبرو اُس بادشاہ کے سب اُنگلیون کو کھولدے محفوظ رہے اُسکے شر سے یہ عمل مجرب و آزمودہ ہی۔
(۴) جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے کتاب حیوۃ الحیوان سے اس روایت کو نقل فرمایا ہی کہ جس نے

اس عجب اور خود بینی اور غرور کی سزا پائین کوئی نفع نہین ہی اور اسکی سزا یہ ہی کہ اعمال
نیک حبط ہون اور فاسق قرار دیکر جہنم مین داخل کیے جائین۔ **حدیث ایضاً**
فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ جو شخص عجب اور خود بینی کرے اُسکا عمل تباہ اور برباد
ہوجاتا ہی اور پھر آنحضرت نے فرمایا کہ عابد بسبب عجب اور خود بینی کے اپنی عبادت مین فاسق ہوتا ہی
حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب امام رضا ؑ نے کہ ایک عابد اور ایک فاسق سجدہ
مین گئے جب سجدہ سے فارغ ہوئے تو عابد فاسق تھا اور فاسق عابد تھا اس سبب سے کہ عابد
اپنی عبادت مین مغرور ہوگیا اور فاسق اپنی معصیت سے ترسان و پشیمان تھا اور استغفار
کرتا تھا۔ **من مؤلف** پس چاہیے جسقدر تقوی و عبادت و اعمال خیر انسان کے زیادہ تر ہون
مگر بمقابلہ خدا کے یہی سمجھے کہ میرا کوئی عمل خیر لائق خوشنودی خدا کے نہین ہی اور ہر وقت
خدا سے لرزان و ترسان رہے یہانتک کہ اپنی عمر اسی طرح پر تمام کردے بلکہ بمقابلہ دوسرے
شخص کے بھی اپنے کو نہایت حقیر اور ذلیل سمجھے اگرچہ خود عابد اور صاحب تقوی ہو اور دوسرا شخص

ایسے شخص کے روبرو جاوے کہ جس سے خوف کرتا ہو پس جسوقت اُسکے سامنے پہونچے کہے **کھیعص**
اور ہر حرف پر ایک ایک اُنگلی بند کرے ابتدا انگوٹھا دست راست سے کرکے چھن اُنگلی پر تمام کرے پھر
حمعسق کہے اور ہر حرف پر ایک ایک انگلی دست چپ کی بند کرے ابتدا چھن اُنگلی دست چپ سے
کرکے انگوٹھو دست چپ پر تمام کرے بعد ازان سورۂ فیل کو ایک مرتبہ پڑھے جب لفظ ترمیہم پر پہونچے
تو اسی لفظ کو دس مرتبہ کہے اور ہر حرف پر ایک ایک اُنگلی کھولتا جائے کھولنے مین ابتدا
انگوٹھو دست چپ سے کرکے انگوٹھو دست راست پر تمام کرے یا جس ترتیب سے چاہے
کھولے اختیار ہی جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ یہ عمل نہایت مجرب ہی۔
(۴) **حدیث** از طب الائمہ فرمایا جناب امام موسی کاظم ؑ نے کہ جو شخص سلطان جابر
کے پاس جاوے پس اُسکے اوپر جسوقت نظر پڑے کہے یَا مَنْ لَا یُضَامُ وَلَا یُرَامُ

زیادہ تر خوش ہوا بنا بر آن تو نظر ڈالی جائے کہ جو ابتدائے عمر سے آخر عمر تک معصوم ہین اور
اپنی تمام عمر عبادت اور خوشنودی باریتعالی مین بسر کی اسپر بھی اُنھون نے اپنے کو بمقابلہ
دوسرے کے نہایت حقیر اور ذلیل سمجھا چنانچہ حدیث مین ہے کہ خدایتعالے نے
جناب موسیٰ علیہ السلام سے ارشاد فرمایا کہ ای موسیٰ تو جانتا ہی کہ مین تجھ سے کس سبب سے باتین
کرتا ہون اُنھون نے عرض کیا کہ مین نہین جانتا ارشاد باریتعالی کا ہوا کہ ای موسیٰ تو اپنے کو
میرے مخلوقات سے بدتر سمجھتا ہی پس یہ تیرا عجز وانکسار میرے پسند آیا اسی سبب سے مین نے تجکو یہ
عزت عطا فرمائی کہ مین تجھ سے کلام کرتا ہون مین مؤلف ہر عبادت اور عمل خیر مین اول تو شرط
قبولیت کی ہی مثلاً کسی شخص نے تمام عمر عبادت باریتعالی کی کی اور نیز دیگر اعمال خیر بجالایا مگر وہ
عبادت اور اعمال خیر کسی وجہ سے پسند باریتعالی کے نہین ہوے تو ایسی عبادت و اعمال کا
کوئی نتیجہ آخرت مین نہین ہی اور ایک شخص گنہگار نے صرف دو رکعت نماز پڑھی یا اور کوئی عمل
خیر ایسا کیا کہ جسکو خداے تعالی نے قبول فرماکر آتش دوزخ کو حرام اور بہشت کو اُسپر واجب فرمادیا

منہ ۳۹ وَبِهٖ تَوَاصَلَتِ الْاَرْحَامُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاكْفِنِيْ شَرَّهٗ بِحَوْلِكَ۔

(۵) از کتاب دفع الهموم۔ جو کوئی جس بادشاہ سے خوف کرے یا کسی اور شخص سے ڈرے پس روبرو
اُسکے کہے حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

(۶) ایضاً جس حاکم سے خوف کرے روبرو اُسکے مکرر کہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَآ
اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے بھی اسکو تحریر فرمایا ہی یہ دعا مجرب و آزمودہ ہی

(۷) ایضاً جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے کتاب دفع الهموم والاحزان سے تحریر فرمایا ہی کہ ہمیں
چیز ہاے مجربہ سے کہ اُسپر تجربہ ہوا ہی یہ ہی کہ روبرو اُس شخص کے کہ جس سے خائف ہو پڑھے
کہ اَطْفَأْتُ غَضَبَكَ يَا فُلَانُ نام اس جگہ اُس شخص کا لیوے کہ جس سے خوف
کرے بِلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ پس اسی طرح دو مرتبہ اسکو کہے۔

خیر کے کرنے پر منحصر نہین ہی بلکہ خاص نیت پر ہی۔ اگر اُس عمل خیر مین سوائے حصول خوشنودی
پروردگار کے اور کچھ نیت نہین ہی مثل نفع دنیوی کے تو بیشک ایسا عمل درجۂ قبولیت کو
پہونچتا ہی بشرطیکہ اُس عمل خیر پر یہ خیال پیدا کرکے کہ مین نے بہت اچھا عمل کیا ہی فخر وناز
کرنے لگے اور اگر اُس فعل پر فخر وناز بھی کرنے لگا تو یہ خیال بھی باعث حبط اعمال کا ہوجاتا ہی
اور سزائے آتش دوزخ کا پس ایسے خیالات سے کہ جو باعث حبط اعمال کے ہوجاتے ہین
بچنا آسان نہین ہی ان خیالات سے اُسوقت مین انسان بری رہ سکتا ہی کہ جب اپنے دل مین
یہ قطعی خیال کرلے کہ مین کوئی چیز نہین ہون اور جسنے مجکو پیدا کیا ہی اُسکی عبادت کے لائق
نہین ہون اور میری پیشانی بھی اُسکے سجدہ کے لائق نہین ہی اور مین اُسکی درگاہ مین کھڑے
ہونے کے لائق بھی نہین ہون کیونکہ وہ معبود ہی اور مین عبد ہون اور عبد بھی وہ کہ جو نجس چیز سے
پیدا کیا گیا اور درحقیقت ایسا ہی ہی کہ انسان باعتبار پیدایش کے خدا کی درگاہ مین کھڑے
ہونے کے لائق نہین ہی مثلاً ایک تصویر ہم بنائین اور وہ تصویر ہم سے یہ دعوی کرے کہ مین

(۸) ایضاً روبروے حاکم جابر کے اس آیہ کو پڑھے کتب اللہ لاغلبن انا ورسلی ان اللہ لقوی عزیز۔
(۹) ایضاً روبروے حاکم کے اس آیہ کو پڑھے وَیُنَجِّی اللّٰہُ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِہِمْ لَا یَمَسُّہُمُ السُّوْءُ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝
(۱۰) از مصباح کفعمی جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ واسطے محفوظی شر بادشاہ واعدا وامن از بلا
ودروقت خوف از فقر ودل تنگی کے اس دعا کو پڑھے یَا مَنْ تُحَلُّ بِہٖ عُقَدُ الْمَکَارِہِ وَیَا مَنْ یُفْثَأُ بِہٖ تا آخر
دعا از صحیفۂ کاملہ۔ یہ دعا باب انھاد ثن تعقیبات نماز صبح مین نمبر ۹۲ حاشیہ پر طریقہ ختم سورہ
یٰسین مین تحریر ہی یہ دعا مجربات سے ہی اور طریقہ ختم اس دعا کا بھی حاشیہ مذکور پر تحریر ہی۔
(۱۱) ایضاً سعید بن ساعدہ نے جناب رسولخدا سے عرض کیا کہ آپ میری شفاعت نجاشی سے کرین حضرت نے
فرمایا کہ مین گروہ انبیا سے ہون شفاعت سوائے خدا کے اور کسی سے نہین کرسکتا لیکن جسوقت نجاشی کے
پاس داخل ہو یہ کہو۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اَعْلٰی مِنْہُ شَاْنًا وَاَقْوٰی سُلْطَانًا وَدَجَارِیْ لَکَ اَکْبَرُ ۝

تمھارے روبرو کھڑے ہونے کے لائق ہون تو یہ دعوی اُسکا اُس سزا کے لائق ہی کہ ہم اُسکو تو زکر
آگ مین ڈالدین اس سبب سے کہ یہ دعوی وہ شخص کر سکتا ہی کہ اپنے جنس اور مقابل کا ہو اور جب
تصویر ہماری بنائی ہوئی ہی تو وہ ہمارے جنس اور مقابل کی نہین ہو سکتی یہ دوسری بات ہی کہ
بمقتضائے مصلحت ہم چند تصویرات مین سے ایک تصویر کو یہ عزت دیدین کہ ہم اُس سے کلام کرین
اپنی قربت کی عزت دین پس اسی طرح انسان ہی کہ جب انسان پیدا کیا ہوا خدا کا ہی تو خدا کے روبرو
کھڑے ہونے کے لائق نہین ہو سکتا یہ دوسری بات ہی کہ اُسنے ہمکو اپنی درگاہ مین سجدہ کرنیکا حکم دیکر
ہمکو اس عزت اور منزلت سے ممتاز فرمایا کہ ہم اُسکو سجدہ کرتے ہین اگر وہ ہمکو سجدہ کرنے کا حکم نہ دیتا
تو ہمکو یہ عزت اور مرتبہ ہرگز حاصل نہین ہوتا کہ جو سجدہ کرنے سے حاصل ہوتا ہی اول انسان اپنی
خلقت کو تو خیال کرے کہ کس نطفۂ نجس سے پیدائش ہی کہ جس نطفے کے نکلنے سے انسان پر
غسل واجب ہو جاتا ہی فرشتون پر غور کیا جائے کہ جنکی پیدائش محض نور سے ہی اور معاصی سے
پاک ہین مگر اسپر بھی وہ یہ سمجھتے ہین کہ ہم درگاہ باریتعالی مین عبادت اور اُسکے سجدہ کرنے کے لائق ہی
نہین ہین تو پھر انسان کو اپنے اوپر اور اپنی عبادت و دیگر کار خیر پر فخر و ناز کرنا کیا معنی۔ یہ اور بات

سنہ ۹۲ مِنْ خَوْفِيْ مِنْهُ وَأَمَلِيْ فِيْكَ أَكْثَرُ مِنْ رَجَائِيْ لَهٗ فَاكْفِنِيْ أَمْرَهٗ وَقِنِيْ شَرَّهٗ وَاجْعَلْ بَيْنِيْ
وَبَيْنَهٗ حِجَابًا مِنْ كِفَايَتِكَ وَحِرْزًا مِنْ كِلَائَتِكَ لَا يَنْوِيْ بِيْ سُوْءً لَا يُطِيْعُ فِيَّ عَدُوًّا إِنَّكَ سَمِيْعٌ مُجِيْبٌ

(۱۲) **حدیث** از مہج الدعوات۔ خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ جناب امام جعفر صادق نے اس دعا کو قبل از
ملاقات منصور دوانقی کے مدینہ مین پڑھا بعد پڑھنے کے آنحضرتؑ منصور دوانقی کے پاس تشریف لے گئے
خدائے تعالی نے اُسکی شر سے محفوظ رکھا حَسْبِيَ الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِيْنَ حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ
حَسْبِيْ مَنْ لَمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
حَسْبِيَ الَّذِيْ لَمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ
بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْفِنِيْ بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَاحْفَظْنِيْ بِعِزِّكَ وَاكْفِنِيْ شَرَّ فُلَانٍ
امام اسکا لیوے بِقُدْرَتِكَ وَمُنَّ عَلَيَّ بِنَصْرِكَ وَإِلَّا هَلَكْتُ وَأَنْتَ رَبِّيْ اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ أَجَلُّ

پیغمبرون مین بھی بعض کو کم اور بعض کو زیادہ رتبہ دیا جس طرح جناب موسیٰ علیہ السلام ہین کہ اُنسے
کوہ طور پر کلام کیا جاتا تھا اور جناب عیسیٰ علیہ السلام ہین کہ جنکو زندہ آسمان پر بُلا لیا اور جناب
ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ جنکو حکم بنانے کعبہ کا عطا فرماکر اُنکو اس سے معزز فرمایا اور جناب رسولخداؐ
ہین کہ جنکو معراج سے سرفراز فرماکر اپنے قریب تر بلایا کہ جس جگہ کوئی فرشتہ بھی نہین جا سکتا
اگر کوئی پیغمبر باریتعالیٰ کی درگاہ مین یہ دعویٰ نہین کر سکتا کہ ہم پیغمبری کے لائق ہین اور ہم تیرے
روبرو کھڑے ہونے کے لائق ہین اور اگر کوئی پیغمبر ایسا دعویٰ کرے اور پیغمبری کی وجہ سے فخر و ناز
اپنے اوپر کرنے لگے تو وہ قابل غضب باریتعالیٰ کے ہی اس سبب سے کہ یہ جو کچھ مرتبہ عطا فرمایا ہوا ہی
باریتعالیٰ کا ہی کوئی ذاتی مرتبہ نہین ہی پس جب ذاتی رتبہ نہین ہی تو فخر و ناز بھی اُسپر نہین ہو سکتا
اسی طرح اعمال نیک ہین کہ اپنے اعمال نیک پر بھی کوئی بندہ اُسکا فخر و ناز نہین کر سکتا اس سبب سے
کہ جب اُسنے توفیق اعمال نیک کی عطا فرمائی اُسوقت اُسنے اعمال نیک کیے اور اگر اعمال نیک کی
توفیق نہ دیتا تو کس طرح سے عمل نیک کر سکتا تھا چنانچہ خدایتعالیٰ سورہ حجرات کے آخر مین فرماتا ہی

---

۳۹۳ وَاَكْبَرُ مِمَّنْ اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَدْرَءُ بِكَ فِیْ نَحْرِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَ
اَسْتَعِیْنُكَ عَلَیْهِ وَاَسْتَكْفِیْكَ اِیَّاهُ یَا كَافِیْ مُوْسٰی فِرْعَوْنَ وَمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ
الْاَحْزَابَ الَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِیْمَانًا
وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَ
اَبْصَارِهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغَافِلُوْنَ ۝ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ وَجَعَلْنَا
مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝ بِاللّٰهِ اَسْتَفْتِحُ
وَبِاللّٰهِ اَسْتَنْجِحُ وَبِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اَتَوَسَّلُ وَبِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ
اَسْتَشْفِعُ وَاَتَوَجَّهُ وَبِالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ اَتَقَرَّبُ اَللّٰهُمَّ لَیِّنْ لِیْ صُعُوْبَتَهٗ وَسَهِّلْ
لِیْ حُزُوْنَتَهٗ وَوَجِّهْ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ وَجَمِیْعَ جَوَارِحِهٖ اِلَیَّ بِالرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ وَاَذْهِبْ عَنِّیْ

يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ أَسْلَمُوا تا صَادِقِيْنَ ٥ یعنے (اے محمد عرب لوگ) احسان کرتے ہین تجھ پر اسلام
لا دین (یعنے احسان کرتے ہین کہ ہم اسلام لائے) کہہ تو (اُنسے) کہ نہ احسان کرو مجھپر مسلمان ہونے مین
بلکہ خداوند عالم تم پر احسان کرتا ہی (اس بات کا) کہ ہدایت دی تمکو (اسلام لانے کی) در راہ راست
دکھلائی تمکو) واسطے ایمان کے اگر تم سچے ہو (یعنے تم صادق ہو اپنے دعوے ایمان مین نظر)
پس جب انسان کوئی عمل نیک کرے مثلاً سکے کہ نماز پڑھے یا روزہ رکھے یا حج و زیارات کرے
یا کسی کے ساتھ احسان کرے یا دیگر اعمال نیک بجا لائے تو ہر عمل نیک پر باریتعالی کا شکر بجا لانا
چاہیے اور اُسکی درگاہ مین سجدۂ شکر کرنا چاہیے اس سبب سے کہ جب اُسنے اُس عمل نیک کی
توفیق عطا فرمائی تب وہ اُس عمل نیک کو بجا لایا اور اگر وہ توفیق ندیتا تو کس طرح سے عمل بجا لاسکتا تھا
(کبرا ۲۷) کبر یعنی تکبر اور غرور کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ و نیز جناب
علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔ (الف) خدائتعالی سورۂ بنی اسرائیل
مین ما بین رکوع ۳ و ۴ کے فرماتا ہی وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا تا مَكْرُوهًا اور مت
چل تو زمین پر اکڑتا ہوا تحقیق تو ہرگز نہ پھاڑ سکیگا زمین کو اور ہرگز نہ پہونچیگا پہاڑونکی لنبائی تک

۳۹ غَيْظَهُ وَبَاسَهُ وَمَكْرَهُ وَجُنُوْدَهُ وَاَحْزَابَهُ وَانْصُرْنِي عَلَيْهِ بِحَقِّ كُلِّ مَلَكٍ سَائِحٍ
فِي رِيَاضِ قُدْسِكَ وَفَضَاءِ نُوْرِكَ وَشَرِبَ مِنْ حَيَوَانِ مَائِكَ وَانْفُذْنِي بِنَصْرِكَ
الْعَرَمِ الْمُحِيْطِ جِبْرَئِيْلُ عَنْ يَمِيْنِي وَمِيْكَائِيْلُ عَنْ يَسَارِي وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
اَمَامِي وَاللهُ وَلِيِّي وَحَافِظِي وَنَاصِرِي وَاَمَانِي فَاِنَّ حِزْبَ اللهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ
اُسْتُرْتُ وَاحْتَجَبْتُ وَامْتَنَعْتُ وَتَعَزَّزْتُ بِكَلِمَةِ اللهِ الْوَحْدَانِيَّةِ الْاَزَلِيَّةِ الْاِلٰهِيَّةِ الَّتِي
مَنِ امْتَنَعَ بِهَا كَانَ مَحْفُوْظًا اِنَّ وَلِيِّيَ اللهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ
(۱۲۱) حدیث از مہج الدعوات خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ جسوقت منصور نے کوفہ مین ارادہ قتل جناب
امام جعفر صادق ع کا کیا آنحضرت نے اس دعا کو پڑھا خدائے تعالی نے دفع کیا اَللّٰهُمَّ احْرُسْنَا بِعَيْنِكَ الَّتِي
لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنَا بِرُكْنِكَ الَّذِي لَا يُرَامُ وَارْحَمْنَا بِقُدْرَتِكَ عَلَيْنَا وَلَا تُهْلِكْنَا

[illegible]

۳ و ۴ کے ہی فَاَمَّا الَّذِیْنَ اسْتَنْکَفُوْا وَاسْتَکْبَرُوْا فَیُعَذِّبُھُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ۝ اور لیکن جن لوگون نے انکار کیا اور تکبر کیا پس عذاب دیگا (خدا) اُنکو عذاب دردناک (ج) سورۂ نحل مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے ہی اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْتَکْبِرِیْنَ ۝ تحقیق (خدا) دوست نہین رکھتا ہی غرور کرنے والون کو۔ (د) سورۂ نحل مین مابین رکوع ۳ و ۴ کے ہی فَادْخُلُوْا اَبْوَابَ جَھَنَّمَ خَالِدِیْنَ فِیْھَا فَلَبِئْسَ مَثْوَی الْمُتَکَبِّرِیْنَ ۝ پس داخل ہو دروازہ ہاے دوزخ مین ہمیشہ رہنے کی جگہ ہے) اُسمین پس البتہ بری ہی جگہ تکبر کرنیوالون کی (ھ) خداے تعالی سورۂ نساء مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے فرماتا ہی اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ مَنْ کَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا ۝ تحقیق اللہ دوست نہین رکھتا اُس شخص کو جو اکڑ کر چلنے والا اِترانے والا ہی (و) خدا تعالی سورۂ لقمان مین فرماتا ہی وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّکَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝ اور اپنے رخسار کو لوگون کے سامنے غرور سے مت پھولا اور زمین پر از روے افتخار (یعنی اکڑ کر) نہ چل بیشک اللہ کسی تکبر کرنے والے اور فخر کرنے والیکو دوست نہین رکھتا ہی **حدیث** فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ ایک

---

۳۹۱ فَاَنْتَ الرَّجَاءُ یَا رَبِّ یَا رَبِّ کَمْ مِنْ نِعْمَۃٍ اَنْعَمْتَ بِھَا عَلَیَّ قَلَّ لَکَ عِنْدَھَا شُکْرِیْ وَکَمْ مِنْ بَلِیَّۃٍ ابْتَلَیْتَنِیْ بِھَا قَلَّ لَکَ عِنْدَھَا صَبْرِیْ فَیَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِہٖ شُکْرِیْ فَلَمْ یَحْرِمْنِیْ وَیَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلَائِہٖ صَبْرِیْ فَلَمْ یَخْذُلْنِیْ یَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الدَّائِمِ الَّذِیْ لَا یَنْقَضِیْ اَبَدًا یَا ذَا النَّعْمَاءِ الَّتِیْ لَا تُحْصٰی عَدَدًا اَسْاَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَ اَدْرَاُبِکَ فِیْ نُحُوْرِ الْاَعْدَاءِ وَالْجَبَّارِیْنَ اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی دِیْنِیْ بِدُنْیَایَ وَعَلٰی اٰخِرَتِیْ بِتَقْوَایَ وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا غِبْتُ عَنْہُ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فِیْمَا حَضَرْتُہٗ یَا مَنْ لَا تَنْقُصُہُ الْمَغْفِرَۃُ وَلَا تَضُرُّہُ الْمَعْصِیَۃُ اَسْئَلُکَ فَرَجًا عَاجِلًا وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّرِزْقًا وَاسِعًا وَّالْعَافِیَۃَ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَاءِ وَالشُّکْرَ عَلَی الْعَافِیَۃِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝۔

(۱۴) **حدیث** از مہج الدعوات خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ بغداد مین جسوقت منصور نے جناب

واردی ہی۔ ہم یہن نہ نام اسکا ... کرنا ... کبیرہ ... ہی ... کل یت

جناب رسولخدا صلعم نے کہ جو شخص راہ زمین پر چلے از روئے تکبر کے آسمان و زمین اُسپر لعنت کرتے ہین

(کح) **ریا وسمعہ بعبادت کرنا گناہ کبیرہ ہی** جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ وجناب علامہ مجلسی

علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی جناب مرزا محمد حسن صاحب علی اللہ مقامہ تحریر فرماتے ہین

کہ ریا یعنی خودنمائی کرنا عبادت مین لوگون کے سامنے واسطے فائدہ دنیوی کے یہ بھی ایک قسم شرک کی

اور سمعہ اُسکو کہتے ہین کہ غیبت مین لوگون کے عبادت اس نیت سے کرے کہ وہ سنین تو اسکو فائدہ

دنیوی حاصل ہو پس یہ بھی گناہ کبیرہ ہی **(الف)** سورہ زمر کے شروع مین فَاعْبُدِ اللّٰہَ

مُخْلِصًا لَہُ الدِّیْنَ۔ پس عبادت کرو تم اللہ کی خالص کرکے واسطے اُسی کے ہی عبادت (یعنے اُسکی

عبادت ایسی کرو کہ جسمین ریا شریک نہ ہو) **(ب)** سورہ نساء مین مابین رکوع ۲۰ و ۲۱ کے

خدا تعالی فرماتا ہی وَاِذَا قَامُوْا اِلَی الصَّلٰوۃِ قَامُوْا کُسَالٰی یُرَاؤُنَ النَّاسَ وَلَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ

اِلَّا قَلِیْلًا ہ یعنے اور جسوقت نماز پڑھنے کھڑے ہوتے ہین تو بیدل کھڑے ہوا جاتے ہین (انکا دل

نہین لگتا یہ تو) لوگون کے دکھانے کے لئے نماز پڑھتے ہین اور دل سے خدا کو (بہت) کم یاد کرتے ہین

---

٣٩٦ امام جعفر صادق ع کو بلایا اور اُس ملعون کا ارادہ قتل آنحضرت ع کا تھا پس آنحضرت ع نے اس دعا کو پڑھا

خدا تعالی نے اُسکے شر سے نجات دی یَا مَنْ لَیْسَ لَہُ ابْتِدَاءٌ وَلَا انْقِضَاءٌ یَا مَنْ لَیْسَ لَہُ اَمَدٌ وَلَا

نِھَایَۃٌ وَلَا مِیْقَاتٌ وَلَا غَایَۃٌ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ وَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَا مَنْ ھُوَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ

یَا مَنْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ اللُّغَاتُ وَلَا تَشْتَبِہُ عَلَیْہِ الْاَصْوَاتُ یَا مَنْ قَامَتْ بِجَبَرُوْتِہِ الْاَرْضُ

وَالسَّمٰوَاتُ یَا حَسَنَ الصُّحْبَۃِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ یَا کَرِیْمَ الْعَفْوِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

وَاحْرُسْنِیْ فِیْ سَفَرِیْ وَمَقَامِیْ وَفِیْ حَرَکَتِیْ وَانْتِقَالِیْ بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاکْنُفْنِیْ بِرُکْنِکَ

الَّذِیْ لَا یُضَامُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ فِیْ سَفَرِیْ وَمَقَامِیْ وَفِیْ حَرَکَتِیْ وَانْتِقَالِیْ

ھٰذَا بِلَا ثِقَۃٍ مِّنِّیْ بِغَیْرِکَ وَلَا رَجَاءٍ یَاوِیْ لِیْ اِلَّا اِلَیْکَ وَلَا قُوَّۃٍ لِّیْ اَتَّکِلُ عَلَیْھَا وَلَا

حِیْلَۃٍ اَلْجَأُ اِلَیْھَا اِلَّا ابْتِغَاءَ فَضْلِکَ وَالْتِمَاسَ عَافِیَتِکَ وَطَلَبَ فَضْلِکَ وَاِجْرَائِکَ

(ج) خداتعالی سورۂ ارایت الذی مین فرماتا ہی فویل للمصلین الذین ہم عن
صلوتہم ساہون ۰ الذین ہم یراؤن ویمنعون الماعون ۰ پس عذاب ہے ان
پڑھنے والون کے لئے جو اپنی نماز سے غافل ہین (یعنے تاخیر کرتے ہین نماز مین بدون کسی عذر کے
وقت فضیلت سے ملاحظہ ہون احادیث مندرجۂ نمبر (۵۱) باب ۲۲) اور وہ لوگ کہ جو ریا کرتے ہین
(اپنے عمل نیک مین) اور منع کرتے ہین برتنے کی چیز کو - اور اسیوجہ سے کہ کہین ریا شامل ہوجائے
عبادت خدا کو پوشیدہ کرنے کے بہت تاکید ہی (د) سورۂ اعراف مین مابین رکوع ۶ و ۷ کے خداتعالی
فرماتا ہی چنانچہ ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر منہج مین اس آیہ کی تفسیر اس طرح تحریر فرماتے ہین
ادعوا ربکم پرستش (یعنے عبادت) کرو اپنے پروردگار حقیقی کی تضرعًا زاری کر و خفیۃً
اور سب سے علیحدہ ہوکر (یعنے چھپاکر) انہ لا یحب المعتدین ۰ تحقیق کہ معبود برحق نہین پسند کرتا ہی
حد سے بڑھنے والون کو بعد اسکے تحریر فرماتے ہین کہ مطلب یہ ہی کہ تم لوگ یاد الٰہی یعنے عبادت خدا مین
جب مشغول ہو تو گریہ وزاری سے نماز ادا کرو اور اس اصول پر قائم رہو کہ تمہارا قلب خدا کی جانب

؎ جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ نے اسی آیہ کا حوالہ اس گناہ کبیرہ مین دیا ہی یعنے الذین یراؤن -

علیّ افضل عوائدک عندی اللہم وانت اعلم بما سبق لی فی سفری ہذا
مما احب واکرہ فمہما اوقعت علیہ قدرک فمحمود فیہ بلاءک ومتضح فیہ قضاؤک
وانت تمحوا ما تشاء وتثبت وعندک ام الکتاب اللہم فاصرف عنی فیہ مقادیر
کل بلاء ومقضی کل لاواء وابسط علی کنفا من رحمتک ولطفا من عفوک وتماما
من نعمتک حتی تحفظنی فیہ باحسن ما حفظت بہ غائبا من المؤمنین وخلفتہ
فی ستر کل عورۃ وکفایۃ کل مضرۃ واصرف کل محذور وہب لی فیہ امنا وایمانا
وعافیۃ ویسرا وصبرا وشکرا وارجعنی فیہ سالما الی سالمین یا ارحم الراحمین -

(۱۵) حدیث از مہج الدعوات خلاصہ اسکا یہ ہی کہ جناب امام جعفر صادق ؑ بسبب پڑھنے ان
آیات کے شر منصور سے محفوظ رہے اور ان آیات کو آنحضرت ؑ نے تعویذ اپنا کیا تھا بسم اللہ الرحمن الرحیم

زاہد متقی پرہیزگار جانین ہماری عزت کرین عمدہ کھانا عمدہ کپڑا ہمکو دین یا نقد و مال و متاع ہمکو نذر کرین
برجوع قلب و خضوع و خشوع کے ساتھ عبادت کرنے مین خدا تعالی کی جانب سے عزت و حرمت و دولت
خود بھی ملجاتی ہی مگر ایسا نکرو کہ جب عبادت کرو تو ریاکاری کے ساتھ کرو ریاکاری کی عبادت خدا کے یہان
کچھ فائدہ نہین دیتی آخرت مین اسکا ثواب حاصل ہونا تو درکنار دنیا مین دیکھ لو کہ جب ریاکار عابد و زاہد
کی قلعی کھل جاتی ہی تو پھر عزت کی جگہ خفیف ہو جاتے ہین اگرچہ ریاکار زاہد و عابد کچھ دن تک بہت کما لین مگر بالآخر
گھر مین خیر و برکت نہین ہوتی اور جناب رسول خدا کے زمانہ مین صحابہ رسول در پردہ عبادت کرتے تھے اور راز نہ کھلنے
(یعنے اپنی عبادت ظاہر نہ ہونے کے لیے بڑی بڑی کوشش کرتے تھے کسی کی عبادت سے دوسرے کے کانون کان خبر بھی
نہین ہوتی تھی انکے راز و نیاز سے صرف خدا ہی واقف تھا یہ لوگ اس آیۂ شریف کی ہدایت سے علیحدہ نہ ہوتے تھے اور
باریتعالی فرماتا ہی وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا اور نہ فساد اٹھاؤ ملک مین بعد درستی ملک کے وَادْعُوْهُ
خَوْفًا وَّطَمَعًا ۝ اور یاد کرو خدا کو خائف اور امیدوار ہو کر اِنَّ رَحْمَةَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ تحقیق رحمت اللہ کی
قریب ہی نیکون سے غرضکہ اطاعت خدا کی بنیاد اسپر ہی کہ خائف اور امیدوار ہو کر یاد الٰہی کی جائے اس طرح کہ ریاکاری [illegible]

۳۹۸ بِسْمِ اللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَبَدًا حَقًّا حَقًّا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِیْمَانًا
تا وَاٰلِهِمْ اَجْمَعِیْنَ ۝ یہ حرز فصل ۳۶ نمبر ۱۵ مین تحریر ہو چکا ہی۔

(۱۶) حدیث خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ جسوقت رشید ملعون نے ارادہ قتل جناب
امام موسی کاظم ع کا کیا آنحضرت نے ان دو دعاؤن کو پڑھا حق تعالی نے اُسکے شر سے نجات دی
اول اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ حَفِظْتَ الْغُلَامَیْنِ لِصَلَاحِ اَبَوَیْهِمَا فَاحْفَظْنِیْ لِصَلَاحِ اٰبَائِیْ
دویم اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَكْفِیْ مِنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا یَكْفِیْ مِنْكَ اَحَدٌ فَاكْفِنِیْهِ بِمَ شِئْتَ وَكَیْفَ شِئْتَ وَاَنّٰی شِئْتَ

(۱۷) حدیث از کافی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ وقت روبرو
جانے اُس حاکم کے کہ جس سے خوف کرے یہ کہے بِاللّٰهِ اَسْتَفْتِحُ وَبِاللّٰهِ اَسْتَنْجِحُ
وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اَتَوَجَّهُ اَللّٰهُمَّ ذَلِّلْ لِیْ صُعُوْبَتَهٗ وَسَهِّلْ لِیْ

ما كانوا يعملون۔ یعنے جو لوگ زینت دنیا کے خواہان ہین پورا کردینگے ہم اُنکے کامون کو دنیا مین اور اُنکے لئے اُسمین کمی نہوگی۔ یہ لوگ (وہ) ہین کہ انکے لیے آخرت مین کچھ نہین مگر آتش جہنم اور نابود ہوا جو کچھ دنیا مین کیا تھا اور جو کچھ عمل کرتے تھے وہ بھی باطل ہوا اِس سبب سے کہ اُنکے عمل کی مزدوری دنیا مین دیدی گئی۔ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر اس آیہ کی اس طرح تحریر فرماتے ہین کہ مَن كَانَ يُرِيدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا جو شخص بسبب پستی ہمت کے زندگانی دنیا اور اُسکے آرایش کو بمقابلہ اعمال خیر کے چاہے (یعنے دنیا کو امور دین پر مقدم کرے) مراد اس سے وہ لوگ ہین کہ جنھون نے اعمال حسنہ کو حصول دنیا کے لیے وسیلہ قرار دیا ہی (یعنے اس غرض سے وہ اعمال حسنہ کرتے ہین کہ ہمارے ان اعمال کو دیکھکر لوگ ہماری توقیر کرین اور ہمکو روپیہ پیسہ دین) نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا مزدوری پورینگے ہم اُنکے اعمال حسنہ کی دنیا مین صحت جسم سے اور ریاست سے اور فراخی روزی اور کثرت اولاد سے وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ اور اُنکے لیے اُس مزدوری ہین کمی نہو گی اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ یہ وہ لوگ ہین کہ انکے لیے سواے آتش جہنم کے کوئی جگہ نہین ہی اسواسطے کہ اعمال حسنہ کی پوری مزدوری اُنکو دنیا مین دیدی گئی وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا جو کچھ اعمال کئے انھون نے دنیا مین وہ نابود ہوئے ہواسطے کہ ثواب اُخروی موقوف ہی اخلاص

... حزونة فَاِنَّكَ تَمْحُوْا مَا تَشَاۗءُ وَتُثْبِتُ وَعِنْدَكَ اُمُّ الْكِتَابِ۔

(۱۸) **ایضاً** روبرو حاکم کے اسکو کہے حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ وَاَمْتَنِعُ بِحَوْلِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهٖ مِنْ حَوْلِهِمْ مِنْ حَوْلِهِمْ وَقُوَّتِهِمْ وَاَمْتَنِعُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۝۔

(۱۹) **حدیث** خلاصہ اسکا یہ ہی کہ جناب امام جعفر صادق عؑ نے وقت روبرو جانے منصور دوانقی کے اسکو کہا تھا اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَكْفِيْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَلَا يَكْفِيْ مِنْكَ شَيْءٌ فَاكْفِنِيْ بِمَا شِئْتَ وَكَيْفَ شِئْتَ وَمِنْ حَيْثُ شِئْتَ وَاَنّٰى شِئْتَ۔

(۲۰) از مصباح جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے کتاب خصائص اصفہانی سے تحریر فرمایا ہی کہ جناب امام جعفر صادق عؑ نے اُسوقت کہ جب منصور ملعون نے ارادہ قتل آنحضرتؑ کا کیا تھا

[illegible]

کچھ بھی نہ تھے بسبب ریا و سمعہ کے - اور اہل سنت مین بھی ریا و سمعہ کا یہی مآل ہی چنانچہ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ بعد تفسیر آیۂ مذکور کے اس حدیث کو ابوہریرہ سے کہ جو اہل سنت مین نہایت معتبر راوی ہی تحریر فرما [illegible] فرمایا جناب رسولخدا نے کہ بروز قیامت جب خلائق زمین قیامت پر کھڑی ہوگی حق سبحانہ تعالیٰ خلائق کو بجگہ [illegible] ندا کریگا اور سب بندے زانو کے بل گر پڑینگے اول جس گروہ کو سامنے خدا کے حاضر کرینگے تین شخص ہونگے [illegible] وہ مرد ہوگا کہ جسنے حفظ قرآن کیا ہو اور دوسرا وہ شخص ہوگا کہ جسکو راہ خدا مین قتل کیا ہو اور تیسرا وہ شخص ہوگا کہ جسنے مال کو راہ خدا مین خرچ کیا ہو - خدایتعالیٰ صاحب قرآن سے فرمائیگا کہ مین نے تجکو توفیق دی تو قرآن [illegible] سیکھا اور یاد کیا بندہ جواب دیگا کہ ہان اے خدا پس حق تعالیٰ فرمائیگا کہ کیا کیا تونے اسکے ساتھ جواب دیگا [illegible] اسکو مین نے نمازہاے شب مین پڑھا اور راتو نکو پڑھا حق تعالیٰ فرمائیگا ہان ایسا ہی ہے لیکن تو نے میرے لیے نہین کیا بلکہ قصد تیرا یہ تھا کہ [illegible] کہین کہ یہ قاری ہی قرآن خوب پڑھتا ہی آج کے روز کچھ حق تیرا مجھپر نہین ہی اور مزدوری تیری ثنا و ستایش لوگون کی [illegible] پس صاحب مال سے کہیگا کہ تجکو مین نے بہت مال عطا کیا اُسکے ساتھ تو نے کیا کیا وہ کہیگا کہ بار الٰہا [illegible] اُس سے نفقہ کیا اور مین نے اُسمین سے صدقہ دیا خدا فرمائیگا ہان اسی طرح ہی لیکن قصد تیرا یہ تھا کہ [illegible]

تتمہ بذریعہ اس دعا کے اپنا احتجاب در حفاظت کی اسی سبب سے اس دعا کو احتجاب کہتے ہین - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ [illegible] اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ بِهٖ تُحْيِيْ وَتُمِيْتُ وَتَرْزُقُ وَتُعْطِيْ وَتَمْنَعُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَرَادَنَا بِسُوْءٍ مِّنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ فَاَعْمِ عَنَّا عَيْنَهٗ وَاَصْمِمْ عَنَّا سَمْعَهٗ وَاشْغَلْ عَنَّا قَلْبَهٗ وَاَغْلِلْ عَنَّا قَلْبَهٗ وَاَغْلِلْ عَنَّا يَدَهٗ وَاصْرِفْ عَنَّا كَيْدَهٗ [illegible] مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَمِنْ فَوْقِهٖ وَمِنْ تَحْتِهٖ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝ جو کوئی دعاے مذکور کو پڑھے شر ہر سلطان اور ضرر ہر ظالم سے محفوظ رہے -

(۲۱) جناب شیخ ابن بابویہ علیہ الرحمہ نے مجموع الرائق مین روایت کی ہی خلاصہ اسکا یہ [illegible]

کہ فلان مرد قوی ہی پس تجکو کسی طرح کا صلہ نہین ہی اور مزدوری تیری وہی ثناء مردم تھی اور شہید سے
فرمایگا کہ مین نے تجکو قوت اور شجاعت دی تو نے کیا کیا وہ عرض کریگا کہ تیری راہ مین جہاد کیا تا مجکو قتل کرین
فرمایگا کہ قتل ہونا تیرا جہاد مین اس نیت سے تھا کہ لوگ کہین کہ فلان شخص شجاع ہی تجکو سوائے اُس مدح کے کوئی
حق مجھ سے نہین ہی پس فرمایگا کہ ان تینون کو دوزخ مین لیجاؤ مؤلف اور احادیث بھی اسکے موید ہین
اور نیز آیہ مذکورہ بھی اسکی تائید مین ہی کہ جس عمل خیر مین ریا شامل ہو جائے اُسکی جزا آخرت مین نہین ملیگی بلکہ اُس
عمل خیر کا صلہ کہ جو بذریعہ ریا کے لگایا گیا ہی خدا تعالی دنیا ہی مین دیدیتا ہی کیونکہ ثواب آخرت منحصر ہی اُس
عمل خیر پر کہ جو محض خوشنودی خدا کے لیے کیا جائے اور اُسمین کوئی فائدہ دنیوی متصور نہ ہو اور اگر ذرہ بھی فائدہ
دنیوی متصور ہی تو اُسکا صلہ آخرت مین نہین مل سکتا یعنے مثل اسکے کہ کوئی شخص بظاہر پابندی تقوی و طہارت
و نماز کی کرے اور دل مین یہ قصد ہو کہ لوگ مجکو متقی اور پرہیزگار اور پابند صلوۃ سمجھکر میری دست بوسی اور
عزت کرین اور دنیا حاصل ہو پس ایسے تقوی و نماز کا کوئی اجر آخرت مین نہین مل سکتا اس سبب سے کہ یہ فعل اُسکا
محض خدا کے لیے نہ تھا بلکہ لوگون کے دکھانے کے لیے تھا اسی طرح مثلاً کوئی شخص مدح ائمہ مین
اشعار یا عزائے امام حسین عہ مین مرثیہ و سلام تصنیف کرے یا احادیث پڑھے اور یہ نیت ہو

ابو الحسن بن ابی البغل نے کہا کہ مجکو ابن صالحان سے نہایت خوف تھا پس مین نے ابی جعفر کلید دار روضۂ
(ہجرت کرو مقام خوف سے مقام امن مین) پس میری عبادت کرو۔ حدیث از تفسیر منہج فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ جو شخص چلا جائے بسبب محافظت اپنے دین کے ایک مقام سے دوسرے مقام کو اگرچہ بقدر ایک بالشت کے ہو مستحق بہشت کا ہوگا۔ حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ جب تو ایسی زمین پر ہو کہ لوگ وہان کی نافرمانی خدا کی کرین اُس زمین کو چھوڑ دے اور وہانسے نکل جا (۱۴۱) دوستی رکھنا کفار سے گناہ کبیرہ ہو جناب مرزا محمد حسن صاحب اعلی اللہ مقامہ ونیز دیگر علمانے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہو۔ (الف) خدا تعالی سورہ مائدہ مین مابین رکوع ۷ و ۸ کے فرماتا ہو یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا ... فَاِنَّہٗ مِنْهُمْ اے ایمان والو یہود و نصاری کو دوست نہ بناؤ یہ (لوگ تمھاری مخالفت مین باہم) ایک دوسرے کے دوست ہین اور تم مین سے کوئی انکو دوست بنائیگا تو بیشک وہ (بھی) انہین مین سے ہو۔ (ب) خدا تعالی سورۂ آل عمران مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہو۔ لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْکَافِرِیْنَ تا تُقٰتِہٖ ط مومن مومنون کو چھوڑ کر

۴۲۵ اور اس طرح لٹکائے کہ تعویذ ہوا سے ہلتا رہے یا اُسکے نیچے سے اُنکی آمد و رفت رہتی ہو

(۱) لِیْ خَمْسَةٌ	(۱۴) وَالْمُرْتَضٰی	(۱۱) حَرَّ الْوَبَاءِ	(۸) وَالْفَاطِمَةُ
(۱۲) اَلْحَاطِمَةُ	(۷) وَابْنَاهُمَا	(۲) اُطْفِیْ بِهَا	(۱۳) اَلْمُصْطَفٰی
(۶) وَالْمُرْتَضٰی	(۹) لِیْ خَمْسَةٌ	(۱۶) وَالْفَاطِمَةُ	(۳) حَرَّ الْوَبَاءِ
(۱۵) وَابْنَاهُمَا	(۴) اَلْحَاطِمَةُ	(۵) اَلْمُصْطَفٰی	(۱۰) اُطْفِیْ بِهَا

اس تعویذ کو بطریق کتابت نہ لکھے بلکہ بطریق تعویذ تحریر کرے ایک کے ہندسہ سے شروع کرے پھر دوسرے ہندسہ کا خانہ پُر کرے اسی طرح سے مسلسل لکھکر سولہ کے ہندسہ پر تعویذ کو تمام کرے۔

کافرون کو دوست نہ بنائین اور جو کوئی ایسا کریگا تو اُس سے اور خدا سے کوئی واسطہ نہین ہی سوائے اُس صورت کے کہ تم اُنسے کسی قسم کا خوف رکھتے ہو (یعنی بحالت خوف یا ضرر کے بظاہر دوستی رکھنا کفار سے مضائقہ نہین ہی)۔ (ج) بارتیعالی فرماتا ہی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرُوْنَ ۝ اے لوگو جو ایمان لائے کہ بناؤ تم کافرون کو دوست۔ (د) سورۂ توبہ مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے ہی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا تا هُمُ الظَّالِمُوْنَ ۝ اے ایمان والو اگر تمھارے باپ اور تمھارے بھائی ایمان کے مقابلہ مین کفر کو عزیز رکھین تو اُنکو (اپنا) رفیق نہ بناؤ اور جو تم مین سے ایسے باپ بھائیون کے ساتھ دوستی (کا برتاؤ) رکھیگا تو یہی لوگ (ہین جو خدا کے نزدیک) نافرمان ہین۔ (ھ) سورۂ مائدہ مین مابین رکوع ۸ پر فرماتا ہی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ ای ایمان والو جنھون نے تمھارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہی یعنی (یہود و نصاریٰ) جنکو تم سے پہلے کتاب دی جا چکی ہی (اُنکو) اور مشرکین کو (اپنا) دوست نہ بناؤ اگر تم مومن ہو۔ (و) سورۂ ممتحنہ کے آخر مین ہی۔ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ

(فصل ۱۴) ہفت ہیکل

(۱) از مصباح کبیر۔ خواص اسکے بہت ہین خلاصہ یہ ہی کہ جو کوئی اس ہفت ہیکل کو لکھکر سفر مین اپنے پاس رکھے حفظ و امان خدائے تعالیٰ مین رہے اور اگر مریض اُسکو لکھکر اپنے پاس رکھے شفا پائے اور اگر محبوس اپنے پاس رکھے نجات پاوے اور اگر مہموم اپنے پاس رکھے کشایش اسکے کام مین پیدا ہووے اور اگر مقروض اپنے پاس رکھے قرض ادا ہووے اور اگر لکھکر مصروع پر باندھے افاقہ ہووے۔ اور اگر زن حاملہ پر بوقت وضع حمل باندھے وضع حمل بآسانی ہووے اور اگر سفر مین اسکو اپنے پاس رکھے نفع پہونچاوے اور صحیح و سالم واپس آوے اور وہ شخص کہ جو ارادہ تزویج کا رکھتا ہو اسکو اپنے پاس رکھے خدائے تعالیٰ اُسکو توفیق دیوے اور اعانت کرے اُسکی اور رزق اور برکت اُسکو عطا فرمائے اور جو کوئی اسکو اپنے پاس رکھکر بادشاہ کے پاس جاوے اُسکی شر سے محفوظ رہے اور خدائتعالیٰ حاجت اُسکی بر لاوے

ہیکل اول۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَا یَنْسٰی مَنْ ذَكَرَهٗ

امنوا لا تتولوا ... مِنَ الاٰخِرَۃِ یعنے اے ایمان والو دوستی کرو اس قوم سے کہ جنپر غضب خدا کا ہی۔ **حدیث** جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ تحریر فرماتے ہین مَنْ اَحَبَّ حَجَرًا حَشَرَھُ اللہُ مَعَہٗ یعنے جو شخص دوست رکھے پتھر کو بروز قیامت اُسکا حشر اُسکے ساتھ ہوگا۔ اور جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ تحریر فرماتے ہین کہ بنص احادیث مجالست کفار کے ساتھ مطلقاً حرام ہے۔

(**مبحث ۴۲**) **ظلم و ستم کرنا** گناہ کبیرہ ہی۔ جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ و جناب سرکار مرزا نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔ (**الف**) خداتیعالیٰ سورۂ انعام مین مابین رکوع ۴ و ۵ کے فرماتا ہی۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ پس کاٹی گئین پیٹھین اُس قوم کی کہ جنھون نے ظلم کیا اور حمد ہی واسطے اللہ کے۔ (**ب**) سورۂ نساء مین باریتعالیٰ فرماتا ہی اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَظَلَمُوْا ... یعنی تحقیق جو لوگ کافر ہوئے اور ظالم ہوئے اللہ اُنکو نہین بخشیگا اور نہ دکھلائے گا اُنکو راہ مگر راہ دوزخ کی ہمیشہ اُسمین رہینگے اور یہ اوپر اللہ کے آسان ہی۔ (**ج**) خدائے تعالیٰ سورۂ ذاریات کے آخر رکوع پر فرماتا ہی فَاِنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحَابِھِمْ

نمبر ۴۳ وَلَا یُخَیِّبُ مَنْ دَعَاہُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ مَنْ تَوَکَّلَ عَلَیْہِ کَفَاہُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا یُحْصٰی نَعْمَاؤُہٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا یَجْزِیْ بِالْاِحْسَانِ اِحْسَانًا وَبِالسَّیِّئَاتِ غُفْرَانًا وَبِالصَّبْرِ نَجَاتًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ رَجَاؤُنَا حِیْنَ یَنْقَطِعُ الْاَمَلُ مِنَّا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ٥ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ٥ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ وَکَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ط وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ٥ سَیَجْعَلُ اللّٰہُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًا ٥ وَتَحَصَّنْتُ بِشَہَادَۃِ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

پس تحقیق واسطے اُن لوگون کے کہ (جنھون نے) ظلم کیا پیمانے (مقرر) تھے (ان) ظالمون کے (بھی) پیمانے (مقرر) ہین (اور انکے بھرنے کی دیر ہی) تو ہم سے عذاب کی جلدی نکرین۔
حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو شخص کسی پر ظلم کرتا ہی تو خدا تعالےٰ اُسکو بسبب اُس ظلم کے مبتلا کرتا ہی کسی بلا مین خواہ جان مین خواہ مال مین خواہ اولاد مین مؤلف احادیث سے ثابت ہی کہ ظلم کرنا عمر کو کوتاہ کرتا ہی اور ظلم کرنے سے رزق کم ہوتا ہی اور باعث فقر اور درویشی کا ہوتا ہی اور ظالم کے اکثر اولاد نہین ہوتی اور اگر ہوتی ہی تو فوت ہو جاتی ہی اور اگر زندہ رہے تو دنیا مین فقر و احتیاج یا دیگر بلا مین مبتلا رہتی ہی اس سبب سے کہ خدا تعالیٰ علاوہ اُس سزا کے کہ جو اُس ظالم کو دیگا اُسکی اولاد کو بھی اُسکے مواخذہ مین گرفتار فرماتا ہی صرف اسوجہ سے کہ لوگ عبرت پکڑین اور اس خوف کی وجہ سے ظلم سے باز رہین حدیث فرمایا جناب امام ع نے کہ جو شخص کسی پر ظلم کرے بالعوض اُسکے اللہ تعالیٰ اُسکے ساتھ اور اُسکی جان اور مال و اولاد اور اولاد کی اولاد کے ساتھ مواخذہ کریگا حدیث فرمایا جناب امام رضا ع نے کہ جب بادشاہ ظلم کرتا ہی

دویم اُعِیذُ نَفْسِی بِالَّذِی خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی مِنْ سِحْرِ کُلِّ سَاحِرٍ وَمَکْرِ کُلِّ مَاکِرٍ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ مُتَکَبِّرٍ فَاجِرٍ وَاُعِیذُ حَامِلَهَا مِنْ شَرِّ الْاَشْرَارِ وَکَیْدِ الْفُجَّارِ وَمَا اخْتَلَفَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَلْوَاحِدُ الْقَهَّارُ وَاُعِیذُهٗ بِالْاِسْمِ الْمَخْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ الَّذِی تُحِبُّهٗ وَتَخْتَارُهٗ وَتَرْضٰی عَمَّنْ دَعَاکَ بِهٖ وَبِالْاِسْمِ الَّذِی بِهٖ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تُوْلِجُ اللَّیْلَ

دولت ضعیف ہوتی ہی **حدیث** فرمایا ائمہ عؑ نے کہ دعائے بد مظلوم کی ظالم کے حق مین جلد
مستجاب ہوتی ہی **حدیث** فرمایا جناب رسولخدا صؐ نے کہ پرہیز کرو ظلم سے کہ وہ بروز
قیامت ایک ظلمات ہی **حدیث** فرمایا جناب رسولخدا صؐ نے کہ تین گناہ ہین کہ سزا انکی
دنیا مین بھی ملتی ہی اوّل نافرمانی والدین کی۔ دوّیم ظلم کرنا خدا پر سوّیم کفران نعمت پر
حدیث از ارشاد القلوب خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امیر عؑ نے کہ وہ گناہ جو نہ بخشا
جائیگا وہ ظلم کرنا بندون کا ہی آپس مین ایک دوسرے پر کہ اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی ہی اپنے
عزت و جلال کی کہ ظلم ظالم سے درگذر نہ کرونگا تاوقتیکہ اُسکا قصاص آپس مین ایک
دوسرے سے نہ لیا جائے حتّٰی کہ حیوان شاخ دار دوسرے حیوان بے شاخ کو مارے
اُس سے بھی قصاص لیا جائیگا یہانتک کہ کسی کا مظلمہ کسی پر باقی نہ رہیگا۔ من مؤلف
نتیجہ ظلم کا نہایت بُرا ہی اور یہ گناہ کبیرہ گناہان مہلکہ مین سے ہی اسکی سزا علاوہ سزائے
جہنم کے دنیا مین بھی خدائتعالیٰ دیتا ہی بلکہ باپ کے ظلم کا اثر اولاد پر بھی پڑتا ہی یعنے اولاد
زندہ نہین رہتی اور اگر زندہ رہتی بھی ہی تو نہایت بدحالی اور پریشانی اور فقر و احتیاج

۳۳۴ فِی النَّہَارِ وَتُولِجُ النَّہَارَ فِی اللَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ
الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝ سوّیم اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ
اِلَّا ہُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَأْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ
وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ
مِّنْ رُّسُلِہٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ لَا یُکَلِّفُ
اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا لَھَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْھَا مَا اکْتَسَبَتْ

کے ساتھ اور آیات قرآنی سے ثابت ہی کہ بد دعا مظلوم کی حق ظالم مین بہت جلد قبول ہوتی ہی
چنانچہ باریتعالیٰ سورۂ نساء مین فرماتا ہی لَا یُحِبُّ اللّٰہُ الْجَہْرَ تا سَمِیْعًا عَلِیْمًا ۝ یعنے نہین
دوست رکھتا اللہ پکار کے کہنا بُری بات کا مگر جسپر ظلم کیا گیا ہو اور ہی اللہ سُننے والا
اور جاننے والا۔ مظلوم مومن ہو یا مسلم یا کافر خدائتعالیٰ سبکی دعا کو قبول فرماتا ہی
یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ جسپر ظلم کیا گیا ہی وہ کافر ہی اور کافر کی بد دعا قبول نہوگی خدائتعالیٰ
مظلوم کافر کی بد دعا کو بھی بہت جلد قبول فرماتا ہی اِس شعر مین بہت ہی بجا مضمون نظم کیا ہی شعر
بترس از آہِ مظلومان کہ ہنگامِ دعا کردن ؛؛ اجابت از درِ حق بہر استقبال می آید
ظلم کرنا والی ملک و حاکم کا رعایا پر۔ حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب
ائمہ علیہم السلام نے کہ جو شخص والیِ ملک یا حاکم ایک جماعت کا ہو اور مابین اُنکے انصاف نکرے قیامت
کے دن سر اور پانون اور ہاتھ بندھا ہوا محشر مین آیگا۔ حدیث ایضاً۔ فرمایا جناب ائمہ نے
کہ جو حاکم رعایا کے حوائج سے مونھہ چھپائے خدائتعالیٰ قیامت مین اُس سے اور اُسکے حوائج
سے اعراض کریگا اور اگر اُنکی کارسازی مین ہدیہ لے تو ایسا ہی کہ خیانت کی اور اگر

سوم رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَسِیْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَا اِصْرًا
کَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ
وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝۔
چھارم۔ اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَلِلْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ
کَرْھًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَائِعِیْنَ ۝ وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ
وَشَیْطَانٍ مَرِیْدٍ وَجِنِّیٍّ شَدِیْدٍ قَائِمٍ اَوْ قَاعِدٍ فِیْ اَکْلٍ اَوْ شُرْبٍ
اَوْ نَوْمٍ اَوِ اغْتِسَالٍ کُلَّمَا سَمِعُوْا بِذِکْرِ اٰیٰتِ اللّٰہِ تَوَلَّوْا عَلٰی اَعْقَابِھِمْ
ھُرَّبًا اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَی
اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَاُعِیْذُ حَامِلَ

بابت حکم حق کے رشوت لے پس وہ مشرک ہی۔ حدیث از بحار فرمایا جناب رسولخدا صلے نے کہ
جو شخص حکومت ظالمانہ کرے یا اعانت ظالم کی کرے ارجاع دعاوی مین پس بوقت موت
ملک الموت اُسکو بشارت دیگا لعنت خدا کی اور جہنم کی۔ من مؤلف اس حدیث سے
ثابت ہوا کہ جو شخص حکومت خلاف مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ کرے یا اعانت کرے ظالم کی پس
مستحق عذاب جہنم ہی۔ حدیث ایضًا فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ اول جو شخص جہنم مین داخل
ہوگا وہ بادشاہ یا حاکم ہوگا کہ جسنے رعیت کے ساتھ انصاف نہ کیا ہو اور وہ مالدار کہ جسنے
حق حقدار کا ادا نہ کیا ہو (اور زکوۃ اور خمس ندیا ہو) اور وہ فقیر کہ فاجر ہو۔
حدیث فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ جو کوئی کسی مال کو ظلم اور غصب سے لیوے اللہ تعالیٰ
اُس سے رُوئے رحمت پھیر لیتا ہی اور کوئی طاعت و حسنہ اُسکا قبول نہین فرماتا نہ اُسکے
نامۂ اعمال مین ثبت کیا جاتا ہی جب تک کہ توبہ نہ کرے۔ من مؤلف ظلم کی توبہ مشروط ہی
ردّ حق مظلوم کے ساتھ کہ اول حق مظلوم کا دے یا اُس ظلم کو کہ جو مظلوم پر کیا ہی اُس سے
معاف کرائے بعد اُسکے توبہ کرے اور اگر حق مظلوم کا ندے اور اُس ظلم کو اُس سے معاف

---

۴۳۴ کِتَابِیْ هٰذَا بِالْاَسْمَاءِ الثَّمَانِیَةِ الْمَکْتُوْبَاتِ فِیْ قَلْبِ الشَّمْسِ وَبِالْاِسْمِ
الَّذِیْ اَضَاءَ بِهِ الْقَمَرُ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ کُتِبَ عَلٰی وَرَقِ الزَّیْتُوْنِ
وَاُلْقِیَ فِی النَّارِ فَلَمْ یَحْتَرِقْ قُلْ کُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِیْدًا اَوْ خَلْقًا
مِّمَّا یَکْبُرُ فِیْ صُدُوْرِکُمْ فَسَیَقُوْلُوْنَ مَنْ یُّعِیْدُنَا قُلِ الَّذِیْ
فَطَرَکُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ
پنجم اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِالَّذِیْ تَجَلّٰی لِلْجَبَلِ فَجَعَلَهٗ دَکًّا وَّخَرَّ مُوْسٰی
صَعِقًا فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَکَ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْنَ
وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ سِحْرِ السَّاحِرِیْنَ وَمَکْرِ الْمَاکِرِیْنَ وَغَدْرِ الْغَادِرِیْنَ
وَمِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ لَّعِیْنٍ اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا

… حدیث ایضاً

فرمایا جناب ائمۂ نے کہ ایک بادشاہ جبار کے زمانہ مین باریتعالی نے ایک پیغمبر کو وحی بھیجی کہ اُس بادشاہ سے کہو کہ مین نے تجکو اسواسطے بادشاہ نہین کیا ہی کہ تو خون ناحق کرے اور ظلم کرے اور مال اُنکا لیوے بلکہ اسواسطے مین نے تجکو مُلک دیا ہی کہ مظلومونکا انصاف کرے اور مین اُنکے مظلمہ سے درگذر نہ کرونگا اگرچہ وہ کافر ہون۔ من مؤلف اور احادیث بھی اس مطلب کے مؤیّد ہین کہ رعایا اگرچہ کافر ہو مگر بادشاہ کو اُسپر ظلم کرنا جائز اور روا نہین ہی حدیث ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو شخص ملازمت مخالفین و ظالمین مین مبتلا ہو کفارہ اُسکا یہ ہی کہ مومنین کی حاجتین بر لائے اور ظلم کو اُنسے دفع کرے اور اُنکو نفع پہونچائے تاکہ حسنہ و سیئہ برابر ہو جائین مزدور پر ظلم کرنا اور مزدور کو مزدوری کا ندینا یہ سخت تر گناہ ہی حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ جو کوئی ظلم کرے مزدور پر اور مزدوری اُسکو ندے خدائتعالی ثواب اُسکے اعمال نیک کا حبط فرماتا ہی اور بوے بہشت کو اُسپر حرام فرماتا ہی حدیث ایضاً فرمایا جناب ائمہ نے کہ جو کوئی مزدور کو نماز جمعہ نہ پڑھنے دے تو گناہ ترک نماز جمعہ کا اُسپر لکھا جاتا ہے۔

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ وَأَعُوذُ بِالْاِسْمِ الَّذِي نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ الصَّادِقِ الْأَمِينِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ وَبِمَا وَارَتِ الْحُجُبُ مِنْ جَلَالِ جَمَالِكَ وَبِمَا طَافَ بِهِ الْعَرْشُ مِنْ بَهَاءِ كَمَالِكَ وَبِمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ أَنْ تُعَافِيَ حَامِلَ كِتَابِي هٰذَا مِنْ آفَاتِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ إِنَّكَ أَهْلُ التَّقْوَى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ وَصَلَّى اللهُ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّمَ نسشم۔ أُعِيذُ نَفْسِي بِاللهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ سِوَاهُ مِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَهُوَ مَعَكُمْ

من مؤلف احادیث سے ثابت ہی کہ اول اُجرت طے کرلے بغیر طے کرنے اُجرت کے
کام نہ لیوے اور بعد مزدوری کے فوراً اُجرت اُسکو دیدیوے **حدیث** ازجال الصالحین
فرمایا جناب ائمہ ؑ نے کہ پسینہ مزدور کا سوکھنے نہ پائے کہ اُجرت اُسکو دیدے۔
فضیلت معافی ظلم احادیث سے ثابت ہی کہ جو مظلوم ظلم ظالم کو معاف کرے تو اجر
اسکا بیحساب ہی خداتعالی سورہ شوری مین فرماتا ہی وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا
...لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ ۝ یعنی بدلا برائی کا برائی ہی مثل اُسکے پس جو شخص کہ معاف کرے اور
صلح کرے پس اجر اُسکا اللہ پر ہی تحقیق کہ وہ نہین دوست رکھتا ظلم کرنیوالون کو۔ **حدیث**
ازتبیان خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا ؐ نے کہ بروز قیامت ایک منادی ندا
کریگا کہ جس کسی کا اجر اللہ تعالی پر ہی وہ شخص کہان ہی اُٹھے اور اپنے اجر کو لیوے پس
ایک گروہ اُٹھیگا اور کہیگا کہ ہم وہ جماعت ہین کہ ہمنے عفو کیا اُن لوگون سے جنھون نے
ظلم کیا ہمپر پس یہ لوگ داخل بہشت ہونگے بغیر حساب اعمال کے۔ **حدیث** فرمایا جناب امام
جعفر صادق ؑ نے کہ جسقدر مال مظلوم کا ظالم لیتا ہی اُس سے زیادہ مظلوم دین ظالم کا

---

۲۳۶ اَیْنَمَا کُنْتُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝ لَهٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ یُوْلِجُ اللَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَیُوْلِجُ النَّهَارَ فِی اللَّیْلِ
وَهُوَ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَاَعُوْذُ بِمَا اسْتَعَاذَ بِهٖ اٰدَمُ اَبُو الْبَشَرِ
وَشِیْثُ وَهَابِیْلُ وَاِدْرِیْسُ وَنُوْحٌ وَهُوْدٌ وَصَالِحٌ وَشُعَیْبٌ وَلُوْطٌ
وَاِبْرٰهِیْمُ وَاِسْمٰعِیْلُ وَاِسْحٰقُ وَیَعْقُوْبُ وَالْاَسْبَاطُ وَمُوْسٰی وَهَارُوْنُ
وَدَاوٗدُ وَسُلَیْمٰنُ وَاَیُّوْبُ وَاِلْیَاسُ وَالْیَسَعُ وَذُو الْکِفْلِ وَیُوْنُسُ وَعِیْسٰی
وَزَکَرِیَّا وَیَحْیٰی وَالْخِضْرُ وَمُحَمَّدٌ خَیْرُ الْبَشَرِ صَلَوٰتُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ
وَبِمَا اسْتَعَاذَ بِهٖ کُلُّ مَلَکٍ مُقَرَّبٍ وَنَبِیٍّ مُرْسَلٍ اِلَّا مَا تَبَاعَدْتُمْ
تَفَرَّقْتُمْ عَنْ حَامِلِ کِتَابِیْ هٰذَا وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جب دو شخصون مین جھگڑا واقع ہوتا ہی تو دو فرشتہ
نازل ہوتے ہین اور اِن دونون مین جو شریر ہوتا ہی اُس سے یہ کہتے ہین کہ تو نے
بہت بُرا کیا جو کچھ تو نے کیا تو اُسی لائق ہی اور جو کچھ تو نے کیا ہی تجکو اسکا عوض بھی
ملیگا اور بردبار سے یہ کہتے ہین کہ تو نے صبر کیا اور ظلم کی برداشت کی عنقریب
خدائے تعالیٰ تیرے گناہ بخشدیگا بشرطیکہ تو اپنی بردباری کو قائم رکھے اور
یہ بھی فرمایا کہ اگر بردبار بھی پلٹ کر جواب دیگا تو دونون فرشتہ چلے جائین گے
(ھج) **لوگون کے حقوق کا ندینا** گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ
نے اسکو کبائر مین تحریر فرمایا ہی وہ لوگ کہ جنکے حقوق نہین دئے گئے عزیز ہون یا
غیر ہون سب برابر ہین اہانت اور ظلم ہی چنانچہ ظلم کے بارہ مین آیات قرآنی ہمسر
(مبہ) باب ہذا مین تحریر ہو چکی ہین اور خیانت کے بارہ مین انشاء اللہ آیندہ
تحریر کی جائیگی۔ **حدیث** فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو شخص مال کسی برادر

ھفتم اُعیذُ نفسی واھلی ومالی وولدی وجیرانی وماخولتنی
ربی واھل خزانتی ومن احد الی یدًا وعمل معی معروفا بیدہ
او لسانہ باللہِ الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمٰن
الرحیمُ ۰ ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الملک القدوس السلام
المؤمن المھیمن العزیز الجبار المتکبر سبحان اللہ عما یشرکون
ھو اللہ الخالق الباری المصور لہ الاسماء الحسنٰی یسبح لہ ما فی
السمٰوات والارض و ھو العزیز الحکیم ۰ یا نور النور یا مدبر
الامور اللہ نور السمٰوات والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیھا
مصباح المصباح فی زجاجۃ الزجاجۃ کانھا کوکب دری یوقد

مومن کا بظلم تصرف مین لائے اور واپس ندے تو اُس شخص نے اپنے لئے روز قیامت
مین آتش جہنم کو حاصل کیا۔ **حدیث** از جمال الصالحین فرمایا ائمہؑ نے کہ جس شخص
کے پاس کسی کا حق ہو اور مالک طلب کرے اور وہ شخص حق کو ندے یا تاخیر دینے مین
کرے تو برکت رزق اُسپر حرام ہو جاتی ہی اور ہر روز کہ تاخیر کرے مثل عشار کے
کے گناہ لکھے جاتے ہین اور عشار اُس دسوین حصہ کو کہتے ہین کہ جو دسوان حصہ مسلمین سے
بظلم لیتے تھے۔ اور جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر منہج مین اس حدیث کو تحریر
فرماتے ہین کہ فرمایا معصومؑ نے کہ جس شخص نے ستر پیغمبرونکا ثواب حاصل کیا ہو
اگر اُسپر کسیکا آدھا حبہ بھی آتا ہوگا وہ بہشت مین داخل نہوگا۔ **حدیث** از تفسیر منہج
فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ سب سے زیادہ حسرت قیامت کے دن یہ ہی کہ جسکے پاس
مال ہو اور اُسنے حقدارون کا حق ندیا ہو اور مرنے کے بعد وہ مال وارثون پر منتقل
نہوا ہو اور وہ وارث بروز قیامت اپنے حقوق طلب کرے مال اُس شخص کا میزان
عمل مین رکھا جائیگا بخیل کو دوزخ کا حکم ہوگا اور حقدار کو بہشت کا۔ من مؤلف

۳۴۳ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ
وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۚ نُّورٌ عَلَىٰ نُورٍ ۗ يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَن يَشَاءُ
وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۗ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ إِنَّ رَبَّكُمُ
اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى
الْعَرْشِ ۗ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ
مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ ۗ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ ۗ تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ
ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوا
فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا ۚ إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ

(فصل ۲۴) ادعیہ دفع ظلم ظالم و دفع دشمن۔ (۱) حدیث از مصباح کفعمی

مثلاً کوئی شخص مال دنیا چھوڑکر فوت ہوا اور اُسمین سے اُسنے اپنی زندگی مین حقوق
ورثار کا کہ جنکو انروے شرع وہ مال پہونچنا چاہیئے نہین دیا اور بعد اُسکے فوت ہوجانے
کے بھی حقدارون کو حقوق نہ ملے اُس شخص کے لئے جہنّم کا وعدہ کیا گیا پس واجب ہی
کہ اپنی زندگی مین جمیع حقوق ادا کرے تاکہ حق الناس اُسکے ذمہ نہ رہے اور اسیطرح
زکوٰۃ وخمس کا بھی حکم ہی اگر نہ دیگا تو سزا اسکی آتش جہنم ہی کہ جیسا باب ہذا مین تحریر ہو چکا ہی
حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص کسی مومن کے
مال پر متصرف ہو تو خدائے تعالیٰ ہمیشہ کو رُوے رحمت اُس سے پھیر لیتا ہی اور اعمال کو
اُسکے دشمن رکھتا ہی اور اُسکے اعمال خیر پر اُسکو کوئی ثواب نہین دیتا تا وقتیکہ توبہ نکرے
اور وہ مال مالک مال کو واپس نہ کرے۔ **حدیث** از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہؑ نے
کہ جو شخص حق مومن کا حبس کرے خداوند کریم بروز قیامت پانچسو برس اُسکو کھڑا کریگا
یہانتک کہ نہرین اُسکے عرق سے جاری ہونگی اور منادی ندا کریگا کہ یہ وہ ظالم ہی کہ
اُسنے خدا کے حق کو حبس کیا ہی پس چالیس دن اُسکو ملامت کرینگے اور پھر اُسکو

---

۳۳۹ فرمایا امام جعفر صادقؑ نے کہ جسپر کسی شخص نے ظلم کیا ہو پس وہ مظلوم جسوقت چاہے دو رکعت
نماز پڑھے بعد فراغ نماز کے پیشانی کو زمین پر رکھکر یارباہ یارباہ بقدر ایک نفس کے بعد ازان
ایک مرتبہ کہے یَا مَنْ اَهْلَكَ عَادَنِ الْاُوْلٰى وَثَمُوْدَ فَمَا اَبْقٰى وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ
اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى فَغَشّٰهَا مَا غَشّٰى اِنْ كَانَ
نام ظالم اور اُسکے باپ کا لیوے ظَالِمُ فِيْمَا ارْتَكَبَنِيْ بِهٖ فَاجْعَلْ عَلَيْهِ مِنْكَ وَعْدًا
وَلَا تَجْعَلْ لَهٗ فِيْ عِلْمِكَ نَصِيْبًا يَا اَقْرَبَ الْاَقْرَبِيْنَ اور جناب سید محمد بن محمد
تبریزی علیہ الرحمہ نے اس طرح تحریر فرمایا ہی کہ بعد نماز کے رخسارۂ راست کو زمین پر رکھکر
بطریق مذکورہ کہے پھر رخسارۂ چپ کو زمین پر رکھکر اسیطرح کہے پھر پیشانی کو زمین پر رکھکر اسیطرح پڑھے
(۲) از وضعہ الاذکار۔ واسطے دفع ظالم کے اول غسل کرے بعد ازان دو رکعت نماز پڑھے بعد فراغ

آتش جہنم مین لیجائینگے - حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جو شخص کسی مسلمان کے حق کو حبس کرے اور مالک کو ندے حق تعالیٰ برکت روزی کو اُسپر حرام فرماتا ہی مین مولف اکثر دیکھا گیا ہی کہ جو لوگ حقوق کسی کے نہین دیتے یعنی مثل اسکے کہ حصہ اپنے برادر یا ہمشیر وغیرہ کو نہین دیتے یا دیگر مستحقین کو زکوۃ و خمس وغیرہ نہین دیتے وہ لوگ دنیا مین بھی احتیاج اور فقر مین مبتلا رہتے ہین برکت روزی ورزق مین نہین ہوتی اور آخرت مین جیسا کچھ عذاب ایسے لوگونکے لیے مہیا ہی وہ احادیث سے ظاہر ہی

(۴۸) **حکم بناحق دینا** - یعنی انصاف کے ساتھ حکم کا ندینا گناہ کبیرہ ہی - جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ وجناب مرزا اعلی اللہ مقامہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی اور خدائے تعالیٰ نے سورۂ مائدہ مین انصاف کے ساتھ حکم ندینے کو کفر کے ساتھ فرمایا ہی (الف) چنانچہ سورۂ مائدہ مین فرماتا ہی وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ ۝ یعنے اور جو کوئی حکم نہ کرے مطابق اُس چیز کے کہ اُتاری ہی اللہ نے (یعنے مطابق احکام الٰہی کے) پس وہ لوگ کافر ہین - (ب) خدائتعالیٰ سورۂ مائدہ مین

۱۴۴ نماز کے دست بدعا ہو کر سر بسوے آسمان کرکے نظر بجانب آسمان کرے اور کہے اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ اَللّٰهُمَّ اِنَّ نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے قَدْ ظَلَمَنِيْ وَلَا اَجِدُ مَنْ اَصُوْلُ بِهٖ غَيْرَكَ فَاسْتَوْفِ مِنْهُ ظُلَامَتِيْ السَّاعَةَ السَّاعَةَ بِحَقِّ مَنْ جَعَلْتَ لَهٗ عَلَيْكَ حَقًّا وَّبِحَقِّكَ عَلَيْهِمْ اِلَّا فَعَلْتَ ذٰلِكَ يَا مَعْرُوْفَ الْاَكَارِمِ وَالْاَخْذِ يَا مَرْهُوْبَ الْبَطْشِ يَا مَالِكَ الْفَضْلِ

(۴۳) از روضۃ الاذکار جناب سعید محمد بن محمد تبریزی علیہ الرحمۃ واسطے دفع ظالم کے دو رکعت نماز پڑھکر صلوات محمد و آل محمد پر جسقدر دل چاہے بھیجے بعد ازان دونون ہاتھ اُٹھا کر کہے اَللّٰهُمَّ اِنَّ لَكَ يَوْمًا تَنْتَقِمُ فِيْهِ لِلْمَظْلُوْمِ مِنَ الظَّالِمِ لٰكِنْ هَلَعِيْ وَجَزَعِيْ لَا يُبَلِّغَانِ بِيَ الصَّبْرَ عَلٰى اَنَاتِكَ وَحِلْمِكَ وَقَدْ عَلِمْتَ اِنَّ نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے

وَاِنْ حَکَمْتَ فَاحْکُمْ بَیْنَھُمْ بِالْقِسْطِ ط اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ٥ یعنے اگر حکم کرے پس حکم کر تو مابین اُنکے انصاف کے ساتھ تحقیق اللہ دوست رکھتا ہی انصاف کرنیوالون کو (ج) اور بھی اسی سورہ مین فرماتا ہی وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓی اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا ھُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی اور نہ باعث ہو تمکو دشمنی قوم کا اس بات پر کہ نہ عدل کرو عدل کرو تم کہ وہ بہت قریب ہی واسطے پرہیزگاری کے۔ (د) سورہ انعام مین مابین (رکوع ۱۸ و ۱۹) کے فرماتا ہی وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ کَانَ ذَا قُرْبٰی اور گواہی دینی ہو یا فیصلہ کرنا پڑے) جب بات کہو تو گو (فریق مقدمہ (اپنا ہی) قرابت دار (کیون نہ) ہو انصاف (کا پاس) کرو۔ (ھ) سورہ حجرات مین مابین رکوع اول کے ہی وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ تا تُرْحَمُوْنَ ٥ اور اگر مومنین کے دو فرقے آپس مین لڑ پڑین تو ان مین صلح کرا دو پھر اگر ان مین کا ایک (فرقہ) دوسرے پر زیادتی کرے تو جو زیادتی کرتا ہی (تم بھی) اُس سے لڑو یہانتک کہ وہ حکم خدا کی طرف رجوع لائے۔ پھر جب رجوع لے آئے تو فریقین مین برابری کے ساتھ

---

[۱۳۱] ظَلَمَنِیْ وَاعْتَدٰی عَلَیَّ بِقُوَّتِہٖ عَلٰی ضَعْفِیْ فَاَسْئَلُکَ یَا رَبَّ الْعِزَّۃِ وَقَاصِمَ الْجَبَابِرَۃِ وَنَاصِرَ الْمَظْلُوْمِیْنَ اَنْ تُرِیَہٗ قُدْرَتَکَ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکَ یَا رَبَّ الْعِزَّۃِ السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ

(۱۳) از کتاب متہجد۔ جب کسیکو دشمن آزار پہونچاتا ہو پس وہ شخص نماز شب کی رکعت دویم کے سجدۂ دویم مین بعد تسبیحات سجدہ کے یہ کہے اَللّٰھُمَّ اِنَّ نام دشمن کا اور اُسکے باپ کا لیوے قَدْ شَھَرَنِیْ وَنَوَّہَ بِیْ وَغَاظَنِیْ وَعَرَّضَنِیْ لِلْمَکَارِہِ اَللّٰھُمَّ اضْرِبْہُ بِسَھْمٍ عَاجِلٍ تَشْغَلُہٗ بِہٖ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ وَقَرِّبْ اَجَلَہٗ وَاقْطَعْ اَثَرَہٗ وَعَجِّلْ ذٰلِکَ یَا رَبِّ السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَاَھْلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پس دشمن بزودی ہلاک ہووے یہ عمل مجرب بات صحیح سے ہی اور جناب محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمہ نے کافی مین اس حدیث کو تحریر فرمایا ہی خلاصہ اسکا یہ ہی کہ یونس بن عمار نے جناب امام جعفر صادق سے

صلح کرا دو اور انصاف کو ملحوظ رکھو بیشک اللہ انصاف کرنیوالون کو دوست رکھتا ہی
تحقیق مؤمنین تو (آپس مین بھائی) بھائی ہین تو اپنے دو بھائیون مین میل جول کرا دیا کرو
اور خدا کے غضب سے ڈرتے رہو تاکہ (خدا کی طرف سے) تم پر رحم کیا جائے۔
(و) خدائے تعالیٰ سورہ نحل مین رکوع ۱۳ پر فرماتا ہی اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ بِالْعَدْلِ
وَالْإِحْسَانِ تا تَذَكَّرُوْنَ ۰ بیشک اللہ انصاف کرنیکا حکم دیتا ہی اور نیکی کرنیکا اور
قرابت والون کے ساتھ سلوک کرنیکا اور بیحیائی اور بُرے کام اور سرکشی سے منع کرتا ہی
اور اللہ تمھین نصیحت کرتا ہی تاکہ تم نصیحت مانو۔ (ز) سورہ نساء مین مابین رکوع
۷ و ۸ کے فرماتا ہی اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ تا بَصِيْرًا (مسلمانو) اللہ تمکو حکم دیتا ہی کہ امانت
(رکھنے) والون کی امانتین (جب مانگین) اُنکے حوالہ کردیا کرو اور جب لوگون کے باہمی
جھگڑے فیصل کرنے لگو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو اللہ جو تمکو نصیحت کرتا ہی (تمھارے
حق مین) بہت اچھی ہی اسمین شک نہین کہ اللہ (سب کی) سُنتا اور (سب کچھ) دیکھتا ہے۔
(۳۵) اعانت ظالم کی کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ

نے ۴۴۲ شکایت کی کہ ایک شخص میرے ہمسایہ مین مخالفین سے ہی جسوقت مین اُس طرف سے جاتا ہون
تو وہ مجھے رافضی کہتا ہی اور کہتا ہی کہ یہ شخص مالہاے حروم جعفر بن محمد کے پاس لیجاتا ہی پس آنحضرت نے
فرمایا کہ اُسکے لئے بد دعا کر اس طرح پر کہ نماز شب کی رکعت دویم کے سجدۂ دویم مین بعد حمد و تعظیم باریتعالیٰ
کے اس دعا کو پڑھے (دعا اوپر تحریر ہو چکی ہی) یونس کہتا ہی کہ بعد اس عمل کے مین کوفہ مین آیا اور حال اُس ہمسایہ کا دریافت
کیا کہا کہ بیمار ہی ابھی یہ سخن تمام نہین ہوا تھا کہ ایک ساتھ اُسکے گھر سے آواز رونے کی بلند ہوئی کہ وہ فوت ہوگیا۔
(۵) **حدیث** از عیون اخبار الرضا جناب شیخ ابو جعفر ابن بابویہ علیہ الرحمہ۔ ایک شخص نے جناب
امام جعفر صادق سے عرض کیا کہ فلان شخص مجھپر ظلم کرتا ہی پس آنحضرت نے فرمایا کہ کیون دور ہے تو
دعاے مظلوم سے کہ اسکو جناب رسولخدا نے تعلیم فرمایا ہی پس کوئی شخص دعا نہین کرتا ہی بذریعۂ اس
دعا کے کسی ظالم کے لیے مگر یہ کہ خدا تعالیٰ نصرت دیتا ہی مظلوم کو ظالم پر اور کفایت کرتا ہی اُسکی شر سے

جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ نے اسکو بعبارت ذیل تحریر فرمایا ہی۔ (**الف**) خداتعالی سورہ ہود مین مابین رکوع ۹ و ۱۰ کے فرماتا ہی وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۝ اور (مسلمانو) جن لوگون نے ظلم کیا اُنکی طرف نہ جھکو ورنہ (دوزخ کی) آگ تمکو لگے گی۔ اور جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر آیۂ مذکور کی اس طرح تحریر فرماتے ہین کہ میل نہ کرد چہ جائیکہ بہت (یعنے اعانت کرد) اُن لوگون کی (جنھون نے) ظلم کیا اپنے اوپر (یعنے اپنے نفس پر) اور غیر پر اور مددانکی نکرو ظلم مین اور راضی نہو اُنکے ساتھ اور شریک نہو اُس ظلم پر بسبب وصول آتش دوزخ کا ہی پس کیا حال ہو گا اُس شخص کا کہ جو اعانت کرے اُن لوگونکی جو موسوم بہ ظلم و ستم ہون **حدیث** از بحار الانوار فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ جو شخص حکومت ظالمانہ کرے یا اعانت ظالم کی کرے ارجاع دعاوی مین پس ملک الموت بوقت موت اسکو بشارت دیگا لعنت خدا کی اور جہنم کی **مِن مؤلف** اس حدیث سے ثابت ہوا کہ جو شخص حکومت خلاف مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ کرے یا اعانت ظالم کی کرے پس مستحق عذاب جہنم ہی۔

۴۴۳ اَللّٰهُمَّ طُمَّهُ بِالْبَلَاءِ طَمًّا وَغُمَّهُ بِالْبَلَاءِ غَمًّا وَقُمَّهُ بِالْاَذٰى قَمًّا وَارْمِهِ بِيَوْمٍ لَا مَعَادَ لَهُ وَسَاعَةٍ لَا مَرَدَّ لَهَا وَاَبِحْ حَرِيْمَهُ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَاكْفِنِيْ اَمْرَهُ وَقِنِيْ شَرَّهُ وَاَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُ وَاَخْرِجْ قَلْبَهُ وَسُدَّ فَاهُ عَنِّيْ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝ سات سات مرتبہ کہے صَهٍ صَهٍ پس بہ تحقیق کہ کفایت کریگا خدا ے تعالی۔ اور جناب صاحب سفینۃ النجاۃ اعلی اللہ مقامہ نے کتاب مذکور سے اس طرح لکھا ہی اَللّٰهُمَّ طُمَّهُ بِالْبَلَاءِ طَمًّا تا حَمَلَ ظُلْمًا پھر اسکو لکھا ہی اِخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنَ پھر سات مرتبہ کہے صَهٍ صَهٍ پھر ایک مرتبہ کہے اِنَّا جَعَلْنَا فِيْ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلَالًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُوْنَ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

حدیث از تفسیر منہج - فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص کسی ظالم کے لیے دعا کرے بقائے عمر کے لئے یا دوست رکھتا ہو پس وہ شخص گنہگار خدا کا ہی اُسکی زمین مین اور ذکر انکا تعظیم کے ساتھ کرنا اور محبت انکے ساتھ اور طمع انکے ساتھ اور ہدیہ انکے پاس بھیجنا گناہ ہی حدیث ایضاً مروی ہی سفیان ثوری سے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو شخص قلم ظالم کے لئے بناوے یا سیاہی دوات مین انکی ڈالی یا کاغذ انکے ہاتھ مین دے یا اُسمین وہ چیز جو سبب ظلم ہو لکھے انکے ساتھ شریک ہوگا - حدیث فرمایا ائمہؑ نے کہ جہنم مین ایک وادی ہی کہ اُسمین ساکن نہ ہوگا مگر وہ قاری کہ جو زائر ملوک تخت سلاطین ہون حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ بروز قیامت ایک منادی ندا دیگا کہان ہین ظالم اور کہان ہین دوست اور مدد کرنے والے انکے سبکو جمع کرین حتی اُس شخص کو کہ جسنے انکی دوات مین سوف ڈالا اور قلم انکے لئے تراشا ہی انکے ساتھ حشر کرین - پس سبکو ایک ساتھ تابوت آتش مین رکھکر قعر جہنم مین ڈالدیا جائیگا - حدیث ایضاً فرمایا ائمہؑ نے کہ سر مردار پر بیٹھنا بہتر ہی اُس سے کہ قاری دروازہ مکان ظالم اور حاکم ظالم پر بیٹھے

سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

ممکن ہی کہ صاحب سفینۃ النجاۃ نے جس نسخہ سے تحریر فرمایا ہی اُسمین اسیطرح لکھا ہو۔

(۶) از کتاب ارشاد جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ - حدیث فرمایا جناب امام موسیٰ کاظمؑ نے کہ جو مظلوم پڑھے اس دعا کو واسطے انتقام لینے ظالم سے پس اُس ظالم سے انتقام لیا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ یَا عُدَّتِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ وَیَا غَوْثِیْ عِنْدَ کُرْبَتِیْ اُحْرُسْنِیْ بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاکْفِنِیْ بِرُکْنِکَ الَّذِیْ لَا یُرَامُ یَا ذَا الْقُوَّۃِ الْقَوِیَّۃِ وَیَا ذَا الْمِحَالِ الشَّدِیْدِ وَیَا ذَا الْعِزَّۃِ الَّتِیْ کُلُّ خَلْقِکَ لَهَا ذَلِیْلٌ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاکْفِنِیْ ظَالِمِیْ وَانْتَقِمْ لِیْ مِنْهُ

(۷) حدیث از کتاب دفع الہموم والاحزان جناب نعمانی علیہ الرحمہ - فرمایا جناب امیرؑ نے کہ مظلوم واسطے دفع ظالم کے اول غسل کرکے وضو کرے بعد ازان دو رکعت نماز ادا کرکے دست بجا ہو کر

مردی ہی۔ ایضاً کہ سفیان ثوری سے کسی نے پوچھا کہ اگر کوئی ظالم صحرا مین بیٹھا ہوا ور
نزدیک ہلاکت کے ہوا ور اسکو پانی دے سکتے ہون اور اگر پانی ندین تو مرجائیگا کہا
چھوڑ دو تاکہ مرجائے **حدیث** از جمال الصالحین فرمایا جناب رسولخدا صنے کہ جو کوئی
اعانت کرے کسی ظالم کی کہ سُوف اُسکی دوات مین ڈالے یا کوئی تحریر اُسکی کرے
ایسا ہی کہ اُسکے گناہون مین شریک ہوا اور اُسی کے ساتھ محشور ہوگا۔ **حدیث**
ایضاً فرمایا آنحضرت صنے کہ جو شخص ظلم کرنے پر راضی ہوا اور خوش ہو وہ شخص مثل ظالم کے ہی
حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخدا صنے کہ جسنے ظالم کی مدد کی خدائتعالی اُسی ظالم کو
اُسپر مسلط کریگا۔ **حدیث** شیخ ورّام نے ابن ابی فراس سے نقل کی ہی کہ فرمایا امام نے کہ
جو شخص ظالم کے پاس اُس ظالم کی اعانت کے لئے جائے اور باوجود اسکے کہ وہ جانتا ہو
کہ وہ ظالم ہی پس وہ شخص دین اسلام سے خارج ہی۔ **حدیث** ایضاً خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا
امام ع نے کہ بروز قیامت منادی ندا کریگا کہ کہان ہین ظالمین اور اُنکی تابعداری کرنیوالے
اور ان سبکو ایک تابوت آہنی مین جمع کرکے جہنم مین ڈالدیا جائیگا۔ **حدیث** فرمایا

اس دعا کو پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنَّ نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے ظَلَمَنِیْ وَاعْتَدٰی عَلَیَّ وَ
نَصَبَ لِیْ وَاَمَضَّنِیْ وَاَرْمَضَنِیْ وَاَذَلَّنِیْ وَاَخْلَقَنِیْ اَللّٰھُمَّ فَکِلْهُ اِلٰی نَفْسِهٖ وَھُدَّ
رُکْنَهٗ وَعَجِّلْ جَائِحَتَهٗ وَاسْلُبْهُ نِعْمَتَكَ عِنْدَهٗ وَاقْطَعْ رِزْقَهٗ وَابْتُرْ عُمْرَهٗ
وَامْحُ اَثَرَهٗ وَسَلِّطْ عَلَیْهِ عَدُوَّهٗ وَخُذْهُ فِیْ مَاْمَنِهٖ کَمَا ظَلَمَنِیْ وَاعْتَدٰی
عَلَیَّ وَنَصَبَ لِیْ وَاَمَضَّ وَاَرْمَضَ وَاَذَلَّ وَاَخْلَقَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَعِیْذُبِكَ عَلٰی
نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے فَاِنَّكَ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْکِیْلًا ٥
پس اُس ظالم کو خدائے تعالیٰ دوبارہ مہلت ندیگا اور جناب کفعمی علیہ الرحمہ فرماتے ہین کہ اس
عمل کو تین مرتبہ (یعنے تین دن) بجا لاوے انشاء اللہ وہ ظالم دفع ہووے۔
(۸) جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ احمد بن علی بن احمد نے کتاب وصائل الی المسائل مین

جناب رسول خدا نے کہ جو شخص ظالم کی اعانت کرے اُسکے ظلم مین پس ہمسایہ ہامان ہوگا جہنم مین

(۴۴۶) ترک اعانت مظلوم کی کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ و نیز دیگر

علمانے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی اور تحریر فرماتے ہین کہ جناب امام جعفر صادقؑ نے

صریحًا اسکو گناہ کبیرہ مین شمار کیا ہی۔ **حدیث** دار اسلام مین جناب ملا حسین نوری

علیہ الرحمہ معانی الاخبار سے تحریر فرماتے ہین اس حدیث مین اور بھی گناہون کا ذکر ہی

منجملہ اُنکے یہ ہی کہ فرمایا جناب امام زین العابدینؑ نے کہ جن گناہون سے بلائین نازل

ہوتی ہین وہ یہ ہین۔ درد رسیدہ کی فریاد رسی نکرنا۔ مظلوم کی مدد نہ کرنا۔ تا آخر حدیث

ملاحظہ ہو حدیث مندرجۂ نمبر (۱۳ج) مندرجۂ نمبر ۵ باب ہذا از معانی الاخبار

فرمایا جناب امام زین العابدینؑ نے ایک دعا مین کہ اُن گناہون سے تیری پناہ

مانگتا ہون کہ جو گناہ مضطر کی فریاد رسی نکرنے کے سبب سے قائم ہوتے ہین اور بلائین

نازل کرتے ہین **من مؤلف** اور ملاحظہ ہون احادیث (از نمبر ۳۲۹ تا ۳۳۰) و احادیث

(از نمبر ۳۹۷ تا ۴۰۳) باب ۷ صدقات کتاب ہذا **حدیث** از امالی جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ

---

۴۴۶ تحریر کیا ہی کہ ایک شخص سے بعضے متسلطین عداوت سخت رکھتے تھے یہانتک کہ وہ شخص خوف

ہلاکت کا رکھتا تھا اور زندگی سے مایوس ہوگیا تھا پس خواب مین دیکھا کہ کسی شخص نے اُس سے

کہا کہ صبح کی دو رکعت نماز مین سے ایک رکعت مین سورۂ فیل کو پڑھ پس اُس شخص نے اُس پر

چند مدت عمل کیا تھوڑے عرصہ مین کفایت شر دشمن سے ہوئی۔

(۹) **حدیث** از مصباح کفعمی۔ فرمایا جناب امیرؑ نے کہ مظلوم وضو کرے دو رکعت

نماز پڑھے اور اُسکے رکوع و سجود مین طول دیوے اور بعد سلام کے ایک ہزار مرتبہ کہے رَبِّ

اِنِّی مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ پس بہ تحقیق کہ خدائے تعالیٰ اُسکو نصرت عطا فرماوے انشاء اللہ تعالیٰ

یہ عمل مجربات صحیحہ سے ہی اس عمل کو کم سے ایک ہفتہ پڑھے خدا تعالیٰ اُس مظلوم کو ظالم پر فتحیاب کرے

(۱۰) از حاشیہ مصباح کفعمی۔ سہروردی نے کتاب دعوات مین ذکر کیا ہی کہ جو کوئی اپنے دشمن کا

فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ بنی اسرائیل مین ایک مرد پیر عابد عبادت و نماز مین مشغول تھا دو چھوٹے لڑکون کو دیکھا کہ ایک مرغ کو لئے ہوئے اُسکے پر نوچ رہے ہین یہ عابد اپنی عبادت مین مشغول رہا اور لڑکون کو اُس فعل سے منع نہین کیا پس خدائے تعالیٰ نے وحی کی زمین کو کہ اس عابد کو نگل جا پس زمین نے اسکو نگل لیا اور تا قیامت اسکو نگلتی چلی جائیگی۔ من مؤلف جانور پر جو ظلم ہو رہا تھا کہ طفل اُسکے پر نوچ رہے تھے اور اس عابد نے اُس جانور کی امداد نہین کی یعنے بچون کو پر ون کے نوچنے سے منع نہین کیا پس خدائے تعالیٰ نے اسکے عوض مین اُس عابد کو اس سزائے عظیم مین مبتلا کیا پس کیا کیفیت ہو گی اُن لوگون کی کہ جو لوگ اس بات پر قادر ہین کہ مظلوم بندگان خدا کی اعانت کرین مگر اعانت نہین کرتے **ثواب اعانت مظلوم وغیر مظلوم۔ حدیث** فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ کوئی مومن نہین ہی کہ رہا کرا دے اپنے برادر مومن کو اور اسکی امداد کرے مگر یہ کہ خدائے تعالیٰ اُسکو رہا فرماتا ہی دنیا و آخرت مین۔ اور ملاحظہ ہون احادیث

بقیہ ہلاک ہونا چاہے پس تین روز روزہ رکھے اور ہر روز پانچسو مرتبہ یَا جَبَّارُ الْمُذِلُّ لِکُلِّ شَیْءٍ بِقَهْرِ عِزِّهٖ وَسُلْطَانِهٖ پس بدرستیکہ حق تعالیٰ بزودی اُسکے دشمن کو ہلاک کرے اور وقت پڑھنے اسم مذکور کے دشمن کا خیال رکھے یہ اسم چہل اسم ادریسی مین سے ہی مگر اسمین الفاظ مقدم مؤخر ہین اور کُلِّ شَیْءٍ زیادہ ہی چہل اسم ادریسی بعد نماز شب کے تحریر ہین اور دوسری روایت مین اس طرح ہی کہ اسم مذکور کو ایک ماہ تک ہر روز تین سو مرتبہ پڑھے دشمن بزودی ہلاک ہووے اور جو کوئی قبل ملاقات ظالم کے اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے امان خدائے تعالیٰ مین رہے (۱۱) از روضۃ الاذکار جناب سید محمد بن محمد تبریزی علیہ الرحمہ۔ مظلوم اول غسل کرکے دو رکعت نماز پڑھے بعد ازان ہر دو زانو کو کھولکر زمین پر رکھکر ایک سو مرتبہ کہے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَیُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۝ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَغِثْنِیْ

از نمبر ۳۹۶ تا ۴۰۳ باب صدقات کتاب ہذا و احادیث از نمبر ۴۰۵ تا ۴۱۴ باب صدقات کتاب

(مز ۴۴۷) رکون بظالمین یعنی تکیہ کرنا ستمگاران پر گناہ کبیرہ ہی جناب سید
مہدی نجفی اعلی اللہ مقامہ ونیز دیگر علما رضوان اللہ علیہم نے اسکو کبائر سے
تحریر فرمایا ہی اور خدائے تعالیٰ نے اسپر صریحا وعدہ آتش دوزخ فرمایا ہے
وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ہ یعنی نہ جھکو طرف اُن لوگون کے
کہ (جو) ظالم ہین پس مس کریگی تم کو آگ (جہنم کی) اور جناب سید مہدی
اعلی اللہ مقامہ تحریر فرماتے ہین کہ جناب امام جعفر صادق ع وجناب امام رضا ع نے اسکو
کبائر مین شمار کیا ہی اور فرمایا ہی ائمہ ع نے کہ جو شخص اہل ظلم کو دوست رکھیگا وہ شخص اہل ظلم سے ہوگا

(مح ۴۴۸) حد سے زیادہ غلام وکنیز کو مارنا۔ گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی
علیہ الرحمہ وغیرہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی یہ بھی ایک قسم کا ظلم ہی اور ظلم کرنے کے
بارہ مین آیات قرآنی واحادیث نمبر (مب ۴۴۲) باب ہذا مین تحریر ہو چکے ہین

(مط ۴۴۹) حکم کے لئے غیر حاکم شرع کے پاس جانا۔ یعنی مقدمہ لیجانا حاکم غیر شرع کے

---

۴۴۸ السَّاعَةَ السَّاعَةَ بعد ازان ایک مرتبہ کہے اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
وَاَنْ تَلْطُفَ لِيْ وَاَنْ تَغْلِبَ لِيْ وَاَنْ تَمْكُرَ لِيْ اَنْ تَخْدَعَ لِيْ وَاَنْ تَكِيْدَ لِيْ وَاَنْ تَكْفِيَنِيْ مَؤُنَةَ
نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے بِلَا مَؤُنَةٍ یہ دعا وہ ہی کہ جو جناب رسولخدا ص نے بروز احد پڑھی اور نصرت پائی

(۱۲) از حاشیہ مصباح۔ سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے یونس بن عمار سے روایت کی ہی کہ کہا یونس
بن عمار نے کہ مجکو ایک شخص اذیت پہونچاتا تھا پس مین نے بخدمت جناب امام جعفر صادق ع
اسکی شکایت کی حضرت نے فرمایا کہ اُسپر نفرین کر مین نے عرض کیا کہ مین نے اوسپر نفرین کی مگر کچھ اثر ظاہر نہ ہوا فرمایا ایسا نہین ہی
یونس اول توبہ کر گناہون سے (یعنے توبہ صدق دل سے کرے کہ پھر عود اُن گناہون پر نہ کرے)
اور پھر روزہ رکھے اور نماز ادا کرے اور کچھ تصدق کرے پس جب آخر شب ہو وے
(یعنی آخر شب مین) وضو کرکے دو رکعت نماز ادا کرے پس سجدہ مین جاوے

یاس گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی وجناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ رضوان اللہ علیہم نے
اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی کہ یہ اکبر کبائر سے ہی اور جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ
بھی اسکو کبائر مین داخل فرما کر تحریر کرتے ہین کہ جو مال اُس حکم کے ذریعہ سے کہ جسکا حکم
غیر حاکم شرع جامع الشرائط نے کیا ہو لیا جائے حرام ہی اگرچہ حق اپنا ہو بلکہ اہانت شریعت کی ہی

(الف) خداتعالی سورۂ نساء مین مابین رکوع ۷ و ۸ کے فرماتا ہی فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ
فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَاِلَی الرَّسُوْلِ - اگر جھگڑو تم کسی چیز پر پس پھیر دو
اسکو طرف اللہ کے اور (اُسکے) رسول کی طرف جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ بعد تفسیر
اس آیہ کے تحریر فرماتے ہین کہ بعد رحلت جناب رسالت مآب ص کے احکام ائمہ پر
عمل کرنا چاہیے اور بعد ائمہ کے مجتہدین وقت کے روبرو اپنے تنازع پیش کرنا چاہیے
تاکہ وہ حسب شرع نبوی حکم صادر کرے - اُسی حکم پر عمل کرنا چاہیے -

(ب) سورۂ نساء مین مابین رکوع ۸ و ۹ کے ہی اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ یَزْعُمُوْنَ
اِلَی الطَّاغُوْتِ ۰ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر اس آیہ کی اس طرح

سا در سجدہ مین کہے اَللّٰهُمَّ اِنَّ نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے آذانی اَللّٰهُمَّ اَسْقِمْ جَسَدَهٗ وَاقْطَعْ
اَثَرَهٗ وَانْقُصْ اَجَلَهٗ وَعَجِّلْ لَهٗ ذٰلِكَ فِیْ عَامِیْ هٰذَا یونس کہتا ہی کہ کچھ مدت نگذری تھی کہ وہ شخص ہلاک ہوا

(۱۳) از مصباح جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین - حیوۃ الحیوان مین مروی ہی کہ جو کوئی دس دن اور
پے درپے ہر روز ایک ہزار مرتبہ سورۂ فیل کو پڑھے اور وقت پڑھنے سورۂ فیل کے قصد ہلاکت
دشمن کا رکھے اور روز دہم کنارہ آب جاری کے جا کر ایک مرتبہ اسکو کہے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ
الْحَاضِرُ الْمُحِیْطُ بِمَکْنُوْنَاتِ السَّرَائِرِ وَالضَّمَائِرِ اَللّٰهُمَّ سَخَرَ الظَّالِمُ الْمُدِلُّ لِنَاصِرِهٖ وَاَنْتَ الْمُطَّلِعُ
الْعَالِمُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ نام ظالم کا اور اسکے باپ کا لیوے ظَلَمَنِیْ وَاٰذَانِیْ وَلَا یَتَّهِمُهٗ بِذٰلِكَ غَیْرُكَ
اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ مَالِکُهٗ فَاَهْلِکْهُ اَللّٰهُمَّ سَرْبِلْهُ سِرْبَالَ الْهَوَانِ وَقَمِّصْهُ بِقَمِیْصِ
الرَّدٰی پس دس مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ اَقْصِمْهُ بعد ازان ایک مرتبہ کہے فَاَخَذَ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ

تحریر فرماتے ہین۔ خلاصہ اسکا یہ ہی اَلَمْ تَرَ کیا ندیکھا تونے اِلَی الَّذِیْنَ یَزْعُمُوْنَ
طرف اُن لوگون کے کہ گمان کرتے ہین اَنَّھُمْ اٰمَنُوْا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ
اور جو کچھ کہ نازل کیا گیا پہلے تجھ سے (یعنے کتب انبیا) اَنْ یَّتَحَاکَمُوْآ اِلَی الطَّاغُوْتِ
چاہتے ہین باوجود ایمان کے کہ مرافعہ لیجائین (یعنے مقدمات لیجائین) طرف
طاغوت کے (یعنے غیر حاکم شرع کے پاس) باغی سرکش۔

حدیث از بحار الانوار۔ فرمایا جناب امیر ع نے کہ جو حاکم موافق قول ہم اہلبیت کے
حکم ندیگا وہ طاغوت ہی پھر آپ نے آیت تلاوت کی فرمایا کہ قسم خدا کی امت
رجوع کی طرف طاغوت کے اور اُسنے اُنکو گمراہ کیا۔

نہ لیجانا مقدمہ کا حاکم طرفدار کے پاس۔ (ج) خداے تعالیٰ سورۂ بقر مین
مابین رکوع ۲۲ و ۲۳ کے فرماتا ہی۔ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر اس آیہ
کی اس طرح تحریر فرماتے ہین وَلَا تَاْکُلُوْآ اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ اور مت
کھاؤ تم اپنے مال مابین اپنے ناحق یعنی بذریعۂ چوری یا قمار بازی یا خیانت یا ظلم

نمبر ۴۵۰ وَمَا کَانَ لَھُمْ مِنَ اللّٰہِ وَاقٍ پس بہ تحقیق کہ اُسی دن دشمن اُسکا ہلاک ہووے

من مؤلف جسقدر عمل ہلاکت دشمن کے ہین اُن مین یہ شرط ہی کہ دشمن نے درحقیقت
ظلم کیا ہو اور اگر ظلم نہین کیا تو ایسی صورت مین عمل کا اثر اُلٹا ہو جاتا ہی یعنے عمل کرنے والے
اُسکا اثر پڑتا ہی مثلاً ہمنے کسی پر ذرا سا ظلم کیا اور اُسنے اُسکے عیوض مین ہمپر بہت سا ظلم کیا
ایسی صورت مین ہمکو ہلاکت دشمن کا عمل نکرنا چاہیے اگر کرینگے تو ہمپر اُسکا اُلٹا اثر ہوگا اس سبب
کہ اول ہم اُسپر ظلم کر چکے ہین ایسے اعمال اُس شخص پر کرنا چاہئین کہ جسنے بلا وجہ ظلم کیا ہو بلکہ
حالت مین بھی ایسے عمل کو بجا نہ لاوے میرا اسپر تجربہ ہوا ہی کہ بعد نماز شب کے اپنے دشمن کے
دعاے نیک کرے پس چونکہ خداے تعالیٰ عالم ہی اور وہ دیکھتا ہی کہ یہ دشمن کے لیے دعاے
کرتا ہی اور دشمن اُسکے ساتھ دشمنی کرتا ہی پس خداے تعالیٰ از خود اُسکے دشمن کو ذلیل اور خوار کر دیگا

رشوت وغیرہ کے وَلَا تُدْلُوا بِهَا اِلَى الْحُكَّامِ اور نہ کھینچ لیجاؤ تم اُنکو یعنی اُس مال کو حاکمون کی طرف لِتَاْكُلُوا فَرِيْقًا مِنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ تاکہ تم کھاؤ ایک مال کا حصہ گناہ کے ساتھ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ہ اور تم جانتے ہو کہ یہ فلانے کا حق ہی یعنی حاکم کے یہان نالش نہ لیجاؤ کہ اس بہانہ سے جھوٹھی گواہی دیکر کمائی کرو اور جسکا کچھ حق نہین ہی اُس سے صلح کرا دو (یعنے اُسکو کچھ دلوا دو یا ظالم حاکم کو دیکر سازش کرلو اور دباؤ ڈالکر لوگونسے روپیہ ٹھگو اور تم جانتے ہو کہ یہ جھوٹھی باتین ہین اور اسمین تمھارا حق نہین ہی۔

حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ اس امت مین حاکم ظالم ہونیوالے ہین جو سچی کارروائی نکرینگے اس سبب سے خدا تعالیٰ نے اس آیت مین اس بات کی ہدایت کی ہی کہ مومن طرفدار حاکمون کے پاس اپنا مقدمہ نہ لیجائین۔ پس مومنین کو لازم ہی کہ اپنے حقوق وخصص کے معاملات مجتہدین وقت کے روبرو پیش کیا کرین جیسا حکم ازروے شرع صادر ہو اسپر عمل کیا کرین اسمین علاوہ فوائد اخروی کے یہ بہت بڑا فائدہ حاصل ہوتا ہی کہ روپیہ بیجا صرف نہین ہوتا پس نہ معلوم اُنکو کیا مزا حاصل ہوتا ہے کہ

(۱۴) از بلد الامین و درع الحصین جناب شیخ کفعمی علیہ الرحمہ شب تاریک مین خاک پر سجدہ کرے اور سجدے مین ایک ہزار مرتبہ کہے یَا مُذِلَّ الْجَبَّارِيْنَ وَمُبِيْرَ الظَّالِمِيْنَ اِنَّ نام ظالم اور اُسکے باپ کو لیوے اَذَلَّنِيْ فَخُذْ لِيْ حَقِّيْ مِنْهُ خداے تعالیٰ بزودی انتقام ظالم سے لیوے۔

(۱۵) ایضاً جو شخص قادر دفع دشمن پر نہ ہووے پس ایک ہزار گولی آٹے کی بناوے اور ہر گولی پر ایک مرتبہ یَا قَوِيُّ کہکر مرغ کو کھلاوے خداے تعالیٰ کفایت شر دشمن سے کرے۔

(۱۶) از کافی جناب امام جعفر صادقؑ نے علاء بن کامل کو تعلیم فرمایا تھا اس دعا کو اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَكْفِيْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَلَا يَكْفِيْ مِنْكَ شَيْءٌ فَاكْفِنِيْ اَمْرَ (فلان) بِمَ شِئْتَ وَكَيْفَ شِئْتَ وَمِنْ حَيْثُ شِئْتَ وَاَنّٰى شِئْتَ۔

(۱۷) از مصباح کفعمی جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے کتاب درع الواقیہ سید ابن طاؤس

کہ جو اپنے تقسیم حقوق پر عدالت مین مقدمات کو رجوع کرے ہزار ہا
روپیہ اُٹھا دیتے ہین اگر بالفرض عدالت سے خلاف شرع کے انکو حصہ دلو دیا
دیا گیا تو کیا وہ ہمیشہ رہ سکتا ہی اور کیا اُسکا مواخذہ آخرت مین ندینا ہو گا
بلکہ یہ فعل اُن گناہان کبیرہ مین سے ہی کہ جنکی سزا دنیا ہین ملکر آخرت مین بھی باقی رہتی ہی
پس اس طرح اگر بادشاہت بھی ملے تو اُس بادشاہت پر بھی لعنت ہی اس سبب سے کہ زندگی کا
کوئی اعتبار نہین ہی اگر تمنے یہ سوچا کہ یہ جائداد جو ہمکو ملی ہی ہماری اولاد کے کام آئیگی تو
سوچنا ہمارا قطعی بیکار ہی اس سبب سے کہ رزق خداتعالی نے سب کے ساتھ پیدا کیا ہی
اولاد کا رزق والدین پر مقرر نہین کیا ہی اگر والدین پر مقرر ہوتا تو اہل دولت کی اولاد
اہل دولت ہی ہوتی اور فقیر کی اولاد فقیر ہی ہوتی بلکہ رزق کا دینا اور رزق کا سلب
کر لینا خاص باریتعالی نے اپنے اختیار مین رکھا ہی اگر اولاد کی تقدیر مین فقر واحتیاج
لکھا ہی تو وہ جائداد کہ جسکو اُسنے خلاف شرع حاصل کیا ہی زندگی ہی مین اُسکے
جاتی رہیگی یا بعد مرنے کے وہ تلف ہو جائیگی یا اولاد اُسکو فروخت کرکے کھا لیگی

۴۵۲ علیہ الرحمہ سے روایت کی ہی کہ واسطے دفع دشمن کے شب اول مین جسوقت نظر بجانب
ہلال کرے پس ہاتھ اپنا بجانب خانۂ دشمن دراز کرکے تین مرتبہ کہے اَیَوَدُّ اَحَدُکُمْ اَنْ
تَکُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهٗ فِیْهَا مِنْ
کُلِّ الثَّمَرٰتِ وَاَصَابَهُ الْکِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّیَّةٌ ضُعَفَآءُ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِیْهِ
نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ بعد اسکے تین مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ طُمَّهٗ بِالْبَلَآءِ طَمًّا وَغُمَّهٗ بِالْبَلَآءِ
غَمًّا وَارْمِهٖ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ وَطَیْرٍ مِّنْ اَبَابِیْلَ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ
ہر مرتبہ بجانب دشمن اشارہ کرے خداے تعالی اُسکے شر سے کفایت فرمائے اور شب دوم
سویم مین بھی اس عمل کو بجالاوے اگر مطلب حاصل نہ ہووے۔ تو ماہ دویم مین پھر عمل مذکور کو
کرے اور اگر ماہ دویم مین بھی اثر ظاہر نہ ہووے تو ماہ سویم مین پھر عمل مذکور کو بجالاوے

چنانچہ اکثر دیکھا گیا اور شب و روز یہ تماشا آنکھون کے سامنے ہو رہا ہی کہ جو اہل دول
و صاحب ثروت تھے اُنکی اولاد کو فقر مین مبتلا دیکھ رہے ہین۔ اور جو لوگ فقر و احتیاج
مین مبتلا تھے اونکی اولاد کو اہل دول سے دیکھ رہے ہین اگر چشم بصیرت سے دیکھا جائے
تو یہ کیفیت اُن خیالات کے تبدیل کرنے کو کہ جو خیالات ہمارے کسب حرام پر ہین کافی ہی
اور مین نے اکثر دیکھا کہ جو لوگ بے ایمانی کے کاغذات وغیرہ تحریر کرکے یا دوسری طرح پر
ظلم سے دیگر حق دارون کے حقوق کو لے لیتے ہین وہ لوگ بالآخر غارت اور تباہ
ہو جاتے ہین مین نے ایسے لوگون مین سے کسیکو دیکھا جذام ہو گیا کوئی برص و دیگر
عوارض مہلکہ مین مبتلا ہوا کوئی دیوانہ ہوا غرض کہ آخر زندگی اُسکی نظر خلائق مین نہایت
خرابی کے ساتھ گذری اور وقت مرگ اُنپر سختی کے ساتھ گذرا اور جو ایسی بے ایمانیونکا نتیجہ
قبر مین بھگتنا پڑا ہوگا اُسکو اُنھین کا نفس جانتا ہوگا۔ اور ارجاع دعاوی غیر حاکم شرع کے پاس کرنا
گویا اعانت کرنا ہی اُنکی اور اہانت کرنا ہی شریعت کی کہ جیسا جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ نے تحریر فرمایا ہی۔
حدیث فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جو شخص حکومت ظالمانہ کرے یا اعانت ظالم کی

کہ مستجاب ہی۔ عمل مذکور کو جناب رسولخدا ص سے روایت کیا ہی۔
(۱۸) از روضۃ الاذکار محاق قمر۔ آخر شب مین یا قہار یا ذا البطش الشدید انت الذی
لا یطاق انتقامہ کہکر واسطے دشمن کے بد دعا کرے خداے تعالی مستجاب فرماوے۔
(۱۹) از روضۃ الاذکار۔ جناب صاحب روضۃ الاذکار علیہ الرحمہ نے جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ
سے تحریر کیا ہی کہ شیخ مفید نے روایت کی ہی کہ داؤد بن علی بن عبد اللہ بن عباس نے جسوقت
معلی بن خنیس کو قتل کیا تو جناب امام جعفر صادق ع نے برائے قتل داؤد بن علی کے اس دعا کو
پڑھا ایک ساعت نہ گذری تھی کہ صداے گریہ و شیون خانۂ داؤد بن علی سے بلند ہوئی کہ
داؤد بغیر مرض کے فوت ہوا یَا ذَا الْقُوَّةِ الْقَوِیَّةِ وَالْقِدَمِ الْاَزَلِیَّةِ وَیَا ذَا الْمِحَالِ
الشَّدِیْدِ وَالنَّصْرِ الْعَتِیْدِ وَیَا ذَا الْعِزَّةِ الَّتِیْ کُلُّ خَلْقِكَ لَهَا ذَلِیْلٌ خُذْ

از جانب دعائی مین کرے پس بوقت موت ملک الموت اسکو بشارت دیگا جنت خدا کی
اور جہنم کی یہ حدیث نمبر (مبٓ۲) باب ہذا مین تحریر ہو چکی ہی۔
(ن ۵۰) رشوت لینا۔ گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی وجناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ علماے رضوان اللہ علیہم نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی پس جو حکم رشوت لیکر کیا جائے وہ حکم حق ہو یا ناحق ہو گناہ کبیرہ ہی اور اکبر کبائر سے ہی۔
(الف) خدائے تعالیٰ سورۂ مائدہ مین مابین رکوع ۸ و ۹ کے فرماتا ہی وَاَکْلِھِمُ السُّحْتَ لَبِئْسَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ مال حرام کے کھانے پر گرے پڑتے ہین البتہ بہت ہی برے ہین وہ (کام) جو (یہ لوگ) کرتے ہین جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ نے تفسیر منہج مین اس آیہ مین لفظ سُحت کے معنی رشوت وسود کے لکھے ہین
حدیث از بحار الانوار۔ کسی نے سوال کیا جناب امام جعفر صادق ؑ سے کہ آیہ سَمّٰعُوْنَ لِلْکَذِبِ اَکّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ مین لفظ سحت سے کیا مراد ہی فرمایا رشوت ہی کہ جو حکم کرنے مین لیجائے۔ معنی اس آیہ شریفہ کے یہ ہین بہت سننے والے ہین جھوٹ کے بہت

ﷺ۵ نام دشمن کا اور اسکے باپ کا لیوے اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ وَّ فُجَاۃً مُفَاجَاۃً مُلْکٍ مُّسْتَنْصِرٍ ۔ دعائے مذکور کو بعد دو رکعت نافلہ مغرب کے سجدہ مین جا کر پڑھے۔
(۲۰) از مصباح کفعمی۔ ایک شخص نے شکایت کی ایک شخص کی کہ جو اُسپر ظلم کرتا تھا جناب امام حسن ؑ سے پس فرمایا آنحضرت ؑ نے کہ بعد فراغ دو رکعت اول نافلہ مغرب کے سجدہ کرے اور سجدہ مین کہے یَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ اَذْلَلْتَ بِعِزَّتِکَ جَمِیْعَ مَنْ خَلَقْتَ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاکْفِنِیْ مَؤُنَةَ نام ظالم کا اور اسکے باپ کا لیوے بس کہے بِمَا شِئْتَ بس بتحقیق کہ آواز گریہ وزاری کی اُس ظالم کے گھر سے ظاہر ہوئی جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ احمد بن داؤد نے بھی اس روایت کو کتاب دفع الہموم والاحزان مین تحریر کیا ہی اور جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ نے بھی اس روایت کو اس دعا کے ساتھ ذکر کیا یَا ذَا الْقُوَّةِ الْقَوِیَّةِ

حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ سحت یعنی رشوت لینا کفر ہی نزدیک خدا و رسول کے۔
حدیث لَعَنَ اللّٰهُ الرَّاشِیَ وَالْمُرْتَشِیَ وَالرِّشْوَةُ سُحْتٌ یعنی لعنت ہی
اللہ کی رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے پر اور رشوت حرام ہی حدیث
مذکور کو جناب شیخ زین العابدین مازندرانی اعلی اللہ مقامہ نے ذخیرۃ المعاد مین بھی
تحریر فرمایا ہی اس حدیث سے ثابت ہی کہ رشوت کا دینا بھی حرام ہی۔ رشوت کا لینا ایک
ایسا فعل قبیح ہی کہ اسکو کسی مذہب نے جائز نہین سمجھا ہی رشوت اُسکو کہتے ہین کہ جو روپیہ
و دیگر مال وغیرہ کسی مقدمہ یا معاملہ کے حکم کرنے مین حاصل کیا جائے مثلاً زید کہ حاکم
انفصال مقدمات کا ہی کسی شخص سے روپیہ یا کوئی چیز اس وعدہ پر لی کہ فلان مقدمہ مین
مین ایسا حکم دیدونگا اور وہ روپیہ یا اور کوئی شئے لیکر ویسا حکم دے پس وہ حکم حق ہو یا ناحق
یہ رشوت ہی اسی طرح اگر اور کوئی عہدہ دار وغیرہ ایسا ہو کہ جسکو اختیار معاملات و مقدمات
کے طے کر دینے کا ہو اور وہ اُن مقدمات کے طے کر دینے مین روپیہ وغیرہ لے اگرچہ

---

۴۵۵ وَيَا ذَا الْمِحَالِ الشَّدِيدِ وَيَا ذَا الْعِزَّةِ الَّتِي كُلُّ خَلْقِكَ لَهَا ذَلِيلٌ اِكْفِنِي
ظَالِمِي لِلطَّاغِيَةِ وَانْتَقِمْ لِي مِنْهُ دل مین اُس ظالم کا خیال کرے۔
(۲۱) از مکارم الاخلاق۔ بخدمت جناب امام جعفر صادقؑ ایک شخص نے شکایت
ایک ظالم کی کی پس آنحضرتؑ نے فرمایا کہ اس دعا کو پڑھ یَا نَاصِرَ الْمَظْلُومِ الْمَبْغِيِّ عَلَيْهِ
انکا نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے ظَلَمَنِي فَابْتَلِهِ بِفَقْرٍ لَا تَجْبُرُهُ وَبَلَاءٍ
لَا تَسْتُرُهُ اور فرمایا آنحضرتؑ نے کہ کوئی شخص نہین پڑھتا ہی دعاے مذکور کو واسطے ظالم کے تین مرتبہ
مگر یہ کہ لکھہ سفیدی پیشانی ظالم پر پیدا ہووے اور وہ ظالم فقر مین مبتلا ہو جاتا ہی۔
(۲۲) ایضاً جو شخص داخل مجلس سلطان ہووے اور اُس سے خوف کرے پس یہ کہے خَيْرُكَ بَيْنَ
عَيْنَيْكَ وَشَرُّكَ تَحْتَ قَدَمَيْكَ وَأَنَا أَسْتَعِينُ بِاللّٰهِ عَلَيْكَ۔

اُنکا تصفیہ حق پر ہو مگر یہ بھی رشوت ہی بس رشوت مثل سود کے قطعاً حرام ہی اہل اسلام
مین بمقابلہ سود کے رشوت زیادہ تر ہی مخصوص ہندوستان مین ۔ اگر کوئی شخص سود
لیتا ہی تو اکثر لوگ اُسکو بُری نظر سے دیکھتے ہین مگر رشوت لینے والے کے لئے اُس
نظر سے نہین دیکھا جاتا اور نہ رشوت کو بُرا سمجھا جاتا ہی وجہ اُسکی غالباً یہ ہی کہ بمقابلہ
سود کے رشوت مین بغیر محنت کے زیادہ روپیہ حاصل ہوتا ہی اور رشوت کو ایسا
سمجھ لیا گیا ہی کہ گویا رزق حلال ہی کہ جسکی وجہ سے اس سے نفرت نہین کی جاتی اگر
انسان رشوقت کو اُسی نظر سے دیکھے کہ جس نظر سے سود کو بُرا دیکھا جاتا ہی اور خیال
حساب عقبیٰ اور خوف خدا کا بھی ہو تو غالباً ایسا شخص رشوت ہرگز نہین لے سکتا ہمکو
یہ سمجھنا چاہیے کہ جسقدر کھانا ہم کھاتے ہین اُس سے زیادہ نہین کھا سکتے مثلاً ہم پاؤ بھر
کھانا کھاتے ہین تو کیا ہمکو پاؤ بھر کھانا رزق حلال سے نہین مل سکتا پس ہمکو کیا ضرورت
کہ روپیہ رشوت و دیگر ذرائع حرام سے پیدا کرین اور اُسکے ذریعہ سے نوکر چاکر رکھین اور
اہل و عیال کو کھلائین کھائین سب مگر آخرت مین اُس سب کا مواخذ صرف ہماری ہی

---

۲۵۶ (۲۳) از منہج الدعوات ۔ خلاصہ حدیث کا یہ ہی کہ موسیٰ بن مہدی نے ارادہ قتل
جناب امام موسیٰ کاظم ؑ کا کرکے جماعت جمع کی بس آنحضرت ؑ نے دونون ہاتھ سوے آسمان
بلند کیے اس دعا کو پڑھا اِلٰہِیْ کَمْ مِنْ عَدُوٍّ شَحَذَ لِیْ ظُبَةَ مُدْیَتِہٖ وَدَافَ
لِیْ قَوَاتِلَ سُمُوْمِہٖ وَلَمْ تَنَمْ عَنِّیْ عَیْنُ حِرَاسَتِہٖ فَلَمَّا رَاَیْتُ ضَعْفِیْ عَنِ
احْتِمَالِ الْفَوَادِحِ وَعَجْزِیْ عَنْ مُلِمَّاتِ الْحَوَائِجِ صَرَفْتَ ذٰلِکَ عَنِّیْ
بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ لَا بِحَوْلٍ مِنِّیْ وَقُوَّةٍ فَاَلْقَیْتَہٗ فِی الْحَفِیْرِ الَّذِی احْتَفَرَہٗ
لِیْ خَائِبًا مِمَّا اَمَّلَہٗ فِی الدُّنْیَا مُتَبَاعِدًا مِمَّا رَجَاہُ فِی الْاٰخِرَةِ فَلَکَ
الْحَمْدُ عَلٰی ذٰلِکَ قَدْرَ اسْتِحْقَاقِہَا سَیِّدِیْ اَللّٰہُمَّ فَخُذْہُ بِعِزَّتِکَ
وَافْلُلْ حَدَّہٗ عَنِّیْ بِقُدْرَتِکَ وَاجْعَلْ لَہٗ شُغْلًا فِیْمَا یَلِیْہِ وَعَجْزًا عَمَّا

گردن پر رہے جو شخص ذرا بھی عقل سلیم رکھتا ہو وہ شخص ایسے فعل کو کہ جسکے نفع مین سب
شریک ہون اور نقصان مین کوئی شریک نہ ہو ہرگز ہرگز پسند نہین کرسکتا وہ فعل یہ ہی
رزق حرام ہی کہ رزق حرام کے کھانے مین اہل وعیال عزیز واقارب وغیرہ سب
شریک رہتے ہین مگر وقت حساب کے علٰحدہ ہونگے صرف اپنا ہی نفس اسکا مواخذہ دار ہوگا
اور اگر مواخذہ بھی اسکا کوئی سہل وآسان نہین ہو اگر بغیر توبہ کے مرگیا تو اسکی سزا بھگتنے
کے لئے سیدھا عذاب مین داخل ہوگا اور اگر بعد توبہ کے مرا تو جسقدر گوشت وپوست
رزق حرام سے پیدا کیا ہی وہ جب تک برزخ یا دوزخ مین دوزخ کرنے سے گھولا نہ دیا جائے
بہشت مین داخل نہین ہوسکتا اس سبب سے کہ احادیث سے ثابت ہی کہ بہشت
مین داخل نہین ہوسکتا کوئی شخص مگر پاک وپاکیزہ ملاحظہ ہو حدیث مندرجہ [۱۹]
مندرجہ نمبر ۳۴ باب [۱۶] سولہ اسرار نماز واسباب وجوب نماز۔ اور یہ بھی سمجھنا چاہیئے
کہ اہل وعیال کا رزق اہل وعیال کے ساتھ ہی اکثر دیکھا گیا اور دیکھا جارہا ہے کہ
جو لوگ روپیہ بذریعہ کسب حرام اہل وعیال کے لیے جمع کرکے مرجاتے ہین اُنکے

بِنَاوِیْرِ اَللّٰھُمَّ فَاَعِدْنِیْ عَلَیْہِ عَدْوٰی حَاضِرَۃً یَکُوْنُ مِنْ غَیْظِیْ شِفَاءً
وَمِنْ حَنَقِیْ عَلَیْہِ وَفَاءً وَصِلِ اللّٰھُمَّ دُعَائِیْ بِالْاِجَابَۃِ وَانْظِمْ شِکَایَتِیْ
بِالتَّغْیِیْرِ وَعَرِّفْہُ عَمَّا قَلِیْلٍ مَا وَعَدْتَ الظَّالِمِیْنَ وَعَرِّفْنِیْ مَا وَعَدْتَ
فِیْ اِجَابَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ اِنَّکَ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْکَرِیْمِ پس وہ جماعت متفرق ہوئے اور پھر جمع نہ ہوئے
(۲۴) از سفینۃ النجاۃ برائے دفع ظالم مابین نماز مغرب وعشا کے پچاس مرتبہ کہے یَا شَدِیْدَ الْبَطْشِ
(۲۵) ایضاً فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ واسطے دفع ظالم کے کہے یَا نَاصِرَ
الْمَظْلُوْمِ الْمَبْغِیِّ عَلَیْہِ اِنَّ نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے ظَلَمَنِیْ
وَبَغٰی عَلَیَّ فَابْتَلِہٖ بِفَقْرٍ لَا یَجْبُرُہٗ وَبَلَاءٍ لَا یَسْتُرُہٗ۔
(۲۶) ایضاً نماز شب کی رکعت دوم کے سجدہ دوم بعد تسبیحات کے اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھے یَا عَلِیُّ

اہل وعیال فاقہ کرتے ہین اور جو لوگ رزق حلال سے اپنے اوپر تنگی اُٹھا کر اولاد کی
پرورش کرتے ہین اُنکی اولاد کسی کی دست نگر نہین ہوتی اور اسپر بھی غور کرنا چاہیے
کہ جس خدا نے ہمکو اس مرتبہ پر پہونچایا ہی کہ جس مرتبہ کی وجہ سے ہم رشوت لیتے ہین
تو کیا وہ خدا ہمکو اس مرتبہ سے معزول نہین کر سکتا اگر وہ ہمکو اس مرتبہ اور عہدہ سے
معزول کر دے تو ہم رشوت کہانسے لین اور جو تنخواہ ہمکو اس عہدہ و مرتبہ کی ملتی ہی
اسکو بھی خداتعالی موقوف کر دے تو کہانسے کھائین پس رزق دینا نہ دینا خدا کے
اختیار مین ہی اگر خداے تعالیٰ اپنے بندہ کو فقر مین مبتلا کر دے تو کسی شخص سے
رزق اُسکو نہین پہونچ سکتا۔ لہذا خدا پر توکل کرنا چاہیے اور رزق حرام سے ہاتھ کو
قطعاً روکنا چاہیے چنانچہ خداے تعالیٰ سورۂ تبارک الذی مین فرماتا ہی اَمَّنْ هٰذَا
الَّذِیْ یَرْزُقُکُمْ اِنْ اَمْسَکَ رِزْقَہٗ آیا وہ شخص کون ہی جو رزق دے تمکو اگر
بند کرے خدا اپنی (اُس) روزی کو (جو دیتا ہی) احادیث سے ثابت ہی کہ جسقدر
انسان رزق حرام سے پیدا کرتا ہی اُسیقدر حصہ رزق کا رزق حلال سے کم کر دیا جاتا ہی

۵۸ یا عَظِیْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ الدُّنْیَا وَخَیْرِ اَهْلِهَا
اَللّٰهُمَّ اَقْرِضْ اَجَلَ نام ظالم کا اور اُسکے دشمن کا لیوے وَاجْتَثَّ عُمُرَہٗ وَاقْطَعْ
اَثَرَہٗ وَعَجِّلْ بِہٖ مداومت کرنا اس دعا پر براے دفع دشمن مجربات صحیحہ سے ہی
چند ہی روز مین دشمن دور ہو جاتا ہی یا ہلاک ہو جاتا ہی۔

(۱۷) براے دفع دشمن اسکو پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ نِعْمَۃٍ وَاَسْتَغْفِرُہٗ
مِنْ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ وَاَسْاَلُہٗ مِنْ کُلِّ خَیْرٍ وَاَعُوْذُ بِہٖ مِنْ کُلِّ شَرٍّ اَللّٰهُمَّ اِنَّ
نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے یُرِیْدُ ظُلْمِیْ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
اَللّٰهُمَّ اَقْطَعْ وَابِرْہٗ اَللّٰهُمَّ اَعْفِ اَثَرَہٗ اَللّٰهُمَّ قَرِّبْ اَجَلَہٗ اَللّٰهُمَّ اَفْنِ
اَیَّامَہٗ اَللّٰهُمَّ عُمُرَہٗ اَللّٰهُمَّ عَجِّلْ هَلَاکَہٗ اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْ عَلَیْهِ رِجْزًا

ملاحظہ ہون احادیث مندرجہ حرف (د) و (و) مندرجہ نمبر ۳۹ باب سولہ اسرار نماز وسباب وجوب نماز

(۲۵) اذیت اور ذلت دینا مومن کو گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ وجناب مرزا اعلی اللہ مقامہ وغیرہ علما نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

(الف) خدائے تعالیٰ سورۂ بروج مین فرماتا ہی اِنَّ الَّذِیۡنَ فَتَنُوا الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ تا عَذَابُ الۡحَرِیۡقِ تحقیق جن لوگون نے اذیت دی ایماندار مردون اور ایماندار عورتون کو پھر توبہ نہین کی پس واسطے اُنکے عذاب دوزخ کا ہی اور اُنکے لئے عذاب آتش ہی

(ب) سورۂ احزاب مین مابین رکوع ۶ و ۷ کے فرماتا ہی وَالَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ تا مُبِیۡنًا یعنے اور جو لوگ ایذا دیتے ہین مومنین (یعنی ایماندار مردون کو) اور مومنات (یعنی ایماندار عورتون کو) بغیر اُس چیز کے کہ اُنھون نے بُرا کیا ہی پس تحقیق کہ اُنھون نے اُٹھایا بہتان اور گناہ ظاہر (یعنے سزائے آتش عذاب بہتان) پس واسطے اُنکے عذاب دوزخ کا ہی اور اُنکے لیئے عذاب آگ کا ہی

من مؤلف چونکہ ذلت کا دینا بھی داخل اذیت ہی لہذا اس آیہ مین داخل ہے

---

(۱۵۹) مِنَ السَّمَاءِ اَللّٰھُمَّ اَحِطۡ بِهٖ عَذَابَكَ عَاجِلًا اَذِبۡهُ یَارَبَّ الشَّیۡطَانِ وَالسُّلۡطَانِ وَاَرِهٖ عُقُوۡبَتَكَ وَانۡظُرۡ اِلَیۡهِ بِغَضَبِكَ وَحَرِّكۡ مِنۡهُ كُلَّ سَاكِنٍ وَسَكِّنۡ مِنۡهُ كُلَّ مُتَحَرِّكٍ وَاَرۡمِهٖ بِلَیۡلَةٍ لَا اُخۡتَ لَهَا وَبِیَوۡمٍ لَا اَخَ لَهٗ یَا نَاصِرَ الۡمَظۡلُوۡمِیۡنَ اِلٰهِیۡ اَنۡتَ قَادِرٌ حَلِیۡمٌ وَاَنَا فِیۡ شَانِ عَدُوِّیۡ ضَعِیۡفٌ فَلَا صَبۡرَ لِیۡ عَلٰی حِلۡمِكَ وَاَنَاتِكَ بعد اسکے سورہ الحاقہ پڑھے۔

(۲۸) جناب امام جعفر صادق ع سے روایت ہی کہ فرمایا آنحضرت ع نے کہ نفرین ہر ظالم پر نہ کرنا چاہیے کیونکہ نفرین کا بہت کرنیوالا بھی ظالمان پر ظالم ہوگا لیکن اگر محتاج ہووے پس غسل کرے اور دو رکعت نماز زیر آسمان بجالاوے بعد فراغ نماز کے کہے اَللّٰھُمَّ اِنَّ فُلَانًا ظَلَمَنِیۡ وَلَیۡسَ لِیۡ اَحَدٌ ... فَاسۡتَوۡفِ لِیۡ ظُلَامَتِی السَّاعَةَ السَّاعَةَ بِالۡاِسۡمِ

اور اذیّت اور ذلّت کا دینا بھی چونکہ متعلق بظلم ہی اور ظلم کے بارہ مین ملاحظہ ہون احادیث و آیات قرآنی مندرجۂ حرف (مت ۳۲) باب ہذا اور مومنین و مومنات کو اذیت کا دینا یا اُنپر ظلم کرنا نیز اور جو جو امور ایسے ہین کہ جن مین جناب ائمہ نے صراحت فرمادی ہی کہ یہ باعث ناخوشی و غضب پروردگار ہین اُنکا مرتکب ہونا گویا پروردگار کو اذیت کا دینا ہی اور اسکی سزا آتش جہنم ہی چنانچہ سورہ احزاب مین ماہین رکوع ۶ و ۷ کے باریتعالی فرماتا ہی اِنَّ الَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ اللّٰہَ تا عَذَابًا مُّہِیۡنًا یعنی تحقیق جو لوگ ایذا دیتے ہین اللہ کو اور اللہ کے رسول کو (پس) اُنپر دنیا و آخرت مین اللہ نے لعنت کی ہی اور اُنکے لیے عذاب (دوزخ) خوار کرنیوالا تیار کیا ہے۔

من مؤلف باریتعالی نے اپنی رحمت کاملہ سے جس طرح انسان کو اپنی درگاہ مین حکم سجدہ کا فرمایا کہ جسکی وجہ سے انسان کو یہ مرتبہ حاصل ہوا اسی طرح باریتعالی نے اپنے ساتھ احسان کرنیکا حکم دیا تا کہ انسان اس درجۂ اعلی سے بھی محروم نرہے۔ پس خدا کے ساتھ احسان کرنا گویا اُسکے نیک بندون کے ساتھ اور نیز اسکی تمام

---

۲۶ اَلَّذِیۡ سَالَکَ بِہِ الۡمُضۡطَرُّ فَکَشَفۡتَ مَا بِہٖ مِنۡ ضُرٍّ وَمَکَّنۡتَ لَہٗ فِی الۡاَرۡضِ فَاَسۡاَلُکَ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنۡ تَسۡتَوۡفِیَ لِیۡ ظُلَامَتِیۡ السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ۔

(۲۹) ایک مٹھی خاک ایسے مقام سے لیوے کہ جسپر آفتاب نہ پڑا ہو (یعنے آفتاب نادیدہ ہو) اُس خاک پر اس آیت کو پڑھکر روئے دشمن پر چھڑکے خدائے تعالی اُسکو مقہور و مخذول کرے۔
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ طٰسٓمّٓ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ لَعَلَّکَ بَاخِعٌ نَّفۡسَکَ اَلَّا یَکُوۡنُوۡا مُؤۡمِنِیۡنَ اِنۡ نَّشَاۡ نُنَزِّلۡ عَلَیۡہِمۡ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَۃً فَظَلَّتۡ اَعۡنَاقُہُمۡ لَہَا خٰضِعِیۡنَ۔

(۳۰) ایضاً خاک آفتاب نادیدہ پر اس آیہ کو پڑھے وَاِذَا رَاَیۡتَہُمۡ تُعۡجِبُکَ اَجۡسَامُہُمۡ وَاِنۡ یَّقُوۡلُوۡا تَسۡمَعۡ لِقَوۡلِہِمۡ کَاَنَّہُمۡ خُشُبٌ مُّسَنَّدَۃٌ

مخلوق مثل جانوران وغیرہ کے ساتھ احسان کا کرنا ہی اور جب خدا نے انسان کو اپنی
ذات مقدس پر احسان کرنیکا درجہ و ثواب عطا فرمایا تو اسی کے ساتھ اپنی ذات پاک کو
اذیت کے دینے کے اسباب مقرر فرماکر اسکی سزا آتش دوزخ مقرر فرمائی پس باریتعالی کی
ذات کو اذیت کا دینا گویا اُسکے نیک بندون اور نیز اُسکے تمام مخلوق کو اذیت کا دینا ہی
ورنہ ذات مقدس باریتعالی ایسی چیز نہین ہی جسکو کوئی شخص اذیت دے سکے یا اُسکے
ساتھ احسان کر سکے کیونکہ باریتعالی کو کوئی شخص دیکھ نہین سکتا اور جب دیکھ نہین سکتا
تو پھر بھلا اُسکو اذیت کیا پہونچا سکتا ہی اور کیا اُسکے ساتھ احسان کر سکتا ہی۔

حدیث خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ؑ نے کہ کوئی ورع
اور پرہیزگاری نافع نہین ہی اس امر سے کہ باز رہے ایذا رسانی سے۔

سخن مؤلف مومن ہو یا مسلم یا دیگر قوم کسیکو ایذا پہونچانا اچھا نہین ہی نتیجہ اسکا برا ہی

حدیث فرمایا جناب ائمہ علیہم السلام نے کہ خداتعالی فرماتا ہی کہ جو شخص میرے
بندہ کو ذلیل کرے مثل اسکے ہی کہ علانیہ جنگ کرے مجھ سے۔

الا یحسبون کل صیحۃ علیہم ہم العدو فاحذرہم قاتلہم اللہ انی
یؤفکون ٥ پس روئے دشمن پر اسطرح چھڑکے کہ وہ نہ دیکھے ایمن ہووے اُسکی شر سے
(۳۱) واسطے نفرین ظالم کے یہ کہے یا قاصم کل کاسرۃ و قاتل الجبابرۃ
اصبحت منذ لاک مقہورا فرق عدوی بینی و بین اولادی و عیالی
فبار آدی یوسف علی یعقوب و یا راد الرحمۃ علی ایوب فرج عنی الساعۃ الساعۃ
الساعۃ فانک حلیم ذو اناۃ و لا صبر لی علی حلمک و اناتک فرج عنی و عن
کل مومن و مومنۃ و لا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین فانہ
لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔
(۳۲) از کتاب مجتبی جناب سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ۔ جو دشمن مستحق عتاب

حدیث من اٰذیٰ مؤمناً بغیرِ حقٍ فکانّما ھدم الکعبۃ والمدینۃ والبیت المعمور ٥ یعنے جسنے ایذا دی کسی مومن کو بغیر کسی سبب کے تو اُسنے خانۂ کعبہ اور مدینہ اور بیت المعمور کو گرا دیا۔

حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو کوئی کسی مومن کو ملامت اور سرزنش کرے خدا تعالیٰ اُسکو دنیا و آخرت مین سرزنش و ملامت کریگا۔

حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ جو کوئی مومن کی نسبت ایسے امر کو روایت کرے کہ جو باعث خفت کا ہو آدمیونکی نگاہ مین پس خدا تعالیٰ اُس شخص کو اپنی ولایت سے باہر کرکے ولایت شیطان مین کرے اور شیطان بھی اُسکو قبول نکرے

حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو کوئی کسی مومن اپنی حکومت اور غلبہ سے ڈرائے بقصد ایذا رسانی کے تو جگہ اُس شخص کی جہنم مین ہوگی اور اگر ڈرائے اور ایذا بھی پہونچائے تو جہنم مین فرعون و آل فرعون کے ساتھ رہیگا حاکم کو مومن پر غصہ کرانا بھی داخل اذیت ہے۔

---

۴۶۲ دعذاب بارتیعالیٰ کا ہووے (یعنی وہ بلا وجہ دشمنی و عداوت رکھتا ہو) پس واسطے دفع ہونے اُسکے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ فِی کِتَابِکَ الْکَرِیْمِ فِی الْمُسْتَحِقِّیْنَ لِلْعَذَابِ الْاَلِیْمِ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ وَاِنَّ نام ظالم کا اور اُسکے باپ کا لیوے قَدْ سَعٰی فِی الْاَرْضِ بِالْفَسَادِ وَقَدْ مَنَعْنَا عَنْ اِقَامَۃِ الْحَدِّ عَلَیْهِ وَلَا مَانِعَ لَهٗ مِنْ ظُلْمِ نَفْسِهٖ وَظُلْمِ الْعِبَادِ وَمِنْ تَطْهِیْرِهٖ قَبْلَ یَوْمِ الْمَعَادِ اَللّٰھُمَّ وَاَنْتَ اَحَقُّ بِاِقَامَۃِ الْحَدِّ عَلَیْهِ فَعَجِّلْ لَهٗ مَا یَسْتَحِقُّهٗ بِالْفَسَادِ الَّذِیْ اَمَّهٗ عَلَیْهِ اَللّٰھُمَّ وَقَدْ قُلْتَ وَمَنْ بُغِیَ عَلَیْهِ لَیَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ وَقَدْ قُلْتَ وَلَا یَحِیْقُ

حدیث جامع الصالحین مین ہی کہ فرمایا ائمہ ہ نے کہ جو کوئی کسی حاکم کو کسی مومن پر غصہ کرائے اور اُس حاکم سے اُس مومن کو کچھ بہتری نہ ہو اور نہ اُس مومن کو ضرر پہونچے تو جزا اُسکی جہنم ہی اور اگر اُس حاکم سے اُس مومن کو ضرر پہونچے تو وہ شخص فرعون و آل فرعون کے ساتھ جہنم مین ہوگا۔

(ھب ۵۲) عداوت مومنون سے کرنا اور انکو ڈرانا

گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی (الف) خداتعالیٰ سورۂ حجرات مین مابین رکوع اول کے فرماتا ہی اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ تا تُرْحَمُوْنَ ۝ سوا اسکے نہین کہ مومن بھائی ہین پس اصلاح کرو درمیان اپنے بھائیون کے اور خوف کرو اللہ سے شاید کہ تم رحم کیے جاؤ۔ پس عداوت کرنا مومنین سے گناہ کبیرہ ہی اور اسیطرح ڈرانا بھی مومنین کو گناہ کبیرہ ہی کیونکہ یہ داخل ظلم ہی اور ظلم کے بارہ مین آیات قرآنی و احادیث نمبر (مب ۴۲) باب ہذا مین تحریر ہو چکے ہین حدیث فرمایا جناب امام رضا ؑ نے کہ جو کوئی شخص تلوار کھینچے واسطے ڈرانے

الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ وَقُلْتَ وَمَنْ نَكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ اَللّٰهُمَّ وَقَدِ اجْتَمَعَتْ فِيْ (فلان) مِثْلُ هٰذِهِ الصِّفَاتِ وَقَدْ اَحَاطَ بِهٖ حُكْمُ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ فَعَجِّلِ الْاٰنَ فِيْ فَصْلِ حُكْمِهَا وَقَضَائِهَا وَاِيْرَامِهَا وَاِمْضَائِهَا بِقُوَّتِكَ الْقَاهِرَةِ وَقُدْرَتِكَ الْبَاهِرَةِ وَجَعَلَهٗ عِبْرَةً فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

(۳۳) از متن منہاج جو کوئی آیۃ الکرسی کو تا وھو العلی العظیم نزدیک طلوع صبح صادق کے قبل اسکے کہ کسی سے بات کہے روبقبلہ ہو کر سات روز تک ہر روز گیارہ مرتبہ اس ترکیب سے پڑھے کہ یَعْلَمُ کہکر قصد ہلاکت دشمن کا کرے بعد اسکے کہے مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ تا آخر البتہ دشمن ہلاک ہووے یعنے مابین دوسم یَعْلَمُ مَا بَيْنَ کے بطریق مذکورہ قصد ہلاکت دشمن کا کرے یہ عمل مجربات صحیحہ سے ہی اور اگر واسطے محبت کے

کسی مؤمن کے پس البتہ خدا و رسول کے ساتھ جنگ کی۔

(لح) مسلمان کو ناحق مارنا گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ وغیرہ علمائے اسکو کبائرسے تحریر فرمایا ہی یہ بھی ایک قسم کا صریح ظلم ہی اور ظلم کے بارہ مین آیات قرآنی و احادیث نمبر (مب) باب ہذا مین تحریر ہو چکے ہین۔

حدیث از جال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ جو شخص طمانچہ مارے یا کوئی امر مکروہ اُسکی نسبت واقع کرے تو ملائکہ اُسپر لعنت کرتے ہین جبتک کہ اُس مؤمن کو راضی کرے اور توبہ استغفار نہ کرے اور خدائتعالیٰ بروز قیامت استخوان اُسکے جدا جدا کریگا۔

(لد) لڑائی اور جنگ مؤمن سے ناحق کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ و جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ وغیرہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی یہ فعل بھی داخل ظلم ہی اور ظلم کے بارہ مین آیات قرآنی و احادیث نمبر (مب) باب ہذا مین تحریر ہو چکے ہین۔

حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جنگ کرنا مؤمن کے ساتھ کفر ہی من مؤلف ہر ایک گناہ آپس مین بمقابلہ ارتکاب فعل کے بھی خفیف اور

---

۴۶۲ آیۃ الکرسی کو پڑھے تو بھی بوقت مذکورہ روبقبلہ ہوکر سات روز تک ہر روز گیارہ مرتبہ اس ترکیب سے پڑھے کہ یشفع کہکر اُس شخص کی محبت کو دل مین گذارے کو جسکی محبت کے واسطے پڑھتا ہی بعد اسکے عندہٗ تا آخر و ھو العلی العظیم پڑھے مجرب ہی بشرطا سکے کہ وہ مطلب حلال ہو نہ حرام۔

(۴۶۳) ایضاً واسطے فتحیابی بر اعدا و خوف سلاطین اور محفوظ رہنے بلاؤن سے یہ دعا جناب امیر ع سے منقول ہی بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ والحمد للہ بسم اللہ والشکر للہ بسم اللہ والمنۃ للہ بسم اللہ والقدرۃ للہ بسم اللہ والعظمۃ للہ بسم اللہ والھیبۃ للہ بسم اللہ والنعمۃ للہ بسم اللہ والبرکۃ للہ بسم اللہ والمجد للہ بسم اللہ والسلطان للہ

شدید ہی مثلاً ظلم کرنا بمقابلہ کافر کے مسلم پر سخت تر ہی اور اسیطرح بمقابلہ مسلم کے مومن پر ظلم کرنا سخت تر ہی اسیطرح بمقابلہ مومن کے علماء پر ظلم کرنا سخت تر ہی یہی کیفیت ہر گناہ کی ہی

(نمبر ۵۵) مومن کا حقیر جاننا گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ اور جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

حدیث از کتاب خصال خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا جناب امیر ع نے کہ جو شخص حقیر سمجھے مومن کو پس خدا یتعالے بہشت مین اوسکے ساتھ نرکھیگا مگر یہ کہ توبہ کرے۔

حدیث از عقاب الاعمال خلاصہ یہ کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ جو شخص حقیر سمجھے کسی مومن کو یا استخفاف کرے کسے مومن کا خدا یتعالے اوسکو حقیر کریگا اور ہمیشہ اوپر غضبناک رہیگا یہانتک کہ اس فعل کو ترک کرے اور توبہ کرے۔

(نمبر ۵۶) سرزنش کرنا مومن کو گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی یہ بھی ایک قسم کا ظلم ہی اور ظلم کے بارہ مین ملاحظہ ہون آیات قرآنی و احادیث مندرج حرف نمبر (ص ۴۲) باب ہذا۔

۴۶۵ بِسْمِ اللّٰہِ وَالْبُرْهَانُ لِلّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ وَالْبَقَاءُ لِلّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ وَالْعَطَاءُ لِلّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ وَالثَّنَاءُ لِلّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ وَدُنْيَایَ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَهْلِیْ وَاَوْلَادِیْ وَمَالِیْ وَعُمْرِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی مَا اَعْطَانِیْ رَبِّیْ اللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا اَللّٰہُ اَكْبَرُ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَیْطَانٍ رَجِیْمٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝

(۳۵) دعاے سیف کہ اسکو دعاے عینی بھی کہتے ہین۔ از مصباح کفعمی۔ کہ اس دعا کی نسبت ایک حدیث میری نظر سے گذری ہی یہ حدیث جناب امام حسین ع سے ہی خلاصہ اسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امام حسین ع نے کہ ایک بادشاہ یمن سے معہ چار ہزار آدمیون کے جناب امیر ع کی خدمت مین

(نز) عضو مومن کا ناحق قطع کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ علمانے کبائر سے تحریر فرمایا ہی یہ بھی متعلق ظلم ہی اور ظلم کے بارہ مین آیات قرآنی و احادیث نمبر (صـــ ۴۲) باب ہذا مین تحریر ہو چکے ہین۔

(نح) تجسّس کرنا عیوب حفیہ مومن کا یعنی عیب جوئی کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ و جناب علاّمہ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی

(الف) خدا تعالیٰ سورہ حجرات مین فرماتا ہی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا تا وَلَا تَجَسَّسُوْا یعنی اے وہ لوگ جو ایمان لائے بچو بہت سے گمانون سے تحقیق کہ بعض گمان (داخل) گناہ ہین اور مت تجسّس کرو عیب کا یعنے تجسّس نکرو لوگون کے اُون امور مخفی کا کہ جو تم پر مخفی ہین۔

حدیث از تفسیر منہج فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ خدا نے حرام کیا ہی مومن کا خون اور مال اور متاع اور اس بات کو کہ اُسکے حق مین گمان بد لیجاوے دوسری۔

حدیث مین وارد ہی کہ فرمایا جناب آنحضرتؐ نے کہ چھوڑ دو اُس چیز کو جسکو

---

۴۶۶ حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اے امیر المومنین ایک بادشاہ کہ جسکے پاس ستر ہزار سوار ہین ارادہ کرتا ہی کہ مجھکو ملک سے باہر کرے میرا ملک اور دولت لے لے مین نے خواب مین دیکھا کہ کسینے مجھ سے کہا کہ جناب امیرؑ کے پاس حاضر ہو وہ تجکو وہ دعا تعلیم کرین گے کہ جو دعا جناب رسولخداؐ نے اُنکو تعلیم کی ہی پس مین بعد اس خواب کے فوراً روانہ ہو کر آپ کی خدمت مین حاضر ہوا ہون پس مجکو دعا تعلیم فرمایئے حضرت نے یہ دعا اُسکو لکھکر دی اور وہ لیکر روانہ ہوا بعد اس حدیث کے جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ اس دعا کو دعائے یمینی بھی کہتے ہین جناب سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے رزاقہ صاحب متوکّل سے ذکر کیا ہی خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ متوکّل بہت دوست رکھتا تھا فتح بن خاقان کو پس اُسنے حکم دیا کہ جمیع اشراف اور وزرا وغیرہ فتح بن خاقان کے کو

خدا نے پوشید کیا ہی یعنے تجسس نکرو۔

(ب) سورہ نور مین مابین رکوع ۱ و ۲۔ کے خدائے تعالےٰ فرماتا ہی اِنَّ الَّذِیْنَ یُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِیْعَ الْفَاحِشَۃُ فِی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ بدرستیکہ جو لوگ چاہتے ہین کہ اعمال ناشایستہ لوگون کے ظاہر ہون اُنکے لئے عذاب الیم ہی

حدیث از عقاب الاعمال فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جستجو نکرو عیبہائے مومن کی واسطے کہ جو شخص مومنین کے عیب کو ڈھونڈتا ہی اُسکے عیب کو خدا ڈھونڈتا ہی اور جسکے عیب کو خدا ڈھونڈیگا وہ رُسوا ہوگا اگرچہ گھر مین ہو۔

حدیث از آمالی خلاصہ اوسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ خداوند عالم فرماتا ہی کہ حرام کیا مین نے بہشت کو اوس شخص پر کہ جو عیب جوئی کرے۔

(ط) گمان بد کرنا مومن پر گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ وغیرہ علمانے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

(الف) خدا تعالیٰ سورہ حجرات مین فرماتا ہی یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا

دوسرا شخص سواری پر نہ چلے پس جمیع اشراف اور وزرا وغیرہ نے بموجب حکم متوکل کے تعمیل کی اور جناب ہادی علیہ السلام بھی پیادہ چلے اُس دن گرمی سخت تھی پس تھوڑی دور جاکر متوکل پیادہ ہوا اور حکم کیا کہ جمیع لوگ اپنے اپنے مکانات کو واپس ہون اور سواری مین اودین جناب ہادی علیہ السلام کے لئے اونٹ لایا گیا آنحضرت اوسپر سوار ہوکر دولت خانہ کو واپس ہوئے زراقہ کہتا ہی کہ جناب ہادی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ اے زراقہ قسم خدا کی تین دن سے زیادہ متوکل زندہ نرہیگا ہلاک ہو جائیگا۔ پس ایسا ہی ہوا زراقہ کہتا ہی کہ اوسدن بسبب گرمی کے مجکو مشقت اور تکلیف بہت ہوئی پس مین نے اس دعا کو پڑھا زراقہ کہتا ہی کہ مین نے عرض کیا کہ مجھکو بھی تعلیم فرمائی حضرت نے مجکو بھی فرمائی من مؤلف دعائے سیف برائے ہلاکت اعدا و دفع دشمن کے مجربات صحیحہ سے ہی میری آزمودہ ہی

مِنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ یعنے اے گروہ مومنین پرہیز کرو بہت سے گمانون سے کہ بعض گمان داخل گناہ ہین۔

حدیث از تفسیر منہج خلاصہ اوسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ حرام کیا ہی خدائتعالی نے اسبات کو کہ مومن کے حق مین گمان بد لیجاو۔

حدیث از تفسیر عیاشی۔ سلیمان ابن عبد اللہ سے مروی ہی کہ مین بخدمت جناب امام موسی کاظمؑ حاضر تھا کہ لوگ ایک عورت کو لائے کہ صورت اُسکی پشت کی طرف پھر گئی تھی پھر حضرت نے دست راست اوسکا اپنی بغل کے نیچے اور دوسرا ہاتھ اوسکے سر کے نیچے رکھکر اُسکے چہرہ کو سیدھی جانب پھیر دیا فرمایا کہ خدائتعالی نے جس قوم کو جو کچھ دیا اوسمین تغیر نہین کرتا ہی جب تک وہ تغیر ندین جو کچھ کہ اُنکے پاس ہی پس چہرہ اُسکا اصلی حالت پر ہوگیا فرمایا حضرت نے کہ خوف کر تو اُس کام سے کہ جسکو تو نے کیا لوگون نے عرض کیا کہ یا ابن رسول اللہ کیا کام اسنے کیا تھا فرمایا قابل چھپانیکے ہی مگر یہ کہ وہ خود بیان کرے پس اوس عورت سے دریافت کیا اُسنے کہا کہ میرے شوہر کے پاس ایک عورت ...

۴۶۹ اسکو بعد نماز صبح کے قبل طلوع آفتاب پڑھے۔ یا بعد نماز شب کے پڑھے مجرب ہی دشمن ہلاک ہو جائیگا یا ذلیل و خوار ہوگا اور اس لائق نہ رہیگا کہ جو ضرر پہونچا سکے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْمُتَعَزِّزُ بِالْكِبْرِيَاءِ الْمُتَفَرِّدُ بِالْبَقَاءِ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ الْمُقْتَدِرُ الْقَهَّارُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنَا عَبْدُكَ وَ اَنْتَ رَبِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَ اعْتَرَفْتُ بِاَسَائَتِیْ وَاسْتَغْفِرُ اِلَيْكَ مِنْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ (نام دشمن کا اور اُسکے باپ کا) عَبْدٌ مِنْ عَبِيْدِكَ نَوَاصِيْنَا بِيَدِكَ تَعْلَمُ مُسْتَقَرَّنَا وَ مُسْتَوْدَعَنَا وَ تَعْلَمُ مُنْقَلَبَنَا وَ مَثْوَانَا وَ سِرَّنَا وَ عَلَانِيَتَنَا وَ تَطَّلِعُ عَلٰى نِيَّاتِنَا وَ مُحِيْطٌ بِضَمَائِرِنَا عِلْمُكَ بِمَا نُبْدِيْهِ كَعِلْمِكَ بِمَا نُخْفِيْهِ وَ مَعْرِفَتُكَ بِمَا نُبْطِنُهٗ كَمَعْرِفَتِكَ ...

مین نماز کو اُٹھی میرا گمان ہوا کہ میرا شوہر اُس عورت کے پاس ہی پس جب مین نے دیکھا
تو وہ بیٹھی ہوئی تھی اور شوہر میرا اُسکے پاس نہ تھا۔
حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ پرہیز کرو گمان بد لیجانے سے لوگون پر
اسلئے کہ گمان بد بدترین دروغ ہی۔
(**سی**) توڑنا عہد کا گناہ کبیرہ ہی یعنے کوئی چیز اپنے اُپر بصیغہ عہد یا نذر یا قسم کے
واجب کی ہو پس اگر اُسکے خلاف کرے تو یہ اعظم کبائر سے ہی مثلاً عہد یا نذر کی کہ فلان
حاجت بر آئیگی تو ایک مومن کو کھانا کھلائینگے پس اگر اُس حاجت کے بر آنیکے بعد اُس اپنے
عہد یا نذر کو پورا نکرے تو یہ گناہ کبیرہ ہی جناب علّامہ مجلسی علیہ الرحمہ و جناب مرزا
اعلی اللہ مقامہ وغیرہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔
(**الف**) خدا تعالیٰ سورۂ رعد مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہی وَالَّذِيْنَ
يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ تا سُوْءُ الدَّارِ یعنے جو لوگ کہ توڑ ڈالتے ہین عہد اللہ کا
بعد مضبوطی کے اور قطع کرتے ہین اُسکو کہ جسکا حکم اللہ نے کیا ہی کہ صلہ رحم نہین کرتے

۴۶۹ بِمَا نُظْهِرُهٗ وَلَا يَنْطَوِيْ عَنْكَ شَيْءٌ مِنْ اُمُوْرِنَا وَلَا يَسْتَتِرُ دُوْنَكَ
حَالٌ مِنْ اَحْوَالِنَا وَلَا لَنَا مِنْكَ مَعْقِلٌ يُحَصِّنُنَا وَلَا حِرْزٌ يُحْرِزُنَا وَلَا مَهْرَبٌ
يَفُوْتُكَ مِنَّا وَلَا يَمْتَنِعُ الظَّالِمُ مِنْكَ بِسُلْطَانِهٖ وَلَا يُجَاهِدُكَ عَنْهُ جُنُوْدُهٗ
وَلَا يُغَالِبُكَ مُغَالِبٌ بِمَنْعَةٍ وَلَا يُعَازُّكَ مُتَعَزِّزٌ بِكَثْرَةٍ اَنْتَ مُدْرِكُهٗ
اَيْنَمَا سَلَكَ وَقَادِرٌ عَلَيْهِ اَيْنَ لَجَا فَمَعَاذُ الْمَظْلُوْمِ مِنَّا بِكَ وَتَوَكُّلُ الْمَقْهُوْرِ
مِنَّا عَلَيْكَ وَرُجُوْعُهٗ اِلَيْكَ وَيَسْتَغِيْثُ بِكَ اِذَا خَذَلَهُ الْمُغِيْثُ وَيَسْتَصْرِخُكَ
اِذَا خَذَلَهُ النَّصِيْرُ وَيَلُوْذُ بِكَ اِذَا نَفَتْهُ الْاَفْنِيَةُ وَيَطْرُقُ بَابَكَ اِذَا اُغْلِقَتْ
دُوْنَهُ الْاَبْوَابُ الْمُرْتَجَةُ وَيَصِلُ اِلَيْكَ اِذَا احْتَجَبَتْ عَنْهُ الْمُلُوْكُ الْغَافِلَةُ تَعْلَمُ
مَا حَلَّ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَشْكُوْهُ اِلَيْكَ وَتَعْرِفُ مَا يُصْلِحُهٗ قَبْلَ اَنْ يَدْعُوْكَ

اور فساد کرتے ہین زمین مین اُن لوگون پر لعنت ہی اور برا گھر ہی (یعنی دوزخ)

(ب) خدا تعالیٰ سورہ بقر مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہی اَلَّذِیْنَ یَنْقُضُوْنَ عَھْدَ اللّٰہِ مِنْ بَعْدِ مِیْثَاقِہٖ تا آخر آیہ یعنے جو لوگ کہ توڑ ڈالتے ہین عہد خدا کا بعد مضبوط کرنے کے یہ لوگ نقصان پانیوالے ہین۔

(ج) سورہ نحل مین مابین رکوع ۱۲ و ۱۳ کے خدا تعالیٰ فرماتا ہی اَوْفُوْا بِعَھْدِ اللّٰہِ اِذَا عَاھَدْتُّمْ اور پورا کرو تم عہد اللہ کا جسوقت کہ عہد کرو تم یعنے بعد عہد کرنے کے اُس عہد کو پورا کرو)

(د) سورہ نحل مین مابین رکوع ۱۲ و ۱۳ کے خدا تعالیٰ فرماتا ہی وَلَا تَنْقُضُوا الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِھَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰہَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلًا (اور مت توڑو عہد کو بعد مضبوط کرنے کے اور تحقیق تمنے اللہ کو اُپر اپنے ضامن کیا ہی۔

(۳۶) خلاف وعدہ کرنا انسان سے گناہ کبیرہ ہی جناب علّامہ مجلسی علیہ الرحمہ وجناب مرزا اعلی اللہ مقامہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

لہ فلک الحمد سمیعًا بصیرًا علیمًا لطیفًا قدیرًا اللّٰھم انّہ قد کان فی سابق علمک و محکم قضائک و جاری قدرک و نافذ حکمک و ماضی مشیتک فی خلقک اجمعین سعیدھم و شقیّھم و فاجرھم و برّھم ان جعلت (نام دشمن کا اور اُسکے باپ کا لیوے) علیّ قدرۃ فظلمنی بھا و بغی علیّ بمکانھا واستطال و تعزّز علیّ بسلطانہ الذی خوّلتہ ایّاہ تجبّر علیّ و افتخر بعلوّ حالہ الذی جعلتہا لہ وغرّہ املاءک لہ و اطغاہ حلمک عنہ فقصدنی بمکروہ عجزت عن الصبر علیہ و تعمّدنی بشرّ ضعفت عن احتمالہ ولم اقدر علی الاستنصاف منہ لضعفی و لا الانتصار منہ لقلّتی و ذلّی فوکلتہ الیک و توکلت فی امرہ علیک و توعّدتہ بعقوبتک و حذّرتہ

(الف) خدائتعالی سورہ مائدہ مین فرماتا ہی یا ایہا الذین امنوا اوفوا بالعقود یعنے اے وہ لوگ جو ایمان لائے پورا کرو عہدون کو (یعنے جس شخص سے جو عہد اور وعدہ کرو اسکو پورا کرو)

(ب) سورہ صف مین ہی یا ایہا الذین امنوا لما تقولون ما لا تفعلون ۝ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر اس آیہ کی اس طرح تحریر فرماتے ہین کہ یا ایہا الذین امنوا اے وہ گروہ جو ایمان لائے لما تقولون ما لا تفعلون کیون کہتے ہو وہ بات جسکو عمل مین نہین لاتے یعنے جس فعل کا کرنا منظور نہین ہی اوسکو زبان سے کیون کہتے ہو کبر مقتا عند اللہ بہت بزرگ ہی یہ امر خدا کے نزدیک از روے غیظ و غضب کے وان تقولوا ما لا تفعلون ۝ یہ کہ کہو اس امر کو جسکو نکرو تم۔ اکثر علما کے نزدیک یہ آیہ عام ہی منہ مؤلفہ اس آیہ کے حکم مین وہ سب فعل بھی داخل ہین کہ جسکو زبان سے کہا جائے اور نہ کرے یعنے کسی شخص سے کہا جائے کہ ہمنے

---

(۴۷) سطوتک وخوفۃ نقمتک فظن ان حلمک عنہ من ضعف وحسب ان املاءک لہ من عجز لم تنہہ واحدۃ عن اخری ولا انزجر عن ثانیۃ باولی ولکن تمادی فی غیہ وتتابع فی ظلمہ ولج فی عدوانہ واستشری فی طغیانہ جراۃ علیک یا سیدی وتعرضا لسخطک الذی لا تردہ عن الظالمین وقلۃ اکتراث بباسک الذی لا تحبسہ عن الباغین فہا انا ذا یا سیدی مستضعف فی یدیہ مستضام تحت سلطانہ مستذل بعقابہ مغلوب مبغی علیہ مقصود وجل خائف مروع مقہور قد قل صبری وضاقت حیلتی وانغلقت علی المذاہب الا الیک وانسدت علی الجہات والتبست علی امور [illegible] فی ازالۃ ظلمہ

آپ کی نسبت سعی کی حالانکہ نہین کی یا مثلاً کسی شخص نے روزہ نہین رکھا اور کہے کہ مین نے روزہ رکھا ہی بس وہ کل فعل کہ جنکو نہین کیا ہی یا نہین کرتا ہی اُنکی نسبت کہے کہ مین نے کیا ہی یا کرتا ہون اس آیہ مین داخل ہین۔

حدیث از تفسیر منہج کہ شب معراج مین جناب رسولخدا[ص] نے دیکھا کہ ایسے شخصون کے ہونٹون کو مقراض آتشین سے کترر ہے ہین (کہ جنھون نے جس فعل کے لئے زبان سے کہا مگر اصل مین نہین کیا)۔

حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق[ع] نے کہ تین چیزین ہین حق تعالے نے کسی حال مین اُنکی اجازت نہین دی اوّل ندینا امانت کا خواہ بدکار کی ہو خواہ نیکوکار کی دوم وفا اپنے عہد و پیمان پر نکرنا خواہ نیک شخص سے ہو خواہ بدشخص سے سوم مان باپ کے ساتھ نیکی نکرنا خواہ نیکوکار ہون خواہ بدکار ہون۔

حدیث از حق الیقین خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا جناب رسولخدا[ص] نے کہ تین خصلتین جس شخص مین ہون وہ منافق ہی ہر چند کہ روزہ و نماز ادا کرتا ہو اور دعویٰ اسلام کا کرتا ہو

٢٦٣ وَخُذْ لِي مِنِ اسْتَنْصَرْتُهُ مِنْ عِبَادِكَ وَاَسْلَمَنِي مَنْ تَعَلَّقْتُ بِهٖ مِنْ خَلْقِكَ طُرًّا وَاسْتَشَرْتُ نَصِيحِي فَاَشَارَ عَلَيَّ بِالرَّغْبَةِ اِلَيْكَ وَاسْتَرْشَدْتُ دَلِيلِي فَلَمْ يَدُلَّنِي اِلَّا عَلَيْكَ فَرَجَعْتُ اِلَيْكَ يَا مَوْلَايَ صَاغِرًا رَاغِمًا مُسْتَكِينًا عَالِمًا اَنَّهُ لَا فَرَجَ لِي اِلَّا عِنْدَكَ وَلَا خَلَاصَ لِي اِلَّا بِكَ اَنْتَجِزُ وَعْدَكَ فِي نُصْرَتِي وَاِجَابَةِ دُعَائِي فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ الَّذِي لَا يُرَدُّ وَلَا يُبَدَّلُ وَلَا يُغَيَّرُ وَمَنْ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ وَقُلْتَ جَلَّ جَلَالُكَ وَتَقَدَّسَتْ اَسْمَاؤُكَ اُدْعُونِي اَسْتَجِبْ لَكُمْ وَاَنَا فَاعِلٌ مَا اَمَرْتَنِي بِهٖ لَا مَنًّا عَلَيْكَ وَكَيْفَ اَمُنُّ بِهٖ وَاَنْتَ عَلَيْهِ دَلَلْتَنِي فَاسْتَجِبْ لِي كَمَا وَعَدْتَنِي يَا مَنْ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ وَاِنِّي لَاَعْلَمُ يَا سَيِّدِي اَنَّ لَكَ يَوْمًا تَنْتَقِمُ فِيهِ مِنَ الظَّالِمِ لِلْمَظْلُومِ

اول وہ شخص کہ جو امانت مین خیانت کرے دوئم وہ شخص جو جھوٹ بولے سوئم وہ
شخص جو خلاف وعدہ کے کرے۔

(سبت) قطع رحم کرنا۔ گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی وجناب علامہ مجلسی رضوان اللہ
علیہم نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی بس قطع رحم کرنا یعنے اپنے عزیزون کے ساتھ سلوک نکرنا
گناہ کبیرہ ہی۔

(الف) خدا تعالیٰ سورہ رعد مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہی وَالَّذِيْنَ
يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ
اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ
اور جو لوگ خدا کے عہد کو توڑتے ہین بعد مضبوط کرنے کے اور قطع کرتے ہین اُسکو
(یعنے صلہ رحم کو) کہ جسکا حکم اللہ نے کیا ہی کہ صلہ رحم نہین کرتے اور فساد کرتے ہین
زمین مین اُنپر لعنت ہی اور اُنکے لئے برا گھر ہی (یعنے دوزخ ہی)۔

حدیث فرمایا جناب امام محمد باقر ع نے کہ جس شخص مین تین خصلتین ہون گی

وَاَيْقَنَ اَنَّ لَكَ وَقْتًا تَاْخُذُ فِيْهِ مِنَ الْغَاصِبِ لِلْمَغْصُوْبِ لِاَنَّكَ
لَا يَسْبِقُكَ مُعَانِدٌ وَلَا يَخْرُجُ عَنْ قَبْضَتِكَ مُنَابِذٌ وَلَا تَخَافُ فَوْتَ
فَائِتٍ وَلٰكِنْ جَزَعِيْ وَهَلَعِيْ لَا يَبْلُغَانِ بِيَ الصَّبْرَ عَلٰى اَنَاتِكَ وَانْتِظَارِ
حِلْمِكَ فَقُدْرَتُكَ فَوْقَ كُلِّ قُدْرَةٍ وَسُلْطَانُكَ غَالِبٌ عَلٰى كُلِّ سُلْطَانٍ
وَمَعَادُ كُلِّ اَحَدٍ اِلَيْكَ وَاِنْ اَمْهَلْتَهٗ وَرُجُوْعُ كُلِّ ظَالِمٍ اِلَيْكَ وَاِنْ
اَنْظَرْتَهٗ وَاَضَرَّنِيْ يَارَبِّ حِلْمُكَ عَنْ نام دشمن کا اور اُسکے باپ کا لیوے
وَطُوْلُ اَنَاتِكَ لَهٗ وَاِمْهَالُكَ اِيَّاهُ وَكَادَ الْقُنُوْطُ يَسْتَوْلِيْ عَلَيَّ لَوْلَا الثِّقَةُ
بِكَ وَالْيَقِيْنُ بِوَعْدِكَ فَاِنْ كَانَ فِيْ قَضَائِكَ النَّافِذِ وَقُدْرَتِكَ الْمَاضِيَةِ
اَنْ يُّنِيْبَ اَوْ يَتُوْبَ اَوْ يَرْجِعَ عَنْ ظُلْمِيْ اَوْ يَكُفَّ مَكْرُوْهَهٗ عَنِّيْ وَيَنْتَقِلَ عَنْ

وہ نہ مریگا تا انیکہ وبال اُسکا (یعنے سزا اُسکی) دنیا مین نہ دیکھ لیوے اوّل ظلم کرنا دوسرے قطع رحم کرنا۔ تیسرے جھوٹی قسم کھانا۔

حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے صِلُوا اَرحَامَکُم کہ صلہ کرو اپنے عزیزوں اقارب سے اور جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ تحریر فرماتے ہین کہ حدیث مین آیا ہی کہ صلہ رحم کرنا باعث زیادتی عمر کا ہوتا ہی اور قطع رحم کرنا باعث کوتاہی عمر کا ہوتا ہی۔

حدیث از کافی۔ فرمایا جناب امیرعؑ نے کہ پناہ مانگتا ہون مین اُن گناہون سے کہ جو تعجیل کرتے ہین فنا مین (یعنے موت کے آنے مین) پس عبداللہ بن کوا کھڑا ہوا اور عرض کیا کہ وہ کونسا گناہ ہی کہ جو فنا مین تعجیل کرتا ہی فرمایا حضرت نے کہ قطع رحم کرنا۔ من مولف جسطرح قطع رحم کرنیکا برا نتیجہ دنیا مین بھی ملتا ہی اُسیطرح صلہ رحم کرنیکا فائدہ بھی بہت جلد دنیا مین خدا تعالی عطا فرماتا ہی مثل زیادتی عمر و ترقی رزق وغیرہ کے (سیجی) آب مباح سے لوگون کو منع کرنا گناہ کبیرہ ہی یہ بھی ظلم مین داخل ہی اس سبب سے کہ اُسکو اُسکے حق سے باز رکھتا ہی اور اُسکے حق مین ظلم کرتا ہی جناب علامہ مجلسی

عظیم مَا ارتکب مِنی فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَوقِع ذٰلِکَ فِی قَلبِہٖ السَّاعَۃَ قَبلَ اِزَالَتِ نِعمَتِکَ الَّتِی اَنعَمتَ بِھَا عَلَیَّ وَتَلدِیرِہٖ مَعرُوفَکَ الَّذِی صَنَعتَہٗ عِندِی وَاِن کَانَ فِی عِلمِکَ بِہٖ غَیرُ ذٰلِکَ مِن مَقَامِہٖ عَلٰی ظُلمِی فَاَسئَلُکَ یَا نَاصِرَالمَظلُومِ المَبغِیِّ عَلَیہِ اِجَابَۃَ دَعوَتِی فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَخُذہُ مِن مَامَنِہٖ اَخذَ عَزِیزٍ مُقتَدِرٍ وَافجَاہُ فِی غَفلَتِہٖ مُفَاجَاۃَ مَلِیکٍ مُنتَصِرٍ وَاسلُبہُ نِعمَتَہٗ وَسُلطَانَہٗ وَفُلَّ عَنہُ جُنُودَہٗ وَاَعوَانَہٗ وَمَزِّق مُلکَہٗ کُلَّ مُمَزَّقٍ وَفَرِّق اَنصَارَہٗ کُلَّ مُفَرَّقٍ وَاَعرِہٖ مِن نِعمَتِکَ الَّتِی لَم یُقَابِلھَا بِالشُّکرِ وَانزِع عَنہُ سِربَالَ عِزِّکَ الَّذِی لَم یُجَازِہٖ بِالاِحسَانِ وَاقصِمہُ الجَبَّارِیْنَ وَاَھلِکہُ یَا مُھلِکَ

علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی دربارہ ظلم آیات قرآنی و احادیث نمبر (۴۲)
باب ہذا مین تحریر ہو چکے ہین۔
(۶۴) شارع عام کو بند کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو
کبائر سے تحریر فرمایا ہی یہ گناہ بھی متعلق ظلم ہی اس سبب سے کہ جب شارع عام ہی تو اسپر
عام لوگون کو چلنے کا حق حاصل ہی اور جب اسنے اسکو بند کیا تو گویا انکو انکے حق سے
روکا پس ظلم کیا اور ظلم کے بارہ مین آیات قرانی و احادیث نمبر (۴۲ مب)
باب ہذا مین تحریر ہو چکے ہین۔
(۶۵) قطع الطریق۔ یعنے راہ چلتے لوگون کو لوٹنا اور انکا راستہ بند کرنا
گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ و جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ نے اسکو
کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔
حل سرقہ بالجبر کے یعنے جبر اور زبردستی حربہ کے ذریعہ سے راستہ مین لوٹ لے
بشرطیکہ قتل نہین کرے تو ہاتھ اسکے قطع کئے جائین گے اور اگر تلوار یا کسی حربہ سے

(۴۲۵) القُرُونِ الخالِیَۃِ وَاَبُوہُ یا مُبِیرَ الاُمَمِ الظَّالِمَۃِ وَاخذُلہُ یا خاذِلَ
الفِرَقِ الباغِیَۃِ وَابتُر عُمُرَہُ وَابتَزَّ مُلکَہُ وَعَفِّ اَثَرَہُ وَاقطَع خَبَرَہُ وَاَطفِ
نارَہُ وَاَظلِم نَہارَہُ وَکَوِّر شَمسَہُ وَاَزهِق نَفسَہُ وَاَهشِم شِدَّتَہُ
وَجُبَّ سِنامَہُ وَاَرغِم اَنفَہُ وَعَجِّل حَتفَہُ وَلا تَدَع لَہُ جُنَّۃً اِلّا اَہلَکتَہا
وَلا دِعامَۃً اِلّا قَصَمتَہا وَلا کَلِمَۃً مُجتَمِعَۃً اِلّا فَرَّقتَہا وَلا قائِمَۃَ
عُلُوٍّ اِلّا وَضَعتَہا وَلا رُکناً اِلّا وَهَنتَہُ وَلا سَبَباً اِلّا قَطَعتَہُ وَاَرِہِ اَنصارَہُ
وَجُندَہُ عَبادِیدَ بَعدَ الاُلفَۃِ وَشَتّی بَعدَ اجتِماعِ الکَلِمَۃِ وَمُقنِعِی الرُّؤُسِ
بَعدَ الظُّہُورِ عَلَی الاُمَّۃِ وَاشفِ بِزَوالِ اَمرِہِ القُلُوبَ المُنقَلِبَۃَ الوَجِلَۃَ
وَالاَفئِدَۃَ اللَّہِفَۃَ وَالاُمَّۃَ المُتَحَیِّرَۃَ وَالبَرِیَّۃَ الضّائِعَۃَ ق ۲ خ

ڈرایا مگر مال نہین لینے پایا تو جزا اسکی یہ ہو کہ شہر سے نکالدیا جائیگا اور اگر اُسنے صاحب مال کو قتل کیا اور مال نہین لیا تو ملزم قتل کیا جائیگا اور اگر اوسنے صاحب مال کو قتل کیا اور مال بھی لے لیا تو قتل کیا جائیگا اور سولی بھی دیا جائیگا قطاع الطریق اکبر کبائر سے ہو خدا تعالی نے اسکو حکم محاربہ و جنگ مین ساتھ خدا و رسول ؐ کے قرار دیا ہو۔

(الف) سورہ اعراف مین ما بین رکوع ۱۰ و ۱۱ کے خدا تعالی فرماتا ہو وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ تا عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ اور تم جو ہر ایک رستے پر (بیٹھ کر) اوس شخص کو جو خدا پر ایمان لاتا ہو ڈراتے[علہ] اور خدا کے رستے (پر چلنے) سے (اُسکو) رُوکتے اور راہ خدا مین کجی پیدا کرنیکے درپے رہتے ہو اب (اس طرح) نہ بیٹھا کرو (اور خدا کا وہ احسان) یاد کرو کہ جب تم (شمار مین) کم تھے پھر خدا نے (تمھاری نسل مین برکت دے کر) تمکو (گروہ) کثیر کر دیا اور اسباب پر بھی نظر کرو کہ مفسدون کا

علہ ڈراتے یعنے مال لوٹنے کے لیے جھپتے ہو جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ نے تفسیر منہج مین توعدون کے معنے مال لوٹنے کے تحریر فرمائے ہین۔

۴۲۶ بِكَرَاهَةِ الْحُدُوْدِ الْمُعَطَّلَةِ وَالْاَحْكَامِ الْمُهْمَلَةِ وَالسُّنَنِ الدَّاثِرَةِ وَالْمَعَالِمِ الْمُغَيَّرَةِ وَالْاٰيَاتِ الْمُحَرَّفَةِ وَالْمَدَارِسِ الْمَهْجُوْرَةِ وَالْمَحَارِيْبِ الْمَجْفُوَّةِ وَالْمَسَاجِدِ الْمَهْدُوْمَةِ وَاَشْبِعْ بِهِ الْخِمَاصَ السَّابِغَةَ وَاَرْوِ بِهِ اللَّهَوَاتِ اللَّاغِبَةَ وَالْاَكْبَادَ الظَّامِئَةَ وَاَرِحْ بِهِ الْاَقْدَامَ الْمُتْعَبَةَ وَاطْرُقْهُ بِلَيْلَةٍ لَا اُخْتَ لَهَا وَسَاعَةٍ لَا اِسْتِشْفَاءَ مِنْهَا وَبِنَكْبَةٍ لَا انْتِعَاشَ مَعَهَا وَبِعَثْرَةٍ لَا اِقَالَةَ مِنْهَا وَاَبِحْ حَرِيْمَهُ وَنَغِّصْ نِعْمَتَهُ وَاَرِهِ بَطْشَتَكَ الْكُبْرٰى وَنَقِمَتَكَ الْمُثْلٰى وَقُدْرَتَكَ الَّتِيْ هِيَ فَوْقَ كُلِّ قُدْرَةٍ وَسُلْطَانَكَ الَّذِيْ هُوَ اَعَزُّ مِنْ سُلْطَانِهِ وَاَغْلِبْهُ لِيْ بِقُوَّتِكَ الْقَوِيَّةِ وَمِحَالِكَ الشَّدِيْدِ وَامْنَعْنِيْ بِصُنْعِكَ الَّتِيْ كُلُّ خَلْقٍ فِيْهَا ذَلِيْلٌ وَابْتَلِهِ

انجام کیسا ہوا ہی (یعنے قوم نوح اور قوم عاد اور قوم ثمود سب غارت کیئے گئے۔

(ستو) فتنہ و فساد برپا کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ و جناب مرزا علی اللہ مقامہ وغیرہ علما نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی اور خدا تعالی نے اسکو قتل سے بزرگ تر قرار دیا ہی اس سبب سے کہ یہ فعل باعث خونریزی و خرابیون کا ہوتا ہی چنانچہ۔

(الف) سورۂ بقر مین مابین رکوع ۲۳ و ۲۴ کے خدا تعالی فرماتا ہی وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ یعنے اور فتنہ سخت تر ہی قتل سے۔

(ب) سورۂ بقر مین مابین رکوع ۲۶ و ۲۷ کے ہی وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ اور فتنہ بڑا ہی قتل سے۔

(ج) سورہ مائدہ مین فرماتا ہی وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ اور اللہ دوست نہین رکھتا فساد کرنے والون کو۔

(د) سورۂ بقر مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے ہی وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ

سُہ يفقر لا تحجزہ و يسوء لا تسترہ وكلہ الى نفسہ فيما يريد انك فعال لما تريد وابرہ من حولك و قوتك واحوجہ الى حولہ و قوتہ وذل مكرہ بمكرك وادفع مشيتہ بمشيتك واسقم جسدہ و ايتم ولدہ وانقص اجلہ وخيب املہ وازل دولتہ واطل عولتہ واجعل شغلہ في بدنہ ولا تفكہ من حزنہ وصير كيدہ في ضلال وامرہ الى زوال ونعمتہ الى انتقال وجدہ في سفال وسلطانہ في اضمحلال وعاقبتہ امرہ الى شر حال وامتہ بغيظہ اذا امتہ وابقہ لحزنہ ان ابقيتہ وقني شرہ وهمزہ ولمزہ وسطوتہ وعداوتہ والمحہ لمحۃ تدمر بہا عليہ فانك اشد باسا واشد تنكيلا

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ اور فساد کرتے ہین زمین پر یہ لوگ نقصان پانے والے ہین۔

(ھ) سورہ اعراف مین مابین رکوع ۹و۱۰ کے خدا تعالیٰ فرماتا ہی وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ اور نہ پھرو زمین پر فساد کنندہ۔ اور بھی سورۂ اعراف مین ہی وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا اور فساد نکرو زمین مین بعد اوسکی اصلاح کے۔

(سؔز) [۶۷] گالی دینا اور فحش بات کا کہنا گناہ کبیرہ ہی جناب علّامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی اور اگر کوئی گالی کسی پیغمبر یا آئمہ کو دے تو جزا اسکی قتل ہی۔

(الف) خدا تعالیٰ سورۂ بقر مین مابین رکوع ۹و۱۰ کے فرماتا ہی وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا یعنے کہو تم واسطے آدمیون کے اچھا کلام (نہ کلام فحش)۔ احادیث مین آیا ہی اور کسی شخص سے مثل حرام زادہ یا نطفہ حرام یا شراب خوار یا قمار باز وغیرہ کے کہنا بھی حرام ہی یہ لقب برے ہین خدا تعالیٰ سورہ حجرات مین فرماتا ہی مابین رکوع ۱و۲ کے وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ اور نہ پکارو برے لقبون کے

حدیث از مَنْ لَا یَحْضُرُهُ الْفَقِیْهِ فرمایا جناب رسول خدا

[۴۷۸] اگر اس دعا کے اعداد نکالکر اور اُسکا نقش مربع چہار در چہار تحریر کرکے پڑھنے کے اپنے پاس رکھے تو اثر بہت جلد ہوتا ہی نقش دعاے سیفی کا یہ ہی۔

۴۸۶

۱۹۱۴۷۶	۱۹۱۴۸۹	۱۹۱۴۸۶	۱۹۱۴۸۳
۱۹۱۴۸۴	۱۹۱۴۸۲	۱۹۱۴۷۷	۱۹۱۴۸۸
۱۹۱۴۸۱	۱۹۱۴۸۳	۱۹۱۴۹۱	۱۹۱۴۷۸
۱۹۱۴۹۰	۱۹۱۴۷۹	۱۹۱۴۸۰	۱۹۱۴۸۵

جو طریقہ نقش کے پر کرنے کا ہی اُسی طریقہ سے پُر کرے یعنی بعد اول ہندسہ (۱۹۱۴۷۶) کا اسکے بعد ہندسہ (۱۹۱۴۷۷) اسی طرح سے سلسلہ وار جو ہندسہ جس خانہ مین ہو

گالی دینا مسلمان کو فسق ہی۔

حدیث از کافی - فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ علامات شرک شیطان سے کہ جسمین شک نہین یہ ہی کہ انسان گالی دینے والا ہو اور اپنے ...ول مین بے پرواہو اور جو اُسکے بارہ مین کہا جائے اس سے بھی بے پرواہو یعنے گالی دینے کی حیا نہ گالی کھانیکی شرم ہو۔

حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ گالی دینا نفاق کو دل مین پیدا کرتا ہی جس طرح درخت کو پانی اُگاتا ہی

حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص گالی اپنے برادر مسلم کو دیوے خدا تعالی اس سے برکت رزق کو اُٹھالیتا ہی اور اُسکو اسی کی حالت پر چھوڑ دیتا ہی اور معیشت کو اسکی فاسد کرتا ہی یعنے آمدنی کے وسائل کو خراب کر دیتا ہی) اور حدیث مین آیا ہی کہ گالی دینے والے اور فحش کہنے والیکی دعا قبول نہین ہوتی ...) جھونٹ کہنا خدا اور رسولؐ پر گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے

---

(۳۶) دعای حیدری - یہ دعا کسی کتاب معتبرہ امامیہ مین میری نظر سے نہین گذری اور نہ اسوقت تک مجکو یہ ثابت ہوا کہ یہ دعا کس سے منقول ہی نہایت تلاش سے مجکو اس دعا کا ایک نسخہ ہند مین ایک مومن اثنا عشری کے پاس سے ملا اور دوسرا نسخہ مجکو سید علی صاحب کربلائی کے پاس سے ملا سید علی صاحب نے فرمایا کہ یہ دعا مجکو فلان عالم کربلائی سے (نام عالم کا مجکو اسوقت یاد نہین رہا) ملی ہی اور انھون نے مجکو ہدایت کی ہے کہ یہ دعا رازہای مخفیہ سے ہی ہر شخص کو تعلیم نکرنا - یہ دعا برائے جمیع مہمات و مشکلات خصوصاً برائے پریشانی اعدا و ہلاکت اعدا کے نہایت مجرب ہی یہ دعا میری آزمودہ ہی اگرچہ مجکو سند اس دعا کی ائمہؑ سے نہین ملی مگر ممکن ہی کہ جس طرح درود طوسی جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ کا تصنیف ... حاجت عظیمہ کے لئے

اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

(الف) خدا تعالی سورۂ نساء مین رکوع ۶ کے ختم پر فرماتا ہو اُنظُر کَیفَ یَفتَرُونَ عَلَی اللّٰہِ الکَذِبَ ط وَکَفیٰ بِہٖ اِثماً مُّبِیناً ہ (ای پیغمبر) دیکھو (تو سہی) اللہ پر یہ لوگ کیسے (کیسے) جھوٹ (بہتان) باندہ رہے اور صریح گناہ کیلئے تو یہی کافی ہی

(ب) سورۂ بقر مین خدا تعالی فرماتا ہو فَمَنِ افتَرٰی عَلَی اللّٰہِ تا الظّٰلِمُونَ پس جو کوئی اللہ پر جھونٹ باندھے یہی لوگ ظالم ہین (یعنے جو سزا ظالم کی ہی وہی انکی ہی)

(ج) سورۂ یونس مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے ہو فَمَن اَظلَمُ مِمَّنِ افتَرٰی تا المُجرِمُونَ ہ (اتنی بات بھی) نہین سمجھتے تو اُس سے بڑھکر ظالم کون جو خدا پر جھوٹ بہتان باندھے یا اُسکے آیتون کو جُھٹلائے اسمین ذرا شک نہین کہ (ایسے) گنہگار فلاح نہین پائین گے۔ جناب رسولخدا و آئمہ علیہم السلام پر جھونٹ کا بولنا گویا کذب بر خدا ہی اور جب محض جھونٹ کا بولنا گناہ کبیرہ ہی تو خدا اور رسول پر جھونٹ بولنا تو بدرجہا سخت تر ہی۔

اُسکو پڑھا جائے وہ حاجت بزودی بر آتی ہی اکثر علمائے جلیل القدر درود طوسی پر مداومت کرتے چلے آتے ہین اسی طرح یہ دعائے حیدری بھی کسی صلحائے مومنین مین سے ایسے مومن کی تصنیف کی ہوئی ہو کہ جسکا مرتبہ نزدیک خدا کے زیادہ ہو پس جسطرح درود طوسی مقبول ہی اسیطرح دعائے حیدری بھی مقبول ہی واسطے پریشانی اعدا و ہلاکت اعدا کے بہت جلد اثر ظاہر کرتی ہی اور بعض ادعیہ و عمل مجرّبہ ایسے ہین کہ جنکو ائمہ و نیز علمانے ظاہر نہین فرمایا سینہ بسینہ چلے آرہے ہین ایسے عمل جو کچھ مجکو حاصل ہوے انشاء اللہ وہ اس کتاب مین اپنے اپنے موقع پر تحریر کئے جائینگے یہ دعائے حیدری بھی رازہائے مخفیہ سے ہی اور یہ میری آزمودہ ہی اگر اسکو ہر روز بطور مداومت بعد نماز صبح کے پڑھے تو ایک مرتبہ پڑھنا اسکا کافی ہی مگر روزانہ اس دعا کے پڑھنے سے مزاج مین تغیر پیدا ہو جاتا ہی

حدیث از کافی - فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو شخص مجھ پر عمداً جھونٹ کہے وہ شخص مستوجب عقاب جہنّم کا ہوگا۔

(سٹ) جھونٹ بولنا گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ و جناب علّامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔ جھونٹ بحالت مزاح ہو یا غیر مذاح اور دربارہ امور دنیا کے ہو یا دین کے ہو سب ایکسان ہی۔

(الف) سورۂ آل عمران مین خدا تعالیٰ فرماتا ہی کہ لَعۡنَتُ اللّٰہِ عَلَی الۡکَاذِبِیۡنَ ۝ یعنے لعنت اللہ کی ہی جھونٹ بولنے والون پر۔

(ب) سورۂ حج مین مابین رکوع ۳ و ۴ کے ہی وَاجۡتَنِبُوۡا قَوۡلَ الزُّوۡرِ ۝ اور اجتناب کرو تم جھونٹی بات سے۔

(ج) سورۂ جاثیہ مین مابین رکوع ایک کے ہی وَیۡلٌ لِّکُلِّ اَفَّاکٍ اَثِیۡمٍ ویلؑ ہو واسطے ہر دروغگو گنہکار کے۔

ع فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ ویل ایک چاہ جہنّم مین ہی۔

---

۲۹۱ یعنے غصّہ زیادہ ہوجاتا ہی پس ہمیشہ مداومت کرنا اسپر اچھا نہین ہی ہان جب ضرورت ہو یعنے ضرورت پریشانی اعدا و دفع اعدا کی درپیش ہو تو اسپر مداومت کرے چند ہی روز مین جمیع اعدا دفع ہوجاتے ہین یا ذلیل ہوجاتے ہین اور اگر مخصوص واسطے پریشانی و ہلاکت دشمن کے اسکو پڑھے تو قبل از طلوع آفتاب بعد نماز صبح کے یا بعد نماز شب کے تین مرتبہ ہر روز پڑھے جو نسخہ ہند مین مجکو ملا ہی اُسمین تین مرتبہ اس دعا کا پڑھنا برائے ہلاکت اعدا تحریر ہی وہ یہ ہی بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ یَا مُفَتِّحَ الۡاَبۡوَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ وَیَا دَلِیۡلَ الۡمُتَحَیِّرِیۡنَ وَیَا غِیَاثَ الۡمُسۡتَغِیۡثِیۡنَ وَیَا مُفَرِّجَ الۡمَحۡزُوۡنِیۡنَ پس تین مرتبہ کہے اَغِثۡنِیۡ تَوَکَّلۡتُ عَلَیۡكَ یَا رَبِّیۡ وَ فَوَّضۡتُ اَمۡرِیۡ اِلَیۡكَ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا بَاسِطُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ

(د) سورہ مومنون کے اوّل مین ہی قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ تا مُعْرِضُوْنَ
تحقیق چھٹکارا پایا ایمان والے اُن لوگون نے کہ وہ نماز مین خضوع کرنے والے
(یعنے ڈرنے والے ہین) اور جو کہ لغو سے مونھہ پھیرنے والے ہین۔ من مؤلف
جھونٹ بولنا باعث خرابی ایمان کا ہوتا ہی یعنے ایمان نہین رہتا اور احادیث مین
آیا ہی کہ جھونٹ کہنے والے کی دعا قبول نہین ہوتی یعنے جھونٹ کا بولنا دعا کو رد کرتا ہی
حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ خدائتعالے نے واسطے شر کے
قفل قرار دیئے ہین اور شراب کو کلید اُسکی قرار دیا ہی اور جھونٹ کہنا بدتر ہی
شراب سے من مؤلف جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ عین الحیوۃ مین تحریر
فرماتے ہین کہ دغدغہ حرمت کا قصہ دروغ مین بھی ہی مثل داستان امیر حمزہ کے
اور اسیطرح جملہ قصہ ہاے دروغ آمیز مین چنانچہ علما نے فرمایا ہی کہ حرام ہی
قصہ ہائے دروغ کا بیان کرنا یا تحریر کرنا۔
حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ بدترین روایت دروغ ہی۔

---

۴۸۲ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ٥ پس تین مرتبہ کہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ بِحَقٍّ يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ يَا اَللّٰهُ پھر تین مرتبہ درود کہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ
وَتَرْضٰى اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ
وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ بعد اسکے تین مرتبہ
دعای حیدری پڑھے۔ دعاے حیدری یہ ہی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
بِسْمِ اللّٰهِ الْجَلِيْلِ الْجَبَّارِ الْقَاهِرِ الْقَهَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ
الْقَاهِرِيْنَ عَلٰى اَعْدَآءِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَا حَيْدَرُ يَا حَيْدَرُ يَا حَيْدَرُ

حدیث فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ دروغگوئی باعث خرابی ایمان کی ہی۔

حدیث فرمایا جناب امیرؑ نے کہ کوئی بندہ مزا ایمان کا نہین پاتا جب تک کہ ترک نکرے جھونٹ کو مزاح مین اور غیر مزاح مین۔

حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ اے ابوذر جو شخص خاموش رہا اُس نے نجات پائی اور اگر تو کلام کرے تو چاہئے کہ سچ کہے اور کبھی زبان سے جھونٹ نہ نکلے

حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ فرمایا جناب عیسیٰؑ نے کہ جو شخص زیادہ جھونٹ بولتا ہی خوبی اور حسن اُسکا ہر طرف ہوتا ہی اور دوسری حدیث مین ہی کہ خدا تعالے مبتلا کرتا ہی جھونٹون کو فراموشی کے ساتھ تاکہ جلد رُسوا ہون۔ اور جناب صاحب معراج السّعادۃ اعلی اللہ مقامہ نے کہ معتبرین علماے امامیہ سے ہین اپنی کتاب مین اس حدیث کو تحریر فرمایا ہی

حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو مومن بدون عذر شرعی کے جھونٹ بولے ستر ہزار فرشتہ اُسپر لعنت کرتے ہین اور اُسکے قلب سے تعفن اور بوے بد

یَا اَبَا تُرَابٍ یَا عَلِیُّ یَا اَسَدَ اللّٰہِ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ یَا رِجَالَ اللّٰہِ مَحْبُوْبَ اللّٰہِ یَا مَقْبُوْلَ اللّٰہِ یَا ظُهُوْرَ اللّٰہِ یَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ الْقَهَّارِ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ یَا حَقُّ یَا حَقُّ یَا حَقُّ تَحَقَّقْتُ بِالْحَقِّ الْحَقِّ فِیْ حَقِّ حَقِّكَ یَا حَقُّ یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ تَفَتَّحْ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِیْ فَتْحِ فَتْحِكَ یَا فَتَّاحُ یَا قَادِرُ یَا حَیُّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَكْبَرُ وَاللّٰہُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَةِ وَالْعَظَمَةُ فِیْ عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ یَا عَظِیْمُ یَا رَبُّ یَا قَدِیْرُ یَا خَالِقُ یَا كَرِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا مُسَخِّرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ

نکلتی ہی اور عرش تک پہونچتی ہی اور خدا تعالی بسبب اُس جھوٹ کے نشترِ زنا کا گناہ اُسکے نامۂ اعمال مین لکھتا ہی کہ آسان ترین اُن اقسام زنا سے وہ زنا ہی کہ جوانی ماں کیساتھ کیا جائے

حدیث از حق الیقین - خلاصہ یہ کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ تین خصلتین جس شخص مین ہون وہ منافق ہی ہر چند کہ روزہ و نماز ادا کرتا ہو اور دعوی اسلام کا کرتا ہو اول وہ شخص کہ جو امانت مین خیانت کرے دوم وہ شخص جو جھوٹ بولے سوم وہ شخص جو خلاف وعدہ کے کرے **من مؤلف** جھوٹ کا بولنا بدترین گناہ ہی اور یہ ایسا گناہ ہی کہ اُسکو کسی مذہب اور ملّت نے جائز اور اچھا نہین سمجھا ہی سب بُرا سمجھتے ہین مگر اسپر بھی جھوٹ کے بولنے سے پرہیز نہین کرتے غور کرنے سے معلوم ہوتا ہی کہ انسان اپنے فعل کو نہین دیکھتا دوسرے کے فعل پر نظر ڈالتا ہی ہم ہی اپنی کہ دوسرے شخص کے جھوٹ بولنے پر ہم کہتے ہین کہ جھوٹ کا بولنا گناہ ہی مگر اپنی جانب نظر نہین کرتے کہ ہم خود اس گناہ مین مبتلا ہین یہی کیفیت دیگر گناہ کی ہی کہ ہم اپنے کو اُس سے محترز نہین رکھتے مگر دوسرے شخص کی نسبت کہدیتے ہین پس جس نفرت

---

۲۸۴ يَا مُحْيِيُ يَا مُمِيتُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا ضَارُّ يَا جَلِيلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ قَوْلُهٗ وَعْدُهٗ يَا جَلِيلُ يَا جَلِيلُ يَا جَلِيلُ حُسُودِي مَقْهُورٌ وَعَدُوِّي مَقْتُولٌ بِقَهْرِكَ يَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِي قَهْرِ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ قَهْرِ اَعْدَائِي يَا جَبَّارُ يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ بِقَهْرِ عَزِيزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ يَا تَقِيُّ مِنْ كُلِّ جَوْرٍ وَلَمْ يَرْضَاهُ وَلَمْ يُخَالِفْهُ فِعَالُهٗ يَا نَقِيُّ فَتَلْنَهٗ بِسَيْفِ اللّٰهِ لِاِيلَافِ قُرَيْشٍ اِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ ط وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى يَا قَوِيُّ يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيدِ اَنْتَ الَّذِي لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيدِ اَنْتَ الَّذِي لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ يَا قَاهِرُ اَقْهِرْ وَادْفَعْ اَعْدَائِي

ہم دوسرے شخص کو کہتے ہین اُسی نفرت سے ہم اپنے نفس کو کہین تو ضرور ہم ایسے
گناہون سے بچتے رہین بمقابلہ جھونٹ کے دوسرے گناہون مین مثل زنا وچوری
وغیرہ کے مزا بھی ملتا ہی مثلاً زنا ہی کہ اسمین ایک طرح کی لذّت حاصل ہوتی ہی چوری ہی
کہ جسمین مال حرام حاصل ہوتا ہی شراب ہی کہ اسمین ایک طرح کا سرور قلب کو حاصل
ہوتا ہی مگر نہ معلوم جھونٹ مین قلب کو کیا مزا ملتا ہی میرے نزدیک اسمین سوائے
نقصانات دینی و دنیوی کے کوئی نفع نہین ہی دنیا کا یہ نقصان ہی کہ انسان چاہے
جسقدر اہل دول ہو نظر خلایق مین حقیر اور ذلیل ہوجاتا ہی کوئی شخص اس کی
بات کا اطمینان نہین کرتا اور عقبیٰ کا یہ نقصان ہی کہ اس گناہ کی سزا آتش جہنم ہی جھونٹ
اور سچ دونون زبان سے بولے جاتے ہین ممکن ہی زبان کو جھونٹ کے بولنے سے باز
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مَدَدَ رُوْحَانِيَّةٍ تُقَوِّي بِهَا قُوَى الْكُلِّيَّةِ وَالْجُزْئِيَّةِ حَتّٰى أَقْهَرَ عِبَادِيْ نَفْسِيْ كُلَّ نَفْسٍ قَاهِرَةٍ فَتَنْقَبِضَ لِيْ إِشَارَةُ دَقَائِقِهَا انْقِبَاضًا تَسْقُطُ بِهِ قُوَاهَا حَتّٰى لَا يَبْقٰى فِي الْكَوْنِ ذُوْ رُوْحٍ إِلَّا وَنَارُ قَهْرِيْ قَدْ أَحْرَقَتْ ظُهُوْرَهُ يَا شَدِيْدُ يَا شَدِيْدُ يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ يَا قَهَّارُ أَسْأَلُكَ بِمَا أَوْدَعْتَهُ عِزْرَائِيْلَ مِنْ أَسْمَائِكَ الْقَهْرِيَّةِ فَانْفَعَلَتْ لَهُ النُّفُوْسُ بِالْقَهْرِ أَنْ تُوْدِعَنِيْ هٰذَا السِّرَّ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ حَتّٰى أُلَيِّنَ بِهِ كُلَّ صَعْبٍ وَأُذَلِّلَ بِهِ كُلَّ مَنِيْعٍ

حدیث فرمایا ائمہ ؑ نے کہ جو کوئی ایک قطرہ شراب کا یا اور نشہ لانے والی چیز کسی بچہ کو
دے تو خدا تعالیٰ اسکو حمیم جہنم پلائیگا اور حمیم وہ پانی ہی کہ جب اُسکو نزدیک لائین گے
ابھی ہونٹ کو نہ لگا یا ہوگا کہ شدّت حرارت سے پوست مُونہہ کا گر پڑیگا۔

فضیلت وثواب ترک شراب و دیگر اشیاء مثل شراب

حدیث از جمال الصالحین فرمایا ائمہ ؑ نے کہ جو شخص ترک شراب کسی مصلحت سے
کرے نہ خوف خدا سے تو خداے تعالیٰ اُسکا بھی شکر کرتا ہی اور رحیق مختوم کہ وہ شراب خاص ہی
شراب ہاے بہشت سے پلاتا ہی۔ **من مؤلف** اس حدیث سے یہ بات ثابت
ہوئی کہ جو شخص سوائے خوف کے دوسری مصلحت سے شراب کو ترک کرے خدا تعالیٰ
اُسکا بھی شکر کرتا ہے پس جو شخص محض خوف خدا کی وجہ سے شراب کو ترک کرے
اُسکا مرتبہ باریتعالیٰ کے نزدیک بہت زیادہ ہوگا۔

(۵۵) بیٹھنا بزم شراب مین بے ضرورت یا دیگر گناہونکی مجلس مین بیٹھنا

گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ ونیز دیگر علمانے اِسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی

---

۵۴ بِقُوَّتِكَ يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ ٥ اور اگر کام سخت تر ہووے بعد اس دعا کے تین مرتبہ یہ کہے
يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَسْئَلُكَ اللُّطْفَ بِمَا جَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيْرُ۔
(۱۳۱) ایضاً تحریر فرماتے ہین کہ کتاب جعفریات مین جناب امیر ؑ سے منقول ہی کہ جناب امیر ؑ
بخدمت جناب رسول خدا ؐ حاضر ہوئے اور شکایت حاجت کی کی فرمایا آنحضرت ؐ کہ آیا تمکو مین نے
وہ کلمات نہین تعلیم کیے کہ جو جبرئیل میرے لیے لائے تھے وہ انیس ۱۹ حرف ہین کہ اُن مین سے چار
چار پیشانی جبرئیل پر اور چار پیشانی میکائیل پر اور چار پیشانی اسرافیل پر اور چار دور کرسی پر
اور تین حول عرش پر پس دعا نہین کرتا ہی بذریعہ ان کلمات کے کوئی مکروب وعاجز و مہموم و
مغموم اور نہ وہ شخص کہ خوف کرتا ہی سلطان اور شیطان کا مگر یہ کہ خداے تعالیٰ کفایت کرتا ہے
اسکی وہ کلمات یہ ہین يَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهٗ وَيَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ وَيَا ذُخْرَ

حدیث از تفسیر منہج جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ فرمایا ائمہؑ نے کہ یوشع کو وحی کی خدائے تعالیٰ نے کہ تمھاری قوم مین سے ایک لاکھ آدمی ہلاک کرونگا جسمین چالیس ہزار نیک آدمی ہین یہ نیک آدمی اس وبال مین ہلاک کیے جائین گے کہ انھون نے اپنی قوم کو مرتکب کبائر دیکھا اور پھر چشم پوشی کی (یعنے امر معروف و نہی از منکر نہین کیا) اور علاوہ اسکے ہمارے مجرم گنہگارون کے ساتھ نشست برخاست کی اور کھانے پینے مین شریک رہے۔ من مؤلف پس ہر صاحب معاصی کی صحبت مین رہنا اور اُسکے ساتھ نشست برخاست کرنا باعث نزول بلا و قہر الٰہی کا ہوتا ہی اسی سبب سے اور احادیث مین آیا ہی کہ ایک شخص گنہگار کی وجہ سے اُسکے ہمسایہ بھی قہر الٰہی مین آجاتے ہین کہ جیسا اوائل باب ہذا مین تحریر کیا گیا ہی۔

(۲۶) دین مین بدعت پیدا کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ و نیز دیگر علما نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی اور یہ اکبر کبائر سے ہے۔ یعنی کسی امر دین مین خلاف قرآن و احادیث کے کرنا۔

۵۴۸ یَا مَنْ لَا ذُخْرَ لَهُ وَيَا حِرْزَ مَنْ لَا حِرْزَ لَهُ وَيَا فَخْرَ مَنْ لَا فَخْرَ لَهُ وَيَا رُكْنَ مَنْ لَا رُكْنَ لَهُ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ يَا عِزَّ الضُّعَفَاءِ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ اَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَضَوْءُ النَّهَارِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَنُوْرُ الْقَمَرِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ وَحَفِيْفُ الشَّجَرِ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

(۳۲) ایضاً تحریر فرماتے ہین کہ جناب شیخ ابراہیم کفعمی علیہ الرحمہ نے جنۃ الواقیہ مین روایت کی ہی (خلاصہ اُسکا یہ ہی) کہ ایک شخص نے بخدمت جناب رسول خداؐ حاضر ہوکر عرض کیا کہ مین غنی تھا اب فقیر ہوا اور تندرست تھا اب مریض ہوا اور نزدیک آدمیون کے مقبول تھا مگر اب مبغوض ہوا اور خفیف ہوا اُنکے نزدیک پس مجھپر ہموم جمع ہوے اور زمین مجھپر تنگ ہوئی طلب رزق مین

(الف) سورۂ بقرہ مین مابین رکوع ۲۸ و ۲۹ کے باریتعالیٰ فرماتا ہے وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ٥ اور جو کوئی گذر جائے اللہ کی حدون سے (یعنے احکام خدا سے) پس یہی لوگ ظالم ہین۔

(ب) سورۂ نساء مین مابین رکوع ا و ۲ کے خدا تیعالیٰ فرماتا ہی وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ تا عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ٥ اور جو شخص نافرمانی کرے اللہ کی اور اللہ کے رسول کی اور گذر جائے اُسکے حدون سے (یعنے احکام خدا و رسول سے) (پس خدا) داخل کریگا اُسکو آگ مین ہمیشہ رہنے والا ہوگا اُسمین اور واسطے اُسکے عذاب ہے ذلیل کرنے والا۔ اور بھی کئی جگہہ اپنے کلام پاک مین باریتعالیٰ نے اسکا ذکر فرمایا ہی اور اسکی سزا مین آتش جہنم کا وعدہ کیا ہی۔

حدیث از تفسیر صافی فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ ہر بدعت گمراہی ہی اور ہر گمراہی جہنم ہی۔

(۹۷) صحبت مین اہل بدعت کی بیٹھنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ

[ت]نگ جاتا ہون الا رزق نہین پاتا گویا نام میرا محو ہوا دیوان رزق سے پس فرمایا جناب رسالت مآب [نے] کہ اے شخص شاید تو نے استعمال کیا ہی میراث ہموم کا مین نے عرض کیا کہ میراث ہموم کیا ہی فرمایا [ک]ہ شاید تو بیٹھ کر عمامہ سر پر باندھتا ہی اور کھڑے ہوکر پاجامہ پہنتا ہی یا ناخن اپنی دانتون سے [ک]اٹتا ہی تو یا رخسار اپنے ملتا ہی دامن سے یا پیشاب کرتا ہی آپ استادہ مین یا سوتا ہے مونہہ کے [ب]ل یعنے الٹا پشت اوپر کو کرکے مین نے عرض کیا کہ ان مین سے بعض کو کرتا ہون حضرت نے [فر]مایا کہ پرہیز کر تو ان سب سے اور اس دعا کو پڑھ یہ دعاے فرج ہی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ [الٰ]هِي طُمُوْحُ الْاٰمَالِ قَدْ خَابَتْ اِلَّا لَدَيْكَ وَمَعَاكِفُ الْهِمَمِ قَدْ تَقَطَّعَتْ اِلَّا عَلَيْكَ [و]مَذَاهِبُ الْعُقُوْلِ قَدْ سَمَتْ اِلَّا اِلَيْكَ فَاِلَيْكَ الرَّجَاءُ وَاِلَيْكَ الْمُلْتَجَا يَا اَكْرَمَ

ونیز دیگر علما نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی اور یہ اکبر کبائر سے ہی اس سبب سے کہ
اہل بدعت اُن صاحبان معاصی سے ہین کہ جنکی نسبت خدائے تعالیٰ نے آتش جہنم کا
وعدہ فرمایا ہی پس صاحبان معاصی کے ساتھ نشست برخاست کرنا اور اُنکی صحبت مین رہنا
دنیا مین بھی باعث نزول بلا و قہر آلہی کا ہوتا ہی ملاحظہ ہو حدیث از تفسیر منہج کہ
جس مین یوشع کو باریتعالیٰ کا وحی فرمانا تحریر ہی مندرجۂ نمبر (۹۵۵) باب ہذا
اور یہی حکم ہر صاحب معاصی کا ہی یعنی جو شخص مرتکب معاصی ہوتا ہو اُسکے ساتھ نشست
برخاست کرنا اور اُسکی صحبت مین رہنا باعث غضب و قہر آلہی کا ہوتا ہی۔

(۵۴۹) اسراف کرنا یعنی مال زیادہ ضرورت سے صرف کرنا
گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ و جناب مرزا اعلی اللہ مقامہ نے
اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔ اور جو روپیہ فی سبیل اللہ صرف کیا جائے اگرچہ
مثل کوہ احد کے ہو داخل اسراف نہین ہی اسراف وہ ہی کہ جو امور دنیا مین
بلاضرورت صرف کیا جائے۔

۵۵۰ الذنوب اَحمِلُهَا علیٰ ظَهرِی وَمَا اَجِدُ لِی اِلَیکَ شَافِعًا سِوٰی مَعرِفَتِی
بِاَنَّکَ اَقرَبُ مَن رَجَاهُ الطَّالِبُونَ وَلَجَأَ اِلَیهِ المُضطَرُّونَ وَاَمَّلَ مَا لَدَیهِ
الرَّاغِبُونَ یَا مَن فَتَقَ العُقُولَ بِمَعرِفَتِهٖ وَاَطلَقَ الاَلسُنَ بِحَمدِهٖ وَجَعَلَ مَا امتَنَّ
عَلٰی عِبَادِهٖ کِفَاءً لِتَادِیَةِ حَقِّهٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَلَا تَجعَل لِلهُمُومِ عَلٰی عَقلِی
سَبِیلًا وَلَا لِلبَاطِلِ عَلٰی عَمَلِی دَلِیلًا وَافتَح لِی بِخَیرِ الدُّنیَا یَا وَلِیَّ الخَیرِ
برائے دفع فقر و ہم و غم و برائے ترقی رزق و عزت وغیرہ کے مداومت کرنا اس دعا پر
بعد ہر نماز واجبہ کے مجربات صحیحہ سے اور یہ آزمودہ ہی۔

فصل ۴۶ اعمال و ادعیہ ترقی رزق و غنی ہونے و دفع فقر کے

(۱) جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے مصباح متہجد مین تحریر فرمایا ہی کہ ایک شخص نے شکوہ فقر کا جناب امام

(الف) خدائے تعالی سورۂ اعراف مین مابین رکوع ۳ و ۴ کے فرماتا ہی کُلُوا
وَاشۡرَبُوا وَلَا تُسۡرِفُوا اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الۡمُسۡرِفِیۡنَ ۝ کھاؤ پیو اور بیجا خرچ
نکرو اسلیے کہ بیشک اللہ بیجا خرچ کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا ہی۔
(ب) سورۂ بنی اسرائیل مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے خدائے تعالی فرماتا ہی
وَاٰتِ ذَاالۡقُرۡبٰی حَقَّهٗ وَالۡمِسۡکِیۡنَ وَابۡنَ السَّبِیۡلِ تا کَفُوۡرًا ۝ اور دے تو
قرابت والے کو حق اُسکا اور مسکین یعنی فقیر کو اور مسافر کو اور مت بیجا خرچ کر بیجا
خرچ کرنا (یعنے جس امر مین رضائے خدا نہو اور حکم شرعی نہو اسمین مت خرچ کرو)
تحقیق بیجا خرچ کرنے والے بھائی شیطان کے ہین اور ہی شیطان واسطے اپنے پروردگار
کے کفر کرنے والا۔ اور جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ۔
حکایت از تفسیر منہج۔ مجاہد سے منقول ہی کہ فرمایا ائمہ عہ نے اگر بقدر کوہ احد کے
زر مال اپنا راہ خدا مین صرف کرے اسراف نہوگا اور اگر راہ باطل مین صرف کرے اسراف ہوگا۔
(ج) سورۂ انعام مین مابین رکوع ۱۶ و ۱۷ کے خدائے تعالی فرماتا ہے

امام جعفر صادق عہ سے کیا آنحضرت نے فرمایا کہ تین دن یعنی بروز چہارشنبہ و پنجشنبہ و جمعہ روزہ
رکھے بروز جمعہ بعد غسل کے بوقت چاشت زیارت جناب رسول خدا صلعم کے کوٹھے پر سے یا صحرا مین یا ایسے
مکان مین کہ کوئی اُس شخص کو ندیکھ سکے پڑھے بعد ازان دو رکعت نماز پڑھکر ثواب اُسکا جناب رسولخدا صلعم کو
ہدیہ کرے پھر زانو زمین پر اسطرح بیٹھے کہ سر انگشتان پا زمین پر رہین پس دست راست کو بالائے
دست چپ پر رکھکر قبلہ رو ہوکر کہے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَنْتَ اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ وَخَابَتِ
الْاٰمَالُ اِلَّا فِيْكَ يَا ثِقَةَ مَنْ لَا ثِقَةَ لَهٗ لَا ثِقَةَ لِيْ غَيْرُكَ اِجْعَلْ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ
فَرَجًا وَمَخْرَجًا وَارْزُقْنِيْ مِنْ حَيْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ بعد اسکے
سجدہ مین جاکر کہے يَا مُغِيْثُ اِجْعَلْ لِيْ رِزْقًا مِنْ فَضْلِكَ پس حضرت نے فرمایا کہ صبح شنبہ

وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ۝ اور اسراف مت کرو بدرستیکہ اللہ دوست نہین رکھتا ہی اسراف کرنے والون کو۔

(د) سورہ فرقان مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے خداے تعالیٰ فرماتا ہی وَالَّذِیْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ یُسْرِفُوْا وَلَمْ یَقْتُرُوْا یعنے اور وہ لوگ کہ جب خرچ کرتے ہین تو اسراف نہین کرتے (یعنے بلا ضرورت کے صرف نہین کرتے اور نہ تنگی کرتے ہین) جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ یہ وہ لوگ ہین کہ جو اپنے عیال پر نفقہ ضروری کرتے ہین اور جو باقی رہتا ہی اُسکو راہ خدا مین صرف کرتے ہین۔

(ط ۹۹) منع کرنا کسی شئے کا اُس شخص کے لئے کہ جسکو احتیاج اُسکی ہو۔ گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ وجناب مرزا اعلی اللہ مقامہٗ نے اُسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی اُس شخص کو کہ جسکو احتیاج اور ضرورت کسی چیز کی ہو ہمسایہ ہو یا غیر ہمسایہ منع کرنا گناہ کبیرہ ہی مگر یہ کہ خوف ضایع کرنیکا ہو پس اگر خوف ضایع اور خراب کردینے چیز کا ہو تو ایسی حالت مین ندینا چیز کا گناہ کبیرہ مین داخل نہین ہی۔

---

۵۵۲ کہ اگر کوئی شخص مدینہ مین نہ ہو اور ایسی جگہ ہو کہ جس جگہ کسی امام کا مزار ہو تو وہ شخص بالاے سر امام اُس شہر مین زیارت آنحضرت کی پڑھے اور اگر ایسے شہر مین بھی نہ ہو کہ جگہ قبر کسی امام کی ہو تو وہ شخص کسی صلحا کی قبر کے نزدیک زیارت آنحضرت کی پڑھے مگر وہ قبر جنگل مین واقع ہو اور وقت پڑھنے کے ذرا بجانب راست خم ہو کر اس عمل کو بجا لائے کہ موجب استجابت دعا و انجاح مطالب ہے انشاء اللہ عمل مذکورہ واسطے دفع فقر کے مجربات صحیحہ سے ہی۔

(۲) از کتاب اختیار جناب سید علی بن الحسین بن باقی علیہ الرحمہ۔ روایت ہی کہ قیس بن موصلی نے تنگی معاش کی بخدمت جناب امام جعفر صادق ؑ شکایت کی آنحضرت نے فرمایا کہ روز پنجشنبہ کو وقت چاشت غسل کر کے چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت مین بعد الحمد کے سورۂ قدر بیس مرتبہ دو دو رکعت کر کے پڑھے بعد فارغ ہونے کے ایک سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کہے

(الف) خدائے تعالیٰ سورۂ ماعون یعنی سورۂ ارایت الذی مین فرماتا ہے
فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّينَ الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ الَّذِينَ هُمْ يُرَاؤُونَ
وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ٥ پس ویل ہی واسطے اُن نمازیون کے کہ وہ اپنی نماز سے
بے خبر ہین (یعنے وقت فضیلت نماز کو عمداً بلا عذر کے ترک کر کے نماز کو آخر وقت پڑھتے
ہین) اور وہ جو ریا کرتے ہین (یعنے جو لوگ اپنے اعمال نیک مین ریا کرتے ہین اس
سبب سے کہ لوگ انکی مدح وثنا کرین۔) اور منع کرتے ہین برتنے کی چیز کو۔
جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ نے تفصیل کبائر مین جس جگہ (منع کرنا ماعون کو)
گناہ کبیرہ تحریر فرمایا ہے اسکے استدلال مین آیۂ مذکور کو تحریر فرمایا ہی اور جناب ملا فتح اللہ
کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر منہج مین ان احادیث کو تحریر فرماتے ہین۔
حدیث ابو بصیر نے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب ابو عبداللہ علیہ السلام نے

سلہ جناب سرکار مرزا اعلی اللہ مقامہ نے اسی آیہ کی بناء پر اسکو کبائر مین تحریر فرمایا ہی
اور نیز جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے بھی۔

سجدہ بعد ازان دونون ہاتھ اُٹھا کر دس مرتبہ کہے یَا اَللّٰهُ بعد ازان انگشت سبابہ کو حرکت دیوے
اور دس مرتبہ یَا رَحْمٰنُ کہے بعد ازان بقدر ایک نفس یَا رَبِّ یَا رَبِّ کہے پھر دونون ہاتون کو
برابر مونہہ کے اُٹھا کر دس مرتبہ یَا اَللّٰهُ کہے بعد ازان ایک مرتبہ کہے یَا اَفْضَلَ مَنْ رُجِيَ
وَيَا خَيْرَ مَنْ دُعِيَ وَيَا اَجْوَدَ مَنْ اَعْطٰى وَيَا اَكْرَمَ مَنْ سُئِلَ يَا مَنْ لَا يُعِزُّ عَلَيْهِ
مَا فَعَلَهُ يَا مَنْ حَيْثُ مَا دُعِيَ اَجَابَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ
بِاَسْمَائِكَ الْعِظَامِ وَبِكُلِّ اسْمٍ لَكَ عَظِيْمٍ وَاَسْئَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِفَضْلِكَ
الْعَظِيْمِ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ اِذَا دُعِيْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ
وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ يَا دَيَّانَ يَوْمِ الدِّيْنِ مُحْيِيَ الْعِظَامِ وَهِيَ رَمِيْمٌ
وَاَسْئَلُكَ [illegible] وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُيَسِّرَ لِيْ

کہ ماعون قرض دینا ہی اور مستعار دینا ہی اشیاء خانگی کا کہا مین نے یا بن رسول اللہ میرے ہمسایہ مین لوگ ہین کہ جب اُنکو کوئی چیز مستعار دیتا ہون تو وہ اسکو خراب کردیتے ہین اور ضایع کردیتے ہین اگر اُنکو منع کرون یعنے ندون تو اسمین کوئی گناہ ہی حضرت نے فرمایا گناہ نہین ہی ندینا اُنکو اگر یہ اُسکو ضایع اور بربادکردیتے ہین۔

حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ جو کوئی کسی کو نمک دے ایسا ہی کہ گویا اُسنے ساٹھ مسکینون کو کھانا کھلایا اور ساٹھ بندہ آزاد کیے اور اگر کسیکو پانی دے تو گویا اُسنے مردہ کو زندہ کیا۔

ایضاً تفسیر منہج مین ہی کہ سعید بن جبیرہ نے کہا کہ ماعون سے وہ شخص ہی جو منع کرے آدمیون کو خیرات کرنے سے مثل اسکے کہ لوگ آپس مین ظروف و نمک و پانی و آگ وغیرہ دیتے ہین اس سے لوگون کو منع کرے۔

(ق) **حُب دنیا** گناہ کبیرہ ہی جناب مرزا اعلی اللہ مقامہٗ و نیز دیگر علمانے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہے

(**الف**) خدائے تعالیٰ سورۂ ابراہیم مین مابین رکوع اول کے فرماتا ہے۔

...۵۵ اَمْرِیْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَیَّ وَتُسَهِّلْ لِیْ مَطْلَبَ رِزْقِیْ مِنْ فَضْلِكَ الْوَاسِعِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا قَدِیْرًا عَلٰی مَا لَا یَقْدِرُ عَلَیْهِ غَیْرُكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۰ وَیَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِیْنَ یہ عمل واسطے دفع فقر کے مجربات صحیحہ سے ہی اور بجالانا اسکا واسطے ہر حاجت و مطلب کے بھی مجرب ہے

دو رکعت نماز کہ جو جناب امام جعفر صادقؑ سے بوقت زوال شمس مروی ہی واسطے دفع فقر و ترقی رزق کے نہایت مجرب ہی ملاحظہ ہو حدیث نمبر (۱۷) فصل (۴۵)۔

(۳) دعاے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ تا شَیْئًا پھر مداومت کرنا بعد ہر نماز واجبہ کے خصوصاً بعد نماز صبح کے واسطے دفع فقر و افلاس کے مجربات صحیحہ سے ہی ملاحظہ ہو حدیث نمبر (۱۱) فصل (۴۵)

(۴) از کافی جناب شیخ کلینی علیہ الرحمہ **حدیث** خلاصہ یہ کہ ایک شخص بخدمت جناب رسولخداؐ حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین عیالدار ہون قرض مجھپر زیادہ ہی کوئی دعا مجھکو

الَّذِیْنَ یَسْتَحِبُّوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنیا تا ضَلٰلٍ بَعِیْدٍ ٥- وہ لوگ کہ دوست رکھتے ہین زندگانی دنیاکو آخرت پر (یعنی دنیا کو آخرت پر مقدم رکھتے ہین) اور بند کرتے ہین اللہ کی راہ سے (لوگون کو) اور چاہتے ہین اُسکے لیے کجی یہ لوگ دور کی گمراہی مین ہین-

مؤلف ہین مؤلف احادیث وآیات قرآنی سے ثابت ہی کہ جو لوگ طالب آخرت کے ہین خدائتعالیٰ اُنکو آخرت عطا فرماتا ہی اور جو لوگ طالب دنیا کے ہین اُنکو دُنیا دیتا ہے یعنے مال ومتاع دنیا کا دیتا ہی چنانچہ سورۂ شوریٰ مین رکوع ۲ مین خدائتعالے فرماتا ہی مَنْ کَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ تا مِنْ نَّصِیْبٍ ٥ یعنی جو کوئی ارادہ کرتا ہی کھیتی آخرت کا زیادہ کردینگے ہم واسطے اُسکے اُس کھیتی مین (یعنے جو کوئی اعمال نیک بامید حصول آخرت بجالائیگا تو ہم اُسکے اعمال کے ثواب کو زیادہ کرینگے) اور جو شخص ارادہ کرتا ہی کھیتی دنیا کا دینگے ہم اُسکو اسمین (یعنے دنیا مین) اور نہین ہی آخرت مین واسطے اُسکے کچھ حصہ (یعنے آخرت مین اُس عمل خیر کا کچھ ثواب ندیا جائے گا اس سبب سے کہ دنیا مین اُس عمل نیک کا بدلا دیدیا گیا اس سبب سے کہ اُسنے بحصول دنیا کیا تھا)

تعلیم فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ بسبب اُسکے روزی مجکو عطا فرمائے کہ مین قرض ادا کرون اور وہ روزی میرے عیال کے لیے کافی ہووے پس آنحضرت ؐ نے فرمایا کہ وضوئے کامل کر یعنی مع مستحبات کے بعد ازان دو رکعت نماز ادا کر اور رکوع وسجود اُسکے کامل کر یعنے مع مستحبات کے اور بعد نماز کے دونون ہاتھ اُٹھا کر کہو یَا مَاجِدُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا کَرِیْمُ اَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِمُحَمَّدٍ نَبِیِّكَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَی اللّٰهِ رَبِّكَ وَرَبِّیْ وَرَبِّ كُلِّ شَیْءٍ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَسْئَلُكَ نَفْحَةً كَرِیْمَةً مِّنْ نَّفَحَاتِكَ وَفَتْحًا یَسِیْرًا ٥ وَرِزْقًا وَاسِعًا اَلُمُّ بِهٖ شَعْثِیْ وَاَقْضِیْ بِهٖ دَیْنِیْ وَاَسْتَعِیْنُ بِهٖ عَلٰی عِیَالِیْ- یہ نماز برائے ترقی رزق مجربات ...

(ب) سورۂ وَالنّٰزِعٰتِ مین خدائتعالیٰ فرماتا ہی جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ
نے تفسیر اس آیہ کی اس طرح تحریر فرمائی ہی فَاَمَّا مَنْ طَغٰی پس جسنے حد سے تجاوز کیا
امور شرع مین اور ایمان کی طرف رجوع نہین ہوا وَاٰثَرَ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا اور اختیار کیا
اُسنے زندگانی دنیا کو اور اُسکی وجہ سے آخرت کی طرف توجہ نہین کی اور کار آخرت کو
درست نہ کیا فَاِنَّ الْجَحِیْمَ ھِیَ الْمَاْوٰی پس تحقیق جگہ اُسکی دوزخ ہے۔

(ج) سورۂ بقر مین مابین رکوع ۹ و ۱۰ کے خدائتعالیٰ فرماتا ہی اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ
اشْتَرَوُا الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا تا وَلَا ھُمْ یُنْصَرُوْنَ یہ لوگ ایسے ہین کہ خریدا انھون نے
زندگانی دنیا کو بالعوض آخرت کے پس ہلکا نہ کیا جائیگا اُنسے عذاب اور نہ وہ مدد کیے جائینگے۔

(د) سورۂ بنی اسرائیل مین مابین رکوع ا و ۲ کے خدائے تعالیٰ فرماتا ہی مَنْ کَانَ
یُرِیْدُ الْعَاجِلَۃَ عَجَّلْنَا تا تَفْضِیْلًا جو شخص دنیا کا طالب ہو تو ہم جسے چاہتے
ہین اسے (دنیا) مین (اُسکی محنت کی مزدوری ہی مین) سر دست اُسکو دیدیتے ہین
(مگر) پھر (آخرکار) ہمنے اُسکے لیے دوزخ ٹھہرا رکھا ہی جسمین وہ بری حالت سے

۵۵۶ قربت ادا کرکے ثواب اُسکا جناب رسولخدا کو ہدیہ کیا بعد ازان دعاے یا ماجد یا واجد
مذکور کو تا آخر پڑھا مداومت کرنا اس عمل پر برائے ترقی رزق نہایت مؤثر ہی۔

(۵) ایضاً حدیث خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ ایک شخص نے بخدمت جناب امام جعفر صادق ؑ
عرض کیا کہ کوئی دعا مجکو واسطے فراخی رزق کے تعلیم فرمائی پس آنحضرت ؑ نے یہ دعا تعلیم فرمائی
راوی کہتا ہی کہ مین نے اس سے زیادہ تر کوئی دعا ترقی رزق مین نہین دیکھی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ
مِنْ فَضْلِکَ الْوَاسِعِ الْحَلَالِ الطَّیِّبِ رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا بَلَاغًا لِلدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَۃِ صَبًّا صَبًّا ھَنِیْئًا مَرِیْئًا مِنْ غَیْرِ کَدٍّ وَلَا مَنٍّ مِنْ اَحَدٍ مِنْ
خَلْقِکَ اِلَّا سَعَۃً مِنْ فَضْلِکَ الْوَاسِعِ فَاِنَّکَ قُلْتَ وَاسْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ فَمِنْ
فَضْلِکَ اَسْاَلُ وَمِنْ عَطِیَّتِکَ اَسْاَلُ وَمِنْ یَدِکَ الْمَلْاٰی اَسْاَلُ۔

داخل ہوگا اور جو شخص طالب آخرت ہو اور آخرت کے لیے جیسی کوشش کرنی چاہیے
ویسی اُسکی کوشش بھی کرے اور وہ مؤمن بھی ہو کہ تو یہی لوگ ہین جنکی محنت
خدا کے یہان مقبول ہوگی (اے پیغمبر) وہ (دنیا کے طالب) اور یہ (آخرت کے طالب)
سب ہی کو ہم تمہارے پروردگار کی (یعنی اپنی) عطا سے امداد دیتے ہین اور تمہارے
پروردگار کی عطا (عام ہے کسی پر) بند نہین (اے پیغمبر) دیکھو (تو سہی کہ) ہمنے
(دنیا مین) بعض لوگون کو بعض پر کیسے برتری دی ہی اور البتہ آخرت کے درجے کہین
بڑھکر ہین اور (ویسے ہی اُسدن کی) برتری (بھی) کہین بڑھکر ہے۔

(۵) خدائے تعالیٰ سورہ ہود مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے فرماتا ہی مَنْ كَانَ يُرِيْدُ
الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا تا يَعْمَلُوْنَ ۝ (نیک کام کرنے یعنے اعمال خیر کے کرنے سے) جنکا مطلب
دنیا کی زندگی اور دنیاوی آرایش (وزینت) ہوتی (ہے) ہم اُنکے (اُن) اعمال
(نیک) کا بدلہ (یہین) دنیا مین اُنکو پورا پورا دیدیتے ہین اور وہ دنیا مین (کسی طرح)
گھاٹے مین نہین رہتے (لیکن یہ) وہ لوگ ہین جنکے لیے آخرت مین دوزخ کے سوا

---

۵۵۵ (۶) ایضاً حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ
اِنَّكَ تَكَفَّلْتَ بِرِزْقِيْ وَرِزْقِ كُلِّ دَابَّةٍ يَا خَيْرَ مَدْعُوٍّ وَيَا خَيْرَ مَنْ اَعْطٰى
وَيَا خَيْرَ مَنْ اَعْطٰى وَيَا خَيْرَ مَنْ سُئِلَ وَيَا اَفْضَلَ مُرْتَجًى اِفْعَلْ بِيْ
اس جگہ جو حاجت از قبیل ترقی رزق ہو طلب کرے۔

(۷) ایضاً حدیث خلاصہ یہ ہی کہ ایک شخص نے جناب امام جعفر صادق ع سے
شکایت بیماری و تنگدستی کی کی آنحضرت ع نے فرمایا کہ اس دعا کو پڑھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ
وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ
تَكْبِيْرًا ۔ جناب ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ مقباس المصابیح مین حدیث تحریر فرماتے ہین

اور کچھ نہین اور جو اعمال (نیک) ان لوگون نے دنیا مین کئے (آخرت مین سب) گئے گذرے ہوئے اور انکا کیا دھرا سب باطل ہو۔

منہ مؤلف خلاصہ مطلب اس آیہ شریف کا یہ ہو کہ جو لوگ کوئی نیک عمل بحصول دنیا کرتے ہین اس غرض سے کہ ہمارا نام ہو یا ہم مشہور ہون یا دیگر فوائد دنیوی حاصل ہون تو ایسے نیک عمل کا عیوض انکو دنیا ہی مین دیدیا جاتا ہی مثل صحت جسم اور ریاست اور فراخی روزی اور کثرت اولاد وغیرہ وغیرہ مگر آخرت کے لیے وہ عمل نیک حبط کردیا جاتا ہو اور کوئی صلہ اُسکا نہین ملتا ایسے لوگون کے لیے آخرت مین سوائے دوزخ کے اور کچھ نہین ہی

(۹) سورہ یونس مین بایں رکوع اول کے خدا تعالی فرماتا ہی اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ تایَکْسِبُوْنَ ہ جن لوگون کو (مرے پیچھے) ہم سے ملنے کا کھٹکا ہی نہین (ہے) اور دنیا کی زندگی سے خوش ہین اور (خطر عاقبت سے بیخوف ہوکر) باطمینان زندگی بسر کرتے ہین اور جو لوگ ہماری (قدرت کی) نشانیون سے غافل ہین یہی لوگ ہین جنکے کرتوت کا بدلا یہ ہوگا کہ اُنکا (آخری) ٹھکانا دوزخ (ہے)

(منہ) یہ سب ظاہر ہی کہ محبت دنیا کی مال اور اولاد کی وجہ سے زیادہ تر ہوتی ہی اور نتیجہ اسکا یہ ہوتا ہی کہ انسان عقبی کو ہاتھ سے قطعی دیدیتا ہی اور جب تک عقبی ہاتھ سے نہ جائے دنیا کامل طور پر حاصل نہین ہوسکتی اسمین بھی درجہ ہین بعض لوگ اولاد اور مال کی محبت کی وجہ سے دنیا ہی کو اختیار کرلیتے ہین اُنکو آخرت کا خیال اور

---

۵۵۸ کہ اُنمین ہر صبح وشام دس دس مرتبہ اس دعا کا پڑھنا تحریر ہی راوی کہتا ہی کہ مین نے اس دعا پر ہر صبح وشام مداومت کی اللہ تعالی نے مجھسے بیماری اور تنگدستی کو دور فرمایا۔ مداومت کرنا اسپر برائے دفع فقر مجربات صحیحہ سے ہی۔

(۸) ایضاً حدیث فرمایا جناب امام محمد باقر ؑ نے کہ واسطے وسعت رزق کے بعد ہر نماز واجبہ کے سجدے مین اس دعا کو پڑھے یَا خَیْرَ الْمَسْئُوْلِیْنَ وَیَا خَیْرَ الْمُعْطِیْنَ اُرْزُقْنِیْ وَارْزُقْ عِیَالِیْ مِنْ فَضْلِکَ فَاِنَّکَ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ہ

لفظ عیالی مین حرف عین کو کسرہ ہی جناب ملا خلیل علیہ الرحمہ نے کہ جنھون نے شرح کافی کی تحریر فرمائی ہی عین کو بکسرہ تحریر فرمایا ہی جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ اس دعا کو جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے مصباح متہجد مین اور ابن باقی نے اپنی مصباح مین بھی تحریر فرمایا ہے

ہمیشہ قطعی جاتا رہتا ہی اور بعض لوگ خوف خدا اور اندیشۂ آخرت کے سبب سے کچھ امور دنیا اور کچھ امور عقبیٰ دونون مین
مصروف رہتے ہین اور بعضے لوگ کہ جنکو خوف خدا اور اندیشۂ آخرت زیادہ تر ہی اور عقبیٰ ہی مین مصروف
رہتے ہین ایسے صلحا شاذ نادر ہین اگر چشم بصیرت سے دیکھا جائے تو ایسے ہی لوگ نہایت عقلمند ہین
کہ جو امور عقبیٰ مین کہ جو جگہ اُنکی ہمیشہ کی سکونت کے لیے ہی اُس جگہ کی استراحت و آسایش
و آرام مین ذرا سا بھی ضرر نہین آنے دیتے اس سبب سے کہ اگر انسان بالفرض دو ہزار
برس زندہ رہا الابالآخر اُسکو مرنا ضرور ہی اور آخرت وہ جگہ ہی کہ جس جگہ ہمیشہ
رہنا ہی پس جس جگہ انسان کی ہمیشہ کے لیے سکونت ہو اُس جگہ کے آسایش و
آرام کا اور وہان کے رفع تکالیف کا انتظام کرنا ضرور ہی اور عقل سلیم بھی اسکو قبول
کرتی ہی تمثیل اسکی یہ ہی کہ انسان دنیا مین جس جگہ سکونت رکھتا ہی اُس جگہ اُسکو اپنی
آسایش و آرام کے لیے مثل تیاری مکان وغیرہ وغیرہ کے ضرور ہی اور جب
وہ شخص سفر مین ہو تو سفر مین ہر جگہ مکانات کا تیار کرنا اور دیگر امور آسایش
و آرام کا مستقل طور پر قائم کرنا کوئی صاحب عقل پسند نہین کرسکتا پس جسطرح حالت

---

(۵) اور جناب شیخ زین العابدین مازندرانی اعلی اللہ نے ذخیرة المعاد مین بھی اس دعا کو
لکھا ہی اور تحریر فرمایا ہی کہ ہر نماز واجبہ کے سجدۂ آخر مین ایک مرتبہ پڑھے یا ہر سجدہ مین
پڑھے اختیار ہے اور جناب مرزا حسن بن عبد الرزاق لاہجی علیہ الرحمہ نے جمال الصالحین مین بھی
اس دعا کو لکھا ہی مداومت کرنا اسپر نماز واجبہ کے سجدہ مین برائے ترقی رزق مثل کبریت احمر کے ہی
(۹) ایضاً حدیث جناب امام زین العابدین ع بذریعہ اس دعا کے دعا کرتے تھے
اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْاَلُكَ حُسْنَ الْمَعِیْشَةِ مَعِیْشَةً اَتَقَوّٰی بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ حَوَائِجِیْ وَاَتَوَصَّلُ بِهَا
فِی الْحَیٰوةِ اِلٰی اٰخِرَتِیْ مِنْ غَیْرِ اَنْ تُتْرِفَنِیْ فِیْهَا فَاَطْغٰی اَوْ تُقَتِّرَ بِهَا عَلَیَّ فَاَشْقٰی
وَسِّعْ عَلَیَّ مِنْ حَلَالِ رِزْقِكَ وَاَفْضِلْ عَلَیَّ مِنْ سَیْبِ فَضْلِكَ نِعْمَةً مِنْكَ
سَابِغَةً وَعَطَاءً غَیْرَ مَمْنُوْنٍ ثُمَّ لَا تَشْغَلْنِیْ عَنْ شُكْرِ نِعْمَتِكَ بِاِكْثَارٍ مِنْهَا تُلْهِیْنِیْ

سفر کی ہی اسیطرح دنیا کی ہی کہ ہم دنیا مین بطور سفر کے ہین یعنے ایک دن نہ ایک دن
کوچ کرنے والے ہین اور عقبیٰ مثل سکونت کے ہی کہ وہان ہمکو ہمیشہ رہنا ہے اور
رہنا بھی کیسا کہ پھر وہانسے کسی جگہ کو جا ہی نہین سکتے لہذا امور عقبیٰ مین کہ جو باعث
حصول مدارج و عزت و آسایش و آرام عقبیٰ کے ہین ضرر پہونچانا عقلمند کا کام
نہین ہی اور جو شخص امور عقبیٰ مین ضرر پہونچا کر تکالیف اور طرح طرح کے عذاب
آخرت کے لیے مہیا کرے تو اسکو یہ سمجھنا چاہیے کہ یہ شخص مخبوط الحواس ہے اور
مخبوط الحواس بھی ایسا کہ جسکو اپنی آسایش اور تکلیف مین اور عزت اور ذلت
مین کچھ تمیز ہی نہ ہو اور ہمکو یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ اولاد اور مال کو باری تعالیٰ نے
محل امتحان قرار دیا ہی اگر ہمنے اولاد و مال کی محبت مین زندگانی بسر کر دی تو گویا
امتحان مین ناکامیاب رہے اور اس ناکامیابی کا نتیجہ دوزخ ہی اور اگر اولاد و
مال کے مقابلہ مین ہمنے آخرت کو عزیز سمجھا اور ایسی حالت مین عمر بسر کر دی تو گویا
امتحان مین پاس ہو گئے اور نتیجہ اس کامیابی امتحان کا بہشت ہی چنانچہ باریتعالیٰ

۵۶۰ بَهْجَتُهُ وَتَفْتِنِّي زَهَرَاتُ زَهْرَتِهِ وَلَا يَا قُلَّا كُلُّ عَلَيَّ مِنْهَا يَقْصُرُ بِعَمَلِي كَدُّهُ
وَيَمْلَأُ صَدْرِي هَمُّهُ أَعْطِنِي مِنْ ذٰلِكَ يَا إِلٰهِي غِنًى عَنْ شِرَارِ خَلْقِكَ وَبَلَاغًا
أَنَالُ بِهِ رِضْوَانَكَ وَأَعُوذُ بِكَ يَا إِلٰهِي مِنْ شَرِّ الدُّنْيَا وَشَرِّ مَا فِيهَا لَا تَجْعَلِ
عَلَيَّ الدُّنْيَا سِجْنًا وَلَا فِرَاقَهَا عَلَيَّ حُزْنًا أَخْرِجْنِي مِنْ فِتْنَتِهَا مَرْضِيًّا عَنِّي مَقْبُولًا
فِيهَا عَمَلِي إِلٰى دَارِ الْحَيَوَانِ وَمَسَاكِنِ الْأَخْيَارِ وَأَبْدِلْنِي بِالدُّنْيَا الْفَانِيَةِ نَعِيمَ
الدَّارِ الْبَاقِيَةِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ أَزْلِهَا وَزِلْزَالِهَا وَسَطَوَاتِ
شَيَاطِينِهَا وَسَلَاطِينِهَا وَنَكَالِهَا وَمِنْ بَغْيِ مَنْ بَغٰى عَلَيَّ فِيهَا اَللّٰهُمَّ مَنْ
كَادَنِي فَكِدْهُ وَمَنْ أَرَادَنِي فَأَرِدْهُ وَفُلَّ عَنِّي حَدَّ مَنْ نَصَبَ لِي حَدَّهُ
وَأَطْفِ عَنِّي نَارَ مَنْ شَبَّ لِي وَقُودَهُ وَاكْفِنِي مَكْرَ الْمَكَرَةِ وَافْقَأْ عَنِّي

سورہ تغابن مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے فرماتا ہی اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ تا آخر سورہ یعنے تمھارے مال ور تمھاری اولاد آزمایش ہی اور اللہ کے یہان (اس آزمایش مین ثابت قدم رہنے کے لیے) بڑا اجر ہی جہانتک تم سے ہوسکے اللہ سے ڈرتے رہو اور (اُسکا حکم) سُنو اور مانو اور (اُسکی راہ مین) خرچ کرتے رہو کہ (یہ) تمھارے اپنے ہی حق مین بہتر ہی اور جو شخص اپنے بخل طبعی سے محفوظ رکھا جائے تو (آخرت مین) ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہین اگر تم اللہ کو خوشدلی سے قرض دو تو (آخرت مین) وہ تمکو اُسکا دُوگنا (ادا) کردیگا اور تمھارے گناہ معاف کریگا (سوالگ) اور اللہ بڑا قدردان بردبار پوشیدہ اور ظاہر (سب) کا جاننے والا زبردست اور حکمت والا۔

(ح) بعد مرنے کے مال دنیا کو نہ چھوڑنا یعنی اپنی زندگی ہی مین تمام مال دنیا کو صرف کردینا یہانتک کہ بعد مرنے کے باقی نہ رہے احادیث مین آیا ہی کہ بعد مرنے کے اگر وہ مال حرام سے ہی تو اُسکے لیے توشہ جہنم کا ہی ملاحظہ ہو حدیث حرف (خ) مندرجہ نمبر ۳۴ باب سولہ اسرار الصلوٰۃ وطہارت باطنیہ کتاب ہذا

۵۶۱ عُیُوْنَ الْکَفَرَۃِ وَالْفِنِیْ ھَمَّ مَنْ اَدْخَلَ عَلَیَّ ھَمَّہٗ وَادْفَعْ عَنِّیْ شَرَّ الْحَسَدَۃِ وَاعْصِمْنِیْ مِنْ ذٰلِکَ بِالسَّکِیْنَۃِ وَالْبِسْنِیْ دِرْعَکَ الْحَصِیْنَۃَ وَ اَحْیِنِیْ فِیْ سِتْرِکَ الْوَافِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ حَالِیْ وَصَدِّقْ قَوْلِیْ بِفِعَالِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ اَھْلِیْ وَمَالِیْ مداومت کرنا اس دعا پر برائے ترقی رزق نہایت مؤثر ہے۔

(۱۰) ایضاً حدیث خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ ایک شخص نے بخدمت جناب امام جعفر صادق عم عرض کیا کہ مجکو ایسی دعا تعلیم فرمائی کہ مین بذریعہ اُسکے دعا کرون تو مفلس نہ ہون فرمایا آنحضرت نے کہ دو رکعت اول نماز شب کی دوسری رکعت کے اخیر سجدہ مین اس دعا کو پڑھو یَا خَیْرَ مَدْعُوٍّ وَیَا خَیْرَ مَسْئُوْلٍ وَیَا اَوْسَعَ مَنْ اَعْطٰی وَیَا خَیْرَ مُرْتَجٰی اُرْزُقْنِیْ وَاَوْسِعْ عَلَیَّ مِنْ رِزْقِکَ وَسَبِّبْ لِیْ رِزْقًا مِنْ قِبَلِکَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ م

اور اگر زندگی مین صرف کرچکا تو نتیجہ اُسکا بھی آتش جہنم ہی اور اگر مال حلال ہی اور اُسکو
اپنی حیات مین صرف کرچکا تو گویا وہ مال خزانۂ آخرت مین اُسکا جمع ہی بعد مرنے کے
اُسکو اُسکا نفع ملیگا اور اگر اپنی حیات مین صرف نہین کیا اور ورثاء کے لیے باقی
چھوڑا اور ورثاء نے اُسکو حرام مین صرف کیا تو یہ شخص معصیت مین معین ہوا اور
اگر ورثاء نے کار خیر مین صرف کیا تو ثواب اُسکا ورثاء کو ہوگا اُسکو کوئی ثواب اُسکا ندیا جائیگا۔

حدیث از کلمۂ طیبہ بحوالۂ نہج البلاغہ فرمایا جناب امیرؑ نے امام حسینؑ سے کہ اے
فرزند بعد اپنے مال دنیا کو نہ چھوڑنا اگر چھوڑوگے اور وارث نے اُسکو عمل خیر مین صرف
کیا تو وہ وارث سعید ہوگا اور تم اوس سے محروم رہے اور اگر اُس مال کو وارث نے
معصیت مین صرف کیا پس تم معصیت مین معین اُسکے ہوئے لہذا مال کو چھوڑنا وارث
کے لیے کہ بعد اُسکے وہ مال معصیت مین صرف ہو اور مال کا چھوڑنے والا معصیت مین
معین ہو البتہ راہ خدا مین اپنے ہاتھ سے دینا بہتر اور افضل ہی۔

من مؤلف اور بھی احادیث اسکے مؤید ہین۔

۵۶۲ (۱۱) ایضاً **حدیث** فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جناب رسولؐ خدا نے اس دعا کو برائے ترقی رزق
تعلیم کیا یَا رَازِقَ الْمُقِلِّیْنَ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ یَا وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِبَیْتِهٖ وَارْزُقْنِیْ وَعَافِنِیْ وَاکْفِنِیْ مَا اَهَمَّنِیْ مداومت کرنا
بعد ہر نماز واجبہ کے اس دعا پر برائے ترقی رزق مجرب ہی۔

(۱۲) ایضاً **حدیث** فرمایا جناب امام محمد باقرؑ نے کہ یہ کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
رِزْقًا وَاسِعًا طَیِّبًا مِنْ رِزْقِكَ۔

(۱۳) ایضاً **حدیث** فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ یہ کہے اَللّٰهُمَّ اَوْسِعْ عَلَیَّ فِیْ
رِزْقِیْ وَامْدُدْ لِیْ فِیْ عُمْرِیْ وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَنْتَصِرُ بِهٖ لِدِیْنِكَ
وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِیْ غَیْرِیْ۔

(قا) مال کو حرام مین صرف کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی پس جیسے گناہ مین وہ مال صرف کیا جائے ویسے ہی گناہ کا مواخذہ اُسکے ذمہ ہو گا مثلاً کسی کو شراب کے پینے کے لیے روپیہ دے تو اُس سے شراب کا مواخذہ ہو گا اور اگر کسی کے قتل کرنے کے لیے روپیہ صرف کرے تو قتل کا مواخذہ ہو گا اسی طرح ہر گناہ کی کیفیت ہی کہ جس گناہ مین مال صرف ہو اُسی گناہ کا مواخذہ ہو گا۔

(الف) سورۂ طٰہٰ مین مابین رکوع ۳ و ۴ کے ہی جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر اس طرح تحریر فرماتے ہین کہ کُلُوا مِن طَیِّبٰتِ مَا رَزَقنٰکُم کھاؤ تم پاک و پاکیزہ سے جو تمپر حلال ہے وَلَا تَطغَوا فِیہِ اور حد سے نہ گذرو یعنے نعمت خدا کو معصیت مین صرف نکرو یا یہ کہ کفران نعمت خدا نہ کرو اگر تم ایسا کروگے فَیَحِلَّ عَلَیکُم غَضَبِی نازل ہو گا تمپر غضب میرا وَمَن یَّحلِل عَلَیہِ غَضَبِی اور جسپر نازل ہو غضب میرا فَقَد ھَوٰی پس وہ شخص گرا او یہ مین یعنے دوزخ مین۔

۵۶۳ (۱۴) ایضاً **حدیث** فرمایا جناب امام موسی کاظم ع نے کہ برائے ترقی رزق کے یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَسئَلُکَ بِحَقِّ مَن حَقُّہٗ عَلَیکَ عَظِیمٌ اَن تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَن تَرزُقَنِی العَمَلَ بِمَا عَلَّمتَنِی مِن مَعرِفَۃِ حَقِّکَ وَاَن تَبسُطَ عَلَیَّ مَا حَظَرتَ مِن رِزقِکَ۔

(۱۵) از مصباح کفعمی **حدیث** فرمایا جناب امام رضا ع نے کہ واسطے طلب رزق کے بعد ہر نماز فریضہ کے اس دعا کو پڑھے یَا مَن یَّملِکُ حَوَائِجَ السَّائِلِینَ وَیَعلَمُ ضَمِیرَ الصَّامِتِینَ لِکُلِّ مَسئَلَۃٍ مِّنکَ سَمعٌ حَاضِرٌ وَّجَوَابٌ عَتِیدٌ وَّلِکُلِّ صَامِتٍ مِّنکَ عِلمٌ بَاطِنٌ مُّحِیطٌ اَسئَلُکَ بِمَوَاعِیدِکَ الصَّادِقَۃِ وَاَیَادِیکَ الفَاضِلَۃِ وَرَحمَتِکَ الوَاسِعَۃِ وَسُلطَانِکَ القَاہِرِ وَمُلکِکَ القَائِمِ

من مولف نعمت خداکو معصیت مین صرف کرنا بھی کفران نعمت ہی۔

(قب ۱۰۲) امداد کرنا گناہ کبیرہ پر بھی گناہ کبیرہ ہی یعنے جس گناہ کبیرہ کی امداد کی جائے اُسی گناہ کا مواخذہ ہو گا مثلاً کسی نے کسی کو سود کے لین دین مین امداد کی تو سود کا مواخذہ ہو گا اور اگر کسی نے کسی کی اذیت اور ذلت کے دینے مین امداد کی تو اذیت اور ذلت کا اور اگر کسی نے کسی کے قتل کر ڈالنے مین امداد کی تو قتل کا مواخذہ ہو گا غرضکہ جس گناہ مین امداد کی جائے اُسی گناہ کا مواخذہ دار ہو گا۔

(الف) خدائے تعالیٰ سورۂ مائدہ مین مابین رکوع اول کے فرماتا ہی وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ تا شَدِيدُ الْعِقَابِ ٥ اور نیکی اور مددگاری (کے کامون) مین ایک دوسرے کے مددگار ہو جایا کرو اور گناہ اور زیادتی (کے کامون) مین ایک دوسرے کے مددگار نہ ہو اور اللہ (کے غضب) سے ڈرو (کیونکہ) اللہ کا غضب بہت ہی سخت ہی۔

(قج ۱۰۳) پیشاب سے احتراز نکرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہے۔

۵۰۴ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ يَا مَنْ لَا تَنْفَعُهُ طَاعَةُ الْمُطِيعِينَ وَلَا تَضُرُّهُ مَعْصِيَةُ الْعَاصِينَ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَارْزُقْنِي مِنْ فَضْلِكَ وَأَعْطِنِي فِيمَا رَزَقْتَنِي الْعَافِيَةَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ٥۔

(۱۶) ایضاً حدیث ابن ابی الدنیا نے کہا کہ واسطے ترقی رزق کے ہر روز بیس مرتبہ اس دعا کو پڑھے لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَإِنَّهُ لَا يَمْلِكُهُمَا أَحَدٌ غَيْرُكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ برائے ترقی رزق مجرب ہی۔

(۱۷) ایضاً حدیث جناب رسولخدا نے برائے وسعت رزق اہل صفہ کو یہ دعا تعلیم فرمائی تھی اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَأَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ

حدیث از وسائل الشیعہ زرارہ نے جناب امام جعفر صادق ع سے روایت کی ہے
فرمایا حضرت نے کہ پیشاب کو حقیر نہ سمجھو بے پروائی اُس سے نہ کرو (یعنے اس طرح
بے پروائی سے پیشاب نہ کرو کہ جو چھینٹین اُسکی اپنے اوپر پڑین)۔
حدیث ایضاً جناب امام جعفر صادق ع نے اپنے آباء کرام سے اور اُنھون نے
جناب رسولخدا ص سے روایت کی ہے کہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جہنّم مین چار شخص
ایسے معذّب ہونگے کہ اُنسے اہل جہنّم متاذّی ہونگے (باوجودیکہ وہ بھی عذاب جہنم
مین مبتلا ہین) اور ایک اُنہین سے وہ شخص کہ آنتین اُسکی کھینچی جائینگی یہانتک
آپ نے فرمایا کہ اُس سے اہل جہنم کہین گے کیا ہو گیا اَبعَد کو کہ ہمکو اذیت دیتا ہے
باوجودیکہ ہم خود عذاب مین مبتلا ہین پس اُنکو جواب دیا جائیگا کہ اَبعَد پیشاب سے
بے اعتنائی کرتا تھا یعنے پیشاب کی چھینٹین جو اُس کے جسم پر پڑتی تھین
اُنسے بے اعتنائی کرتا تھا۔
حدیث ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ عذاب قبر ہوتا ہے بسبب سخن چینی اور پیشاب سے احتراز نکرنے

(۱۸) از مصباح متہجّد جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ برائے ترقی رزق بعد نماز عشا کے
ٹھہر ٹھہر کر اس دعا کو پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ لَیْسَ لِیْ عِلْمٌ بِمَوْضِعِ رِزْقِیْ وَاِنَّمَا
اَطْلُبُہٗ بِخَطَرَاتٍ تَخْطُرُ عَلٰی قَلْبِیْ فَاَجُوْلُ فِیْ طَلَبِہِ الْبُلْدَانَ فَاَنَا فِیْمَا
اَنَا طَالِبٌ کَالْحَیْرَانِ لَا اَدْرِیْ اَفِیْ سَھْلٍ ھُوَ اَمْ فِیْ جَبَلٍ اَمْ فِیْ اَرْضٍ اَمْ فِیْ
سَمَآءٍ اَمْ فِیْ بَرٍّ اَمْ فِیْ بَحْرٍ وَعَلٰی یَدَیْ مَنْ وَمِنْ قِبَلِ مَنْ وَقَدْ عَلِمْتُ
اَنَّ عِلْمَہٗ عِنْدَکَ وَاَسْبَابَہٗ بِیَدِکَ وَاَنْتَ الَّذِیْ تَقْسِمُہٗ بِلُطْفِکَ وَتُسَبِّبُہٗ
بِرَحْمَتِکَ اَللّٰھُمَّ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ یَارَبِّ رِزْقَکَ لِیْ
وَاسِعًا وَّمَطْلَبَہٗ سَھْلًا وَّمَاْخَذَہٗ قَرِیْبًا وَّلَا تُعَنِّنِیْ بِطَلَبِ مَا لَمْ تُقَدِّرْ لِیْ
فِیْہِ رِزْقًا فَاِنَّکَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِیْ وَاَنَا فَقِیْرٌ اِلٰی رَحْمَتِکَ فَصَلِّ

حدیث ابو بصیر نے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ اکثر عذاب قبر بسبب پیشاب کے ہوتا ہی (یعنے پیشاب سے احتراز نکرنے مین)۔

(**قلہ**) **ایسا کام کرنا کہ جسکے سبب سے اُسکے مان باپ کو گالی دیجائے** گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہے چونکہ اسمین باعث اذیت اور ذلت والدین کا ہی لہذا گناہ کبیرہ ہی پس جو کوئی ایسا کام کرے کہ جسکے سبب سے اُسکے مان باپ کو گالی دیجائے تو گویا خود اُسنے اپنے والدین کو اذیت دی اور ذلیل کیا اور اذیت اور ذلت دینے کے بارہ مین آیۂ قرآنی و احادیث نمبر (۱۱) باب ہذا مین تحریر ہو چکی ہین

(**قلہ**) **عیال کی خبر گیری لینا**۔ گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

(**الف**) خداے تعالیٰ سورۂ نساء مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہی وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ اور زندگانی بسر کرو اُنسے (یعنی عیال سے) ساتھ اچھی طرح کے یعنے مطابق شریعت کے محبت سے بولنا اور اخلاق سے پیش آنا کھانا کپڑہ وقت پر اپنی حیثیت کے موافق اور رسم شرع کے مطابق دینا۔ پس ترک اسکا یعنی عیال کی

---

۵۶۶ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَجُدْ عَلٰى عَبْدِكَ بِفَضْلِكَ اِنَّكَ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ۔

حدیث اس دعا کے حاشیہ نمبر ۲۶ باب (۴۷) تعقیبات نماز عشا مین تحریر ہو چکی ہے۔

(۱۹) از مصباح کفعمی۔ ابن ساعی سے روایت ہی کہ جو کوئی اس دعا پر مواظبت کرے اسباب رزق اُسپر آسان ہووین اَللّٰهُمَّ يَا سَبَبَ مَنْ لَا سَبَبَ لَهٗ يَا سَبَبَ كُلِّ ذِيْ سَبَبٍ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ مِنْ غَيْرِ سَبَبٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بعد ازان کہے وَتَفْعَلُ ذٰلِكَ بِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بعد ہر نماز واجبہ کے پڑھنا اس دعا کا براے ترقی رزق مجربات صحیحہ سے ہی اور ابن ساعی نے اپنی تاریخ مین ذکر کیا ہی کہ احمد بن محمد طاؤسی نے اس دعا پر بحالت شدت فقر مواظبت کی حق سبحانہ تعالیٰ نے اُسکو غنی کیا اور صاحب ثروت کیا۔

خبرگیری کا نہ لینا گناہ کبیرہ ہے۔
حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب ائمہ ع نے کہ ملعون ہو وہ شخص کہ جو اپنے عیال کا بار دوسرے شخص پر رکھے اور نیز ملعون ہے وہ شخص کہ جو اپنے عیال کو مضطر پریشان رکھے تاکہ محتاج اوروں کے ہون۔
ثواب پرورش عیال کچھ احادیث ثواب پرورش عیال مین باب چہارم کتاب ہذا مین تحریر ہو چکے ہین صرف دو احادیث پر اس جگہ اکتفا کیا جاتا ہی۔
حدیث از جمال الصالحین فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ جس شخص کی تین دختر ہون یا تین خواہر ہون اور وہ شخص اُنکی پرورش کرتا ہو بہشت اُسپر واجب ہوتی ہی کسی نے پوچھا کہ اگر دو ہون آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اسپر بھی بہشت واجب ہی پھر عرض کیا کہ اگر ایک ہو آنحضرت ص نے فرمایا کہ اُسپر بھی بہشت واجب ہی۔
حدیث ایضاً فرمایا آنحضرت ص نے کہ جس کسی کی دو دختر یا دو خواہر یا عمّہ یا دو یا دو خالہ ہون اور وہ اُنکی پرورش کرتا ہو خدائے تعالیٰ اُسکو دوزخ سے رہا فرماتا ہی۔

---

(۲۰) حدیث فرمایا جناب امیر ع نے کہ جو کوئی صبح کرے اور ان کلمات کو نہ کہے ون ہی اسکا کہ فوت ہووے اُس سے رزق اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَرَّفَنِیْ نَفْسَهٗ وَلَمْ یَتْرُکْنِیْ عُمْیَانَ الْقَلْبِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَنِیْ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ رِزْقِیْ فِیْ یَدِهٖ وَلَمْ یَجْعَلْهُ فِیْ اَیْدِی النَّاسِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَتَرَ عَوْرَتِیْ وَلَمْ یَفْضَحْنِیْ بَیْنَ النَّاسِ ہ۔

(۲۱) از مہج الدعوات سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ حدیث خلاصہ یہ ہی کہ فرمایا جناب امیر ع نے کہ جس کسیکا رزق تنگ ہو اور درہائے معاش اُسپر بند ہون پس اس دعا کو پوست آہو پر یا دوسرے جانور حلال و ذبیحہ کے پوست پر لکھے اور اپنے اوپر باندھے (یعنی گلے مین لٹکائے یا بازو پر باندھے) یا اُس لباس مین کہ پہنتا ہی اسکو رکھے اپنے پاس سے دور نہ کرے

(قو ۱۰۶) وصیت مین ضرر پہونچانا وارث کو گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اُسکو کبائر سے تحریر فرمایا۔

(الف) خدائے تعالیٰ سورۂ نساء مین مابین رکوع ۱ و ۲ کے فرماتا ہی مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَآرٍّ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ه۔ (یہ حصّے بھی) میّت کی وصیّت (کی تعمیل) اور (ادائے) قرض کے بعد (دئے جائین) بشرطیکہ میّت نے (کسیکو) نقصان نہ پہونچانا چاہا ہو یہ فرمان الٰہی ہے اور اللہ (سب کچھ) جانتا (اور لوگون کی نافرمانیون پر) بردشت کرتا ہی تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ط یہ اللہ کے (باندھی ہوئی) حدین ہین۔

جو شخص ایسی وصیت کرے کہ جس مین کسی وارث یا حق دار کا حق زایل ہوتا ہو تو یہ گناہ کبیرہ ہی اور یہ گناہ کبیرہ بھی حق الناس مین ہی اسکے مواخذہ سے بری الذمہ نہین ہوسکتا یہ اکبر کبائر سے ہی اور یہ داخل ظلم بھی ہی اور ظلم کے بارہ مین آیات قرآنی واحادیث نمبر (ص۲) باب ہذا مین تحریر ہوچکے ہین۔

۵۶۸ اللہ تعالیٰ رزق اُسکا وسیع کرے اور دروازے معاش اُسپر کھولدے اُس راہ سے کہ گمان نہ رکھتا ہو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ لَا طَاقَةَ لِفُلَانِ بْنِ فُلَانٍ اس جگہ اپنا اور اپنے باپ کا نام لکھے بِالْجَهْدِ وَلَا صَبْرَ لَهٗ عَلَى الْبَلَآءِ وَلَا قُوَّةَ لَهٗ عَلَى الْفَقْرِ وَالْفَاقَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تَحْظُرْ عَلٰى اپنا نام اور اپنے باپ کا نام لکھے رِزْقَكَ وَلَا تُقَتِّرْ عَلَيْهِ سَعَةَ مَا عِنْدَكَ وَلَا تَحْرِمْهُ فَضْلَكَ وَلَا تَحْسِمْهُ مِنْ جَزِيْلِ قِسْمِكَ وَلَا تَكِلْهُ اِلٰى خَلْقِكَ وَلَا اِلٰى نَفْسِهٖ فَيَعْجِزَ عَنْهَا وَيَضْعُفُ عَنِ الْقِيَامِ فِيْمَا يُصْلِحُهٗ وَيُصْلِحُ مَا قِبَلَهٗ بَلْ تَفَرَّدْ بِلَمِّ شَعَثِهٖ وَتَوَلَّ لِيْ كِفَايَتَهٗ وَانْظُرْ اِلَيْهِ فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِهٖ اِنَّكَ اِنْ وَكَلْتَهٗ اِلٰى خَلْقِكَ لَمْ يَنْفَعُوْهُ وَاِنْ اَلْجَاْتَهٗ اِلٰى اَقْرِبَآئِهٖ حَرَمُوْهُ وَاِنْ اَعْطَوْهُ اَعْطَوْهُ قَلِيْلًا نَكِدًا وَاِنْ

(ق) ظہار یعنی اپنی زوجہ کو اپنی مان کی پشت سے مشابہت دینا

گناہ کبیرہ ہی جناب شہید ثانی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

(الف) خدائے تعالی سورہ مجادلہ مین مابین رکوع اول کے فرماتا ہی اَلَّذِیْنَ یُظٰھِرُوْنَ مِنْکُمْ تا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝ جو لوگ تم مین سے اپنی بیبیون کے ساتھ ظہار کر بیٹھین وہ (کچھ) اُنکی مائین (تو ہین) نہین اُنکی مائین تو وہی ہین جنھون نے اُنکو جنا ہی (مگر) ہان (بی بی کو مان کہہ بیٹھنے سے) اُنھون نے ایک بیہودہ اور جھوٹ بات کہی اور بیشک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہی اور جو لوگ اپنی بیبیون سے ظہار کرتے ہین (یعنے اُنسے یہ کہدیتے ہین کہ تو ہماری مان کی جگہ ہی یا تیری پیٹھ میری مان کی پیٹھ کی جگہ ہی) (اور) پھر لوٹ کر وہی (کام) کرنا چاہتے ہین جسکو کہہ چکے ہین (کہ نہین کرینگے یعنے مباشرت) تو ایک دوسرے کے ہاتھ لگانے سے پہلے (مرد کو) ایک بندہ آزاد کرنا چاہیے تمکو یہ نصیحت کی جاتی ہی (تاکہ اِس کار بند رہو) اور جو کچھ بھی تم کرتے ہو اللہ کو اسکی (سب خبر ہی پھر جسکو (بردہ)

یُنْعُوْہُ مَنْعُوْہُ کَثِیْرًا وَاِنْ بَخِلُوْا فَھُمْ لِلْبُخْلِ اَھْلٌ اَللّٰھُمَّ کَثِیْرًا وَاِنْ بَخِلُوْا بَخِلُوْا دُھُمْ لِلْبُخْلِ اَھْلٌ اَللّٰھُمَّ اَغْنِ اپنا نام اور اپنے مان اور باپ کا نام لکھے مِنْ فَضْلِکَ وَلَا تُخْلِہٖ مِنْہُ فَاِنَّہٗ مُضْطَرٌّ اِلَیْکَ فَقِیْرٌ اِلٰی مَا فِیْ یَدَیْکَ وَاَنْتَ غَنِیٌّ عَنْہُ وَاَنْتَ بِہٖ خَبِیْرٌ عَلِیْمٌ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ۔

(۲۲) **نماز استغفار** از کتاب روضۃ الاذکار جناب سید محمد بن محمد تبریزی علیہ الرحمہ

حدیث فرمایا جناب رسولخدا نے کہ جسپر جسوقت پریشانی زیادہ ہو اور معاش تنگ ہو پس بدرگاہ خدائے تعالی اپنی حاجت عرض کرے اور ترک نہ کرے نماز استغفار کو

میسّر نہ ہو تو ایک دوسرے کو ہاتھ لگانے سے پہلے (مرد) پے درپے دو ماہ کے روزے (رکھے) اور جس سے (یہ بھی) نہ ہو سکین تو ساٹھ مساکین کو کھانا کھلادے یہ (حکم) اسلیے (دیا جاتا ہی) کہ تم لوگ اللہ اور اُسکے رسولؐ پر (پورا پورا) ایمان لے آؤ اور یہ اللہ کے باندھی ہوئی حدین ہین اور جو لوگ منکر ہین اُنکو عذاب دردناک ہونا ہی۔

من مؤلف جو کوئی ان حدود سے روگردانی کرے مستحق دوزخ ہوگا۔ اور لفظ ظہارہ ظہر سے نکلا ہی جسکی معنی پیٹھ کے ہین۔

(قحؔ) **نسب کو تبدیل کرنا**۔ گناہ کبیرہ ہی مثلاً کوئی شخص قوم کا شیخ ہی اور اپنے کو قوم کا سید کہے پس اپنے نسب کو تبدیل کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

حدیث کافی مین ہی کہ فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ جو شخص اپنے نسب کو تبدیل کرے کفر بخدا ہی۔

حدیث کافی مین ہی کہ فرمایا جناب امام محمد باقرؑ و جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ کفر بخدائے عظیم ہی انکار کرنا حسب سے اگرچہ سر کوبی کی جائے۔

نمبر۵۷ وہ دو رکعت ہے ہر رکعت مین بعد الحمد کے سورۂ قدر ایک مرتبہ بعد ازان پندرہ مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ کہے بعد ازان رکوع مین بعد ذکر رکوع کے دس مرتبہ اور رکوع سے سر اُٹھا کر دس مرتبہ بعد ازان سجدہ مین دس مرتبہ سجدہ سے سر اُٹھا کر بیٹھے تو دس مرتبہ پھر سجدۂ دوم مین دس مرتبہ پھر سجدہ سے سر اُٹھا کر بیٹھے تو دس مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ کہے اسی طرح رکعت دویم کو بجالائے کہ دونون رکعتون مین مجموع ایکسو پچاس مرتبہ ہو جائے۔ یہ نماز برائے دفع فقر و ترقی رزق مجربات صحیحہ سے ہی۔

(۲۳) استغفار کا زیادہ پڑھنا احادیث مین آیا ہی کہ فقر و تنگدستی کو رفع کرتا ہے خصوصًا طریقہ ختم استغفار پر مداومت کرنا برائے دفع فقر و تنگدستی کے مجربات صحیحہ سے ہی استغفار کے خواص بہت ہین کثر خاصیت اسکی یہ ہی کہ باعث رفع فقر و ترقی رزق کا ہوتا ہی ملاحظہ ہون

(قط) گناہ صغیرہ پر اصرار کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے
اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی اس سبب سے کہ ہر گناہ اصرار کرنے پر کبیرہ ہو جاتا ہی۔
حدیث از وسائل الشیعہ سکونی نے جناب امام جعفر صادق ع سے روایت کی ہی
کہ کہا آنحضرت نے کہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ علامات شقاوت سے یہ ہی جمود عین
(یعنے آنکھون سے آنسو کا نہ نکلنا) اور قساوت قلب۔ اور شدت حرص طلب
دنیا مین۔ اور اصرار کرنا گناہ پر۔
حدیث ایضاً عبداللہ بن سنان نے جناب امام جعفر صادق ع سے روایت کی ہی
کہ فرمایا آنحضرت ع نے کہ صغیرہ۔ صغیرہ نہین رہتا ہی جبکہ اُسپر اصرار ہو (یعنے گناہ صغیرہ پر
اصرار کیا تو گناہ کبیرہ ہو جاتا ہی یعنے گناہ صغیرہ پر اصرار کیا جائے تو گناہ کبیرہ ہو جاتا ہی)
اور کبیرہ۔ کبیرہ نہین رہتا جبکہ استغفار کرے یعنے توبہ کرے۔
حدیث ایضاً ابو بصیر نے روایت کی ہی کہ جناب امام جعفر صادق ع سے
مین نے سُنا کہ حضرت فرماتے تھے کہ قسم ہی خدا کی نہین قبول کرتا خدا کسی ایسے

اصلہ احادیث وطریقہ ختم مندرجہ نمبر (۲۸) باب (تینتالیس) تعقیبات نماز عصر۔
(۲۴) مخصوص آخر شب مین استغفار کا کرنا فقر وتنگدستی کو رفع کرتا ہی اور رزق مین وسعت
دیتا ہی بشرطیکہ استغفار قلب سے بھی ہو نہ محض زبان ہی سے ملاحظہ ہو فضیلت استغفار
مندرجہ نمبر (۷۰) باب ستاون۔
(۲۵) دو ماہ پے درپے استغفار مندرجہ نمبر (۷۸) باب ستاون کا پڑھنا مخصوص
برائے ترقی رزق مجرب ہے۔
(۲۶) ہر روز بوقت صبح وشام ایک ایک مرتبہ پڑھنا استغفار اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْتَغْفِرُکَ
تا اَجْمَعِیْنَ ۰ مندرجہ نمبر (۲۳) باب پینتالیس کا برائے ترقی رزق نہایت مؤثر ہی
یہ استغفار مجربات صحیحہ سے ہی۔

شخص کی اطاعت کو جو اصرار کرے کسی گناہ پر۔

حدیث ایضاً جابر نے جناب امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے تفسیر مین اس آیہ کے وَلَمْ یُصِرُّوا عَلٰی مَا فَعَلُوْا وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ۔ فرمایا حضرت نے کہ (اس آیہ مین) معنی اصرار کے یہ ہین کہ بعد گناہ کے استغفار اور توبہ نہ کرے۔

من مؤلف مراد اصرار سے یہ ہے کہ اُس فعل کا دوبارہ بجالانا اور بعض علما کے نزدیک بعد اُس فعل کے صرف عزم اُس فعل پر دوبارہ کرنا بھی معنی اصرار پر داخل ہے

تعریف گناہ صغیرہ۔ گناہ صغیرہ وہ گناہ ہے کہ جسپر سزا جہنم کی قرآن واحادیث مین نہ ہو صرف اُسکی ممانعت ہوئی ہو۔ **تمثیل**۔ جیسے مزدوری لیکر میّت کو غسل کا دینا حرام ہے یعنے بالعوض غسل میت کے جو کچھ اُجرت لے وہ حرام ہے پس اگر ایک مرتبہ کیا تو یہ داخل گناہ صغیرہ ہے اور اگر اسپر اصرار کیا یعنے پھر مکرر مزدوری لیکر غسل دیا تو یہ گناہ کبیرہ ہو گیا اسیطرح اُجرت قبر کے کھودنے کی لینا حرام ہے پس اگر اس فعل پر اصرار کیا تو یہ بھی گناہ کبیرہ ہو گیا اور اسیطرح مرد کو خالص ریشم یا سونا پھننا

(۲۷) ازکتاب روضۃ الاذکار جناب سید محمد تبریزی علیہ الرحمہ۔

حدیث فرمایا جناب رسولخداؐ نے کہ واسطے وسعت رزق کے دو رکعت نماز پڑھے اوّل مین بعد الحمد کے سورۂ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ وسورۂ توحید ہر ایک تین تین مرتبہ اور رکعت دویم مین بعد سورۂ حمد کے معوذتین تین تین مرتبہ پڑھے یہ نماز مجرب وآزمودہ ہے بوقت صبح قبل طلوع شمس پڑھے اور بعد فراغ نماز کے سجدہ مین جاکر دعا کرے۔

(۲۸) ازصحیفہ سجادیہ جناب امام زین العابدینؑ واسطے وسعت رزق کے اس دعا کو پڑھا کرتے تھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ ابْتَلَيْتَنَا فِىْ اَرْزَاقِنَا بِسُوْءِ الظَّنِّ وَفِىْ اٰجَالِنَا بِطُوْلِ الْاَمَلِ حَتّٰى الْتَمَسْنَا اَرْزَاقَكَ مِنْ عِنْدِ الْمَرْزُوْقِيْنَ وَطَمِعْنَا فِىْ اٰمَالِنَا فِىْ اَعْمَارِ الْمُعَمَّرِيْنَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَهَبْ لَنَا يَقِيْنًا صَادِقًا تَكْفِيْنَا بِهٖ مِنْ مَّؤُنَةِ الطَّلَبِ

حرام ہی اور یہ صغیرہ ہی اس سبب سے کہ اسپر سزاے جہنم نہین ہی پس اگر اصرار کیا
یعنے دوبارہ پھر استعمال کیا تو یہ ہی گناہ کبیرہ ہو گیا اسی طرح داڑھی کا مونڈوانا
گناہ صغیرہ ہی اس سبب سے کہ قرآن یا احادیث مین اسپر سزاے جہنم نہین ہے
پس اگر ایک مرتبہ داڑھی کو مونڈوایا تو یہ گناہ صغیرہ ہوا اور اگر اسپر اصرار کیا تو یہی
گناہ کبیرہ ہو گیا پس جن امور سے احادیث مین صرف نہی وارد ہی اُنسے قطعی اجتناب
کرنا لازم ہی اس سبب سے کہ باریتعالیٰ فرماتا ہی وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ
فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا یعنے جو رسولؐ تمکو حکم کرے اُسکو
قبول کرو اور جس امر سے منع کرے اُس سے باز رہو۔

(قا) **گناہون کا سہل سمجھنا** گناہ کبیرہ ہی جناب علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے
اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہے۔

حدیث از وسائل الشیعہ فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ نظر نکرو چھوٹے
گناہ کی طرف بلکہ نظر کرو اس امر پر کہ کس کے مقابلہ مین تمنے جرأت کی ہی اور کسکا

وَالْهِمْنَا ثِقَةً خَالِصَةً تُعْفِينَا بِهَا مِنْ شِدَّةِ النَّصَبِ وَاجْعَلْ مَا صَرَّحْتَ
بِهِ مِنْ عِدَتِكَ فِي وَحْيِكَ وَاتْبَعْتَهُ مِنْ قَسَمِكَ فِي كِتَابِكَ قَاطِعًا لِاهْتِمَامِنَا
بِالرِّزْقِ الَّذِي تَكَفَّلْتَ بِهِ وَحَسْمًا لِلْاِشْتِغَالِ بِمَا ضَمِنْتَ الْكِفَايَةَ لَهُ فَقُلْتَ
وَقَوْلُكَ الْحَقُّ الْاَصْدَقُ وَاَقْسَمْتَ وَقَسَمُكَ الْاَبَرُّ الْاَوْفَى وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا
تُوْعَدُوْنَ فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهُ لَحَقٌّ مِثْلَ مَا اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ٥-

(۲۹) جناب شیخ ابراہیم کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ کتاب ادعیہ سرقدسیہ مین ہے
کہ محمدؐ جس کسی پر فقر آوے اور وہ شخص چاہے کہ اُس سے عافیت پالے پس جس وقت اس
دعا کو پڑھے سلب کر دن مین اُسکے فقر کو اور دون مین اُسکو تونگری اور اُسکو اہل قناعت
کرون مین یَا مُحَمَّدُ كُنُوْزُ اَهْلِ الْغِنٰى وَيَا مُغْنِيَ اَهْلِ الْفَاقَةِ مِنْ سَعَةِ

گناہ کیا ہی (یعنے جس امر سے خدا ورسول ص نے منع کیا ہی اُسکے کرنے کی جرأت کی ہی) پس بمقابلۂ خدا ورسول ص کے یہ جرأت کیسی ہی۔

حدیث ایضاً فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ نہ سبک سمجھے کوئی تم مین سے گناہونکو اس سبب سے کہ وہ نہین جانتا ہی کہ کس (گناہ) مین عذاب خدا (نازل) ہوگا۔

حدیث ایضاً فرمایا جناب امام رضاؑ نے کہ نہ بہت سمجھو عمل خیر کو اور نہ کم سمجھو گناہان کو اس سبب سے کہ قلیل گناہ جمع ہوکر بہت ہوجاتے ہین۔

حدیث ایضاً فرمایا جناب امیرؑ نے کہ سخت ترین گناہ وہ ہی کہ جسکو گنہگار سُبک سمجھے۔

حدیث ایضاً جناب شیخ حر عاملی علیہ الرحمہ نہج البلاغہ سے تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا جناب امیرؑ نے کہ سخت ترین گناہ وہ گناہ ہی کہ جسکو کرنیوالا سبک سمجھے۔

حدیث ایضاً روایت کی ہی جناب امام جعفر صادقؑ نے اپنے آباء کرام سے حدیث مناہی مین کہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ نہ حقیر سمجھو کسی گناہ کو اگرچہ تمہاری نظر مین صغیرہ ہو اور امر خیر کو بہت نہ سمجھو اگرچہ تمہاری نظر مین وہ بہت ہو کیونکہ نہین

تِلْكَ الْكُنُوزُ بِالْعَائِدَةِ اِلَيْهِمْ وَالنَّظَرِ لَهُمْ يَا اَللّٰهُ لَا يُسَمّٰى غَيْرُكَ اِلٰهًا اِنَّمَا الْاٰلِهَةُ كُلُّهَا مَعْبُوْدَةٌ دُوْنَكَ بِالْفِرْيَةِ وَالْكَذِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا سَادَّ الْفَقْرِ وَيَا جَابِرَ الْكَسْرِ وَيَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَيَا عَالِمَ السِّرِّ اِرْحَمْ هَرَبِيْ اِلَيْكَ مِنْ فَقْرِيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْحَالِّ فِيْ غِنَاكَ الَّذِيْ لَا يَفْتَقِرُ ذَاكِرُهُ اَبَدًا اَنْ تُعِيْذَنِيْ مِنْ لُزُوْمِ فَقْرٍ اَنْسٰى بِهِ الدِّيْنَ اَوْ بُسُوْطِ غِنًى اَفْتَتِنُ بِهِ عَنِ الطَّاعَةِ بِحَقِّ نُوْرِ اَسْمَائِكَ كُلِّهَا اَطْلُبُ اِلَيْكَ مِنْ رِزْقِكَ كَفَافًا لِلدُّنْيَا تَعْصِمُ بِهِ الدِّيْنَ لَا اَجِدُ لِيْ غَيْرَكَ مَقَادِيْرُ الْاَرْزَاقِ عِنْدَكَ فَانْفَعْنِيْ مِنْ قُدْرَتِكَ فِيْهَا بِمَا تَنْزِعُ بِهِ مَا نَزَلَ بِيْ مِنَ الْفَقْرِ يَا غَنِيُّ ۝ ۔

(۳۰) جناب کفعمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ کتاب وسائل مین جناب امام محمد تقیؑ سے

(گناہ کبیرہ کبیرہ نہین) رہتا ہی استغفار کے ساتھ (یعنے بعد توبہ کے) اور صغیرہ نہین ہی اصرار کے ساتھ (یعنے صغیرہ پر اصرار نکرنے سے کبیرہ نہین ہوتا)۔

حدیث از بحار الانوار جلد ۱۶ جناب امام جعفر صادق ع نے اپنے آباء کرام سے اور اُنھون نے جناب رسولخدا ص سے اور اُنھون نے جبرئیل سے کہا جبرئیل ع نے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ جو شخص کوئی گناہ کرے خواہ صغیرہ ہو خواہ کبیرہ ہو اور وہ اس بات کو جانتا ہو کہ مین اُس گناہ پر اُسکو عذاب کرونگا یا یہ جانے کہ مین اُسکو بخشدونگا پس مین اُسکو ہرگز نہ بخشونگا اور جو شخص گناہ کرے صغیرہ یا کبیرہ اور وہ نجانے کہ مین اُسکو بخشدونگا یا عذاب کرونگا پس مین اُسکو بخشدونگا۔

قول مؤلف مثلاً جو شخص جانتا ہی کہ فلان فعل مین عذاب خدا مقرر ہی اور شخص اُسکو سہل جانکر اور یہ سمجھکر کہ ابتو اس گناہ کو کرلین خدائے تعالی بخش ہی دیگا پس بموجب اس حدیث کے ایسا گناہ نہین بخشا جا سکتا اس سبب سے کہ اُس نے دیدہ و دانستہ احکام خدا و رسول ص کو سہل اور خفیف سمجھکر ارتکاب گناہ کا کیا اور

---

[۵۹۵] یہ مناجات طلب رزق مین مروی ہی اَللّٰھُمَّ اَرْسِلْ عَلَیَّ سِجَالَ رِزْقِكَ مِدْرَارًا وَاَمْطِرْ عَلَیَّ سَحَائِبَ اِفْضَالِكَ غِزَارًا وَاَدِمْ غَیْثَ نَیْلِكَ اِلَیَّ سِجَالًا وَاَسْبِلْ مَزِیْدَ نِعَمِكَ عَلٰی خَلَّتِیْ اِسْبَالًا وَاَفْقِرْنِیْ بِجُوْدِكَ اِلَیْكَ وَاَغْنِنِیْ عَمَّنْ یَطْلُبُ مَا لَدَیْكَ وَدَاوِ دَاءَ فَقْرِیْ بِدَوَاءِ فَضْلِكَ وَانْعَشْ صَرْعَةَ عَیْلَتِیْ بِطَوْلِكَ وَتَصَدَّقْ عَلٰی اِقْلَالِیْ بِكَثْرَةِ عَطَائِكَ وَعَلٰی اِخْتِلَالِیْ بِكَرِیْمِ حِبَائِكَ وَسَهِّلْ رَبِّ سَبِیْلَ الرِّزْقِ اِلَیَّ وَاَثْبِتْ قَوَاعِدَهٗ لَدَیَّ وَبَجِّسْ لِیْ عُیُوْنَ سَعَتِهٖ بِرَحْمَتِكَ وَفَجِّرْ اَنْهَارَ رَغَدِ الْعَیْشِ قِبَلِیْ بِرَاْفَتِكَ وَاَجْدِبْ اَرْضَ فَقْرِیْ وَاَخْصِبْ جَدْبَ ضُرِّیْ وَاصْرِفْ عَنِّیْ فِی الرِّزْقِ الْعَوَائِقَ وَاقْطَعْ عَنِّیْ مِنَ الضِّیْقِ الْعَلَائِقَ وَارْمِنِیْ اَللّٰھُمَّ مِنْ سَعَةِ الرِّزْقِ بِاَخْصَبِ سِهَامِهٖ وَاَحْبُنِیْ مِنْ

اور جب اُسنے سہل اور خفیف سمجھا تو گویا اُسنے تخفیف کی احکام خدا و رسولؐ کی اس سبب سے کہ اگر اُسکے نزدیک وقعت اور خوف احکام خدا و رسولؐ کا ہوتا تو مرتکب گناہ کا نہوتا اور جو شخص جاہل ہی یعنے نہین جانتا کہ اس فعل کے کرنے مین عذاب خدا مقرر ہے پس ایسے شخص کا گناہ بخشدیا جائیگا اس سبب سے کہ اُسکو علم نتھا کہ وہ فعل جو اُسنے کیا گناہ ہی یا نہین

(قیا) ناحق تعصب کرنا گناہ کبیرہ ہی جناب علامۂ مجلسی علیہ الرحمہ نے اسکو کبائر سے تحریر فرمایا ہی۔

حدیث از وسائل الشیعہ۔ منصور بن حازم نے جناب امام جعفر صادق عؑ سے روایت کی ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جو شخص تعصب کرے یا سبب تعصب ہو (یعنے ایسا کام کرے کہ جو سبب تعصب غیر کا ہو) پس اُسنے ریسمان ایمان کو اپنی گردن سے نکالدیا۔

حدیث سکونی نے جناب امام جعفر صادق ؑ سے روایت کی ہی کہ کہا آنحضرت نے کہ فرمایا جناب رسولخدا صؐ نے جس شخص کے قلب مین بقدر دانہ رائی کے تعصب ہووے

٥٧٦ رغد العيش باكثر دوامه واكسني اللهم اى رب سرابيل السعة و جلابيب الدعة فاني يا رب منتظر لانعامك بحذف الضيق ولتطولك بقطع التعويق ولتفضلك ببتر التقتير ولوصل حبلي بكرمك بالتيسير وامطر اللهم علي سماء رزقك بسجال الديم واغنني عن خلقك بعوائد النعم وارم مقاتل الاقتار مني واحمل عسف الضر عني على مطايا الاعجال واصرف عني الضيق بسيف الاستيصال وامحقه رب منك بسعة الافضال وامددني بنمو الاموال واحرسني من ضيق الاقلال واقبض عني سوء الجدب وابسط لي بساط الخصب واصبحني بالاستظهار ومسني بالتمكين من اليسار انك ذو الطول العظيم

اللہ تعالیٰ اسکو بروز قیامت کفار کے ساتھ اُٹھائیگا۔

حدیث ایضاً طبرسی نے روایت کی ہی کہ جناب امام زین العابدین ؑ سے معنی تعصب کے دریافت کئے وغیرہ کہ وہ تعصب کہ جس سے کوئی شخص گنہگار ہو یہ ہی کہ اپنی قوم کے اشرار کو دوسری قومون کے نیک لوگون پر ترجیح دے۔

(۴۸) **بیان توبہ** (۴۹) سکون غضب باریتعالیٰ اور بخشش گناہان کے لیے جمیع اعمال سے توبہ افضل تر ہی اور توبہ کرنا باجماع امت واجب ہی بسبب واجب ہونے ضرر کے کہ وہ عقاب ہی پس جب دفع کرنا ضرر کا واجب ہی لہذا وہ چیز جو دفع کرنیوالی ضرر کی ہو واجب ہی چونکہ ضرر آخرت کہ وہ عقاب ہی توبہ سے دُور ہو جاتا ہی لہذا توبہ واجب ہی اور باریتعالیٰ پر بھی توبہ کا قبول کرنا واجب ہی اس سبب سے کہ اُسنے اپنے کلام پاک مین اکثر جگہ وعدہ فرمایا ہی کہ جو شخص توبہ کریگا اُسکے گناہون کو بخشدونگا (بشرطیکہ وہ گناہ خاص خدا کے ہون حق النّاس مین نہ ہون اسکی صراحت انشاء اللہ آیندہ کی جائیگی)۔

(الف) باریتعالیٰ سورہ فرقان مین فرماتا ہی اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ تا رَحِیْمًا ہ

[illegible] وَالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ وَاَنْتَ الْجَوَادُ الْکَرِیْمُ الْمَلِکُ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ وَاسْقِنِیْ مِنْ مَاءِ رِزْقِکَ غَدَقًا وَّ انْھَجْ لِیْ مِنْ عَمِیْمِ بَذْلِکَ طُرُقًا فَاَفْجَانِیْ بِالثَّرْوَۃِ وَالْمَالِ وَانْعَشْنِیْ فِیْہِ بِالْاِسْتِقْلَالِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ہ

(۱۱۱) از مصباح متہجد جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ جناب طوسی علیہ الرحمہ نے تحریر فرمایا ہے کہ برائے وسعت رزق و ادائے دین کے بروز چہارشنبہ و پنجشنبہ و جمعہ روزہ رکھے اور بروز جمعہ قبل از افطار کے کچھ تصدق کرے (نماز مغرب کو وقت فضیلت پر ادا کرے بعد اسکے نماز عشا کو وقت فضیلت پر) ادا کرے بعد فراغ نماز عشا کے سجدہ کرے اور سجدہ مین کہے اَللّٰھُمَّ بِوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ وَاسْمِکَ الْعَظِیْمِ وَعَیْنِکَ الْمَاضِیَۃِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِیَ دَیْنِیْ وَتُوَسِّعَ عَلَیَّ رِزْقِیْ اگر اس عمل پر مداومت کرے

مگر جس شخص نے توبہ کی اور ایمان لایا اور اچھا کام کیا (یعنے بعد توبہ کے اعمال نیک بجالایا اور اعمال بدسے قطعی محترز رہا) پس یہ کہ بدل دیگا اللہ تعالیٰ برائیان اُسکی بھلائیون سے اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان۔

(ب) باریتعالیٰ سورۂ فرقان مین فرماتا ہی وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا یعنے جسنے توبہ کی اور کام اچھا کیا (یعنے بعد توبہ کے اعمال نیک کیے) پس تحقیق وہ پھرتا ہی طرف اللہ کے جگہ پھرنے کی (یعنے طرف بہشت کے)۔

(ج) باریتعالیٰ سورۂ نساء مین مابین رکوع ۱۵ و ۱۶ کے فرماتا ہی وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ٥ اور جو کوئی کام کرے بُرے (یعنے اعمال بد) یا ظلم کرے اپنی جان پر (یعنے اپنے نفس کو اعمال بد مین مبتلا کرے) پھر بخشش چاہے اللہ سے پائیگا اللہ کو بخشنے والا مہربان۔ **من مولف** یعنے جو شخص بعد اعمال بد کے توبہ کرے تو پائیگا اللہ کو بخشنے والا مہربان۔

(د) باریتعالیٰ سورۂ اعراف مین مابین رکوع ۱۸ و ۱۹ کے فرماتا ہی وَالَّذِيْنَ

---

۵۷۸ تو باعث وسعت رزق واداے قرض کا ہی اور اگر ہر شب بعد نماز عشا کے سجدہ مین جاکر دعاے مذکور کو پڑھے تو بھی براے ترقی رزق واداے دین نہایت موثر ہی۔

(۳۲) از حاشیہ مصباح کفعمی۔ جو کوئی اَلْكَرِيْمُ الْوَهَّابُ ذُوالطَّوْلِ کو بہت کہے اللہ تعالیٰ اُسکو اُس جگہ سے رزق پہونچائے کہ گمان نرکھتا ہو اسکو حسب عدد اسکے پڑھے زیادہ تر موثر ہے طریقہ نکالنے اعداد کا نمبر (۲۱) فصل (۴۵) مین تحریر ہوچکا ہی عدد اس اسم کے (۱۱۲۸) ہین اگر ان اعداد پر مداومت نہ کرسکے تو ہر روز پچاس مرتبہ سے) زیادہ پڑھے صاحب درّ النظم تحریر فرماتے ہین کہ بہت سے لوگون نے اسپر مداومت کی ہی اور اسکی برکت سے ایسی چیز مشاہدہ کی ہی کہ جو نہایت عجیب وغریب ہی اور جو کوئی اَلْكَرِيْمُ الْوَهَّابُ ذُوالْبَطْشِ پر مداومت کرے ضیق معیشت اُسکی وسعت رزق کے ساتھ مبدل ہووے

عملوا السیّئات ثمّ تابوا من بعدها تا رحیمٌ ○ اور جنھون نے عمل
کیے (یعنے اعمال بد کیے) پھر بعد اُسکے اُنھون نے توبہ کی اور ایمان لائے تحقیق
پروردگار تیرا بعد توبہ کے البتہ بخشنے والا مہربان ہی۔
(۵) سورۂ بقر مین مابین رکوع ۲۷ و ۲۸ کے فرماتا ہی اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ
تحقیق اللہ دوست رکھتا ہی توبہ کرنے والون کو۔
(۶) سورۂ مؤمن مین مابین رکوع اول کے باریتعالیٰ فرماتا ہی اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ
الْعَرْشَ تا هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ○ یعنے جو (فرشتے) عرش کو اُٹھائے ہوئے ہین اور
جو عرش کے گرداگرد (تعینات) ہین (ہمہ وقت) اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ
اُسکی تسبیح (اور تقدیس) کرتے رہتے اور اسپر ایمان رکھتے (ہین) اور ایمان والون
کے لیے مغفرت (کی دعائین) مانگا کرتے ہین کہ اے ہمارے پروردگار تیری رحمت
اور تیرا علم سب چیزون پر حاوی ہی تو جو لوگ (تیری جناب مین) توبہ کرتے اور تیرے
(دین کے) رستے پر چلتے ہین اُنکو بخشدے اور (نیز) اُنکو دوزخ کے عذاب سے بچا

اور روزی اُس جگہ سے پائے کہ گمان نہ رکھتا ہو اور جو اُسکو نقش کرا کر اپنے پاس رکھے
خدائے تعالیٰ جمیع دشواریون کو آسان کرے۔
(۳۳) ایضًا جو کوئی یَا وَاسِعُ کو بہت کہے خدائے تعالیٰ رزق اُسکا وسیع کرے۔
(۳۴) ایضًا جو کوئی دس جمعہ ہر جمعہ کو دس ہزار مرتبہ اَلْغَنِیُّ الْمُغْنِیْ کہے اور مابین
اس مدت کے ترک حیوانات بھی کرے اللہ تعالیٰ اُسکو بہت جلد غنی کرے اور جناب ملا محسن
کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ بعضون نے ختم مذکور کا تجربہ کیا ہی اور کہنا ان دونو
اسمون کا ایک مجلس مین بارہ ہزار مرتبہ باعث پہونچنے اوپر دولت عظیم و وسعت رزق کا
معیشت مین ہوتا ہی۔ اور بعض علما نے تحریر فرمایا ہی کہ جو کوئی اَلْمُغْنِیْ کو بعدد اسم مذکور کہ
ایک ہزار اکسٹھ ہین پڑھے اور ہمیشہ مداومت کرے حق تعالیٰ اُسکو تونگر و بے نیاز کرے

اور اے باریتعالیٰ اُنکو بہشت کے ہمیشہ رہنے کے باغون مین داخل کر تو نے اُنسے
وعدہ فرمایا ہی اور اُنکے باپ دادا اور اُنکی بیبیون اور اُنکی اولاد مین سے جو جو نیک ہون
اُنکو بھی بخشدے اور داخل بہشت کر بیشک تو ہی زبردست اور حکمت والا ہی۔
(ز) سورۂ مومن کے شروع مین باریتعالیٰ فرماتا ہی غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ
یعنے (اللہ) بخشنے والا گناہ کا (ہے) اور قبول کرنیوالا توبہ کا (ہے)۔
(ح) باریتعالیٰ سورۂ نساء مین مابین رکوع ۲ و ۳ کے فرماتا ہی اِنَّمَا التَّوْبَةُ
عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ تا عَذَابًا اَلِيْمًا۔ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمۃ
تفسیر اس آیہ کی اس طرح تحریر فرماتے ہین اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ سوائے اسکے
اسکے نہین کہ توبہ کا قبول کرنا خدا پر واجب ہی کیونکہ اُسنے توبہ کرنیوالے کو معافی کا
پورا اطمینان دلایا ہی یہ نہین ہوسکتا کہ وہ اپنے وعدہ کے خلاف کرسکے لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ
السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ واسطے اُن لوگون کے جو بے اعتدالی بیوقوفی کے ساتھ کرتے ہین
(یعنے گناہ کرتے ہین شہوت نفسانی سے) نہ عناد و ہٹ پر (یعنے نہ بسبب عناد باریتعالیٰ کے

ن ۵۸۰ اور جو کوئی ہر روز اَلْغَنِیُّ الْمُغْنِیُ کو بعدد اسماء مذکور کہ وہ دو ہزار ایک سو ساٹھ ہین
مداومت کرے آثار غنا و ثروت جلد تر ظاہر ہون۔ اور اگر اَلْمُغْنِیُ کو بعدد کبیر ہر روز پڑھے اثر بہت جلد بخشے
(۳۵) ایضاً جو کوئی بحالت سجدہ چودہ مرتبہ یَا وَهَّابُ کہے اللہ تعالیٰ اُسکو غنی کرے
اور جو کوئی آخر شب مین سر برہنہ ہوکر دونون ہاتھ کہنیون تک برہنہ کرکے بجانب آسمان
بلند کرکے ایک سَو مرتبہ یَا وَهَّابُ کہے اللہ تعالیٰ فقر کو اُس سے سلب کرے اور حاجت
اُسکی برلائے اور دوسری روایت مین بجائے ایک سَو مرتبہ کے دو سَو مرتبہ وارد ہی۔
ہر دو عمل ہائے مذکورہ مجربات صحیحہ سے ہین۔
(۳۶) ایضاً جو کوئی مَالِكَ الْمُلْكِ بہت کہے حق تعالیٰ اُسکو غنی کرے۔
(۳۷) جو کوئی یَا مُعْطِيَ السَّائِلِيْنَ بہت کہے خداتعالیٰ اُسکو سوال کرنے سے غنی کرے۔

ثُمَّ يَتُوبُونَ پھر توبہ کرتے ہین وہ لوگ مِنْ قَرِيْبٍ وقوع موت سے پہلے (یعنے قبل از موت کے) واضح ہو کہ مِنْ قَرِيْبٍ کی نسبت چند خیال کئے گئے ہین اول بیان کیا گیا ہی اور یہی صحیح ہی کیونکہ بہ نسبت مدّت آخرت کے زمانہ انتقال کا بہت قریب ہی بعض کہتے ہین کہ قریب سے مراد پیش از مرض ہی یا یہ کہ گناہ کے راسخ ہونے سے پہلے۔

حدیث فرمایا جناب امیر ع نے کہ اگر کوئی شخص اپنی معصیت پر تائب ہو کر پھر ارادہ معصیت کا کرے اور پھر توبہ کرے خدا اُسکی توبہ کو قبول کریگا کیونکہ خدا نے فرمایا ہی یَغْفِرُ اللّٰهَ لوگون نے عرض کیا خدا کب تک توبہ قبول کرتا ہے آپ نے فرمایا جب تک شیطان اُس سے کنارہ کرے یعنے حین حیات تک کیونکہ شیطان موت کے واقع ہونے تک ساتھ ہی۔

حدیث از من لا یحضرہ الفقیہ فرمایا جناب رسولخدا ص نے خطبہ آخری مین کہ جو شخص مرنے سے ایک سال قبل توبہ کریگا خدا اُسکی توبہ کو قبول کریگا پھر آپ نے فرمایا کہ جو شخص ایک روز مرنے سے پہلے توبہ کریگا خدا اُسکی توبہ کو قبول کریگا

(۳۸) واسطے امن فقر و حصول تونگری کے ہر روز ایکسو مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ہ کہے مجرب ہی۔

(۳۹) از مجمع البیان جناب علامہ طبرسی علیہ الرحمہ۔ ایک شخص نے جناب رسولخدا ص سے فقر و تنگی معاش کا شکوہ کیا آنحضرت ص نے فرمایا کہ جسوقت گھر مین داخل ہووے سلام کرے خواہ کوئی شخص اُس گھر مین ہو خواہ نہو بعد ازان ایک مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔ وہ شخص کہتا ہی کہ مین نے اسپر عمل کیا خدائے تعالیٰ نے اسقدر وسعت رزق مین دی کہ متکفل احوال ہمسایگان کا ہوتا ہون۔

(۴۰) از کتاب اقبال جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ حدیث فرمایا جناب امام جعفر صادق ع نے کہ بعد نماز صبح کے طلوع آفتاب تک مشغول تلاوت ادعیہ بہتر ہے طلب رزق مین

پھر آپ نے فرمایا کہ گھڑی بھر بھی اگر کوئی شخص مرنے سے پہلے دم کے دم بھی توبہ کریگا تو خدا اُسکی توبہ کو قبول کریگا۔ اور ثعلبی نے کہ معتبرین اہل سنت سے ہی اس حدیث کو غیادہ بن صامد سے نقل کیا ہی اور عیون المعانی مین منقول ہی کہ جب تائب موت سے گھڑی بھر پہلے توبہ کرتا ہی تو ملائکہ بطریق مدح خوش ہو کر کہتے ہین کہ تو نے جلد خبر لی اور جلد توبہ پر پیش قدمی کی اور چونکہ موت کا ٹھیک نہین لہذا عقلمند کو چاہیے کہ اپنی نادانی سے باز آئے اور اپنے ہر نفس کو دم واپسین خیال کرے اور توبہ کیطرف اپنے قلب کو رجوع کرے۔

روایت مجمع البیان مین ابن عباس اور عطا اور مجاہد اور قتادہ سے روایت ہی کہ جو معصیت انسان کرتا ہی وہ جہالت کے سبب سے نہ قصداً کیونکہ جہالت نے اُسکو معصیت پر جرأت دلائی اور وہ گناہ اُسکی نظر مین اچھا معلوم ہوا۔

روایت زجاج سے نقل ہی کہ خدا نے بِجَهَالَةٍ اسلیئے فرمایا کہ لذت باقی چھوڑ کر لذّت فانی پر دل دینا بالکل جہالت ہی اسلیے جو شخص لذت فانی کے خاطر مرتکب

۵۸۲ (۱۴) از متن منہاج۔ جو کوئی ہر روز اکیس ۲۱ مرتبہ اس آیہ کو پڑھے خدائے تعالیٰ اُسکو غنی کرے يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ○ وَآمِنُوا بِمَا أَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ كَافِرٍ بِهِ ۖ وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا ○ وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ○ اس عمل کو چار روز تک بجالائے یا زیادہ دن اختیار ہی اور جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ چالیس ۴۰ روز تک پے در پے بعد نماز صبح کے بلا فاصلہ ہر روز اکیس ۲۱ مرتبہ آیات مذکور کو پڑھے واسطے ترقی رزق کے مجرب ہی۔

(۴۲) ایضاً جو کوئی اس طلسم کو لکھکر کیسہ مین رکھے ہرگز وہ کیسہ درہم سے خالی نہ ہووے

معاصی ہوتا ہی وہ ضرور جاہل ہی۔ المختصر جو لوگ جہالت کے سبب سے گناہ کرتے ہین اور پھر کئے پر نادم ہو کر چاہتے ہین کہ آئندہ گناہ سرزد نہ ہو خدا اُنکی توبہ قبول کرتا ہی چنانچہ خدائے تعالیٰ فرماتا ہی فَاُولٰٓئِكَ پس جن لوگون نے امداد توفیق سے گناہ پر توبہ کی ہی یَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ خدائے تعالیٰ اُنکی توبہ کو قبول کرتا ہی اور اُنکو اپنی مغفرت کے خلعت سے سرفراز فرماتا ہی اور یہی ہی وعدہ کا وفا کرنا کہ پروردگار عالم نے اوپر فرمایا اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ فقط وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا اور ہی خدا واقف کہ کون تائب خلوص نیت سے توبہ کرتا ہی وہ خدا حَكِیْمًا ٥ دور اندیش اور صواب مین ہی یعنی ایسا نہین کہ جو خلوص عقیدت سے توبہ کرتے ہین انکی شنوائی نہ کرے وَلَیْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ اور نہین ہی توبہ کام کی واسطے ان لوگون کے کہ جو عمل کرتے ہین بُرے بُرے اور پھر گناہ کو گناہ نہین سمجھتے کیئے پر ندامت کے سواہٹ کرتے ہین (یعنی پھر گناہ کرتے ہین) حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ یہانتک کہ آجاتی ہی اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ کسی کو اُنمین سے موت یعنی عمر بھر تک گناہ کرتے ہین گناہ کو گناہ نہین سمجھتے

---

۵۸۳ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ هو الغنيّ العزیز دح ال دد لک سه

(۴۳) ایضًا جو کوئی آٹھوین تاریخ مہینہ کی اس طلسم کو لکھکر کیسہ مین رکھے ہرگز وہ کیسہ روپیہ پیسہ سے خالی نہ رہے هُوَ الْغَنِيُّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥

ل ذا الطول ذا الطول ذا الطول ذا الطُوْلِ ذَا الطُوْلِ ذَا الطُوْلِ۔

(۴۴) ایضًا یہ دعا جناب امیرؑ سے منقول ہے کہ واسطے طلب روزی کے کہے اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥۔

کئے پر اصرار کرتے ہین اور جب دیکھتے ہین اب تو موت سر پر سوار ہی اور کسی تدبیر سے جان
بچا نہین سکتے تو قَالَ اِنِّی تُبْتُ الْئٰنَ کہتا ہی بیشک مین نے توبہ کی اب ایسے لوگون کی
توبہ نکمّی ہی (یعنے کام کی نہین ہی) وَلَا الَّذِیْنَ یَمُوْتُوْنَ اور ایسی ہی ناکارہ ہی توبہ
اُن لوگون کی کہ جو مرین وَهُمْ کُفَّارٌ اور کفر مین اٹکے ہوئے ہون واضح ہو کہ توبہ
عاصی کیے پر ندامت ہی (یعنے مراد توبہ سے گناہون پر شرمندہ ہونا ہی اور پھر اُن
گناہون پر عود نکرنا ہی) بشرطیکہ یہ بھی یقینی ارادہ ہو کہ اگر خدا مددگار ہی تو بعد توبہ کے
ایسا نہ کرونگا اور توبہ کافر کی یہ ہی کہ ایمان لائے خدا پر اور پیغمبر پر۔ اور جب گھر چلنے لگا
یعنے سانس اُلٹی چلنے لگی تو تکلیف شرعی سے انسان آزاد ہو کر میدان آخرت مین
قدم رکھ لیتا ہی یہ توبہ ایسی ہی کہ گویا مرنے کے بعد توبہ کی اور شرعًا بعد مرنے کے توبہ
قبول نہین ہوتی اسلیے خدا نے فرمایا اُولٰٓئِكَ یہ گنہگار یعنی مؤمن یا کافر عمر بھر تک
ہٹ کرین (یعنے گناہ پر گناہ کرین) اور جان کی کشا کشی پر توبہ کرین۔ اَعْتَدْنَا لَهُمْ
بنا رکھا ہی ہمنے واسطے اُنکے آخرت مین عَذَابًا اَلِیْمًا عذاب پُر آشوب۔

(۴۵) برائے طلب روزی یہ بہت کہے۔ اَللّٰهُمَّ تَوَلَّ اَمْرِیْ وَلَا تُوَلِّ
اَمْرِیْ غَیْرَكَ۔
(۴۶) جو کوئی دو رکعت نماز پڑھکر بعد ازان کہے تَوَجَّهْتُ بِلَا حَوْلٍ
مِنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ وَّلٰكِنْ بِحَوْلِكَ یَا رَبِّ وَقُوَّتِكَ وَاَبْرَءُ
مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَّا بِكَ فَاَنْتَ حَوْلِیْ وَمِنْكَ قُوَّتِیْ
اَللّٰهُمَّ فَارْزُقْنِیْ مِنْ فَضْلِكَ الْوَاسِعِ رِزْقًا كَثِیْرًا طَیِّبًا
وَّاَنَا خَافِضٌ فِیْ عَافِیَتِكَ فَاِنَّهٗ لَا یَمْلِكُهَا اَحَدٌ
غَیْرُكَ پس دعا طلب روزی کی کرے خدائے تعالیٰ روزی اُسکو
بہت عطا فرمائے۔

(ط) سورۂ تحریم مین رکوع اول پر بار یتعالیٰ فرماتا ہی یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْا اِلَی اللّٰہِ تا تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ ۹ اے وہ لوگو کہ ایمان لائے توبہ کرو تم اللہ کی طرف توبۂ خالص (یعنے بعد توبہ کے پھر گناہ پر عود نکرو) نزدیک ہی کہ پروردگار تمھارا دور کرے تم سے برائیان تمھاری اور داخل کرے تمکو بہشتو نمین جاری ہین اُنکے محلونکے نیچے سے نہرین

(ی) سورۂ آل عمران مین مابین رکوع ۱۳ و ۱۴ کے ہی وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً تا اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ۰ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر اسکی اس طرح تحریر فرماتے ہین وَالَّذِیْنَ اور متقی وہ لوگ ہین اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً جب کرتے ہین کوئی فعل ناشایستہ مثل زنا وغیرہ کے اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ یا ظلم کرتے ہین اپنے نفسون پر نواہی اور معاصی کے بجا آوری پر۔ نہایت صحیح یہ بات ہی کہ فاحشہ سے مراد جملہ کبائر اور ظلم سے مراد صغائر پر اصرار ہی غرضکہ جب گناہان کبیرہ یا صغیرہ سرزد ہوتے ہین ذَکَرُوا اللّٰہَ یاد کرتے ہین خدا کی عقوبت کو فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِھِمْ پس استغفار کرتے ہین واسطے اپنے گناہون کے یعنی پشیمان ہوکر توبہ کرتے ہین اور پختہ ارادہ

۵۸۸ (۴۷) جوکوئی جمعہ آخر ماہ رمضان المبارک مین اس طریق سے لکھے اور اسکو کیسہ مین رکھے وہ کیسہ درہم و دینار سے خالی نرہے۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا

(۴۸) از مہج الدعوات سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ۔ حدیث فرمایا جناب امیرؑ نے

وا سبط غ ... بالیسار ولا

ظاہر کر کے کہتے ہین کہ پھر ایسا نکرینگے وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اور کون ایسا ہی کہ جو
معاف کردے گناہون کو یعنے کوئی معاف نہین کر سکتا اِلَّا اللّٰهُ مگر خداے تعالیٰ
وَلَمْ یُصِرُّوْا اور نہین اصرار کرتے یعنے پھر توجہ نہین کرتے عَلٰی مَا فَعَلُوْا اُس چیز پر
جو کر گذرے یعنے جو گناہ کر چکے اُسپر پھر اصرار نہین کرتے بلکہ ایک ہی مرتبہ کے
کئے پر پشیمان ہوتے ہین وَھُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝ اور وہ جانتے ہین صغیرہ وکبیرہ کی
قباحت کو اور اُسکی عقوبت عظیم کو۔ اُولٰٓئِكَ اُس گروہ پرہیزگارون کو جنمین
مذکورہ بالا صفتین پائی جاتی ہین جَزَآؤُھُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ جزا اُنکی
بخشش ہی اُنکے پروردگار کی جانب سے وَجَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ
اور بہشتین ہین جاری ہین اُنکے نیچے سے نہرین خٰلِدِیْنَ فِیْھَا ہمیشہ اُسمین رہنے والے
ہین وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ۔ اور اچھا ہی اجر عمل کرنے والیکا کہ جزا مغفرت اور
جنت قرار پائی ہی۔ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ آیۂ مذکور
کی شان مین تفسیر صافی مین ایک روایت تحریر ہی خلاصہ اُسکا یہ ہے

تتمہ ۵۸۵ تَبْذُلْ جَاهِیْ بِالْاِقْتَارِ فَاَسْتَرْزِقَ طَالِبِیْ رِزْقِكَ وَاَسْتَعْطِفَ شِرَارَ
خَلْقِكَ وَاَنْتَ مِنْ وَرَاۤءِ ذٰلِكَ كُلِّهٖ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

(۴۹) حدیث فرمایا جناب رسولخدا ص نے کہ واسطے وسعت رزق کے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ بہت کہے

(۵۰) صاحب درالنظیم تحریر فرماتے ہین کہ جو کوئی حروف
الٓمٓ الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ الٓمٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ
صٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ ۔ نقرہ پر بروز پنجشنبہ اول ماہ رجب مین کندہ کرے
بشرطیکہ رویت ہلال مین فرق نہووے صحیح ہووے اور اُسکی انگشتری تیار کرا کر پہنے
پس جبلان و قہاران و ظالمان سے ایمن ہووے اور حامل اس انگشتری کا نظر سلاطین
مین معزز ہووے اور وجاہت اُسکی قلب سلاطین مین اثر کرے اور جو مراد اُس سے چاہے

معاذ ابن جبل نے جناب رسول خداؐ سے عرض کیا کہ ایک جوان کھڑا ہوا روتا ہی اور
آپکی خدمت مین آنا چاہتا ہی آپ نے فرمایا کہ بلالو پس وہ حاضر ہوا آپ نے فرمایا
کہ کیون روتا ہی اُسنے عرض کیا کہ مین نے ایسا گناہ کیا ہی کہ مین جانتا ہون کہ
خدا کبھی نہ بخشیگا آپ نے فرمایا کہ کیا تو نے شرک کیا ہی اُسنے کہا نہین آپ نے
فرمایا تو خدا تیرا گناہ معاف کردیگا اگرچہ مثل پہاڑ کے ہی کیون نہو اُس نے کہا
اس سے بھی بڑا ہی آپ نے فرمایا اگرچہ مثل ساتون زمین اور دریا اور ریت اور
درختون کے مثل ہو اُسنے کہا اِس سے بھی بڑا ہی آپ نے غصّہ کی نظر سے دیکھکر
فرمایا کہ تیرا گناہ بڑا ہی یا پروردگار بڑا ہی اُسنے کہا کہ پروردگار پس آپ نے فرمایا کہ
جب پروردگار بڑا ہی تو گناہ بھی معاف کرسکتا ہی اُسنے عرض کیا کہ یارسول اللہ مین
مردون کی قبرین کھود کر کفن نکال لیا کرتا تھا سات مرتبہ مین ایسا ہی کرتا رہا ایک
مرتبہ ایک انصاری کی لڑکی مرگئی لوگ اُسکو دفن کرکے چلے گئے مین نے قبر کھود کر
لاش باہر نکال کے سارا کفن اُتار کر برہنہ لاش کو قبر کے پاس ڈالکر چلدیا چند قدم

---

۵۸ برآوے اور اگر معزول ہو صاحب تصرف ہو اور اگر اس انگشتری کو مصروع پر باندھے
آرام ہو اور اگر اس انگشتری کو ایک شبانہ روز آب باران مین رکھے اور پھر اُسکو صبح کے وقت
پئے قوت حافظہ اُسکی زیادہ ہو اور جو کوئی اس انگشتری کو ہمیشہ پہنے فقر دفع ہو اور وسعت
رزق ہو خواص ان حروف مقطعات قرآنی کے بہت ہین۔ بروز پنجشنبہ تباریخ مذکورہ
ساعت مشتری مین کندہ کرائے بہتر ہی کہ وہ طلوع شمس سے ایک گھنٹہ تک ہی اور پھر آٹھوین
ساعت ہوتی ہے۔ اور ان حروف مقطعات کی انگشتری اہلسنت مین بھی کندہ کراتے ہین
مگر وہ اخیر چہار شنبہ ماہ صفر مین کندہ ہوتی ہی۔
(۵۹) حروف نورانی بعد حذف مکرّرات کے چودہ ہین وہ یہ ہین (ا ل م ص ر
ک ہ ی ع ط س ح ق ن) اور ان حروفون سے یہ اسماء مرکب ہین

چلا تھا کہ شیطان نے ورغلانا کہ یہ عورت خوبصورت اور قابل مباشرت کے ہی پس مین نے
ضبط نہ کر کے اُس سے مجامعت کی اور برہنہ لاش چھوڑ کر شہر کی طرف روانہ ہوا چند
قدم چلا تھا کہ ایک آواز پیچھے سے سُنی وہ عورت کہتی تھی افسوس اے جوان تو مجکو
مُردون کے لشکر مین برہنہ چھوڑ کر چلا کل خدا میرے اور تیرے درمیان عدالت
کریگا تو کیا جواب دیگا یارسول اللہؐ مجکو ہرگز یقین نہین کہ مین بہشت کی خوشبو بھی
سُونگھ سکون آپ نے فرمایا کہ اے بدکار دور ہو کہین تیرے ساتھ مین بھی آگ مین
نہ جلون پس وہ جوان روتا ہوا پہاڑ پر چلا گیا اور اپنے ہاتھون کو گردن مین
باندھکر رو کر خدا سے عرض کرنے لگا کہ بہلول تیرا تیرے سامنے کھڑا ہی اور تو جانتا ہی
کہ مین اپنے کیے پر نادم ہون تیرے رسولؐ کے پاس گیا اُسنے بھی جواب دیدیا تو
میری توبہ کو قبول کر اور اپنے رسولؐ پر وحی نازل فرما کہ میری توبہ قبول ہوئی
اور اگر تو نے میرے گناہ کو نہین بخشا تو دنیا مین جو عذاب چاہے سو عذاب کر مگر
آخرت کی فضیحت اور عذاب سے نجات دے پس خدائے تعالیٰ نے دعا قبول کی

پس جو کوئی ان چودہ حروف نورانی کو انگشتری
نقرہ پر کندہ کرائے اُسوقت کہ جب طالع ثور ہو اور قمر بھی برج ثور مین ہو اور اس انگشتری
کو پہنے جمیع مرادات اُسکے بخیر و خوبی بر آوین اور ہرگز وہ شخص زر سے خالی نہ رہے اور بعض کو مین نے
دیکھا کہ شرف شمس مین بھی ان حروف کو کندہ کراتے ہین مگر شرف شمس سے انکا کوئی تعلق
نہین ہی چونکہ یہ حروف نورانی ہین لہذا انکا تعلق شرف قمر سے ہی اور اگر شرف شمس مین بھی
کندہ کرائے تو بد نہین ہی مگر جو فوائد شرف قمر مین کندہ کرانے سے ہونگے وہ نہین ہوسکتے اور
قمر کو شرف برج ثور مین ہوتا ہی اور جناب کفعمی علیہ الرحمہ نے تحریر فرمایا ہی کہ یہ حروف اسماء اعظم مین ہین
(۵۲) روایت ہی کہ ایک شخص ابن عباسؓ کے پاس آیا اور تنگی معیشت کی شکایت کی اور
عرض کی کہ ایسی دعا تعلیم فرمائیے کہ جو موجب ثروت اور برکت کا ہو اور سبب خلاصی

اور آیہ مذکورہ نازل فرمایا پس آپ ... ہوئے اُنھوں کے پاس گئے آپ نے

دیکھا کہ بہلول گردن مین ہاتھ باندھے ہوئے کھڑا ہی اور روتا ہی اور رنگ چہرہ کا

سیاہ ہوگیا روتے روتے پلکین گر گئین توبہ کے کلمات زبان پر جاری ہین خاک

سر پہ ہی پرندہ اُس کے گرد حلقہ باندھے ہین اور اُسکے رونے پر سب روتے ہین

پس آپ نے ہاتھ اُسکے کھولدیے اور فرمایا کہ تم آتش جہنم سے آزاد کردیے گئے۔

(۵۱) سورۂ انعام مین مابین رکوع ۵ و ۶ کے ہی فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ تا رَحِيْمٌ ۝

جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ بعض علمائے تفسیر سے منقول ہی

کہ چند مومنین نے جناب رسولخداؐ سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم سے بڑے بڑے

گناہ صادر ہوئے ہین ہم کیا کرین اور کس طرح استغفار کرین جناب رسولخداؐ نے

التفات نہ کیا وہ نا امید ہوکر واپس گئے پس خدائے تعالیٰ نے یہ آیہ نازل فرمایا

کہ جسوقت مومن مسلم تمھارے پاس آدین پس اے محمدؐ فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ

پس کہو تم سَلَامٌ عَلَيْكُمْ یعنے سلامتی ہو اوپر تمھارے كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى

---

۵۸۹ فقر و فاقہ سے ہو پس فرمایا کہ تلاوت سورۂ طٰهٰ پر مواظبت کر آخر شب مین نزدیک

طلوع صبح صادق کے پس وہ شخص اپنے مقصد پر پہونچا جو کوئی اسپر مداومت کرے رزق تازہ

پاوے اور غنی ہو اور محتاج کسیکا نہ ہو یہ عمل مجربات صحیحہ سے ہے سورۂ مذکور نمبر (۶۴)

باب (۵۷) مین تحریر ہوچکا ہے۔

(۵۳) جناب ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ نے روایت کی ہی کہ جو کوئی سورۂ ہمزہ کو

نماز ہائے فریضہ مین پڑھے خدائے تعالیٰ فقر کو اُس سے دور کرے اور روزی کشادہ

فرمائے اور بُری موت سے نہ مرے۔

(۵۴) جو کوئی سورۂ فلق کو بہت پڑھے رزق بسہولت و آسانی میسر ہووے۔

(۵۵) جناب شیخ رضی الدین علیہ الرحمہ نے مکارم الاخلاق مین تحریر فرمایا ہی کہ واسطے

نَفْسِہِ الرَّحْمَۃَ لکھی ہے تمھارے پروردگار نے اپنی ذات پر مہربانی اَنَّہٗ مَنْ عَمِلَ مِنْکُمْ سُوْٓءً بِجَھَالَۃٍ تحقیق (جسنے) عمل کیئے تم مین سے بُرے (یعنے گناہ) نادانی کے ساتھ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِہٖ پھر توبہ کی بعد اُسکے وَاَصْلَحَ اور اصلاح کی (یعنے اپنا چلن درست کیا پھر گناہ نہ کیا) فَاَنَّہٗ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ پس تحقیق وہ (اللہ) بخشنے والا مہربان ہے۔

(پ۱۴) سورہ نحل مین مابین رکوع ۱۴ و ۱۵ کے ہی ثُمَّ اِنَّ رَبَّکَ پس بدرستیکہ پروردگار تیرا لِلَّذِیْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَھَالَۃٍ واسطے اُن لوگون کے کہ گناہ نادانی سے کئے ہین ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِکَ پھر توبہ کرتے ہین بعد اسکے وَاَصْلَحُوْٓا اور اصلاح کرتے ہین (یعنے پھر گناہ نہین کرتے) اِنَّ رَبَّکَ مِنْ بَعْدِھَا لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ تحقیق پروردگار تیرا بعد اسکے البتہ بخشنے والا مہربان ہی۔

مِنْ مؤلف پس آیات قرآنی و احادیث سے ثابت ہی کہ توبہ کا قبول کرنا باریتعالی پر واجب ہی اس سبب سے کہ اُسنے وعدہ فرمایا ہی کہ جو شخص توبہ کریگا اُسکی

نمبر ۵۹۰ وسعت رزق و اداے قرض کے چار رکعت نماز ہی یہ نماز موسوم بنماز جوادعہ ہی دو دو رکعت کرکے پڑھے رکعت اول مین اَلْحَمْدُ ایک بار اور سورہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ دس بار اور دوسری رکعت مین بعد اَلْحَمْدُ کے سورہ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور آیۃ الکرسی اور آیہ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تا آخر سورہ ہر ایک دس دس مرتبہ پڑھے بعد سلام کے دس دس مرتبہ کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ اَبَدَ الْاَبَدِ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ اللّٰہِ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ الْمُنْفَرِدِ بِلَا صَاحِبَۃٍ وَّلَا وَلَدٍ پھر اُٹھکر دو رکعت نماز شروع کرے رکعت اول مین بعد اَلْحَمْدُ کے سورہ اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ تین مرتبہ اور رکعت چہارم مین بعد اَلْحَمْدُ کے سورہ قدر اور اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ تین تین بار پڑھے بعد فارغ ہونے کے سجدہ کرے اور سجدہ مین

توبہ کو قبول کرونگا انسان سے چاہے جسقدر بزرگ تر گناہ ہو جائے مگر رحمت خدا سے
ناامید نہ ہووے اور یہ سمجھے کہ اُسکی رحمت بہت وسیع تر ہی اگرچہ گناہ تمام ارض وسما
اور لوح و قلم اور کرسی و عرش اور تمام اُسکی مخلوقات کے برابر ہون تو بھی اُسکی
رحمت کے مقابلہ مین کچھ نہین ہین جس طرح غضب باریتعالیٰ کی کوئی انتہا نہین ہی
اسی طرح بمقابلہ غضب باریتعالیٰ کے اُسکی رحمت کی بھی کوئی انتہا نہین ہے
اُسکے غضب پر اُسکی رحمت کو بہت سبقت ہی پس جب باریتعالیٰ کی رحمت ایسی عظیم تر ہی
تو اُسکی رحمت سے ناامید نہونا چاہیے اور اُسکی رحمت سے ناامید ہونا گناہ کبیرہ ہی
پس توبہ کرے خدائے تعالیٰ اپنی رحمت سے توبہ کو ضرور قبول کرتا ہی اس سبب سے کہ
اُسنے توبہ قبول کرنیکا وعدہ فرمایا ہی جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تفسیر منہج
مین تحریر فرماتے ہین کہ ایک گروہ مشرکین نے قتل اور زنا بہت کیا اور طرح طرح کی
مناہی اور ملاہی کا اُنھون نے ارتکاب کیا پس جناب رسالت مآب سے عرض کیا
کہ ہم سے گناہان عظیمہ اور خطاہائے کبیرہ وقوع مین آئے ہین اور تم دعوی کرتے ہو

(۵۵) سات مرتبہ کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ التَّیْسِیْرَ فِیْ کُلِّ عَسِیْرٍ فَاِنَّ تَیْسِیْرَ الْعَسِیْرِ عَلَیْکَ یَسِیْرٌ یَا کَبِیْرُ۔ پس ہر سجدے سے اٹھاکر دس مرتبہ کہے فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَہُ الْکِبْرِیَاۤءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ہ یہ عمل مجرب و آزمودہ جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ یہ نماز واسطے وسعت رزق و انواع فتوحات و دفع فقر و ادائے قرض کے سریع الاجابت و آزمودہ ہی۔

(۵۶) جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جو کوئی ہر روز پچاس مرتبہ یَا اِلٰہَ الْاٰلِھَۃِ الرَّفِیْعَ فِیْ جَلَالِہٖ کو پے در پے بیس روز پڑھے خدائے تعالیٰ اُسکو دوست رکھے اور غنی کرے اور نظر خلائق مین عزیز ہو۔

کہ جو شخص شرک کرے خون ناحق کیا ہو اُسکا خدائے تعالیٰ نہ بخشیگا پس ہم اسلام
نہین لاتے مگر اس شرط پر کہ خدائے تعالیٰ نامۂ سیاہ کو آب مغفرت سے ہو دے
اور بعد اسلام قبول کرنے کے ہمارے تمام گناہون کو بخشدے پس یہ آیہ نازل ہوا
(سورۂ زمر مین مابین رکوع ۴ و ۵ کے ہے) قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آخر تک
تا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ یعنے کہہ تو (اے محمد) کہ (خدائے تعالیٰ فرماتا ہو کہ) او میرے
بندو زیادتی اپنے جانون پر کرتے ہو (یعنے اپنے نفسون پر بسبب ارتکاب گناہان
کبیرہ کے اسراف کیا ہو اور حد سے معاصی کو گذران دیا ہو) (پس) ناامید نہ ہو
اللہ کی رحمت سے تحقیق خدائے تعالیٰ بخشتا ہی جمیع گناہان کبیرہ وصغیرہ کو (اگرچہ
حد حصر سے بڑھ گیا ہو سوا شرک کے کہ وہ نہ بخشا جائیگا) تحقیق وہی ہی بخشنے والا مہربان
من مؤلف یہ بہت بڑا فضل وکرم باریتعالیٰ کا انسان پر ہی کہ جو اُسنے انسان کو
توبہ کرنے کا حکم فرمایا اور وعدہ فرمایا کہ مین توبہ کو قبول کرونگا اگر ایسا وعدہ نہ ہوتا تو
انسان کا کہین ٹھکانا نہ تھا پس عقوبت گناہان سے محفوظ رہنے کے لیے توبہ سے

۵۹۲ (۵۷) ایضًا جو کوئی اول وقت اول ساعت دن مین ہر روز تین سَو آٹھ مرتبہ
اَلرَّزَّاقُ کہے البتہ روزی اُسکی وسیع ہو مجرب ہو۔
(۵۸) ایضًا واسطے غنی وثروت کے مابین نماز مغرب وعشا کے ایک ہزار اور ساٹھ مرتبہ
يَا غَنِيُّ کہے اثر بخشنے غنا وثروت مین جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین
کہ اس ختم کا دعوے کے ساتھ تجربہ ہوا ہی۔
(۵۹) جو کو اَلْعَلِيُّ کو بعدد اسم مذکور کہ ایک سَو دس ہین ہر روز پڑھے غنی
ہو وے اور درجہ بلند پاوے۔
(۶۰) بوقت نصف شب یا بوقت زوال دونون ہاتھ اُٹھا کر ایکسَو مرتبہ یَا رَافِعُ کہے
یا اَلرَّافِعُ کہے نزدیک خلق کے بزرگ ہو اور صاحب جاہ ورفعت ہو۔

بزرگ تر کوئی عمل نہین ہی جسوقت انسان گناہ کرے فوراً توبہ کرے مگر توبہ بہ نیت صادق ہو کیونکہ جیسی نیت انسان کی ہوتی ہی ویسی جزا اُسکو ملتی ہی چنانچہ تفسیر منہج مین جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ یہ حدیث تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ قیامت مین بندہ کو حاضر کرینگے اور نامۂ اعمال اُسکے ہاتھ مین دینگے وہ نامۂ اعمال کھولیگا اور اول ہی صحیفہ مین حج کی مقبولیت دیکھکر ایک ساعت سوچیگا پھر کہیگا اے باریتعالیٰ تو جانتا ہی کہ مین نے حج نہین کیا خدا فرمائیگا اگرچہ تو نے حج نہین کیا لیکن فلان روز تو نے حاجیون کا قافلہ دیکھا اور آنکھون مین آنسو بھر لاکر کہنے لگا کاش مجکو بھی مقدور ہوتا تو مین بھی حاجیون کے ساتھ جاتا ہمنے تیری نیت کی راستی اور درستی دیکھکر تیرے نام ایک حج مقبول لکھا پس جزاے اعمال خاص نیت پر ہی اسی طرح اگر توبہ بہ نیت خالص ہی تو خداے تعالیٰ اُسکو قبول فرماتا ہی اور اگر بہ نیت خالص نہین ہی تو ایسی توبہ قبول نہین ہوتی۔

شرائط توبہ سے شرط اول نیت کا خالص ہونا ہی یعنے یہ نیت ہو کہ بعد توبہ کے

---

(۶۱) جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ واسطے دولت و کشایش امور کے ہر روز تین سو اور پچاس مرتبہ اس آیت کو پڑھے مجربات سے ہی قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۤءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۤءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ از آل عمران اور بعض علما نے لکھا ہی کہ واسطے حصول برکت کے آیہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۤءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ کو سورۂ جمعہ سے نقش کرے قطعہ صدف پر بروز جمعہ اور اسکو درمیان مال و متاع کے رکھے برکت اُس مین پیدا ہووے اور سفر و حضر مین جمیع آفات سے محفوظ رہے۔

(۶۲) ایضاً واسطے وسعت رزق و کشایش کامون کے بوقت نصف شب ایک ہزار مرتبہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ بعد ازان براے حصول رزق

ہرگز ہرگز گناہ پر عود نکریگا اور خوف باریتعالی کا کرے کم سے کم ایسا خوف ہو کہ جیسا خوف اُس شخص کو ہوتا ہی کہ جس سے کوئی جرم اُن جرائم مین سے ہوجائے کہ جسکی سزا سلاطین وقت نے سزاے جیلخانہ قرار دی ہی مثلاً کسی شخص صاحب شرم وحیا سے کوئی جرم چوری کا سرزد ہوجائے اور وہ شخص گرفتار بھی ہوجائے تو اُس شخص کو سزاے جیلخانہ کا کیسا اندیشہ اور خوف ہوگا پس کم سے کم اتنا تو خوف ہونا چاہیے حالانکہ خوف باریتعالی کا مرتبہ اس سے بدرجہا زیادہ ہی پس جیسا خوف باریتعالی کا ہونا چاہیے ویسا ہی خوف اُسکا قلب مین رکھے مگر خوف باریتعالی کا اُسی قلب مین ہوتا ہی کہ جو قلب خاص خدا ہی کو اپنا حاکم اور بادشاہ سمجھتا ہو اور یہ خیال کرتا ہو کہ گویا خدا میرے ہر فعل کو دیکھ رہا ہی اور فلان گناہ جو مین نے کیا ہی خداے تعالی اُسکی سزا مجکو ضرور دیگا جب ایسی حالت قلب کی ہوگی تو اول تو اُس شخص سے کوئی گناہ ہی نہوگا اور اگر کسی وقت کوئی گناہ ہو بھی جائے تو وہ شخص خوف خدا سے نہایت لرزان ہوگا اور بہ گریہ وزاری فوراً توبہ کریگا اور پھر عود اُس گناہ کی طرف نہ کریگا۔

۵۹۴ دعا طلب کرے انشاء اللہ اثر بخشے غنا و ثروت مین۔

(۶۲۳) واسطے محبّت والفت قلوب اور واسطے وسعت رزق و رفعت دینوی و اخروی و طلب جاہ و منصب عالی و بزرگی و محبت سلاطین و عقدُاللسان و زبان بندی اُمرا و وزراء کے ہر روز ایک ہزار اور ایک مرتبہ اَللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُہ پڑھے اہل خواص نے لکھا ہی کہ جو کوئی بعدد مذکور اس آیت کو پڑھے البتہ روزی اس جگہ پاوے کہ گمان نرکھتا ہو جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ اس ختم کا مکرر تجربہ ہوا ہی۔

(۶۲۴) جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جو کوئی يَا غَنِيُّ يَا قَوِيُّ يَا مَلِيُّ يَا وَلِيُّ کو ایک روز مین ایک ہزار مرتبہ کہے اور وقت پڑھنے کے کسی سے بات نہ کہے تونگر و غنی ہو یہ عل مجربات سے ہی من مؤلف اگر مابین مغرب و عشا کے ہر شب پڑھے نہایت مؤثر ہی۔

شرط دویم وقت توبہ کے اپنے گناہان گذشتہ پر شرمندہ ہونا ہی اس طرح پر کہ جس طرح کوئی شخص صاحب عزت وغیرت اپنی شرم وحیا کے سبب سے اپنے اُس فعل پر کہ جو نظر خلائق مین نہایت بُرا ہی خلائق سے شرمندہ اور نادم ہوتا ہی پس باریتعالی تو مالک جمیع خلائق کا ہی اُس سے زیادہ تر شرمندہ اور نادم ہونا چاہیے یہ سمجھکر کہ افسوس جس فعل کو خدا و رسولؐ نے منع فرمایا اور اُسکی سزا دینے کا وعدہ کیا اُسی فعل کا مین مرتکب ہوا ہون درگاہ باریتعالی مین گریہ وزاری کرے اور کہے کہ اب مین جمیع گناہون سے توبہ کرتا ہون اور وعدہ اور عہد کرتا ہون تجھ سے کہ پھر عود نہ کرونگا بس یہی معنی توبہ کے ہین۔ اگر انسان اپنے قلب کو خدا کی جانب متوجہ کرے تو ممکن نہین کہ آنکھون سے آنسو جاری نہ ہون۔

تمثیل مثلاً ایک غلام صاحب شرم وحیا سے اتفاقیہ ارتکاب چوری کا ہو جائے اور اُسکا آقا اُسکو دیکھ لے تو اُس غلام کی اپنے آقا کے خوف کی وجہ سے کیا کیفیت ہوگی اگر اُس غلام کو کچھ بھی شرم وحیا ہی تو آنکھین اپنے آقا کے سامنے

---

(۶۵) ایضاً جو کوئی یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا وَلِیُّ یَا مَلِیُّ ایک جلسہ مین بارہ ہزار مرتبہ کہے اور درمیان پڑھنے کے بات نہ کرے البتہ متمول و دولتمند ہو اور چار سو بزرگون نے ایسا ہی فرمایا ہے کہ ہم درویش و فقیر تھے بسبب پڑھنے ان اسمار کے توانگر ہوئے۔ اس نسخہ مین یَا قَوِیُّ اوّل ہی یَا غَنِیُّ سے اور یَا وَلِیُّ اوّل ہے یَا مَلِیُّ سے۔

(۶۶) ایضاً بزرگون نے نقل کیا ہی کہ ہمنے ان اسمار پر ایک دن مین ایک ہزار اور تین سو اٹھانوے مرتبہ کہ عدد ان اسمار کے ہین مداومت کی پس ان اسمار کے برکت سے ہم دولتمند وغنی ہوے۔ وہ اسمار یہ ہین یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَلِیُّ یَا وَفِیُّ یہ پانچ ہین۔

(۶۷) ایضاً جو کوئی دس ہزار مرتبہ اور بروایت دیگر بارہ ہزار مرتبہ یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَلِیُّ کہے اور مابین پڑھنے کے کسی سے بات نہ کرے حق تعالی روزی اُسکی وسیع فرمادے

نہ کر سکیگا اور آقا کے خوف کی وجہ سے اُسکا بند بند کانپنے لگیگا پس جو اپنا آقاء حقیقی ہی اُسکا خوف زیادہ تر ہونا چاہیے اور انسان کو یہ سمجھنا چاہیے کہ اسوقت جو گناہ مین نے کیا ہی گویا باریتعالی کے سامنے کیا ہی اس سبب سے کہ کوئی فعل انسان کا باری تعالی پر مخفی نہین رہتا لہذا یہ سمجھکر بگریہ وزاری توبہ کرے اور خدا سے عہد کرے کہ اب آیندہ کو گناہ نکرونگا۔

شرط سویم گریۂ وزاری کرنا قلب کے ساتھ درگاہ باریتعالی ہین کہ جسطرح شرط دویم مین تحریر کیا گیا ہی۔

شرط چہارم جسقدر گوشت اور پوست اشیاء حرام ونجس سے یا دیگر معصیت مین پرورش پایا ہی وہ سب باندوہ گھولا دیا جائے اور گوشت تازہ پیدا ہو اور جسطرح معصیت مین نفس کو آرام دیا ہی اُسی طرح طاعت خدا مین تکلیف دیوے۔

شرط پنجم جسقدر واجبات کو اُسنے ترک کیا ہی یعنے ضایع کیا ہی اُسکو ادا کرے مثل نماز وروزہ وغیرہ کے۔

---

۵۹۶ اور بروایت دیگر وارد ہی کہ اگر بارہ ہزار مرتبہ پڑھے تو حق تعالی اسکو بیحساب مال ودولت عطا فرمائے۔ اور عدد چار اسم مذکور کے ایک ہزار تین سو باون ہین۔

(۶۸) ایضاً روز شنبہ سے شروع کرے اور دس روز تک ان اسماء کو ہر روز بارہ سو مرتبہ پڑھے اور پنجشنبہ کو کہ دسوان دن ہی ختم کرے اور ہر روز شروع عمل ہذا کے شیرینی ونان فقرا کو تقسیم کرے دوبارہ انشاء اللہ کوئی حاجت بعد اس ختم کے نرہیگی وہ اسماء یہ ہین یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَفِیُّ۔

(۶۹) ایضاً جو کوئی یَا کَافِی یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ حسب اعداد اسماء مذکور کے پڑھے برائے ترقی رزق مجربات صحیحہ سے ہی اور اگر حسب اعداد کبیر ورد کرے بہت جلد اثر بخشے اسماء مذکور کو بعد نماز صبح قبل از طلوع شمس کے شروع کرے پے در پے تین ماہ پڑھے اگر ما بین تین

شرط ششم جسقدر حق الناس اُسکے ذمہ ہون اُنکو ادا کرے مثلاً کسی کی چوری کی ہی یا کسی اکے مال مین خیانت کی ہی تو وہ مال مالک مال کو واپس کرے یا اُس سے معاف کرائے اسی طرح اپنے بھائی بہن وغیرہ جنکو حقوق حسب شرع پہونچتے ہین نہین وے اُنکے حقوق ادا کرے یا جنپر ظلم کیا ہی اُن لوگون سے بخشوائے غرض کہ جسقدر گناہ حق الناس ہین اگر متعلق مال کے ہین تو مال اُنکا واپس کرے یا متعلق دیگر حقوق کے ہین مثل زمین وغیرہ کے تو زمین اُنکی واپس کرے اور جو گناہ مال یا زمین سے متعلق نہین ہین مثل اسکے کہ کسی کو اذیت یا ذلت دی ہی یا مار پیٹ کی ہی اور جو گناہ از قسم حقوق عباد ہین تو اُن لوگون سے معاف کرائے کہ جنکے گناہ کئے گئے ہین اس سبب سے کہ ایسے گناہ توبہ سے نہین بخشے جاسکتے چنانچہ جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ خوب تحریر فرماتے ہین کہ باریتعالی مطلق حقوق الٰہی سے تجاوز کرنیوالون کو توبہ پر معاف کردیتا ہی اور حقوق عباد کی معافی قصاص پر رکھی ہی کیونکہ خدائے تعالی حقوق عباد کو بلا رضامندی عباد کے خود

ہ[۵۹] ماہ کے ان اسمار کا اثر ظاہر ہو تو بھی تین ماہ تمام کرے اور بعض نے اسماء مذکور کو ہر روز دو ہزار بارہ مرتبہ کہا ہی اور اس تعداد پر اپنا تجربہ ظاہر کیا ہی اعداد اسماء مذکور کے ایک ہزار نوسو اڑسٹھ[۱۹۶۸] ہین اور اعداد کبیر اسکے دو ہزار پانچ سو چوراسی[۲۵۸۴] ہین۔

(۷۰) بعد نماز شب کے اور قبل نماز صبح کے بشرطیکہ وقت فضیلت نماز صبح کا ادائے نماز صبح کے لیے قضا نہ ہونے پاکے ایک ہزار اور ایک مرتبہ اس آیہ سورہ والذاریات اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ کو پڑھے دوشنبہ سے شروع کرے یکشنبہ کو تمام کرے اور یہ عمل نزدیک صبح صادق کے ہو۔ ہر روز اول دو رکعت نماز بہ نیت قربت ادا کرکے آیہ مذکور کو پڑھے یہ عمل مخصوص واسطے وسعت رزق و تحصیل مال کے مجربات صحیحہ سے ہی ایک ہفتہ تک وقت مذکورہ قضا نہ ہونے پائے۔

(۷۱) طریقہ ختم سورہ والذاریات کا یہ ہی کہ ایک جلسہ مین پچھتر[۷۵] مرتبہ اس سورہ کو پڑھے

معاف کردے توشان عدل سے بعید ہی اور اگر حقوق کسی طرح معاف نہ کیے جائین تو رحمانیت
سے بعید ہی اسلیے خدانے اپنے حقوق توبہ پر منحصر رکھے اور حقوق عباد قصاص
وغیرہ پر تاکہ عدل اور رحم مین نقص نہ آوے۔ پس بعد ادائے حقوق کے توبہ کرے
جابر ابن عبداللہ انصاری روایت کرتے ہین کہ ایک اعرابی مسجد مین بخدمت
جناب رسولخدا آیا اور دو رکعت نماز ادا کرکے کہا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ
اِلَیْکَ جناب امیرؑ نے فرمایا کہ ای اعرابی گمان توبہ پر اسقدر جلد تر تکذیب کرنیوالی توبہ کے ہی
عرض کی یا امیر المؤمنین توبہ کسکو کہتے ہین فرمایا کہ ایک نام ہی مشروط چھ شرطون
کے ساتھ۔ ندامت گناہ گذشتہ سے۔ اور قضا کرنا فرائض کا یعنے جو فرائض اُسکے
ذمہ ہین اُنکا ادا کرنا۔ ردّ مظالم اپنے صاحب سے یعنے جسپر ظلم کیا ہی اُس سے بخشوانا
اذیت دینا اپنے نفس کو طاعت خدا مین جس طرح کہ معصیت مین تربیت دی ہے۔
چکھانا نفس کو تلخی عبادت کہ جس طرح اُسکو شیرینی معصیت کی چکھائی ہے۔ گریہ و
زاری کرنا قلب کے ساتھ۔ اسکے بعد جناب ملّا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین

۵۹۸ حق تعالی مال اسکو بہت عطا فرمائے اور فقر و فاقہ سے رہائی دیوے یہ ختم مجربات صحیحہ سے ہی
اور جناب ملّا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ اس حدیث کو تحریر فرماتے ہین کہ فرمایا جناب امام
جعفر صادق عنے کہ جو کوئی سورہ والذاریات کو رات یا دن مین پڑھے خداے تعالی اُسکے
امر معیشت کو ساتھ اصلاح کے لائے اور اُسکی روزی مین وسعت دیوے۔
(۲ ۷) جناب ملّا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ جو کوئی ہر روز سورہ والذاریات
اور سورہ طلاق اور سورہ مزمل اور سورہ الم نشرح کو ایک ایک مرتبہ پڑھے کام
اُسکے بخیر و خوبی اور ساتھ وسعت کے ہوتے ہین اور وسعت رزق مین اور عیال مین
اُسکو بہبودی ہی اس ورد کا بہت تجربہ ہوا ہی۔
(۳ ۷) ایضاً پڑھنے والا سورہ ق کا ہمیشہ باسعادت اور باعزت اور باکرامت

کہ یہ شرط کمال توبہ سے ہین اسلیئے کہ حقیقت ہین اصل توبہ ندامت معصیت گذشتہ پہ اور نہ عود کرنا زمان آیندہ مین کافی ہی- **من مؤلف** پس اس سے ثابت ہوا کہ محض کلمہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ کا زبان پر جاری کرلینا واسطے توبہ کے کافی نہین ہی تا وقتیکہ بہ نیت خالص اور بہ ندامت اور بگریہ وزاری درگاہ باریتعالی مین نہ کیا جائے اُس طریق سے کہ جیسا شرط دویم مین تحریر ہوچکا ہے-

(۵۱) نقصانات نکرنے توبہ کے- پس نقصانات نکرنے توبہ کے بہت ہین جو نقصانات دنیا مین ہوتے ہین وہ یہ ہین کہ بسبب کرنے گناہون کے یا بسبب کھانے غذاے حرام ونجس کے جو سیاہی قلب پر بہ بدبختی ہی قائم رہتی ہی دور نہین ہوتی اور بسبب اُس سیاہی کے قلب امورات خیر وطاعت خدا سے روگردانی کرتا ہی کہ جسکے سبب سے انسان اعمال خیر سے باز رہتا ہی اور جسقدر انسان مرتکب معاصی ہوتا ہی اور غذائے حرام ونجس کھاتا ہی اُسی قدر اُسکے قلب پر سیاہی زیادہ ہوتی رہتی ہی یہانتک کہ جو نور قلب مین ہی اُسپر یہ سیاہی غالب آجاتی ہی اور جب نور پر سیاہی

 رہتا ہی اور خواری اور ذلت سے محفوظ رہتا ہی-

(۴۷) یہ نماز براے استجابت دعا تاثیر عظیم رکھتی ہی چار رکعت ہی دو دو رکعت کرکے بجالاے ہر رکعت مین بعد الحمد کے آیۃ الکرسی پندرہ^۱۵ مرتبہ اور سورۂ توحید پینتیس^۳۵ مرتبہ پڑھے اور قبل نماز کے ایک سو^۱۰۰ مرتبہ صلوات پڑھے بعد صلوات کے نماز مذکورہ پڑھے اور بعد نماز کے سجدہ مین جاکر اکتالیس^۴۱ مرتبہ یَا وَھَّابُ کہے بعد جو حاجت چاہے طلب کرے کہ مستجاب ہی لکھا ہی کہ عمیہ سمرقندی کہ جو نہایت تنگدست ہوگیا تھا اُسنے نماز مذکور واسطے حصول مال کے پڑھی خدا یتعالی نے اسکو اسقدر مال عطا فرمایا کہ تونگر ہوا اور دوسری مرتبہ واسطے حصول زیارت مکۂ معظمہ ومدینہ منورہ کے نماز پڑھکر دعا طلب کی قبول ہوئی اور تیسری مرتبہ واسطے شہادت پانے کے دعا طلب کی قبول ہوئی یہ نماز ائمہ ؑ سے منقول ہی-

غالب آئے تو پھر انسان سے کار خیر نہین ہوتا اعمال بد کی جانب اُسکو رغبت ہوتی چلی جاتی ہی ملاحظہ ہو کیفیت قلب مندرجہ نمبر ۲۹ باب سولہ اسرار نماز و اسباب وجوب نماز و طہارت باطنیہ۔ اور بسبب نکرنے توبہ کے اکثر گنا ہونکی سزا خداے تعالی دنیا مین بھی دیتا ہی یعنے طرح طرح کے عذاب اور عوارض گونا گون مین مسلط کرتا ہے اور مرگ مفاجات نازل فرماتا ہی فقر و احتیاج مین مبتلا کرتا ہی اور نقصانات جان و مال مین گناہون کی وجہ سے ہوتے ہین پس اگر گناہون سے توبہ کرلے تو انسان ان سب سے محفوظ رہتا ہی اور نہ کرنے توبہ کی وجہ سے جو نقصانات آخرت مین حاصل ہوتے ہین وہ یہ ہین کہ اگر انسان باوجود کرنے گناہان کبیرہ و کھانے غذاے حرام و نجس کے بغیر توبہ کے مرگیا تو ایمان سے باہر ہو جاتا ہی اور سزا اُسکو اُن گناہون کی کہ جو اُسکے ذمہ ہین دیجاتی ہی پس جسقدر اُسنے افعال بد کیے ہین اُن سب کی سزا اُسکو وقت موت سے بھگتنا پڑتی ہی بروز قیامت واسطے سزاے جہنم کے جہنم مین داخل کیا جائیگا اور اگر قبل از موت کے توبہ باشرائط کرلی تو گناہو ںسے پاک ہوجاتا ہی

(۷۵) جناب ملا محسن کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ واسطے طلب مال و ترقی رزق و خیریت و عافیت مال کے بعد نماز صبح کے بعد سلام کے بلا فاصلہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہِ الطَّاھِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ بِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی ایک مرتبہ کہے بعد اُسکے ایکسو چھ مرتبہ کہے یَا جَوَّادُ یَا لَطِیْفُ یَا بَاسِطُ یَا مُغْنِیْ یَا اَللّٰہُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ پس بعد اسکے ایک مرتبہ اسکو کہے اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُعْطِیَنِیْ مِنْ خَزَائِنِ جُوْدِکَ مَا تُغْنِیْنِیْ غِنًی لَا اَحْتَاجُ بِہٖ اِلٰی غَیْرِکَ وَاَنْ تُعِیْنَنِیْ عَلٰی طَاعَتِکَ وَاَدَآءِ حَقِّکَ اِلَیْکَ جملہ مجربات سے ہے۔

(۷۶) ایضاً ورد کرنا اسم یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ برحسب طریقہ مندرجہ حاشیہ نمبر (۹۷) باب ستاون براے ترقی رزق مجرب ہی۔

بشرطیکہ وہ گناہ خدا کے ہون حق الناس ہین سے نہون صراحت اسکی انشاء اللہ آیندہ کیجائیگی۔

(۵۲) **فوائد توبہ** کے بہت ہین جو فوائد توبہ کرنے سے دنیا ہین حاصل ہوتے ہین وہ یہ ہین کہ جسقدر سیاہی کبائر کے کرنے سے یا غذاے حرام ونجس کے کھانے سے قلب پر پہونچی ہی توبہ کرتے سے دور ہو جاتی ہی اور قلب اسکا امور خیر وطاعت خدا کی جانب رغبت کرتا ہی اور جب انسان بعد توبہ کے جمیع معاصی اور نیز غذائے حرام ونجس سے قطعًا اجتناب کرکے اعمال نیک اور طاعت خدا کرتا ہی تو وہ نور کہ جو باعث معرفت وتقرب باریتعالی کا ہی قلب مین زیادہ ہوتا چلا جاتا ہی یہانتک کہ وہ نور اُس سیاہی پر کہ جو قلب مین ہی غالب آجاتا ہی جب وہ نور قلب کی سیاہی پر غالب آگیا تو اُسوقت اُسکو معرفت باریتعالی اور عبادت خدا کا مزا ملتا ہے (ملاحظہ ہو کیفیت قلب مندرجہ نمبر ۲۹ باب سولہ اسرار نماز واسباب وجوب نماز وطہارت باطنیہ) اور بسبب گناہون کے جو آتش غضب باریتعالی روشن ہوتی ہی وہ توبہ کرنے کی وجہ سے ساکن ہو جاتی ہی یعنی گناہون کے سبب سے

---

(۷۷) ایضًا عمل اسم یَا نُورُ کُلِّ شَیْءٍ وَهُدَاهُ أَنْتَ الَّذِيْ فَلَقَ الظُّلُمَاتِ نُوْرُهٗ مندرجہ حاشیہ نمبر (۹۷) باب ستاون کا برائے ترقی رزق کے مجرب ہی۔

(۷۸) جمیع اعمال مجربہ ومستندہ سے برائے دفع فقر وتنگدستی وبرائے ترقی رزق مداومت کرنا نماز شب پر ہی کہ وہ گیارہ رکوت ہو واسطے دفع فقر وتنگدستی وبرائے ترقی رزق کوئی عمل نماز شب سے زیادہ تر مؤثر نہین ہی ملاحظہ ہو نمبر (۱۲ و ۱۳) مندرجہ باب ستاون فضیلت عبادت شب واعمال شب ونماز شب مین نے آجتک نماز شب کی مداومت کرنے والیکو فقر وتنگدستی وعُسرت مین مبتلا نہین دیکھا۔

(۷۹) پڑھنا ہر نماز واجبہ کا عین اُسکی اوقات فضیلت پر برائے ترقی رزق ودفع فقر واجابت دعا مجربات صحیحہ سے ہی۔ ملاحظہ ہو نمبر (۱۷) طریقہ ادائے نوافل ظہر ونماز ظہر وعصر مندرجہ

جو جو عذاب و سختی خدائتعالیٰ نازل فرمانیکو ہوتا ہی توبہ کے سبب سے دفع فرما دیتا ہے
اور جو فوائد توبہ کے کرنے سے آخرت مین حاصل ہوتے ہین وہ یہ ہین کہ انسان
اُن گناہون سے کہ جنکے بعد توبہ کی گئی ہی پاک ہو جاتا ہی اور آخرت مین اُنکی
عقوبت سے محفوظ رہتا ہی جن گناہون کے بعد توبہ کی جائے باریتعالیٰ اُن
گناہون کو اپنی رحمت سے معاف کر دیتا ہی کیونکہ اُسنے توبہ کے قبول کرنیکا وعدہ فرمایا ہی
بشرطیکہ وہ گناہ خدا کے ہون حق الناس مین سے نہون۔
حدیث از تفسیر منہج ابو دردا نے جناب رسولخداص سے روایت کی ہی کہ فرمایا
آنحضرتؐ نے کہ حق تعالیٰ توبہ بندہ مومن سے فرحناک زیادہ ہوتا ہی اور اُس شخص سے
کہ جسکی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور اُسکو ملجائے اور اُس عورت سے کہ جو مایوس اولاد
ہونے سے ہو اور اُسکے لڑکا پیدا ہو اور اُس پیاسے سے کہ جسکو پانی ملجائے اور
جو شخص توبہ نصوح کرے حق تعالیٰ گناہ اُسکے یاد کرام الکاتبین سے دور کرے
اور بقاع آسمان و زمین سے دور کرے۔

۲۰۳ باب ہین ۲ اوقات مشترک و فضیلت نماز واجبہ ظہر و عصر مین نے اوقات فضیلت کے پابند
مین سے کسی شخص کو فقر و تنگدستی مین مبتلا نہین دیکھا۔
(۸۰) مین نے ادعیۂ تعقیبات نماز پنجگانہ و نیز دیگر باب ہاے مختلفہ کتاب ہذا مین اکثر ادعیہ و اعمال
براے ترقی رزق و دفع فقر تحریر کیے ہین چنانچہ اُنمین سے اکثر کی اس جگہ تفصیل کی جاتی ہی۔
(۸۱) ایضاً پڑھنا دعاے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ تا وَاٰلِ مُحَمَّدٍ کا بعد ہر نماز واجبہ کے
تین مرتبہ مجربات صحیحہ سے ہی ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر (۵۱) باب اکتالیس[۴۱]۔
(۸۲) ایضاً بعد ہر نماز واجبہ کے دعاے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ
اغْفِرْلِیْ تا یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ ۰ کا براے ترقی رزق مجربات صحیحہ سے ہی ملاحظہ ہو
حدیث مندرجہ حاشیہ نمبر (۱۲) باب اکتالیس[۴۱]۔

(۵۳) ذکر عفو گناہان خدا وحق الناس۔ آیات قرآنی واحادیث اسمین
بہت ہین خلاصہ اُن سب کا یہ ہی کہ جو گناہ خاص باری تعالیٰ کے ہین مثل اسکے کہ کسی شخص نے
شراب پی یا زن بے شوہر سے اُسکی رضامندی سے زنا کیا یا روزہ ونماز وغیرہ واجبات
مین سے کسیکو عمداً ترک وضایع کیا یا اور جو گناہ خاص خدا کے ہین اُنکو خدائے تعالیٰ
توبہ سے معاف فرماتا ہی الا جو گناہ حق الناس مین ہین مثل اسکے کہ کسی نے زن شوہر دار
سے زنا کیا یا کسی کی چوری کی یا کسی کے مال مین خیانت کی یا کسیکا مال غصب کیا
یا کسی پر ظلم کیا یا کسی کے حق کو ضایع کیا یا اور گناہ جو بندگان خدا کے ہین وہ کیے
پس ان گناہون کو حق الناس کہتے ہین یہ گناہ توبہ سے معاف نہین ہو سکتے
اس سبب سے کہ باریتعالیٰ عادل ہی وہ کسیکا قصور خود معاف نہین کرسکتا تا وقتیکہ
وہی شخص کہ جسکا قصور کیا ہی خود معاف نکرے پس یہی اعتقاد جمیع علمائے امامیہ کا ہی
چنانچہ بعد تفسیر آیہ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ تا عَذَابًا اَلِيْمًا ٥
کے جناب ملا فتح اللہ کاشانی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہین کہ اگرچہ اس آیہ سے

(۸۳) پڑھنا بعد ہر نماز واجبہ کے دعاے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
وَّسِّعْ عَلَيْنَا مَعِيْشَتَنَا تا الطَّاهِرِيْنَ ٥ براے ترقی رزق مجرب ہے ملاحظہ ہو
حاشیہ نمبر (۱۴) باب اکتالیس[۴۱]۔
(۸۴) ایضاً پڑھنا بعد ہر نماز واجبہ کے دعائے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ وَرِزْقُ عِيَالِيْ تا قَدِيْرٌ ٥ کا براے ترقی رزق
مجرب ہی ملاحظہ ہو نمبر (۱۸) باب اکتالیس[۴۱]۔
(۵۵) ایضاً براے ترقی رزق بعد ہر نماز واجبہ کے بعد تسبیح فاطمہؑ کے پڑھنا دعاے
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَمَلَائِكَتُهٗ تا قدیر مندرجہ نمبر ۲۱ و ۲۲ باب اکتالیس[۴۱] کا مجرب ہی۔
(۵۶) ایضاً پڑھنا بعد ہر نماز واجبہ کے دعاے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

ثابت ہی کہ جو لوگ معصیت پر نادم ہون اور آیندہ کے لیے خائف ہون اُنکی توبہ خدائے تعالیٰ کے یہان مقبول ہو لیکن سوال یہ ہو کہ کیا توبہ پر عام گناہ معاف ہو سکتے ہین ہرگز نہین چونکہ عادل اپنے عہد کا وفا کرنے والا ہی جو حقوق الٰہی ٹھیک طور پر انجام نہین دئے گئے ہین اُسکی بازپرس وہ بذات خود کریگا اگر توبہ کی معاف کریگا اور یا بسبب فضل کے عجب نہین کہ بغیر توبہ کے بھی معاف کردے (کیونکہ وہ خاص اُسیکا گناہ ہی اور بندہ بھی اُسیکا ہی پس ممکن ہے کہ معاف کردے) لیکن جو گناہ حقوق انسانی سے متعلق ہین وہ انسان ہی کے معاف کرنے سے معاف ہو سکتے ہین یہ ممکن نہین کہ زید خالد کا گناہ کرے اور بکر اُسکو معاف کردے تاوقتیکہ خالد ہی اُسکو معاف نہ کرے۔ من مؤلف اس قول کی احادیث بھی مؤید ہین بلکہ احادیث مین یہانتک ظاہر فرمایا گیا ہی کہ اگر ایک جانور دوسرے جانور کو مارے تو اُسکا بھی حساب کرکے سزا اُسکو دیجائیگی اس سبب سے کہ جانور کو بھی اتنی عقل ہی کہ وہ بھی ظلم کو پہچانتا ہی اور محبت کو بھی جانتا ہی چنانچہ ارشاد القلوب مین حدیث ہی

ہے۔ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ تا تکبیراً کا برائے ترقی رزق وغیرہ مجرب ہی۔

(۸۷) ایضاً پڑھنا بعد ہر نماز واجبہ کے ایک ایک مرتبہ سورۂ حمد و آیۃ الکرسی تا خالدون و آیہ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تا آخر سورہ و آیہ شَهِدَ اللّٰهُ و آیہ قُلِ اللّٰهُمَّ کا مخصوص برائے ترقی رزق و دفع فقر کے مجربات سے ہی ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر (۴۳) باب الکتالیس۔

(۸۸) ایضاً پڑھنا بعد ہر نماز واجبہ کے تین مرتبہ دعائے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّارْزُقْنِيْ مِنْ حَيْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ کا مخصوص برائے ترقی مجرب ہی ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر (۴۴) باب الکتالیس۔

(۸۹) ایضاً ختم آیہ قُلِ اللّٰهُمَّ کا برائے کثرت دولت و غنی و ثروت کے مجرب ہے مندرجہ حاشیہ نمبر (۴۳) باب الکتالیس۔

خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ فرمایا جناب امیرؑ نے کہ وہ گناہ جو نہ بخشا جائیگا وہ ظلم کرنا بندونکا ہی آپس مین ایک دوسرے پر کہ اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی ہی اپنے عزت و جلال کی کہ ظلم ظالم سے درگذر نہ کرونگا تا وقتیکہ اُسکا قصاص آپس مین ایک دوسرے سے نہ لیا جائے حتیٰ کہ حیوان شاخ دار دوسرے حیوان بے شاخ کو مارے اُس سے بھی قصاص لیا جائیگا یہانتک کہ کسیکا مظلمہ کسی پر باقی نہ رہیگا۔ پس واجب ہی کہ اوّل حقوق انسانی ادا کرے اُسکے بعد توبہ کرے اگر بغیر ادائے حقوق انسانی کے توبہ کرے گا تو ایسی توبہ درگاہ باریتعالیٰ مین مقبول نہین ہی پس جس شخص کا گناہ کیا ہو اُس سے بخشوائے مثلاً کسی کی چوری کی تو اُسکا مال واپس کرے یا اُس سے معاف کرائے اسی طرح جسپر ظلم کیا ہی اُس سے ظلم بخشوائے اسی طرح اور جو جو گناہ جس جس کے کیے ہین اُنسے اوّل معاف کرائے۔

(۵۴) **فضیلت معافی گناہ**۔ جو شخص محض خوشنودی خدا کے لیے کسیکا گناہ معاف کرے تو ثواب اُسکا بیشمار ہی خلاصہ یہ ہی کہ اجر اس معافی گناہ کا باریتعالیٰ پر ہی

حاشیہ (۹۰) پڑھنا دو رکعت نماز کا کہ جسکی ہر رکعت مین بعد الحمد کے دس۱۰ دس۱۰ مرتبہ آیہ قُلِ اللّٰهُمَّ و صلوات ہی برائے ترقی مجرب ہی مندرجہ حاشیہ نمبر (۴۳) باب اکتالیس[۴۱]۔

(۹۱) ایضاً پڑھنا دعائے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اَوْسِعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ تا غَیْرِیْ کا بعد ہر نماز واجبہ کے موثر ہی ملاحظہ ہو نمبر (۴۹) باب اکتالیس[۴۱]۔

(۹۲) ایضاً ختم سورۂ توحید کا برائے ترقی رزق و کثرت مال و منال کے مجربات صحیحہ سے ہے ملاحظہ ہو حاشیہ نمبر (۵۰) باب اکتالیس[۴۱]۔

(۹۳) ایضاً پڑھنا بعد ہر نماز واجبہ کے تین مرتبہ یا سات مرتبہ دعائے اَللّٰهُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ کا مجرب ہی مندرجہ نمبر (۶۳) باب اکتالیس[۴۱]۔

